امامیہ جنتری

۲۰۱۱ء ۲۰۱۲ء ۲۰۱۳ء ۲۰۱۴ء

قاری محمد عباس نقشبندی

امامیہ جنتری (رجسٹرڈ)

2011

Imamia Jantri®

افتخار بک ڈپو (رجسٹرڈ) اسلام پورہ لاہور پوسٹ کوڈ 54000

Registration # 9573
Main Bazar, Islampura, Lahore
Tel: 92 42 3722 3686 e-mail: ibdtrade@gmail.com
www.ibdtrade.com

Iftikhar®
BOOK DEPOT
ESTB 1955

لوحِ قرُآنی

(حرُوفِ مقطعات)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الٓمّٓ	الٓمّٓصٓ	الٓر	الٓمّٓر
کٓھٰیٰعٓصٓ	طٰہٰ	طٰسٓمّٓ	
طٰسٓ	یٰسٓ	صٓ	حٰمٓ
حٰمٓعٓسٓقٓ	قٓ	نٓ	

صِراطُ عَلِیٍّ حَقٌّ نُمسِکُہُ

علیؑ کا راستہ حق ہے جس سے ہم وابستہ ہیں

یہ مکمل لوح قرآنی ہے۔ اس کے دیکھنے والوں کی تمام مشکلیں آسان ہو جائیں گی۔ نمازِ صبح کے بعد اس کو دیکھ کر جو کام شروع کیا جائے گا وہ پورا ہوگا اور غیبی طریقوں سے رزق کی دولت آنے لگے گی۔ انشاء اللہ

افتخار بک ڈپو (رجسٹرڈ) اسلام پورہ لاہور پوسٹ کوڈ 54000 فون: 92 42 3722 3686

Scanned with CamScanner

مرسلہ: کیپٹن سید علی اصغر ہمدانی

دُعائے حضرت اویس قرنیؒ

اسناد! کتاب مہج الدعوات میں جناب امیر المومنین علیہ السّلام سے منقول ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا! جو شخص اس دُعا کو پڑھے اس کی ہر حاجت بَر آئے گی۔ اگر بھوک پیاس کی شدت ہو اور اِس دُعا کو پڑھے تو پروردگار عالم اس کو سیر و سیراب کریگا اور اگر پہاڑ پر اس کو پڑھا جائے تو پہاڑ اپنی جگہ سے حرکت کرے گا، پڑھنے والا اپنی مراد کو پہنچے، اگر دیوانہ (مجنوں) پر پڑھ کر دَم کریں تو صحت پائے اور اگر بوقت ولادت پڑھیں تو ولادت آسان ہو جائے، اگر چالیس شب جمعہ پڑھی جائے تو گناہ معاف ہو جائیں خواہ وہ گناہ خدا کے ہوں یا بندوں کے اور اگر کسی جابر حاکم کے سامنے جانے سے قبل یہ دُعا پڑھے تو خداوند عالم اُس کے شر سے محفوظ رکھے گا اور جو سونے سے قبل پڑھ لے تو اللہ تعالیٰ ستّر ہزار فرشتوں کو اس بات پر معیّن فرمائے گا کہ اُس کیلئے استغفار کریں اور حسنات کیلئے دُعا کریں اور اگر اُسی شب مرجائے تو شہیدوں میں شمار ہوگا، اگرچہ گناہانِ کبیرہ کا مرتکب ہوا ہو۔ (اِنشاءاللہ تعالیٰ) وہ دُعا یہ ہے

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے۔

يَا سَلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ الطَّاهِرُ الْمُطَهِّرُ الْقَاهِرُ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ

اے سلامتی و امان دینے والے (سب کی) نگہبانی کرنے والے، جبروت والے، بزرگی والے، خود پاک (اور دوسروں کو پاک کرنے والے، صاحب غلبہ، صاحب قدرت،

يَا مَنْ يُّنَادٰى مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيْقٍ بِاَلْسِنَةٍ شَتّٰى وَ لُغَاتٍ مُّخْتَلِفَةٍ وَّ حَوَآئِجَ اُخْرٰى

صاحب اقتدار، اے وہ ذات جسے تمام گہری گہری گھاٹیوں اور دَرّوں سے طرح طرح کی بولیوں اور قسم قسم کی زبانوں میں مختلف حاجتوں کیلئے پکارا جاتا ہے

يَا مَنْ لَّا يَشْغَلُهٗ شَاْنٌ عَنْ شَاْنٍ اَنْتَ الَّذِىْ لَا تُغَيِّرُكَ الْاَزْمِنَةُ وَلَا تُحِيْطُ بِكَ

اے وہ ذات جسے ایک کام دوسرا کام کرنے سے نہیں روکتا صرف تو ہی وہ ہے جس پر کے تغیرات اثر نہیں کر سکتے اور کوئی مکان اس کا احاطہ نہیں کر سکتا

الْاَمْكِنَةُ وَلَا تَاْخُذُكَ نَوْمٌ وَّلَا سِنَةٌ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَ يَسِّرْلِىْ مِنْ اَمْرِىْ مَا اَخَافُ

اور نہ ہی تجھے کبھی نیند آتی ہے اور نہ کبھی اُونگھ تو رحمت نازل فرما حضرت محمدؐ اور آپ کی آلؑ پر اور آسان کردے میرے لیے میرا وہ کام جس کے مشکل ہونے کا مجھے خوف ہے

عُسْرَهٗ وَ فَرِّجْ لِىْ مِنْ اَمْرِىْ مَا اَخَافُ كَرْبَهٗ وَ سَهِّلْ لِىْ مِنْ اَمْرِىْ مَا اَخَافُ

اور کشادگی پیدا کردے میرے لیے میرے اس کام میں جس کے اندر مجھے تنگی کا خطرہ ہے اور آسان کردے میرے لیے میرا وہ کام جس میں حزن و ملال پہنچنے کا مجھے ڈر ہے

حُزْنَهٗ سُبْحَانَكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِيْنَ عَمِلْتُ سُوْءً وَ ظَلَمْتُ نَفْسِىْ

پاک ہے تو نہیں ہے کوئی اللہ سوائے تیرے بے شک میرا شمار ظالموں میں ہے میں نے بُرا کام کیا اور میں نے ظلم کیا خود اپنے ہی نفس پر پس تو میرے گناہوں کو

فَاغْفِرْلِىْ ذُنُوْبِىْ اِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَ لَا حَوْلَ

معاف فرمادے لاریب کہ کوئی بخشنے والا نہیں گناہوں کو سوائے تیرے اور ہر طرح کی تعریف کا سزاوار اللہ ہی ہے جو تمام عالمین کا پروردگار ہے اور نہیں ہے کوئی طاقت

وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِىِّ الْعَظِيْمِ وَ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى نَبِيِّهٖ وَ اٰلِهٖ وَ سَلَّمَ تَسْلِيْمًا

اور نہیں ہے کوئی قوت لیکن صرف اس اللہ کی دی ہوئی جو بلند اور عظمت والا ہے اور اللہ کی رحمت نازل ہو اس کے نبیؐ (محمدؐ) اور آپ کی آلؑ پر اور اُن کیلئے سلامتی ہو جو سلامتی کا حق ہے۔

Scanned with CamScanner

اسمائے مبارکہ
شہدائے کربلا

حُرابن یزید الرّیاحی	علی بن الحُر الرّیاحی	نعیم بن عجلان الانصاری	عمران بن کعب الاشجعی	حنظلہ ابنِ عمر الشیبانی	قاسط بن زُہیر التغلبی	کردوس بن زُہیر التغلبی	کنانہ بن عتیق التغلبی
عمر بن صبیقہ الضبعی	ضرغامہ ابن مالک التغلبی	غامر بن مسلم العبدی	سیف ابن مالک العبدی	عبدالرحمٰن الارجی	مجمع بن عبداللہ العائذی	حیان بن حارث السلمانی	عمرو بن عبداللہ الجندعی
حلاس بن عمر الراسبی	نعمان بن عمر الراسبی	سوار ابنِ ابی عمیر الہمدانی	عمار ابنِ سلامۃ الدالانی	زاہر بن عمر الکندی	جبلہ ابنِ علی الشیبانی	مسعود بن حجاج التیمی	حجاج ابنِ بدر التیمی السعدی
عبداللہ ابنِ بشر الخثعمی	عمار ابنِ حسان الطائی	عبداللہ ابنِ عمیر الکلبی	مسلم ابنِ کثیر الازدی	زہیر ابنِ سلیم الازدی	عبداللہ بن یزید العبدی	بشر بن عمر الکندی	عبداللہ بن عروہ الغفاری
بریر ابنِ خضیر الہمدانی	وہب بن عبداللہ الکلبی	ادہم بن امیہ العبدی	اُمیہ بن سعد الطائی	سعد ابنِ حنظلۃ التمیمی	عمیر ابنِ عبداللہ المدحجی	مسلم بن عوسجہ الاسدی	ہلال ابنِ نافع البجلی
سعید بن عبداللہ الحنفی	عبدالرحمٰن بن عبدالمزنی	نافع ابنِ ہلال الجملی	عمر بن قرظۃ الانصاری	جون بن حوی غلام الغفاری	عمر ابنِ خالد الصیرادی	حنظلہ ابنِ اسعد الشبامی	سوید ابنِ عمر الاتماری
یحییٰ بن سلیم المازنی	قرہ ابنِ ابی قرۃ الغفاری	مالک ابنِ انس المالکی	زیاد ابنِ غریب الصائدی	عمر بن مطاع الجعفی	حجاج ابنِ مسروق المدحجی	زہیر ابنِ قین البجلی	حبیب ابنِ مظاہر الاسدی
ابوثمامہ عمرو بن عبداللہ الصیدادی	انیس بن معقل الاصبحی	جابر ابنِ عروۃ الغفاری	سالم مولی عامر العبدی	جنادہ ابنِ کعب الخزرجی	عمر بن جنادۃ الانصاری	جنادہ بن الحرث السلمانی	عابس ابنِ شبیب الشاکری
شوذب ابنِ عبداللہ الہمدانی	عبدالرحمٰن بن عروۃ الغفاری	حرث ابنِ امرو القیس الکندی	یزید ابنِ زیاد الہدلی	ابوعمرو النہشلی	جندب بن حجیر الخولانی الکندی	سلمان بن مضارب الانماری	مالک ابن عبداللہ الجابری

2

حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کی دعا

حضرت امام رضا علیہ السلام سے منقول ہے کہ حضرت رسولؐ خدا ہر نئے سال کی پہلی شب میں دو رکعت نماز ادا فرماتے تھے اور دونوں ہاتھ اُٹھا کر یہ دُعا پڑھتے تھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الٰهُ الْقَدِيْمُ وَهٰذِهٖ سَنَةٌ جَدِيْدَةٌ فَاَسْئَلُكَ فِيْهَا الْعِصْمَةَ مِنَ الشَّيْطٰنِ وَالْقُوَّةَ عَلٰى هٰذِهِ النَّفْسِ الْاَمَّارَةِ بِالسُّوْءِ وَالْاِشْتِغَالَ بِمَايُقَرِّبُنِىْ اِلَيْكَ يَاكَرِيْمُ يَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَاعِمَادَ مَنْ لَّا عِمَادَ لَهٗ يَا ذُخْرَ مَنْ لَّا ذُخْرَ لَهٗ يَا حِرْزَ مَنْ لَّا حِرْزَ لَهٗ يَاكَنْزَ مَنْ لَّا كَنْزَ لَهٗ يَاحَسَنَ الْبَلَآءِ يَاعَظِيْمَ الرَّجَآءِ يَاعِزَّ الضُّعَفَآءِ يَامُنْقِذَ الْغَرْقٰى يَامُنْجِىَ الْهَلْكٰى يَامُنْعِمُ يَامُجْمِلُ يَامُفْضِلُ يَامُحْسِنُ اَنْتَ الَّذِىْ سَجَدَلَكَ سَوَادُالَّيْلِ وَنُوْرُ النَّهَارِ وَضَوْءُ الْقَمَرِ وَشُعَاعُ الشَّمْسِ وَدَوِىُّ الْمَآءِ وَخَفِيْفُ الشَّجَرِ يَااَللّٰهُ لَاشَرِيْكَ لَكَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا خَيْرًا مِّمَّا يَظُنُّوْنَ وَاغْفِرْلَنَا مَالَا يَعْلَمُوْنَ وَلَا تُؤٰخِذْنَا بِمَا يَقُوْلُوْنَ حَسْبِىَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اٰمَنَّا بِهٖ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ رَبِّنَا وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّا اُولُوا الْاَلْبَابِ ط رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْهَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ط

حضرت علیؑ کی ایک مخصوص دُعا

منقول ہے کہ جب حضرت علیؑ کو کوئی نہایت پریشان کُن اور اضطراب آگیں مہم درپیش ہوتی تو آپ دو رکعت نماز ادا کر کے (۱۰۰) سو مرتبہ " اَسْتَخِيْرُ اللّٰهَ " پڑھنے کے بعد دُعائے ذیل کو پڑھتے۔ اس کے بعد اپنے کام کو شروع فرماتے تھے۔ جس کی وجہ سے آپ کو کسی کام میں نقصان نہیں پہنچتا تھا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ قَدْ هَمَمْتُ بِاَمْرٍ قَدْ عَلِمْتَهٗ فَاِنْ

خدایا! میں نے جو ارادہ کر رکھا ہے تو اُس سے ضرور واقف ہے

كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّهٗ خَيْرٌ لِّىْ فِىْ دِيْنِىْ وَ

دیکھ! اگر وہ دینی، دنیاوی و اُخروی حیثیت سے میرے لئے

دُنْيَاىَ وَاٰخِرَتِىْ فَيَسِّرْلِىْ وَاِنْ كُنْتَ

بہتر ہے تو سہل و آسان فرما دے اور اگر تیری حقیقت میں نظر

تَعْلَمُ اَنَّهٗ شَرٌّ لِّىْ فِىْ دِيْنِىْ وَدُنْيَاىَ وَاٰخِرَتِىْ

سے دینی، دنیاوی اور اخروی حیثیت سے میرے لئے بُرا ہے

فَاصْرِفْهُ عَنِّىْ كَرِهْتُ ذٰلِكَ اَوْ اَحْبَبْتُ

تو رد فرمادے چاہے مجھے بُرا لگے یا وہ مجھے اچھا لگے کیونکہ تو سب کچھ جانتا ہے

فَاِنَّكَ تَعْلَمُ وَلَآ اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ

اور میں کچھ نہیں جانتا اور تو ہی ذاتی طور پر غیب کا جاننے والا ہے۔

حضرت علیؑ کی تعلیم کردہ دُعا برائے امراض قلب

ہر واجب نماز کے بعد دل پر ہاتھ رکھ کر پہلے دُرود پڑھے۔ پھر گیارہ مرتبہ (يَاحَىُّ يَاقَيُّوْمُ) کہے۔ اور بارہویں مرتبہ یوں کہے۔

(يَاحَىُّ يَاقَيُّوْمُ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَسْئَلُكَ اَنْ تُحْيِىَ قَلْبِىْ)

ترجمہ: اے زندہ! اے قائم رہنے والے، اے نہیں ہے کوئی معبود مگر، تو میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تو زندہ کر دے میرے دل کو۔

سید منظور حسین سرمد

لِیْ خَمْسَةٌ اُطْفِیْ بِهَا حَرَّ الْوَبَاءِ الْحَاطِمَةِ
اَلْمُصْطَفٰی وَالْمُرْتَضٰی وَابْنَاهُمَا وَالْفَاطِمَةُ

دُعا دافعِ بلیّات، طاعون، سیلاب

سب سے مقدم ہے خدا اور بعد ذاتِ ذوالعلا
اوّل حبیبؐ کبریا دوئم علیؑ شیر خدا
سوئم جناب فاطمہؑ بنتِ رسولؐ دو سَرا
چوتھے حسنؑ شاہِ ہدیٰ پنجم شہید کربلاؑ

لِیْ خَمْسَةٌ اُطْفِیْ بِهَا حَرَّ الْوَبَاءِ الْحَاطِمَةْ
اَلْمُصْطَفٰی وَالْمُرْتَضٰی وَابْنَاهُمَا وَالْفَاطِمَةْ

کیا ہی یہ نام پاک ہیں صلِّ علیٰ صلِّ علیٰ
ان ناموں میں حق نے اثر ہے اسمِ اعظم کا رکھا
جس وقت ساقِ عرش پر ان کو قلم لکھنے لگا
پیہم صریرِ کلک سے پیدا ہوئی تب یہ صدا

لِیْ خَمْسَةٌ اُطْفِیْ بِهَا حَرَّ الْوَبَاءِ الْحَاطِمَةْ
اَلْمُصْطَفٰی وَالْمُرْتَضٰی وَابْنَاهُمَا وَالْفَاطِمَةْ

رنج و مشکل میں اگر کوئی بشر ہو مبتلا
ان ناموں کی تاثیر کو پڑھ کر وہ لیوے آزما
زنہار آسکتی نہیں نزدیک اُس کے کچھ بلا
رکھتا ہے جو وِرد زباں شام و سحر صبح و مَسا

لِیْ خَمْسَةٌ اُطْفِیْ بِهَا حَرَّ الْوَبَاءِ الْحَاطِمَةْ
اَلْمُصْطَفٰی وَالْمُرْتَضٰی وَابْنَاهُمَا وَالْفَاطِمَةْ

اسماء حُسنیٰ ہیں یہ وہ قرآں میں ہے جن کی ثنا
آدم کی توبہ کو ولا حسنِ قبول ان سے ملا
طوفاں سے بیڑا نوحؑ کا ان ہی کی برکت سے بچا
یونسؑ شکم میں موت کے پڑھتے رہے یہ برملا

لِیْ خَمْسَةٌ اُطْفِیْ بِهَا حَرَّ الْوَبَاءِ الْحَاطِمَةْ
اَلْمُصْطَفٰی وَالْمُرْتَضٰی وَابْنَاهُمَا وَالْفَاطِمَةْ

یہ نام یوسفؑ کے لئے تھے چاہ میں آبِ بقا
اور دار پر دردِ دلِ عیسیٰؑ کی تھی یہ ہی دوا
ان کے تصدق سے ہوئی ایوبؑ کو حاصل شفا
پڑھتے ہیں الیاسؑ و خضرؑ یہ ہی وظیفہ و اثما

لِیْ خَمْسَةٌ اُطْفِیْ بِهَا حَرَّ الْوَبَاءِ الْحَاطِمَةْ
اَلْمُصْطَفٰی وَالْمُرْتَضٰی وَابْنَاهُمَا وَالْفَاطِمَةْ

ان ناموں کی عظمت پہ تھے داؤدؑ سو جاں سے فدا
کرتے تھے ان کا تذکرہ دائم جناب زکریاؑ
نمرود نے جب آگ میں ڈالے خلیل کبریاؑ
لب پر تھے ان کے اس گھڑی یہ نام پاک اور یہ دُعا

لِیْ خَمْسَةٌ اُطْفِیْ بِهَا حَرَّ الْوَبَاءِ الْحَاطِمَةْ
اَلْمُصْطَفٰی وَالْمُرْتَضٰی وَابْنَاهُمَا وَالْفَاطِمَةْ

جس شہر میں جس قریہ میں طاعون ہو یا ہو وبا
اس جا کے رہنے والوں کو لازم ہے اہلِ ولا
برپا عقیدے سے کریں شبیرؑ کی بزمِ عزا
اور بعد مجلس یک زباں ہوکر پڑھیں یہ سب دُعا

لِیْ خَمْسَةٌ اُطْفِیْ بِهَا حَرَّ الْوَبَاءِ الْحَاطِمَةْ
اَلْمُصْطَفٰی وَالْمُرْتَضٰی وَابْنَاهُمَا وَالْفَاطِمَةْ

جل بھن کے کوہ طور پہ ہوجاتے موسیٰؑ سُرمہ سا
ان ناموں کی تائید سے لیکن ٹلی سر سے بلا
یعقوبؑ سے بچھڑا پسر ملتا نہ تا روزِ جزا
درگاہِ خالق میں اگر کرتا نہ یوں وہ التجا

لِیْ خَمْسَةٌ اُطْفِیْ بِهَا حَرَّ الْوَبَاءِ الْحَاطِمَةْ
اَلْمُصْطَفٰی وَالْمُرْتَضٰی وَابْنَاهُمَا وَالْفَاطِمَةْ

اسمائے اعظم ہیں یہی اسمائے پاک پنجتنؑ
سب انبیاء و اوصیاء دائم دمِ رنج و محن
بہتر وسیلہ جان کر پیشِ خدائے ذوالمنن
کرتے تھے عرض مدعا پڑھ کر یہ باصوتِ حسنؑ

لِیْ خَمْسَةٌ اُطْفِیْ بِهَا حَرَّ الْوَبَاءِ الْحَاطِمَةْ
اَلْمُصْطَفٰی وَالْمُرْتَضٰی وَابْنَاهُمَا وَالْفَاطِمَةْ

اب ہے ہماری التجا یا ربّ بحقِ آلِ عباؑ
ہر وباء کا ہو خاتمہ چل جائے رحمت کی ہوا
تیری حفاظت میں رہیں سرور کے سب اہلِ عزا
سُن لے یہ سرمد کی دُعا اس بزمِ غم کا واسطہ

لِیْ خَمْسَةٌ اُطْفِیْ بِهَا حَرَّ الْوَبَاءِ الْحَاطِمَةْ
اَلْمُصْطَفٰی وَالْمُرْتَضٰی وَابْنَاهُمَا وَالْفَاطِمَةْ

اسماء الحسنیٰ سے حاجات بوسیلہ محمدؐ و آلِ محمدؐ

یَا وَارِثَ آلِ مُحَمَّدٍ اَدْرِکْنِیْ — **یَا نُوْرَ آلِ مُحَمَّدٍ اَدْرِکْنِیْ**

قارئین امامیہ جنتری آپ کی خدمت میں اسمائے باری تعالیٰ کو ایک منفرد اور الگ انداز میں لے کر حاضر خدمت ہوں۔ ان اسماء کو محمدؐ و آلِ محمدؐ کے وسیلے سے پڑھیں گے تو آپ کی ہر مشکل و پریشانی ختم ہو جائے گی۔ ربّ العزت نے کائنات میں ہر چیز آلِ محمدؐ کے لئے خلق کی۔ جیسا کہ حدیثِ کساء میں خدائے بزرگ و برتر نے فرمایا "اے میرے فرشتو اور اے میرے آسمانوں کے رہنے والو میرا آسمان کو خلق کرنا، زمین کا فرش بچھانا، چاند کو منور کرنا، سورج کو روشنی دینا، گھومتے فلک کو قائم کرنا، دریاؤں میں پانی جاری کرنا اور ان میں کشتیوں کو رواں کرنا یہ سب کچھ ان پانچ ہستیوں (پنجتن پاکؑ) آلِ محمدؐ کی وجہ سے ہے۔

انہی کے وسیلہ کے ساتھ اسمائے باری تعالیٰ کا ورد کیا جائے تو کامیابی آپ کے قدم چومے گی۔ جو حضرات ان اسماء میں سے اپنے مقصد کے حل کے لئے کسی اسم مبارکہ کا ورد کرنا چاہیں۔ انہیں کسی جلالی یا جمالی پرہیز کی ضرورت نہیں۔ ہاں البتہ لالچ، غیبت، تہمت، جھوٹ، شراب نوشی، زنا، لوٹ کھسوٹ، غرور، تکبر، حسد اور بغض جیسے تمام امراضِ خبیثہ سے خود کو دور رکھے۔ جس اسم کا آپ ورد کریں پڑھتے وقت یہ خیال رکھیں کہ اس کی قرأت ٹھیک ہونی چاہیے۔ ہر مہینے میں ایک مرتبہ صدقہ ضرور دیں۔ پڑھنے سے پہلے اور اختتام پر کم از کم 14 چودہ مرتبہ درود پاک لازمی پڑھیں۔ اپنے نام کے حساب سے اسم اعظم حاصل کرنے کے لئے آپ فون کر سکتے ہیں۔ اب اسماء بیان کیے جا رہے ہیں۔ اپنے مقصد کے حل کے لئے ان میں سے انتخاب کریں اور استفادہ حاصل کریں۔

اَلْعَلِیُّ

برائے بلندی درجات:

The High

بہت بلند و بالا

یَا عَلِیُّ بِحَقِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ بِحَقِّ یَا عَلِیُّ

اَلرَّشِیْدُ

برائے رشد و ہدایت:

The guide of the right path

رشد و ہدایت دینے والا

یَا رَشِیْدُ بِحَقِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ بِحَقِّ یَا رَشِیْدُ

اَلْفَتَّاحُ

برائے فتح و کامیابی:

Remover of difficulties

بہت بڑا مشکل کشا

یَا فَتَّاحُ بِحَقِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ بِحَقِّ یَا فَتَّاحُ

اَلْحَکِیْمُ

حصول حکمت کے لئے:

The Wise

بڑی حکمتوں والا

یَا حَکِیْمُ بِحَقِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ بِحَقِّ یَا حَکِیْمُ

اَلْمُجِیْبُ ۵

برائے قبولیت دعا:

The Responsive

دعائیں سننے اور قبول کرنے والا

یَا مُجِیْبُ بِحَقِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ بِحَقِّ یَا مُجِیْبُ

اَلْحَفِیْظُ

برائے حفاظت جان و مال:

The Preserver

سب کا محافظ

یَا حَفِیْظُ بِحَقِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ بِحَقِّ یَا حَفِیْظُ

اَلرَّزَّاقُ

برائے وسعتِ رزق:

The Provider

بہت بڑا روزی دینے والا

یَا رَزَّاقُ بِحَقِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ بِحَقِّ یَا رَزَّاقُ

اَلْعَلِیْمُ

برائے وسیع علم:

The All knowing

بہت وسیع علم والا

یَا عَلِیْمُ بِحَقِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ بِحَقِّ یَا عَلِیْمُ

اَلْوَدُوْدُ

باہمی محبت کے لئے:

The Loving

بڑا محبت کرنے والا

یَا وَدُوْدُ بِحَقِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ بِحَقِّ یَا وَدُوْدُ

اَلصَّبُوْرُ

برائے اطمنانِ قلب:

The Patient

بڑے صبر و تحمل والا

یَا صَبُوْرُ بِحَقِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ بِحَقِّ یَا صَبُوْرُ

سیّد فخر امام کاظمی بیت الزہراء حیدر کالونی گجرات 0333 3360786

چاند کمپنی اُردو بازار لاہور 37244114 — رضوان پیپر پراڈکٹس اُردو بازار لاہور 37223223

خضر عباس پیاسی

اسمائے حسنیٰ کی روحانی فضیلت

اہلِ یورپ نے نجوم کے عربی قواعد کو مدنظر رکھتے ہوئے اس علم کو جدید سے جدید تر بنانے کی ہر ممکن کوشش کی ہے۔ قارئین کی دلچسپی کے لئے اس دور کے مسلمان محققین میں سے ایک دانشور شخصیت لاعرابی کا علم نجوم سے متعلقہ ایک راز جس میں مخصوص اسماء الحسنٰی قمری منازل سے منسوب دکھائے گئے ایک خاکہ کی شکل میں پیشِ خدمت ہیں۔ عربی کے حرف تہجی ۲۸ ہیں۔ قمری منازل ۲۸ ہیں۔ ایک حرف ایک منزل سے منسوب ہے۔



اب آپ اپنے نام کا پہلا حرف لیں۔ اور دائرے میں تلاش کریں۔ جہاں آپ کو ملے۔ وہی آپ سے منسوب قمری منزل اور برج ہے پھر اسی کے سامنے نیچے کی طرف منسوب اسماء الحسنٰی ہے جو آپ کے لئے اسم اعظم کا درجہ رکھتا ہے۔ اس کی صبح اور مغرب کی نماز کے بعد ایک ایک تسبیح پڑھیں۔ اور دیگر اوقات میں بھی کثرت سے ذکر کرنا سودمند ہے۔

آپ کا معاون و مبارک نگینہ (نگینوں کا تعلق راس کے ساتھ) بشکریہ: کرشمہ قدرت

برج	ستارہ	رنگ	متعلق نگینہ
حمل۔ میکھ	مریخ	سُرخ	ہیرا، مونگا، یاقوت، عقیق یمنی، اوپل
ثور۔ برکھ	زہرہ	سفید	مرجان سرخ، ہیرا، دُرِ نجف، موتی
جوزا۔ متھن	عطارد	سرخی مائل	پکھراج، زمرد، زبرجد
سرطان۔ کرک	قمر	سفید	نیلم، حجر القمر، عقیق زرد پکھراج زرد، لہسنیہ
اسد۔ سنگھ	شمس	نارنجی	نیلم، مرجان، عقیق، یاقوت
سنبلہ۔ کنیا	عطارد	سفید	عقیق زرد، زبرجد، اوپل

برج	ستارہ	رنگ	متعلق نگینہ
میزان۔ تلا	زہرہ	سفید سیاہی مائل	مرجان، ہیرا، پکھراج، دُرِ نجف، لہسنیہ
عقرب۔ برچھک	مریخ	سرخ	ہیرا، یاقوت، مونگا، عقیق
قوس۔ دھن	مشتری	زرد	فیروزہ، پکھراج زرد، لہسنیہ، زمرد
جدی۔ مکر	زحل	سیاہ نیلا	موتی، نیلم، عقیق یمنی، دُرِ نجف
دلو۔ کنبھ	زحل	نیلا سیاہ	عقیق سرخ، نیلم
حوت۔ مین	مشتری	زرد پیازی	پکھراج سفید، دُرِ نجف

ہر ماہ کی پیدائش سے نگینوں کا تعلق

جنوری	گومیدک، یاقوت، لعل، عقیق سرخ
فروری	نیلم، لاجورد، حجر القمر
مارچ	فیروزہ، دُرِ نجف، زبرجد
اپریل	ہیرا، نیلم، یاقوت، عقیق
مئی	زمرد، عقیق یمنی
جون	موتی، زمرد
جولائی	یاقوت، عقیق یمنی گہرا سرخ
اگست	مرجان، یاقوت، عقیق یمنی
ستمبر	نیلم، یاقوت، عقیق زرد
اکتوبر	اوپل، دُرِ نجف، زبرجد
نومبر	پکھراج، زبرجد
دسمبر	لاجورد، یاقوت، فیروزہ

عامل حکیم شاعر اہلبیت درویش خضر عباس پیاسی فاضل پورٹی نزد پولیس چوکی تحصیل و ضلع راجن پور (جنوبی پنجاب) پاکستان
0346 7328884, 0333 6474494, 0302 7909693

شاہد بک ڈپو مین بازار اسلام پورہ لاہور
چشتی بک ڈپو عالمگیر روڈ اسلام پورہ لاہور
Scanned with CamScanner

اسم اعظم

معاونین اور قارئین امامیہ جنتری کو السلام علیکم یہ میرا پہلا مضمون ہے۔ اسم اعظم کے متعلق کافی روایات ملتی ہیں مگر یہ مان لینا کہ اسم اعظم بہت زیادہ ہیں یہ درست نہیں ہے کیونکہ اسم اعظم صرف ایک ہے اور بقول معصومین علیہم السلام اسم اعظم 73 حروف پر مشتمل ہے اور اُن میں سے خالق نے اپنے پاس ایک حرف رکھا ہوا ہے۔ اور باقی 72 حروف پنجتن پاک علیہم السلام کو عطا کیے ہیں۔ اب یہاں قابل غور بات یہ ہے کہ وہ کیسا اسم ہے جو اتنا بڑا ہے اور 73 حروف پر مشتمل ہے۔ اسے تو یاد کرنا بھی مشکل کام ہے۔ اس کی عطا عام انسان کو نہیں۔ میری ریسرچ کے مطابق معصومینؑ نے ہمیشہ مختصر جملہ میں رفیق مسائل کا حل فرمایا اور خود خالق کائنات بھی کُن فَیَکُون فرماتا ہے کہ میں نے آج تک اسم اعظم کے وہ 73 حروف تو دریافت نہیں کیے مگر وہ قاعدہ کافی محنت کے بعد دریافت کر لیا جس سے اسم اعظم کا استخراج ہوتا ہے۔ اور اصل میں اسم اعظم کے متعلق میری دریافت یہ ہے کہ وہ معصومینؑ سے ایک معصومؑ ہیں جن کا نام اِسمِ اَعظَم ہے اور انشاء اللہ یہ اسم مستقبل میں ہر مومن پر واضح ہو جائے گا۔ مجتہدین اس کا علم رکھتے ہیں۔

قاعدہ: جس کے نام کا اسم اعظم معلوم کرنا مقصود ہو اُس کے نام کے حروف کو علیحدہ علیحدہ تحریر کریں اور ان کے نیچے ان کے مراتب کو بلحاظ حروف ابجد تحریر کریں۔ اب ان مراتب کو بلحاظ ترتیب صعودی جمع کریں یعنی ایک مرتبہ کو دوسرے میں پھر دوسرے کو تیسرے میں جمع کریں۔ جو جوابی عدد 28 تک آئے اُسے دوسری سطر میں نیچے تحریر کریں۔ اگر 28 سے زیادہ ہو تو اُس حاصل ہونے والے عدد کو 28 سے نفی کر دیں۔ یعنی حاصل عدد 35 ہو تو 28 سے نفی کرنے پر 7 = 35-28 "7" تحریر کریں۔ اب یہ طریقہ اُس وقت تک دہراتے رہیں جب تک کہ آخری حرف برآمد نہ ہو جائے۔ اب اُس آخری مرتبہ کے حرف کو جدول سے ملاحظہ کریں اور اس حرف کے آگے جو اسماء دیے گئے ہیں ان میں سے حسب ضرورت جو چاہیں ورد کریں اور تعداد جو جدول میں دی گئی ہے اس پر عمل کریں۔

مثال: جابر علی کا اسم اعظم استخراج کرنا ہے۔



عدد 5 مرتبہ ﮪ کا ہے۔ یعنی حرف ﮪ سے متعلق اسم اعظم ورد کرے۔ اب جدول سے عدد 5 حرف ﮪ کے اسماء یہ ہیں۔ "یا غَفُوْرُ ۔ یا مُقْتَدِرُ ۔ یا جَامِعُ ۔ یا رَشِیْدُ" ان میں سے حسب موقع جو چاہیں ورد کر سکتے ہیں۔

حروف	اسماء الحسنیٰ	تعدادورد	مراتب
ا	قَہَّارُ ۔ حَسِیْبُ ۔ مَاجِدُ	111	1
ب	لَطِیْفُ ۔ کَرِیْمُ ۔ ہَادِیُ	113	2
ج	رَحِیْمُ ۔ بَاسِطُ ۔ حَلِیْمُ ۔ مَالِکُ الْمُلْکُ	53	3
د	جَبَّارُ ۔ حَفِیْظُ	35	4
ﮪ	غَفُوْرُ ۔ مُقْتَدِرُ ۔ جَامِعُ ۔ رَشِیْدُ	116	5
و	رَافِعُ	117	6
ز	رَزَّاقُ	118	7
ح	قُدُّوْسُ ۔ عَدِلُ ۔ شَکُوْرُ ۔ وَارِثُ ۔ صَبُوْرُ	119	8
ط	وَاحِدُ ۔ ظَاہِرُ ۔ مُغْنِیُ	120	9
ی	فَتَّاحُ ۔ مُقِیْتُ ۔ غَنِیُ	121	10

11	101	سَلَامُ . عَلِیْمُ . مُزِلُّ . کَبِیْرُ . مَتِیْنُ . مُعِیْدُ . مُحیٖ . مُقَدِّمُ . مُؤَخِّرُ	ک
12	71	وَدُوْدُ . وَلِیُّ . مُقْسِطُ	ل
13	90	رَحْمٰنُ . قَوِیُّ . مُبْدِیُ . اٰخِرُ	م
14	106	وَاسِعُ . شَهِیْدُ . قَیُّومُ	ن
15	120	حَکَمُ	س
16	130	سَمِیْعُ	ع
17	81	مُحْصِیُ . مُتَعَالِیُ . تَوَّابُ	ف
18	95	عَزِیْزُ . غَفَّارُ . بَاطِنُ . مَانِعُ . نُوْرُ . بَاقِیُ	ص
19	181	مُهَیْمِنُ . بَارِیُ	ق
20	201	مَلِکُ . خَافِضُ . بَاعِثُ . مُمِیْتُ . صَمَدُ . مُنْتَقِمُ . ضَآرُّ	ر
21	360	مُصَوِّرُ . اَحَدُ . رَؤُفُ	ش
22	401	اَللّٰهُ . بَصِیْرُ . عَلِیُّ . وَاحِدُ . هُوَ	ت
23	501	سُلْطَانُ	ث
24	601	مُعِزُّ . خَبِیْرُ	خ
25	731	جَلِیْلُ . رَقِیْبُ . وَکِیْلُ . حَمِیْدُ . ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام	ذ
26	805	وَهَّابُ . قَابِضُ . مُجِیْبُ . قَادِرُ	ض
27	901	مُتَکَبِّرُ . حَقُّ . وَالِیُ	ظ
28	1060	مُؤْمِنُ . عَظِیْمُ . حَکِیْمُ . مَجِیْدُ . حَیُّ . عَفُوُّ	غ

قارئین میں نے اس خرقۂ حیات کی مکمل وضاحت کر دی ہے۔ اگر پھر بھی سمجھ نہ آئے تو بذریعہ خط و کتابت یا بذریعہ فون سمجھ سکتے ہیں۔ کسی مسئلے کا حل بذریعہ علم جفر۔ اعداد۔ رمل یا نجوم سے کرتا ہوں۔ اگر کوئی بھی مسئلہ ہو تو اس ناچیز کو ضرور یاد کیجئے گا۔ انشاء اللہ اب یہ ناچیز مستقل طور پر مختلف موضوعات کے ذریعہ آپ کی رہنمائی کرتا رہے گا۔ دعاؤں میں یاد رکھیے گا۔ والسلام

جابر علی محلہ قصرِ زہرا، گلی ذاکر محمد حسین والی جھنگ صدر۔ فون: 0315/0302 5243272, 0312 5310914

دعائے حضرت ابوذرؓ :

کتاب نہج الیقین صفحہ طبع ممبئی میں ہے کہ حضرت صادق آل محمدؑ نے ارشاد فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں ایک دن جبرئیلؑ نازل ہوئے۔ جناب ابوذرؓ بھی بیٹھے ہوئے تھے۔ جبرئیلؑ نے عرض کی مولا ذرا ان سے پوچھیے کہ وہ کون سے کلمات ہیں جن کے ذریعہ وہ اتنا محبوبِ خدا ہو گئے ہیں کہ ان کا ذکر برابر آسمان پر رہا کرتا ہے۔ جناب ابوذرؓ نے عرض کی میں صبح کو یہ دعا پڑھتا ہوں جس سے خدا بھی خوش ہے اور تمام بلاؤں سے نجات بھی ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ الْاَمْنَ وَالْاِیْمَانَ بِکَ وَالتَّصْدِیْقَ بِنَبِیِّکَ وَ الْعَافِیَةَ

مِنْ جَمِیْعِ الْبَلَاءِ وَالشُّکْرَ عَلَی الْعَافِیَةِ وَالْغِنَا عَنْ شِرَارِ النَّاسِ

خدایا! میں تجھ سے امن و امان اور تیرے نبی محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تصدیق اور تمام بلاؤں سے نجات اور پھر اس نجات پر شکر اور شریر لوگوں سے بے نیازی کا سوال کرتا ہوں۔ خدایا بحق محمد و آل محمد قبول فرما۔

مرسلہ: صوفیہ نقوی (انٹیریئر ڈیزائنر) فون: 0331 4547036

Scanned with CamScanner

غلام کبریا (روحانی عامل)
دارالعملیات، محمدیہ کالونی،
شیر شاہ سوری روڈ کندیاں
ضلع میانوالی 0300 5537074

اسمائے باری تعالیٰ سے حاجات

خیر کے موضوع پر آج کی محفل میں ان اسمائے حسنیٰ کے مخصوص اعمال تحریر کر رہا ہوں جو صدیوں سے عاملین و کاملین کے خاص وظائف رہے ہیں۔

نمبر شمار	اسمائے حسنیٰ	قمری اعداد	دیگر اعداد	عنصر	فطرت	دن	مقاصد
۱	رزاقُ	۳۰۸	۲۲۴۷	جمالی	آتشی	جمعہ	رزق و حصول ملازمت
۲	واسعُ	۱۳۷	۲۶۰۰	جمالی	آتشی	بدھ	وسعت رزق و تجارت
۳	ودودُ	۲۰	۳۲۱۸	جمالی	آتشی	جمعہ	طلبی مطلوب و محبت زوجین
۴	فتاحُ	۴۸۹	۳۳۰۵	جلالی	آتشی	ہفتہ	فتوحات کے لئے
۵	کافیُ	۱۱۱	۳۸۸۵	جمالی	آبی	بدھ	دفع امراض، تحفظ، مہمات
۶	لطیفُ	۱۲۹	۴۹۲۴	جمالی	آتشی	جمعرات	توسیع رزق، تسخیر امراء
۷	شافیُ	۳۹۱	۴۹۲۶	جمالی	آتشی	بدھ	دفع امراض شدیدہ
۸	غنیُ	۱۰۶۰	۵۴۸۳	مشترک	آتشی	جمعرات	حصول دولت و انعام
۹	شہیدُ	۳۱۹	۵۷۲۹	مشترک	بادی	منگل	برائے ہیبت دشمنان
۱۰	نعم المولیٰ و نعم النصیر	۸۲۴	۲۱۸۲۶	جلالی	بادی	اتوار	جملہ مقاصد دینی و دنیاوی
میزان			۵۸۱۴۳				

اب مندرجہ بالا تمام اسمائے حسنیٰ کے نقوش معہ چالیں ترتیب دیے جاتے ہیں۔ بعد ازاں ان کے استعمال کا طریقہ وضاحت سے تحریر کیا جائے گا۔

چال

۴	۱۱	۱۴	۵
۱۳	۶	۳	۱۲
۷	۱۶	۹	۲
۱۰	۱	۸	۱۵

رزاقُ

۳۰۱ / ۵۵۷	۳ / ۵۶۴	۹۸ / ۵۶۸	۲ / ۵۵۸
۹۷ / ۵۶۷	ز / ۵۵۹	ر / ۵۵۶	۴ / ۵۶۵
۸ / ۵۶۰	ق / ۵۷۰	۱ / ۵۶۳	۱۹۹ / ۵۵۵
۲ / ۵۶۳	۱۹۸ / ۵۵۴	۹ / ۵۶۱	۹۹ / ۵۶۹

چال

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

ودودُ

و / ۸۰۴	و / ۸۰۷	و / ۸۱۰	و / ۷۹۷
و / ۸۰۹	و / ۷۹۸	و / ۸۰۳	و / ۸۰۸
و / ۷۹۹	و / ۸۱۲	و / ۸۰۵	و / ۸۰۲
و / ۸۰۶	و / ۸۰۱	و / ۸۰۰	و / ۸۱۱

چال

۵	۱۴	۱۱	۴
۱۲	۳	۶	۱۳
۲	۹	۱۶	۷
۱۵	۸	۱	۱۰

واسعُ

۱ / ۶۳۶	۶۹ / ۶۵۶	۶۱ / ۶۵۳	و / ۶۳۵
۶۴ / ۶۵۴	۵ / ۶۴۴	۲ / ۶۴۷	۶۸ / ۶۵۵
۴ / ۶۴۳	۵۹ / ۶۵۱	۷۱ / ۶۵۸	۷ / ۶۴۸
ع / ۶۵۷	۸ / ۶۳۹	۳ / ۶۴۲	س / ۶۵۲

چال

۱۴	۹	۸	۳
۷	۴	۱۳	۱۰
۱	۶	۱۱	۱۶
۱۲	۱۵	۲	۵

فتاحُ

۸۳۴ / ح	۸۲۷ / ا	۸۲۶ / ت	۸۲۰ / ف
۸۲۵ / ۳۹۹	۸۲۱ / ۸۱	۸۳۱ / ۷	۸۲۸ / ۲
۸۱۸ / ۷۸	۸۲۳ / ۳۱۸	۸۲۹ / ۳	۸۳۳ / ۱۰
۸۳۰ / ۴	۸۳۳ / ۹	۸۱۹ / ۷۹	۸۲۳ / ۳۹۷

چال

۵	۱۴	۱۱	۴
۱۲	۳	۶	۱۳
۲	۹	۱۶	۷
۱۵	۸	۱	۱۰

کافیٌ

۱ / ۹۶۸	۹ / ۹۷۵	۸۱ / ۹۷۲	ک / ۹۶۶
۸۲ / ۹۷۳	۱۹ / ۹۶۵	۲ / ۹۶۹	۸ / ۹۷۴
۱۸ / ۹۶۴	۷۹ / ۹۷۰	۱۱ / ۹۷۷	۳ / ۹۷۰
ی / ۹۷۶	۴ / ۹۷۱	۱۷ / ۹۶۳	ف / ۹۷۱

چال

۱۶	۱۱	۶	۱
۵	۲	۱۵	۱۲
۳	۸	۹	۱۴
۱۰	۱۳	۴	۷

لطیفٌ

ف / ۱۲۳۹	ی / ۱۲۳۴	ط / ۱۲۲۸	ل / ۱۲۲۳
۸ / ۱۲۲۷	۳۱ / ۱۲۲۴	۷۹ / ۱۲۳۸	۱۱ / ۱۲۳۵
۳۲ / ۱۲۲۵	۱۱ / ۱۲۳۰	۸ / ۱۲۳۲	۷۸ / ۱۲۳۷
۹ / ۱۲۳۳	۷۷ / ۱۲۳۶	۳۳ / ۱۲۲۶	۱۰ / ۱۲۲۹

چال

۵	۱۴	۱۱	۴
۱۲	۳	۶	۱۳
۲	۹	۶۱	۷
۱۵	۸	۱	۱۰

شافیٌ

۱ / ۱۲۲۸	۹ / ۱۲۳۷	۸۱ / ۱۲۳۴	ش / ۱۲۲۷
۸۲ / ۱۲۳۵	۲۹۹ / ۱۲۲۶	۲ / ۱۲۲۹	۸ / ۱۲۳۶
۲۹۸ / ۱۲۲۵	۷۹ / ۱۲۳۲	۱۱ / ۱۲۳۹	۳ / ۱۲۳۰
ی / ۱۲۳۸	۴ / ۱۲۳۱	۲۹۷ / ۱۲۲۴	ف / ۱۲۳۳

چال

۱۶	۱۱	۶۰	۱
۵	۲	۱۵	۱۲
۳	۸	۹	۱۴
۱۰	۱۳	۴	۷

غنیٌ

۱۳۷۹	ی / ۱۳۷۳	ن / ۱۳۶۸	غ / ۱۳۶۳
۳۹ / ۱۳۶۷	۱۰۰۱ / ۱۳۶۴	۲ / ۱۳۷۸	۷ / ۱۳۷۴
۱۰۰۲ / ۱۳۶۵	۴۸ / ۱۳۷۰	۸ / ۱۳۷۱	۲ / ۱۳۷۷
۹ / ۱۳۷۲	۱ / ۱۳۷۶	۹۹۹ / ۱۳۶۶	۵۱ / ۱۳۶۹

چال

۸	۱۵	۱۰	۱
۹	۲	۷	۱۶
۳	۱۲	۱۳	۶
۱۴	۵	۴	۱۱

شہیدٌ

۶ / ۱۳۳۲	۵ / ۱۳۳۹	۸ / ۱۳۳۴	ش / ۱۳۲۴
۷ / ۱۳۳۳	۳۰۱ / ۱۳۲۵	ه / ۱۳۳۱	۶ / ۱۳۴۰
۳۰۲ / ۱۳۲۶	ی / ۱۳۳۶	۳ / ۱۳۳۷	۳ / ۱۳۳۰
د / ۱۳۳۸	۳ / ۱۳۲۹	۳۰۳ / ۱۳۲۷	۹ / ۱۳۳۵

چال

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

نعم المولیٰ و نعم النصیر

النصیر / ۵۳۵۶	ونعم / ۵۳۵۹	المولیٰ / ۵۳۶۲	نعم / ۵۳۴۹
نعم / ۵۳۶۱	المولیٰ / ۵۳۵۰	ونعم / ۵۳۵۵	النصیر / ۵۳۶۰
ونعم / ۵۳۵۱	النصیر / ۵۳۶۳	نعم / ۵۳۵۷	المولیٰ / ۵۳۵۴
المولیٰ / ۵۳۵۸	نعم / ۵۳۵۳	النصیر / ۵۳۵۲	ونعم / ۵۳۶۳

چال

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

نقش جملہ اعداد اسمائے حسنیٰ

۱۳۵۳۳	۱۳۵۳۶	۱۳۵۳۹	۱۳۵۲۵
۱۳۵۳۸	۱۳۵۲۶	۱۳۵۳۲	۱۳۵۳۷
۱۳۵۲۷	۱۳۵۴۱	۱۳۵۳۴	۱۳۵۳۱
۱۳۵۳۵	۱۳۵۳۰	۱۳۵۲۸	۱۳۵۴۰

عزیزان گرامی۔ میں نے جملہ اسمائے حسنیٰ کے نقوش اور چالیں ترتیب دے دی ہیں۔ مندرجہ بالا اسمائے مبارکہ میں نے دورِ حاضر کے جناب کاش البرنی مرحوم اور حضرت ابو العباس بونی کی تصانیف سے لئے ہیں۔ عرصہ دراز سے میں ان سے استفادہ حاصل کر رہا ہوں۔ ترکیب انتہائی آسان ہے۔ عروج ماہ میں متعلقہ یوم بعد نماز فجر و طلوع آفتاب سفید لباس زیب تن کر کے خوشبو لگائیں۔ کمرہ معطر کر دیں۔ باوضو قبلہ رُخ ہو کر اپنے مقصد کے لئے سفید باریک کاغذ پر مشک و زعفران سے دو نقش تحریر کریں۔ دونوں نقوش کے نیچے جملہ اسمائے حسنیٰ کے اعداد کا نقش تحریر کریں اور تعداد کے مطابق (جو فہرست میں تحریر کی گئی ہے) اسم مبارک جس کا نقش تیار کیا ہے پڑھ کر دونوں نقوش پر دم کریں۔ اب ایک نقش ہمیشہ پاس رکھیں۔ جب کہ دوسرا نقش فریم کروا کر گھر، دفتر یا کاروبار کی جگہ لٹکائیں اور روزانہ اسم مبارک قمری تعداد کے مطابق پڑھ کر پاس والے نقش پر دم کریں اور اپنے مقصد کی دعا کریں۔ انشاء اللہ چند ہفتوں میں تمام مرادیں بر آئیں گی۔

امراض شدیدہ کے لئے **12** نقش اسم شافی کے تحریر کریں۔ ایک نقش مریض کے گلے میں جب کہ **11** نقوش پانی میں گھول کر روزانہ پلائیں۔ انشاء اللہ شفا کامل نصیب ہوگی۔ اسی طرح اسم ودود کے **14** نقوش تحریر کریں۔ ایک پاس رکھنے کے لئے، ایک مطلوب کے گھر یا راستے میں دفن کرنے کے لئے، ایک انار کے درخت کے ساتھ لٹکانے کے لئے جب کہ **11** نقوش کے چراغ وقت اور جگہ کی پابندی کے ساتھ جلائے جاتے ہیں۔ طلبی مطلوب یا محبت زوجین کے لئے سعد اکبر ستاروں کی سعد نظرات و شرفات کو مدنظر رکھا جاتا ہے۔

عزیزان میں نے جملہ نقوش اور ان کی تفصیل کو کھول کر بیان کر دیا ہے۔ نقوش میں چال ایک اہم جز ہوتا ہے جسے ہمیشہ یاد رکھنا چاہیے اور اسی کے مطابق نقش ترتیب دینا چاہیے۔ تاہم کسی جگہ سمجھ نہ آئے تو اس بندہ حقیر سے معلوم کیا جا سکتا ہے۔ اللہ عز و جل صدقہ آل امام علیؑ مقام ہماری مشکلات آسان فرمائے اور بندہ حقیر کی اس کاوش کو قبول کرے۔

علم الاعداد، اھلبیت علیھم السلام اور شفا

سید انور حسین رضوی کراچی

اللہ ربّ العزت نے محمدؐ وآلِ محمدؐ کو وجہِ تخلیقِ کائینات بنایا ہے۔ مشہور سکھ شاعر نے اعتراف کرتے ہوئے کہا ہے:

بیدم یہی تو پانچ ہیں مقصودِ کائنات
خیر النساءؑ حسنؑ و حسینؑ مرتضیٰ علیؑ

جو ان پاک ہستیوں کا دامن تھام لے گا اور ان کی بتائی ہوئی تعلیمات پر چلے گا وہ دنیا اور آخرت دونوں جگہ کامیاب رہے گا۔ یہ وہ پاک ہستیاں ہیں جو انہیں دل سے پکارے تو اس کی مشکل کشائی کرتی ہیں۔ انھیں کے ذریعے سے ہم تک علوم پہنچے ہیں تاکہ ہم ان سے رہنمائی حاصل کرسکیں۔ ان میں سے ایک علم، علم الاعداد ہے۔

علم الاعداد کے بارے میں حضرت محمدؐ کا ارشادِ پاک ہے:

" عِلْمُ الْاَعْدَادِ اَجَلُّ الْعُلُوْم "

ایک اور حدیث مبارکہ ہے:

" تَعَلِمُوْا آبا جا دَ وَ تَفْسِیْرُهَا "

حروف ابجد ۲۸ حرفوں پر مشتمل ہے۔ ابجد سے علمِ جفر میں کام لیا جاتا ہے اور اسی کو ابجدِ قمری کہتے ہیں۔ اگر زندگی رہی تو انشاءاللہ علمِ جفر کی حقانیت اور اس کے ذریعے سے ایسے رازوں سے پردہ اٹھاؤں گا جس سے انسانی عقل حیران رہ جائے گی۔ ابجد قمری ذیل میں مع اعداد کے لکھا جا رہا ہے۔ اسی کے ذریعے سے معلومات کا حصول ہوگا۔

نقشہ حروف ابجد قمری

حروف	ا	ب	ج	د	ھ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
اعداد	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰

حروف	س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
اعداد	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

چند رموز آشکار کر رہا ہوں محمدؐ وآلِ محمدؐ کی حقانیت کو ظاہر کرنے کے لئے۔ رب کے اعداد ۲۰۲ ہوتے ہیں۔ اور محمدؐ اور علیؑ کے ناموں کے مجموعی اعداد بھی ۲۰۲ ہی ہیں۔

نمبر۱:

رب

ر + ب
۲۰۰ + ۲ = ۲۰۲

محمدؐ = م + ح + م + د
۴۰ + ۸ + ۴۰ + ۴ = ۹۲

علیؑ = ع + ل + ی
۷۰ + ۳۰ + ۱۰ = ۱۱۰

ان دونوں کے ناموں کے اعداد کا مجموعہ ۹۲ + ۱۱۰ = ۲۰۲ اور ۲۰۲ رب کے نام کے اعداد ہیں۔

نمبر۲: "محمدؐ" کے نام کے بنیات اعداد نکالے جو کہ "اسلام" کے اعداد ہیں:

زبر	بنیات
م	ی م = ۱۰ + ۴۰ = ۵۰
ح	ا = ۱ = ۱
م	ی م = ۱۰ + ۴۰ = ۵۰
د	ا ل = ۱ + ۳۰ = ۳۱
	میزان = ۱۳۲ = اسلام

اسلام = ا + س + ل + ا + م

ا + ۶۰ + ۳۰ + ۱ + ۴۰ = ۱۳۲ = اسلام

نمبر۳: "**علیؑ**" کے بنیات اعداد نکالے جو کہ "**ایمان**" کے اعداد ہیں۔

زبر	بنیات
ع	ی ن = ۱۰ + ۵۰ = ۶۰
ل	ا م = ۱ + ۴۰ = ۴۱
ی	ا = ۱ = ۱

میزان ۱۰۲ = ایمان

ایمان = ا + ی + م + ا + ن

ا + ۱۰ + ۴۰ + ۱ + ۵۰ = ۱۰۲ = ایمان

نمبر۴:

حب علیؑ واجبہ = ۱۳۲
اسلام = ۱۳۲
قلب = ۱۳۲
قلب کے بنیات اعداد = ۱۲۳
آلِ محمدؐ کے اعداد = ۱۲۳

نمبر۵: **امام مھدی علیه السلام** کے نام مبارک مہدیؑ کے اعداد ۵۹ بنتے ہیں جس کا مفرد عدد " ۵ " بنتا ہے۔

آپؑ کی ولادت ۱۵ شعبان ۲۵۵ ھ میں ہوئی۔ اس میں بھی عدد ۵ تین بار آیا ہے۔

لقب " باقی "	=	۵	عدل	=	۵
غائب	=	۵	عریضہ	=	۵
موجود	=	۵	ماء (پانی)	=	۵
علم	=	۵	جزیرہ برمودہ	=	۵
عمل	=	۵	قم	=	۵
شب برات	=	۵	آمدِ مہدیؑ	=	۵
آزادی	=	۵			

علم الاعداد سے صاف اشارہ مل رہا ہے کہ ہم شب برات میں پانی میں کیوں عریضہ ڈالتے ہیں۔

نمبر۶: مولا علیؑ مشکل کشاء کی مدد سے میں ایک انتہائی اہم راز کھول رہا ہوں جو محمدؐ و آلِ محمدؐ سے مودت رکھنے والوں کے لئے نعمت عظمیٰ سے کم نہیں ہے۔

شفا = ش + ف + ا

۳۰۰ + ۸۰ + ۱ = ۳۸۱

فاطمہؑ = ف + ا + ط + م + ہ

۸۰ + ۱ + ۹ + ۴۰ + ۵ = ۱۳۵

حسنؑ = ح + س + ن

۸ + ۶۰ + ۵۰ = ۱۱۸

حسینؑ = ح + س + ی + ن

۸ + ۶۰ + ۱۰ + ۵۰ = ۱۲۸

ان تینوں کے ناموں کے اعداد کا مجموعہ = ۳۸۱ جو کہ شفا کے اعداد ہیں

کربلا = ک + ر + ب + ل + ا

۲۰ + ۲۰۰ + ۲ + ۳۰ + ۱ = ۲۵۳

اب کربلا کے اعداد ۲۵۳ کو پھر حروف میں بدلا

۳ + ۵۰ + ۲۰۰ = **کربلا**

ج + ن + ر = **رنج**

یعنی کربلا کے باطن میں " رنج " ہے۔ مگر اللہ تعالیٰ نے اس کا مداوہ اس طرح کیا

حسینؑ = ۱۲۸
کربلا = ۲۵۳
میزان = ۳۸۱ = **شفا**

۳۸۱ شفا کے اعداد ہیں۔ یہی وہ راز ہے جو کربلا کی خاک کو خاکِ شفا کہا جاتا ہے۔ تمام بیماریوں کا علاج اسی ۳۸۱ میں پوشیدہ ہے۔ اس شفا کو حاصل کرنے کے لئے ایک نقش مربع آتشی چال سے پُر کریں۔ عرقِ گلاب زعفران اور خاکِ شفا سے نئے سرکنڈے کے قلم سے شبِ جمعہ نوچندی جمعرات یا شرفِ قمر میں متعلقہ بخور جلا کر یہ نقش تیار کیا جائے گا اور اس کو ہرے رنگ کے کپڑے میں کر کے پنجتنؑ کی نذر دے کر دعا کر کے مریض کے سیدھے بازو میں باندھ دیں۔ اگر خاکِ شفا نہ ہو تو اس

کے بغیر بھی نقش بنایا جا سکتا ہے۔ سخت ایمرجنسی میں سادے پانی پر ۳۸۱ بار مع اول و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود کے یا فاطمہؑ یا حسنؑ یا حسینؑ پڑھ کر دم کر کے پلائیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ○

جبرائیل

۹۵	۹۸	۱۰۱	۸۷
۱۰۰	۸۸	۹۴	۹۹
۸۹	۱۰۳	۹۶	۹۳
۹۷	۹۲	۹۰	۱۰۲

عزرائیل — اسرافیل

وفق = ۳۸۱

میں نے خود بہت مریضوں کا اس سے علاج کیا ہے۔ الحمد للہ لا علاج مریض بھی اس سے شفایاب ہوئے ہیں۔ اگر کوئی بات سمجھ میں نہ آ رہی ہو یا نقش خود تیار نہ کر سکیں یا کسی بھی قسم کی پریشانی کے لئے مجھ ناچیز سے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ سید انور حسین رضوی 0300 2194117 مکان نمبر R-408، سیکٹر 15-A/5، بفرزون نارتھ کراچی، کراچی۔
e mail: anwerrizvi14@yahoo.com

—— X —— X ——

عمل سورۂ یٰسین برائے حاجت

یہ مجرب عمل آقائے مولوی سید محمد تقی سلمہ اللہ الواہب نے اپنی کتاب منبع حسنات (مطبع منشی نولکشور لکھنؤ) میں تحریر فرمایا ہے۔

یہ طریقہ آئمہؑ سے منقول ہے کہ جب کوئی حاجت دشوار پیش آئے تو دو رکعت نماز بہ نیت قربۃً الی اللہ پڑھے۔ ہر رکعت میں الحمد کے بعد آیت الکرسی تا خالدون پڑھے۔ دو رکعت نماز پڑھ کر سر برہنہ کھڑا ہو کر اپنی گردن میں کپڑا ڈال کر مثل مجرم اور گناہ گار کے، دونوں ہاتھوں سے گلے میں ڈالے ہوئے کپڑے کو ہاتھ جوڑ کر پکڑے اور سورۂ یٰسین کو شروع کرے۔ جب "کُنْ فَیَکُونُ" پر پہنچے تو فوراً سجدہ میں جائے۔ اور پڑھے "سُبْحَانَ الَّذِی" یعنی باقی ماندہ سورت ختم کرے۔ اسی حالت میں خضوع و خشوع سے اپنی حاجت طلب کرے۔ مستجاب ہے (یہ عمل میرا آزمودہ ہے)

سید ضیاء نقوی اٹک 057 2604408, 0301 7899751

نماز برائے ادائیگی قرض

تعداد: دو رکعت نماز صبح کی طرح **وقت:** شب جمعہ

طریقہ: بعد سلام پڑھے یا حَیُّ یا قَیُّومُ سو بار، یا وَھَّابُ 1000 بار۔ اس عمل کو بارہ شب تک انجام دیتا ہے۔ (تحفۃ الرضویہ)

مجرب نماز ادائیگی قرض

طریقہ: پہلی رکعت: سورۂ حمد ایک بار، سورۂ توحید گیارہ بار

دوسری رکعت: سورۂ حمد ایک بار، سورۂ توحید اکیس بار

تیسری رکعت: سورۂ حمد ایک بار، سورۂ توحید اکتیس بار

چوتھی رکعت: سورۂ حمد ایک بار، سورۂ توحید اکتالیس بار

نماز کے بعد سورۂ توحید ۵۱ بار، صلوٰۃ ۵۱ بار سجدے میں جائے اور سو بار کہے یا اللہ یا اللہ پھر حاجت طلب کرے۔

فضائل: مرحوم علی بن طاؤس فرماتے ہیں۔ کہ حضرت مرسل اعظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اگر کسی نے اس نماز کو پڑھا تو خدا اس کی دعا کو حتماً مستجاب فرماتا ہے۔ اگر نمازی نے پہاڑوں کے ٹلنے، بارش کے ہونے جیسی دعا کی خدا اس کو بھی قبول فرمائیگا۔ خدا غضبناک ہوتا ہے اس شخص پر جو اس نماز کو پڑھ کر خدا سے حاجت طلب نہ کرے۔ (صحیفہ نماز) از مولانا سید حسین مہدی الحسینی

عذاب قبر سے امان کی نماز

تعداد: ۲۰ رکعت: ۲،۲ رکعت پڑھے، ماہ رجب کی چاندرات درمیان نماز مغربین

طریقہ: ہر رکعت میں سورۂ حمد ایک بار، سورۂ توحید ایک دار

فضیلت: اس نماز کے پڑھنے والا، اس کی اولاد اور اس کی آل واولاد اور خاندان والے عذاب قبر اور بربادی مال سے محفوظ رہتے ہیں۔ اور روز قیامت پل صراط سے بجلی کی طرح گزر جائیں گے۔ (صحیفہ نماز)

نماز بخشش گناہ

تعداد: دس رکعت دو، دو رکعت پڑھے۔ ماہ رجب کی کسی ایک شب۔

طریقہ: ہر رکعت میں سورۂ حمد ایک بار، سورۂ کافرون ایک بار، سورۂ توحید تین بار

فضیلت: حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نمازی کے تمام گناہ معاف فرمائے گا۔ (صحیفہ نماز)

ہفت ہیکل کا حصار

حکیم سید مجتبیٰ حسین مکان نمبر 1443 گلی نمبر 6 محلہ کامل پور سیداں اٹک کینٹ۔ فون: 0321 5708995

قارئین امامیہ جنتری السلام علیکم! آپ کے پیار اور خلوص کی وجہ سے امامیہ جنتری کے درخشاں اوراق پر بندۂ ناچیز کو اپنے مضمون کے لئے جگہ مل جاتی ہے۔ آپ کے مسائل جو آپ میرے ساتھ ٹیلی فون پر اور خطوط کے ذریعے بیان کرتے ہیں۔ آپ لوگوں کی اُن ضروریات کو مدِ نظر رکھ کر آسان اور تیر بہدف عمل تیار کیا ہے۔

عمل: یہ عمل بہت مشہور ہے اور آسان ہے۔ اس عمل کے بارے میں ہر خاص اور عام خوب جانتے ہیں۔ ہمارے دینی رسالوں اور کتابوں میں اس کا ذکر ہے۔ اس عمل کی اہمیت اور قدر کے بارے میں حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم مولا علیؑ سے فرماتے ہیں کہ میں تمہیں ایسی چیز تعلیم کروں کہ ساتوں آسمانوں اور زمین کی خلقت مل کر تمہیں بدی پہنچانا چاہے تو کامیاب نہ ہو سکیں گے۔ یا علیؑ جو کوئی اس ہفت ہیکل کو پڑھے اس کے نامہ اعمال میں ستر ہزار اعمال حسنہ لکھے جائیں گے۔ ستر ہزار قصر بہشت میں ہوں گے۔ جو شخص ان سات آیات کو پڑھے اور اپنے پاس رکھے تو روزِ قیامت اللہ تعالیٰ اس کو بخش دے گا اور ہر شر سے اللہ تعالیٰ محفوظ رکھے گا۔

سات آیات ہیکل:

① قُلْ لَّنْ يُّصِيْبَنَآ اِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا ج هُوَ مَوْلٰنَا ج وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ○ (سورۃ توبہ آیت نمبر 51)

② وَ اِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ج وَاِنْ يُّرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ ط يُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ط وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ (سورۃ یونس آیت نمبر 107)

③ وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِى الْاَرْضِ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا وَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا وَمُسْتَوْدَعَهَا ط كُلٌّ فِىْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ○ (سورۃ ھود آیت نمبر 6)

④ اِنِّىْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّىْ وَرَبِّكُمْ ط مَا مِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِيَتِهَا ط اِنَّ رَبِّىْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ○ (سورۃ ھود آیت نمبر 56)

⑤ وَكَاَيِّنْ مِّنْ دَآبَّةٍ لَّا تَحْمِلُ رِزْقَهَا اللّٰهُ يَرْزُقُهَا وَاِيَّاكُمْ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ○ (سورۃ عنکبوت آیت نمبر 60)

⑥ مَا يَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَةٍ فَلَا مُمْسِكَ لَهَا وَ مَا يُمْسِكْ فَلَا مُرْسِلَ لَهٗ مِنْ م بَعْدِهٖ ط وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ط ○ (سورۃ فاطر آیت نمبر 2)

⑦ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ط قُلْ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَنِىَ اللّٰهُ بِضُرٍّ هَلْ هُنَّ كٰشِفٰتُ ضُرِّهٖٓ اَوْ اَرَادَنِىْ بِرَحْمَةٍ هَلْ هُنَّ مُمْسِكٰتُ رَحْمَتِهٖ ط قُلْ حَسْبِىَ اللّٰهُ ط عَلَيْهِ يَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ○ (سورۃ زمر آیت نمبر 38)

یہ ساتوں آیات سارے جسم پر پڑھ کر پھونکیں، انشاء اللہ تعالیٰ آپ کا حصار ہو جائے گا۔ میرے اکثر مریض جن کی میں جادو کی کاٹ کرتا ہوں وہ میری کاٹ کرنے کے بعد مسلسل (6) چھ دن سورۃ تغابن پارہ نمبر ۲۸ کی تلاوت بعد نماز عشاء اور (6) چھ دن مسلسل یہ حصار کریں۔

نوٹ: زائچہ بنوانے کے لئے یا کوئی معلومات لینے کے لئے شام (4) بجے سے رات (11) بجے تک رابطہ کریں۔ زائچہ بذریعہ علم رمل کے لئے 1 سے 96 تک (4) عدد خط میں لکھ کر ارسال کریں تو بھی زائچہ تیار کر کے جوابی لفافے میں آپ کو ارسال کر دیا جائے گا اور فون پر صرف بروز جمعۃ المبارک زائچہ رمل تیار کیا جائے گا۔ میں ہمیشہ کی طرح اس دفعہ بھی دعا کی اپیل کرتا ہوں کہ فیض یاب ہونے کے بعد بانی امامیہ جنتری آغا نثار مرحوم اور تمام مومنین مرحومین کے لئے دعا مغفرت اور متعلقین ادارہ کی صحت و سلامتی کے لئے دعا ضرور کریں۔

Scanned with CamScanner

اسرارُ الاَعمال

علامہ زاہد نقوی
Ph: 068 5036733
0331 7559391

هُوَ الْحَيُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ

وہی تو ہمیشہ رہنے والا ہے جس کے سوا کوئی معبود برحق نہیں لہٰذا تم صدقِ دل سے عبادت کر کے اسی سے دعا مانگو۔ سورہ مومن آیت نمبر 65

امام محمد باقر علیہ السلام فرماتے ہیں **اَفْضَلُ الْعِبَادَةِ الدُّعَاءُ** عبادت میں سب سے افضل عبادت دعا ہے۔ قارئین۔ ناشران امامیہ جنتری کا بے حد مشکور ہوں۔ امامیہ جنتری **2010**ء میں کنز الاسرار کے عنوان سے شائع ہونے والا آیۃ الکرسی کا عمل بے حد پسند کیا گیا ہے۔ پاکستان کے علاوہ کئی ممالک سے سینکڑوں لوگوں کے فون موصول ہوئے۔ کئی لوگ فیضیاب ہوئے۔ اس بار اسرار الاعمال کے نام سے آیۃ الکرسی کا ایک اور موثر و مجرب عمل نذر قارئین امامیہ جنتری کر رہا ہوں۔ کیونکہ اس مادی دور میں ہر انسان کی خواہش ہوتی ہے کہ وہ کوئی ایسا ذریعہ اپنائے جس سے اس کے پاس سب کی سب خیر و برکات جمع ہو جائیں۔ اس لئے انسان ایسے عمل کی تلاش میں رہتا ہے اور اسی خواہش میں پیروں۔ فقیروں اور درویشوں کے پاس چکر لگاتا ہے تاکہ اسے کہیں سے کچھ مل جائے۔ ہر عمل کے کچھ مخصوص شرائط و آداب ہوتے ہیں اور عمل کرنے والے کے لئے ضروری ہے درج ذیل باتوں کا لحاظ رکھے۔ (۱) طہارت ظاہری (۲) طہارت باطنی (۳) اکل حلال (۴) دل کے ساتھ زبان بھی پاک ہو (۵) خدائی عہد و پیمان کو وفا کرنا (۶) امر بالمعروف و نہی عن المنکر کی دعوت دینے والا ہو (۷) دل کا غیر خدا سے خالی ہونا (۸) خدا پر حسن ظن اور اعتماد کامل ہو (۹) عجز و انکساری ہو (۱۰) عمل میں تکرار ہو (۱۱) استقامت ہو (۱۲) دھیمی آواز میں عمل یا دعا پڑھو (۱۳) دوسروں کی حاجات کو اپنی حاجت و وسیلہ بنانا (۱۴) توسل ہو۔ یعنی خدا تک پہنچنے کے لئے اور اپنی حاجات بارگاہ ربوبیت میں قبول کرانے کے لئے کوئی وسیلہ تلاش کیا جائے جو خدا کے بالکل قریب ہو۔ جیسا کہ خود قرآن میں خداوند متعال نے ارشاد فرمایا ہے: **يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَابْتَغُوا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ وَجَاهِدُوْا فِيْ سَبِيْلِهِ لَعَلَّكُمْ** وآلِ محمدؐ کے سوا او. کون ہو سکتا ہے جن کی وجہ سے انبیاء کی دعائیں قبول ہوئیں۔ (۱۵) صلوات یعنی اول و آخر درود کا پڑھنا (۱۶) عمل بسم اللہ سے شروع کرنا (۱۷) حمدِ خدا زیادہ کرے (۱۸) عمل کے اوقات کا خیال رکھے (۱۹) مقامِ عمل کا خیال رکھے (۲۰) صرف مصیبت میں نہیں بلکہ خوشحالی میں بھی عمل یا دعا کرے (۲۱) واجبات کا تارک نہ ہو (۲۲) محرمات کا ارتکاب نہ کرتا ہو (۲۳) کسی ایک عمل کا انتخاب کرے (۲۴) عمل یا دعا میں تسلسل و باقاعدگی ہو (۲۵) جس عمل یا دعا میں عدد کی شرط ہے اسکا خاص خیال رکھا جائے۔ حدیث میں ہے کہ تعداد معین کا مطلب یہ ہے کہ یہ مخصوص تعداد "کوڈ" ہوتا ہے۔ اگر اس تعداد سے بڑھایا یا تعداد کو کم کر دیا تو نتیجہ حاصل نہیں ہوگا (۲۶) کسی مسلمان مومن کو نقصان دینے کی نیت سے وظیفہ نہ کیا جائے۔

معصومین علیہم السلام فرماتے ہیں کہ جو شخص ان پانچ سورتوں کو پانچ وقت میں تلاوت کرے تو وہ کچھ بھی طلب کرے گا بغیر کسی رنج و مشقت کے پائے گا۔ بوقت صبح سورہ یٰسین۔ بوقت ظہر سورہ نبا۔ بوقت عصر سورہ فتح۔ بعد نماز مغرب سورہ واقعہ اور بعد نماز عشاء سورہ ملک تلاوت کرے۔ جو شرعی حاجت ہو گی پوری ہو گی۔ آیت الکرسی کے اس عمل میں سابقہ عمل کی طرح حصار کرنا ضروری ہے جسکا طریقہ **2010**ء کی امامیہ جنتری صفحہ نمبر 13 پر درج ہے۔ حصار کے ساتھ آیت الکرسی کا نقش رکھنا ان لوگوں کے لئے ضروری ہے جنہوں نے ابجد کی زکوٰۃ ادا نہیں کی۔ اس کے کئی فوائد ہیں۔ یہ عمل ہر روز بعد نماز صبح صرف 5 بار باقاعدگی سے پڑھیں، چند دن میں اس کے عجیب و غریب اثرات دیکھیں گے۔ حضرت شیخ بہاؤ الدین عاملی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ سب سے پہلے 11 بار درود پڑھ کر **اَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْوَاحِدِ الْمَاجِدِ مِنْ كُلِّ عَدُوٍّ وَحَاسِدٍ** کہ کر **بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ**

Scanned with CamScanner

پڑھیں۔ پھر آیت الکرسی کو القیّوم تک پڑھ کر سورہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَد" ایک مرتبہ پڑھیں۔ پھر لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ تک پڑھ کر ایک بار سورہ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ پڑھے پھر اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ تک پڑھ کر ایک بار سورہ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ پڑھے پھر وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ تک پڑھ کر ایک بار سورہ قُلْ یٰۤاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ پڑھے۔ پھر لَاۤ اِكْرَاهَ فِی الدِّیْنِ قَدْ تَّبَیَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَیِّ فَمَنْ یَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَیُؤْمِنْ بِاللّٰهِ پڑھ کر سورہ کوثر پڑھے۔ پھر فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰی لَا انْفِصَامَ لَهَا وَاللّٰهُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ O کہہ کر سورہ اَلنَّصر پڑھے۔ پھر اَللّٰهُ وَلِیُّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا یُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوْرِ پڑھنے کے بعد ایک بار سورہ الحمد پڑھے۔ پھر وَالَّذِیْنَ كَفَرُوْۤا اَوْلِیٰٓـُٔهُمُ الطَّاغُوْتُ یُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَی الظُّلُمٰتِ اُولٰٓىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ O پر عمل ختم کرے۔ آخر میں 11 بار درود پڑھے اور اپنی حاجت طلب کرے۔ واضح رہے کہ آیۃ الکرسی کا یہ عمل صرف جائز اور شرعی حاجت کے لئے مجرّب و موثر ہے۔ خلوص اور اعتقاد کامل شرط ہے۔ جو قارئین اس عمل سے فائدہ حاصل کریں بانیان و ناشران امامیہ جنتری اور مجھ حقیر کو اپنی دعاؤں میں ضرور یاد رکھنا۔ آمین۔

علامہ زاہد نقوی روحانی عامل (ایم اے اسلامیات۔ فاضل قم ایران)
نقوی ہاؤس ناصر شہید روڈ نزد پرانا بکر خانہ محلہ بخاری احمد پور شرقیہ ضلع بہاولپور

عمل برائے قضائے حاجات

تین شب متواتر خلوت میں بیٹھ کر ہر رات ایک ہزار مرتبہ پڑھے

" اِلٰهِیْ قَدِ انْقَطَعَ رَجَائِیْ عَنِ الْخَلْقِ وَ اَنْتَ رَجَائِیْ "

احادیث برائے حضورِ قلب در نماز

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت ہے کہ رسول اللہؐ نے وقت آخر وصیت کی کہ وہ میری امت میں سے نہیں ہے جو نماز کو ہلکا سمجھے۔

حضرت امام موسیٰ کاظمؑ نے وقتِ آخر وصیت کی کہ ہماری شفاعت اس تک نہیں پہنچ سکتی ہے جو نماز کو معمولی سمجھے۔

حضرت امام جعفر صادقؑ نے ارشاد فرمایا کہ یہ جملے توریت میں درج تھے کہ اے آدمؑ کی اولاد اپنے آپ کو عبادت کے لئے فارغ کرے۔

حضرت امام جعفر صادقؑ نے ارشاد فرمایا کہ جو کوئی بندہ دو رکعت نماز پڑھے تو اسے چاہیے کہ سمجھے کہ ان دو رکعت میں کیا پڑھ رہا ہے (معانی کی جانب توجہ کرے) جب نماز سے فارغ ہو جائے گا تو اس کے اور اللہ کے درمیان کوئی گناہ نہیں ہوگا مگر یہ کہ وہ بخش دیا گیا ہو۔

حضرت علیؑ سے پوچھا گیا کہ نماز میں دل کیسے لگے (یعنی حضور قلب کیسے ہو)؟

حضرت علیؑ نے جواب دیا کہ تم جو پڑھو اُسے (معانی کے جانب توجہ کے ساتھ) سمجھ کر ادا کرو۔

رسول اللہؐ نے اپنے اصحابؓ سے پوچھا کہ اگر تمہارے گھر کے سامنے تالاب ہو اور تم دن میں پانچ بار اس میں نہاؤ تو کیا تمہارے بدن پر میل باقی رہے گا؟ اصحابؓ نے جواب دیا کہ نہیں یا رسول اللہ۔ رسول اللہؐ نے فرمایا کہ (اسی طرح) اگر تم پانچ وقت نماز کو (حضور قلب اور معانی کی جانب توجہ سے) ادا کرو تو تمہارے دل پر (دنیا کا) میل باقی نہیں رہے گا۔

اے ایمان والو! نماز کے قریب نہ جاؤ جب تم نشے (بے عقلی) کی حالت میں ہو مگر اس وقت (جاؤ یہاں تک) کہ جو کہہ رہے ہو وہ سمجھ رہے ہو۔ (القرآن)

اے بھائی تم اللہ کی قربت کے لئے نماز ادا کرتے ہو اور اس کے بعد گناہ بھی کرتے ہو یعنی نماز پڑھنے کے باوجود تم پر شیطان کا قبضہ اور تسلط ہے کیا تم نے کبھی اس آیت میں غور کیا ہے کہ: نماز بری باتوں سے روکتی ہے؟

تم اللہ سے قریب ہونے کے لئے نماز سالوں سے پڑھ رہے ہو تو تم بے شمار نمازیں پڑھ کر اللہ سے کتنے قریب ہوئے؟ حقیقتاً اگر تم کو اللہ کی قربت (نزدیکی) نصیب ہوئی ہوتی تو تم پر شیطان کا قبضہ نہ ہوتا۔ پس اے بھائی سمجھ لو کہ تمہاری نمازیں اللہ کے لئے نہیں ہیں۔ حدیث ہے کہ جو شخص چالیس دن خلوص سے اللہ کے لئے عمل کرتا ہے تو حکمت کے چشمے اس کے دل سے جاری ہو جاتے ہیں۔ یہ تو چالیس دن کی بات ہے۔ تم تو چالیس چالیس مہینوں اور چالیس چالیس سالوں سے نماز قربۃً الی اللہ (اللہ سے قریب ہونے) کی نیت سے پڑھ رہے ہو اور ابھی تک گناہ کر رہے ہو۔ اتنی عبادت و ریاضت کے بعد بھی تمہارے دل پر شیطان کا قبضہ ہے۔ جب کہ قول معصومؑ میں یہ چالیس روز کی پُرخلوص عبادت کا تذکرہ ہے۔

بس بھائی، ہوشیار ہو جاؤ کہ تمہاری نماز اللہ کے لئے نہیں ہے۔ بس نماز کو معانی کی جانب توجہ سے پڑھو تا کہ یہ نماز کے الفاظ تمہارے دل پر اثر ڈال سکیں۔

محمد علی کمیلی 0332-6996581
(نماز کی گہرائیاں)

تلاوت قرآن مجید اور دعائیں

قرآنی آیات / دعاؤں سے مشکلات کا حل

سید مبارک حسین کاظمی (شاہ صاحب)
R-31 ڈیکس گارڈن فیز II کراچی

قارئین امامیہ جنتری! السلام علیکم: تمام مسائل کا حل قرآن پاک میں ہے۔ امیر المومنین علیہ السلام ارشاد فرماتے ہیں کہ جس گھر میں قرآن پاک کی تلاوت ہوتی ہے اس گھر میں برکت زیادہ ہوتی ہے۔ وہاں ملائکہ آتے ہیں۔ شیاطین دُور رہتے ہیں۔ قرآن پاک کی تلاوت کرنا گناہوں کا کفارہ ہے۔ عذاب خدا سے امان ہے۔

اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ

ترجمہ: آگاہ کہ خدا کی یاد سے دلوں کو تسلی ہوا کرتی ہے

انسان مشکلات، پریشانیوں، بیماریوں، تنگدستی، بے روزگاری، شادی، مقدمہ بازی اور دشمنوں سے نجات کے لئے ہمہ وقت کوشاں رہتا ہے۔ قرآن الحکیم مسلمانوں کے لئے سرچشمہ حیات اور رحمت ہے۔ دنیا کا کوئی مسئلہ ایسا نہیں ہے جس کا حل قرآن مجید میں نہ ہو۔ دُعا مسلمان کے لئے بہت بڑا سہارا ہے۔ اگر زبان وقلب کے پورے رُجوع سے دُعا مانگی جائے تو ضرور مستجاب ہوتی ہے۔ ہر دُعا اور عمل کے لئے شرط رُجوع قلبی ہے۔ جب انسان کو مصائب اور مشکلات سے نکلنے کی کوئی صورت نظر نہ آئے اور مایوس ہو جائے تو ایسے میں دل کی تسکین اور سکون کا باعث بنتا ہے۔ اگر دُعا قبول ہونے میں تاخیر ہوجائے تو دُعا ترک نہ کریں۔ بلکہ ایمان اور اعتقاد ہونا چاہیے کہ تاخیر میں بھی مصلحتِ خداوندی ہے۔ پروردگار قرآن مجید میں ارشاد فرماتا ہے:

"وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْ اَسْتَجِبْ لَكُمْ"

ترجمہ: "مجھ سے دعا مانگو میں تمہاری دعا قبول کرتا ہوں" دُعا مومن کی ڈھال ہے۔ جب بار بار دروازہ کھٹکھٹایا جائے گا تو کبھی نہ کبھی تو دروازہ کھل جائے گا۔

چند مجرب اور آزمودہ دعائیں پیش خدمت ہیں۔ استفادہ فرمائیں اور مجھ حقیر کو دعاؤں میں یاد رکھیں۔ نیز بانی امامیہ جنتری الحاج آغا نثار احمد (مرحوم) واہلیہ مرحومہ کے لئے فاتحہ تلاوت فرمادیں۔

سورہ الحمد: کی یہ عظمت ہے کہ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص اس سورہ کو پڑھے اور بندہ اس کے وسیلہ سے جو شے طلب کرتا ہے۔ وہ اس کو عطا ہوتی ہے۔ یہ سورۃ تمام سورتوں سے افضل ہے اور سوائے موت کے سب بیماریوں کے لئے شفا ہے۔

سورہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ: امام جعفر صادقؑ کا ارشاد ہے کہ جو ایک مرتبہ پڑھے تو خداوند عالم اس پر برکت نازل فرماتا ہے۔ دو مرتبہ پڑھے تو اس پر اور اس کے گھر والوں پر برکت نازل فرماتا ہے۔ تین مرتبہ پڑھے تو اس پر، اس کے گھر والوں پر اور اس کے پڑوسیوں پر برکت نازل کرتا ہے اور کوئی مرض ہو اور اس سورہ کو اس کے زائل ہونے کے لئے نہ پڑھے تو اہل جہنم سے ہے۔

سورہ قُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ: جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ جو اس کو پڑھے تو مثل اس کی ہے کہ اس نے چوتھائی قرآن پڑھا۔ اس کے خواص میں ہے کہ جو کوئی اس کو طلوع آفتاب کے وقت پڑھ کر دُعا کرے قبول ہوگی۔

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ، قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ

یہ دونوں سورہ نظر بد کے اثر کا علاج ہیں۔ جو کوئی ان کو لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالے تو بچہ جنات کے شر اور سانپ بچھو وغیرہ سے محفوظ رہے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ: حضرت امام رضا علیہ السلام سے منقول ہے کہ یہ آیت خداوند عالم کے اسم اعظم سے بہ نسبت اس کی زیادہ قریب ہے۔ جس قدر آنکھ کی سفیدی سے سیاہی نزدیک ہے۔ لہٰذا ہر حاجت کے لئے اس کا ورد رکھے۔

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ: اس آیت کو وہ شخص پڑھتا رہے جو دشمن کے شر سے ڈرتا ہو۔ اس کے پڑھنے سے بے خوف ہو جائے گا اور سب اذیتیں بند ہو جائیں گی۔ وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌ" بِالْعِبَادِ. اس آیت کا مسلسل ورد کرتا رہے۔

قرض کی ادائیگی کے لئے:

امیرالمومنین علیہ السلام نے فرمایا کہ میں نے رسولؐ اللہ سے قرض کی ادائیگی کے سلسلے میں گذارش کی تو آپ نے فرمایا یا علیؑ یہ دُعا پڑھیں۔" اَللّٰھُمَّ اَغْنِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ " نماز فجر کے بعد روزانہ 110 مرتبہ اول و آخر ایک مرتبہ درود کے ساتھ پڑھ کر دُعا مانگ لیا کریں۔ انشاء اللہ جلد ہی قرض سے نجات ملے گی۔ نیز قرض کی ادائیگی کے لئے " استغفار " اور سورۂ قدر کثرت سے روزانہ ورد کرتے رہیں۔ انشاء اللہ جلد ہی قرض ادا ہو جائے گا۔

دوریٔ نظر بد:

نظر بد پتھر پر پڑے تو اسے توڑ دیتی ہے۔ اور نظر نیک چمن کو گلِ گلزار کر دیتی ہے۔ جادو کی جتنی بھی اقسام ہیں ان سب کی بنیاد " حسد " اور آغاز " نظر بد " سے ہوتا ہے۔ چنانچہ جس شخص کو نظر بد لگ جائے تو اس کو چاہیے کہ وہ " سورۃ الھُمَزَہ " ایک مرتبہ پڑھ کر دم کر لیا کرے۔ انشاء اللہ نظرِ بد دور ہو جائے گی۔

بچوں اور بڑوں کی بری عادتوں، غلط کاموں کو چھڑانے اور راہِ راست پر لانے کے لئے:

رات کو سوتے وقت سرہانے کھڑے ہو کر گیارہ مرتبہ بلند آواز سے اکیس دن تک درج ذیل آیت پڑھیں۔ انشاء اللہ جلد بُری عادتیں ختم ہو جائیں گی۔

" بَلْ ھُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِیْدٌ فِیْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ "

(سورۃ البروج پارہ ۳۰، آیت ۲۰)

بے روزگاری کے لئے:

اگر کوئی شخص بے روزگار ہو اور کسی ملازمت کے لئے درخواست دے۔ تو تین روز تک سات ہزار مرتبہ روزانہ کُل اکیس ہزار مرتبہ کسی بھی نماز کے بعد پڑھیں۔ اوّل و آخر ایک مرتبہ درود پڑھ کر دُعا مانگیں۔ انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔ " نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ ط وَفَوْقَ کُلِّ ذِیْ عِلْمٍ عَلِیْمٌ " (سورۂ یوسف آیت نمبر ۷۶)

سسرال کے ظلم و ستم کے لئے:

اکثر ساس، سسر، نندیں، میکے والے، رشتہ دار، بچیوں (بہو) پر ظلم اور پریشان کرتی ہیں اور بات بات پر جھگڑا رکھتی ہیں۔ ان لوگوں کی زبان بندی کے لئے درج ذیل آیت انکے سامنے چند بار پڑھو۔ انشاء اللہ سکون میسر آئے گا۔" وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِاَعْدَآئِکُمْ وَ کَفٰی بِاللّٰہِ نَصِیْرًا o " (سورۃ النساء آیت ۴۵)

جوڑوں، گھٹنوں کے درد کے لئے:

جوڑوں، گھٹنوں یا پورے جسم میں درد کی شکایت ہو تو امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے " سورۃ تَبَّتْ یَدَا " نماز عشاء کے بعد تین بار پڑھ کر درد والی جگہ پر پھونکیں اور یہ عمل روزانہ کریں جب تک کہ درد میں افاقہ نہ ہو جائے۔ انشاء اللہ افاقہ ہوگا۔

نکاح کے لئے:

کسی لڑکی کو نکاح کے لئے پیغام بھیجتے وقت آیت لکھ کر اپنے بازو پر باندھے۔ انشاء اللہ پیغام منظور ہوگا۔

" قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ ج یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ ط وَاللّٰہُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ یَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِہٖ مَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ " (سورۃ آل عمران، پارہ ۳، آیت ۷۳-۷۴)

وسعتِ رزق کے لئے:

روزی میں اضافہ، وسعت رزق، ترقی عہدہ، تنگ دستی اور حصولِ روزگار کے لئے بعد نماز عشاء روزانہ ۵۰۰ مرتبہ پڑھیں۔ اوّل و آخر ایک مرتبہ درود پڑھیں۔ " یُغْنِھِمُ اللّٰہُ مِنْ فَضْلِہٖ وَاللّٰہُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ " (سورۃ النور، پارہ ۱۸، آیت ۳۲) بہت مجرب ہے۔

سر کے درد کے لئے:

اگر سر میں درد ہو تو تین مرتبہ آیت ذیل کو پڑھ کر دم کریں۔ انشاء اللہ درد سر جاتا رہے گا۔

" لَا یُصَدَّعُوْنَ عَنْھَا وَلَا یُنْزِفُوْنَ " (سورۃ واقعہ، پارہ ۲۷، آیت ۱۹)

تلاشِ گمشدہ کے لئے:

گمشدہ شخص یا کھوئی ہوئی کوئی شے کے لئے مندرجہ ذیل اسم الٰہی کا روزانہ کثرت سے ورد کریں " یَا مُعِیْدُ "

سانپ سے بچاؤ کے لئے:

جہاں سانپ اور بچھو بکثرت ہوں تو درج ذیل آیت کو تین بار پڑھ کر حصار کر لیں۔ " سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ " (سورۃ صٰفٰت، پارہ ۲۳، آیت ۷۹)

بہن بھائیوں کا جھگڑنا

☆ اس صورت میں کہ چھوٹے بڑے، بہن بھائی باہم جھگڑتے ہوں تو درج ذیل آیت ہر ایک کے تکیے پر سو بار پڑھیں۔ البتہ اس بات کا خیال رکھیں تکیہ تبدیل نہ ہو۔

اِنَّھُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْدًا o وَّ اَکِیْدُ کَیْدًا o (الطارق: ۱۵تا۱۶)

بیشک وہ اپنی تدبیر کر رہے ہیں اور میں اپنی تدبیر کر رہا ہوں۔

العصر بک سنٹر حیدر روڈ اسلام پورہ لاہور 37159188

احمد بک سٹال محمدی مسجد حالی روڈ لاہور 0300 4967975

3

تحفئہ امامیہ ۔ جمیع حاجات

برائے خاص امامیہ جنتری 2011

زاہد حسین جعفری ملتان

اسمِ اعظم دستِ غیب: اللہ عزوجل کے جلالی نام پڑھنے سے مشکل حل ہوئے اسے اسمِ اعظم کہتے ہیں۔ دستِ غیب کے معنی ہیں کہ انسان کبھی فکر معاش میں پریشان نہ ہو اور قدرت کی طرف سے اس کی امداد ہوا کرے۔ تمام بزرگانِ دین کی امداد غیب سے ہوتی ہے۔ کوئی چیز حاصل کرنے کے لئے کچھ کھونا پڑتا ہے۔ رزق دو طرح کا ہوتا ہے۔ ایک وہ جس کی تلاش میں تم ہو اور ایک وہ جو تمہاری جستجو میں ہے۔ اگر تم اس تک نہ پہنچ سکو گے تو وہ آپ تک پہنچ کر رہے گا۔ کسی نے امیر کائنات حضرت علیؑ سے پوچھا کہ مولا رزق کیسے پہنچتا ہے تو آپ نے فرمایا جیسے موت انسان کو ڈھونڈ کر پہنچتی ہے۔

اسمِ اعظم دو رکعت نماز برائے حاجت: ایک صحابی حضرت براء بن عازبؓ نے امیر کائنات مولائے متقیان امیر المومنین حضرت علی ابن طالبؑ سے عرض کیا یا علی میں آپ کو اللہ عزوجل کی وحدانیت اور پیغمبر اعظمؐ کی نبوت کا واسطہ کہ وہ عظیم چیز یعنی اسم اعظم کیا ہے۔ تو آپ نے فرمایا کہ جب تم چاہو اللہ حلال مشکلات کو اسم اعظم کے ساتھ پکارا جائے اور فوری مشکل حل ہو تو آپ نے فرمایا سورۃ الحدید کی پہلی چھ آیات عَلِیْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ تک اور سورۃ حشر کی آخری چار آیات اور سورۃ العمران کی آیت نمبر ۱۸ شَهِدَ اللّٰهُ سے اَلْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ تک (بروایت علامہ مجلسیؒ) اور آیات نمبر ۲۶، ۲۷ قُلِ اللّٰهُمَّ مَالِکَ الْمُلْکِ سے بِغَیْرِ حِسَابٍ تک حدیث پاک میں ہے کہ سورۃ حشر کی آخری چار آیات سوائے موت کے ہر بیماری کا علاج ہے اور جو شخص رات کو تلاوت کر کے مرجائے تو گویا وہ شہید مرا۔ (نماز کی حاجت کا طریقہ اور تینوں آیات ایک ساتھ جوابی لفافہ بھیج کر منگوائی جاسکتی ہیں)۔ یہ عمل رزق۔ بے اولاد۔ بچوں کی شادی۔ غیر ملک جانے کے لئے۔ تمام پریشانیوں کے لئے۔ بیماری کے لئے۔ مجرب اور تیر بہدف دعا اور اسم اعظم ہے۔

عمل دستِ غیب: کلام پاک سے سورہ الطلاق کی آیت نمبر ۳، ۱۲ اچھی طرح یاد کرلیں۔ خزانہ غیب سے رزق کی فراہمی کے لئے یہ عجیب چیز ہے پڑھ کر دیکھ لیں کس طرح رزق کی فراوانی ہوتی ہے۔ میری زبان تعریف سے قاصر ہے۔ خدا کے کلام پاک کا اثر دیکھیں۔ روزانہ بعد نماز مغربین کے بعد عمل کریں۔ روزانہ سو مرتبہ آیات مبارکہ پڑھنی ہیں۔ چاہے دو رکعت نماز میں بعد الحمد 50 مرتبہ اس کی تلاوت کریں یا 4 رکعت دو دو کر کے پڑھی جاسکتی ہیں۔ بعد سورۃ فاتحہ 25 مرتبہ ہر رکعت میں پڑھیں۔ کل تعداد 100 مرتبہ پڑھنی ہے۔ اوّل و آخر 11 مرتبہ درود پاک پڑھیں۔

رزق کے لئے بڑا برکت والا عمل: چار واسطوں سے رزق کے لئے لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ بہت ہی مجرب دعا ہے۔ یعنی پیغمبرِ اعظم حضرت محمد مصطفیٰؐ امیر کائنات ابو الائمہ حضرت علیؑ۔ امام ناطق حضرت امام جعفر صادقؑ اور ضامن غریباں غریب الغرباء غریب طوس حضرت امام رضا علیہ السلام کا فرمان ہے جو شخص روزانہ سو مرتبہ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اللہ واہب العطایا مسبب الاسباب غیب سے مدد فرمائے گا۔ یَا حَقُّ یَا مُبِیْنُ کے جو صفات ہیں وہ سب حاصل ہوں گے۔ جب ائمہ طاہرین کا فرمان ہو تو پھر شک کیسا۔

تنگدستی و قرض کی ادائیگی: ہمیشہ بعد از نماز عشاء درود شریف کے ساتھ اسم مبارک الٰہی یَا وَهَّابُ چودہ سو چودہ مرتبہ پڑھ کر ایک سو مرتبہ یہ دعا پڑھیں: یَا وَهَّابُ هَبْ لِیْ مِنْ نِعْمَةِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ اِنَّکَ اَنْتَ الْوَهَّابُ

حل مشکلات کے لئے: یہ دعا امام محمد تقی جواد علیہ السلام سے منقول ہے۔ سختی و غم کو دور کرنے، حل مشکلات اور کشائش رزق کے لئے اس دعا کو پڑھتے رہنا چاہیے۔ یَا مَنْ یَّکْفِیْ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ وَّلَا یَکْفِیْ مِنْهُ شَیْءٌ اِکْفِنِیْ مَا اَهَمَّنِیْ اوّل و آخر درود شریف پڑھیں۔ (از مفاتیح)

عروج بخت شادی کے لئے: الحمد للہ میرا سورۃ الاحزاب والا عمل جو کہ میں نے پچھلے سال امامیہ جنتری 2010 میں دیا تھا۔ بہت کامیاب رہا۔ بہت بچیوں کی شادیاں ہوئیں۔ اندرون و بیرون ممالک سے شکریہ کے خطوط موصول ہوئے۔ اب مزید شادی کے لئے عمل درج کر رہا ہوں۔ لڑکے یا لڑکیوں کے رشتے نہ آتے ہوں یا من پسند جگہ پر شادی کرنا چاہتے ہوں۔ رشتہ دیکھ کر پھر واپس نہ آتے ہوں۔ بغض و عناد کی وجہ سے بندش کرادی گئی ہو۔ عین وقت ہر معاملہ کھٹائی میں پڑ جاتا ہو۔

من پسند شادی کے لئے: چہل کاف کی مستند اور صحیح ترین عبارت (کَفَاکَ رَبُّکَ کَمْ یَکْفِیْکَ وَاکِفَةً کِفْکَافُهَا

Scanned with CamScanner

كَكَمِهْنَ كَانَ مِنْ لُكُكِ تَكِرُ كَرًا كَكَرِ الْكَرِّلِيْ كَبَرِ تُحْكِي مُشَكُشَكَةً كَلَكُكِ لَكَكِ كَفَاكَ مَاهِيْ كَفَاكَ الْكَافِ كَرِيَةَ يَا كَوْ كَبًا كَانَ يَحْكِيْ كَوْكَبًا اَلْفَلَكِ) سورہ یٰسین ایک مرتبہ، دعائے چہل کاف گیارہ مرتبہ، درود تاج تین مرتبہ اوّل و آخر گیارہ مرتبہ درود پاک پانی پر دم کر کے تین گھونٹ روزانہ لڑکی یا لڑکے کو پلائیں جس کی شادی کرنا مقصود ہو۔ عمل کی مدّت چالیس دن ہے۔ انشاء اللہ محمدؐ و آل محمدؐ کے وسیلہ سے اچھی جگہ رشتہ طے ہو جائے گا۔

عمل نمبر ۲: شادی کے لئے یہ مجرب ترین عمل ہے۔ دعائے چہل کاف گیارہ مرتبہ سورۃ الطلاق کی آیت نمبر ۳،۲ گیارہ مرتبہ، سورہ حشر کی آخری چار آیات تین مرتبہ اور سورۃ اخلاص اکتالیس بار بمعہ اول و آخر تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ محمدؐ و آل محمدؐ کے حق کا واسطہ دیکر شادی کے لئے دعا کریں۔ عمل کی مدت 90 دن ہے۔ دورانِ عمل اگر شادی ہو بھی جائے تو عمل کو پورا کریں۔

عمل نمبر ۳: روزانہ صبح سورۃ الحشر کی ایک گھنٹہ تک یا ۲۱ مرتبہ تلاوت کریں اوّل و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ پنجتن پاکؑ اور چہاردہ معصومین علیہم السلام کا واسطہ دیکر شادی کے لئے دعا کریں۔ عمل کی مدت چالیس دن ہے۔

نوٹ: بچے بچیوں کے رشتے فی سبیل اللہ کرائے جاتے ہیں۔ شادی کے لئے مجرب تعویذ۔ سورۃ الاحزاب خالص زعفران سے لکھ کر دی جا سکتی ہے۔ شادی میں رکاوٹ و بندش کا توڑ موجود ہے۔

گمشدہ چیز کا ملنا: یہ آیت خالص زعفران سے لکھ کر اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن سورۃ العصر 30 مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور بھاری وزن کے نیچے رکھیں اور 100 مرتبہ اسی آیت کا ورد کریں تو انشاء اللہ گمشدہ شے مل جائے گی۔

قبولیت دعا: روزانہ ہر نماز سے پہلے یا جب آدھا سورج ڈوب چکا ہو تو یہ دعا پڑھ کر محمد و آلِ محمد کا واسطہ دے کر اللہ سریع رضا کے ہاں اپنی حاجت بیان کرو۔ سُبْحَانَکَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام۔ یہ دعا اسم اعظم کا درجہ رکھتی ہے۔ اعمال کی قبولیت کے لئے نماز اور واجبات کی ادائیگی امور شرعی کی سختی سے پابندی کریں۔ جتنا خلوص عقیدہ یقین کامل ہوگا۔ اتنا عمل جلدی قبول ہوگا۔ بندۂ ناچیز کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔

زاہد حسین جعفری ملتان

رحمان کالونی گلی نمبر 10 سی بالمقابل واپڈا کالونی خانیوال روڈ، ملتان

0321 6360455 0302 7462642

گھریلو روزمرّہ کے ضروری نقوش

1۔ اگر شوہر بد مزاج ہو تو اس کو سدھارنے کے لئے یہ نقش شربت میں گھول کر پلائیں۔ انشاء اللہ اس کی برکت سے شوہر کا سخت مزاج نرمی میں بدل جائے گا۔

م	عه	ق	ی	م
ن	سع	س	ی	ن
ر	لع	ر	لع	ر
س	ی	ن	سع	س
ق	ی	م	عه	ق

2۔ اگر کسی جادو یا آسیب کا اثر ہو گیا ہو تو سورۃ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاس کا نقش باوضو مشک و زعفران سے لکھ کر سیدھے بازو پر باندھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اگر جادو ہے یا کسی آسیب کا اثر ہے تو ختم ہو جائے گا۔ نقش کے نیچے نام مریض مع والدہ کا ضرور لکھیں۔

۱۳۱۶	۱۳۳۰	۱۳۲۷	۱۳۲۳
۱۳۲۸	۱۳۲۲	۱۳۱۷	۱۳۲۹
۱۳۲۱	۱۳۲۵	۱۳۳۲	۱۳۱۸
۱۳۳۱	۱۳۱۹	۱۳۲۰	۱۳۲۶

نام مریض ---------------- نام والدہ ----------------

3۔ مرگی کے لئے ایک نہایت ہی مجرب اور مفید نقش ہے۔ مکمل طہارت اور پاکیزگی کے ساتھ نقش لکھ کر سر میں باندھے۔ انشاء اللہ شفا کاملہ ہو۔

۷۸۶

حم عسق	طس	حم ق	الود
احمد	کافی	نافع	رحمن
محمد	رب	الله	کفیل
عسق حم	طس	المص	هی ص ن

ان نقوش کو استعمال میں لانے کے لئے تمام مسلمان بھائیوں کو اجازت ہے۔ نقوش لکھنے سے پہلے گیارہ روپے کی شیرینی میں حضرت محمد مصطفیٰ شہنشاہِ دو جہاں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ کی اہل بیت علیہ السلام کے نام نیاز دے کر بچوں میں تقسیم کر دیں اور گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھ کر باوضو یہ نقش تحریر فرمائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ان نقوش کی برکت سے کئی گھروں کی پریشانیاں دور ہو چکی ہیں۔ مزید رابطے کے لئے اس پتہ پر واپسی لفافے سے رابطہ کریں۔

شیخ محمد قاسم طارق
عامل حاجی بابا ناصر کریانہ سٹور کالروڈ اللہ شافی بہاداں ملتان

محمد علی بک ایجنسی جامع امام صادق G-9/2 اسلام آباد
اشرف بک ایجنسی کمیٹی چوک اقبال روڈ راولپنڈی فون: 051-5531610
Scanned with CamScanner

اسرار غیبی

سید محمد ابوالحسن موسوی مشہدی
اسلام آباد

مرحوم الحاج آغا نثار احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے مبارک ترین گھڑی میں ایسی جنتری کا آغاز کیا جس نے دنیا اسلام ہی نہیں غیر مسلم قارئین کو بھی علوم آل محمدؐ سے روشناس کرادیا۔ اور تمام پڑھے لکھے افراد بہت شوق سے اس کا مطالعہ کرتے اور اپنے مسائل کا حل اس سے تلاش کرتے ہیں۔ قارئین سے بانی جنتری کی بلندی درجات کیلئے دعا کی استدعا ہے چونکہ ایک جنتری سال تک قارئین کی نگاہ میں رہتی ہے۔ لہٰذا جامع الفوائد عملیات پیش کرنے کی ضرورت ہے تاکہ ہر حاجت مند اپنی جائز حاجت کے لئے اس سے استفادہ کر سکے۔ حضرات طاہرین علیہم السلام کی امداد سے ہم تجربہ شدہ چند جامع الفوائد جواہرات پیش کرنے کی سعادت حاصل کرتے ہیں۔

اس سال 2011ء میں 30سال کے بعد زحل شرف میں آرہا ہے

لہٰذا شرف کے اوقات میں اس فتح نامہ کا تیار کرا کے پاس رکھنا بے حد مفید ہوگا جو لوگ ساڑھ ستی اور زحل و دیگر ستاروں کی نحوست وغیرہ سے متاثر ہو رہے ان کے لئے آب حیات کا کام دے گا۔ چونکہ 8 کا عدد عموماً نحس سمجھا جاتا ہے لہٰذا 8 عدد کی نحوست سے بچنے کے لئے 8 آیات سلام سے استفادہ کیا ہے۔

نقش آیات سلام کے خواص و فوائد



نقش کا وفق 6836 ہے

☆......جب بھی کوئی مسئلہ درپیش ہو اور غیر معمولی حالات کا شکار ہوں تو بلا سوچے سمجھے نام نہاد جاہل عاملوں کے پیچھے بھاگنے کی بجائے فی الفور اللہ تعالیٰ کی طرف سے مقرر کردہ حاکمان شریعت آئمہ ھدیٰؑ کی طرف رجوع کرنا واجب ہے اور اپنے اعمال کا جائزہ لینا چاہئے اور توبہ واستغفار کرنا چاہئے۔ صدقہ وخیرات دینا ضروری ہے اور اس فتح نامہ سے فائدہ حاصل کریں۔ یہ فتح نامہ ۸ سلاموں پر مشتمل ہے اور اس کے مندرجہ ذیل خواص وفوائد ہیں۔

۱۔ اس نقش فتح نامہ کو ساعت سعیدہ میں لکھ کر جو بھی لکھ کر اپنے گلے میں ڈالے گا یا بازو پر باندھے گا اسے اپنے ہر جائز مقصد میں کامیابی ہوگی اور اپنی ہر دلی مراد حاصل ہوگی۔ انشاء اللہ مثلاً شادی بیاہ، روزی، ملازمت، تسخیر خلائق، عزت ووقار، ترقی مراتب وغیرہ۔ اس مقصد کے لئے ۲۰۲ مرتبہ آیات کا ورد

قرآن مجید میں "سلام" کا لفظ بیالیس (۴۲) مرتبہ آیا ہے ہم رفع نحوست کے لئے صرف آٹھ (۸) آیات سلام کی آیات مبارکہ سے استفادہ کررہے ہیں۔

1 سلام قولا من رب رحیم (یٰسین، آیت 58، پارہ 23، اعداد 818)

2 سلام علی نوح فی العالمین (الصفٰت، آیت 79، پارہ 23، اعداد 627)

3 سلام علی ابراھیم (الصفٰت، آیت 109، پارہ 23، اعداد 500)

4 سلام علی موسیٰ وھارون (الصفٰت، آیت 120، پارہ 23، اعداد 625)

5 سلام علی الیاسین (الصفٰت، آیت 130، پارہ 23، اعداد 403)

6 سلام علی المرسلین (الصفٰت، آیت 181، پارہ 23، اعداد 662)

7 سلام علیکم طبتم فادخلوھا خالدین
(سورہ زمر، آیت 73، پارہ 24، اعداد 2174)

8 سلام ھی حتی مطلع الفجر (القدر، آیت 5، پارہ 30، اعداد 1027)

کل اعداد 6836

ھشت آیات سلام کا نقش خالی البطن

جمعرات یا جمعہ کے دن پہلی ساعت یہ نقش زعفران وعرق گلاب سے لکھیں۔ سعید ساعت کا انتخاب نہایت احتیاط سے کریں۔

Scanned with CamScanner

روزانہ کریں۔

۲۔ دشمنوں کو ذلت وخواری وشکست فاش پہنچانے کے لئے چھ روز کا عمل ہے ہر روز آیات سلام ایک سو ایک بار اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف کے ساتھ پڑھیں۔ خدائے ذوالجلال کی مدد سے دشمن ذلیل و خوار ہوں گے۔

۳۔ جو شر دشمن سے محفوظ رہنا چاہئے تو روزانہ ۳۱۳ بار آیات سلام پڑھے۔ انشاء اللہ دشمن کے شر سے محفوظ رہے گا۔

۴۔ زہریلا جانور کاٹے تو اس پر اثر نہ ہوگا۔

۵۔ شادی کا نہ ہونا، بندش، رکاوٹ، بانجھ پن، ملازمت کا نہ ملنا، سحر و جادو اس کے لئے روزانہ ایک سو ایک بار ۴۱ یوم پڑھیں۔ ایک نقش گلے میں پہنیں اور ایک نقش زعفران سے لکھ کر روزانہ چالیس یوم پئیں۔

۶۔ برائے کشف اسرار غیبی۔ پردہ غیب سے راز خداوندی معلوم کرنے کیلئے چالیس روز کا عمل ہے۔ روزانہ ۱۶۷ مرتبہ آیات سلام پڑھیں۔ انشاء اللہ اسرار غیبی منکشف ہوں گے۔

۷۔ عزت ووقار اور ترقی مراتب کے لئے روزانہ گیارہ مرتبہ آیات سلام پڑھے

۸۔ تمام مشکلات، مہمات اور جملہ دشواریوں کے حل کے لئے آیات سلام ۲۰۲ مرتبہ ورد بے حد موثر ہے۔

۹۔ انتہائی وحشت کی دوری اور قید و بند اور پھانسی سے نجات کے لئے روزانہ ۱۶۵ مرتبہ پڑھیں۔ اور اس کے ساتھ ۲۵ مرتبہ سورہ جن پڑھیں۔ اجازت لینا ضروری ہے۔

۱۰۔ تسخیر خلائق کیلئے ۱۱۰ مرتبہ نیز جس مقصد کے لئے پڑھیں گے انشاء اللہ غیب سے سامان ہوگا اور کامیابی قدم چومے گی۔

۱۱۔ جو شخص روزانہ ۱۰۱ مرتبہ ایک ہی نشست میں پڑھے وہ اس کے عجیب و غریب اثرات دیکھے گا اور انشاء اللہ ہر کام میں کامیابی ہوگی۔ زیادہ فوائد لکھنے سے قلم قاصر ہے اور آیات سلام کو روزانہ پڑھیں اپنی زندگی خوشی وخوش حالی سے بسر کریں۔ یہ عمل جو بھی یقین کامل کے ساتھ کرے گا انشاء اللہ ضرور بہ ضرور کامیاب ہوگا۔

۱۲۔ آیات سلام کو اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں بیان فرمایا ہے۔ یہ ۸ سلام جادو کے توڑ خاتمہ کے لئے بھی بے حد مفید ہیں اور سحری و جادوئی اثرات کو ختم کرنے کیلئے فوری اثر کرتے ہیں۔ بزرگان دین نے معجزہ نما سلاموں سے بھرپور استفادہ کیا ہے۔ اگر کسی انسان پر زبردست جادو ہو اور کسی بھی طرح جادو کے اثر سے نجات نہ ملتی ہو تو آیات سلام کے نقش "لوح فتح نامہ" کے ذریعے جادو اور سحر کے اثرات ختم ہو جاتے ہیں۔ ایک نقش مریض کے گلے میں ڈال دینا چاہئے اور ایک نقش زعفران سے لکھ کر مریض کو پینے کے لئے دینا چاہئے۔ انشاء اللہ سخت سے سخت جادو سحر ختم ہو جائے گا اور مریض ۲۸ یوم میں مکمل صحت یاب ہو جائے گا اور جس کسی نے بھی جادو کیا ہوگا وہ جادو پلٹ جائے گا۔

۱۳۔ جس لڑکی کا بخت بستہ ہو اور شادی نہ ہو رہی ہو وہ ۱۳۵ مرتبہ اور جس لڑکے کا بخت بستہ ہو وہ ۲۰۲ مرتبہ ان آیات کا ورد کرے اور نقش کاغذ پر یا چاندی کی لوح بنوا کر پاس رکھے۔ بخت کشادہ ہوگا۔

۱۴۔ بیرون ملک جانے کے خواہش مندان آیات کو ۳۱۳ مرتبہ اور آیت معراج (سورہ بنی اسرائیل کی پہلی آیت) ۲۶۸ مرتبہ بلا ناغہ عشاء کے بعد اور نماز فجر سے پہلے ورد بنائیں کامیابی کے دروازے کھل جائیں گے۔

نوٹ: کسی بھی مقصد کے لئے عمل کرنے سے پہلے امام ہشتم حضرت امام علی رضا علیہ السلام کا ہدیہ دو رکعت نماز اور نذر دے کر عمل شروع کریں اور جب مقصد حاصل ہو جائے تو پھر دوبارہ مولا امام ہشتم علیہ السلام کا دسترخوان ضرور ادا کریں۔ خداوند کریم بطفیل حضرت امام علی رضا علیہ السلام آپ کو اپنے مقاصد شرعیہ میں کامیاب فرمائے۔ آمین

روحانی امداد

اہل بیتؑ کے پاکیزہ علوم کی روشنی میں آپ کی الجھنوں اور رکاوٹوں، خواہ رشتہ، شادی بیاہ یا ملازمت، غرض کیسی ہی پریشانی ہو حل موجود ہے۔ انشاء اللہ آپ کی خدمت ہمارے لئے سعادت ہے۔

رابطہ: علامہ آغا السید محمد ابوالحسن موسوی مشہدی

بیت الزہراء، مکان نمبر 494، سٹریٹ 106، آئی 8/4، اسلام آباد

موبائیل: 0300 5090814, 0345 5457551

فون: 0092 51 4443094, 4446360

منگنی ونکاح کے لئے (امام ضامن) دستیاب ہیں

افتخار بک ڈپو رجسٹرڈ اسلام پورہ لاہور 042 37223686

ہر شرعی اور جائز مسئلے کا حل
محمد و آل محمد کے توسّل سے

قارئین امامیہ جنتری آپکی خدمت میں آئمہ معصومین علیہ السلام کے فرامین کے مطابق چند عملیات پیش کرنے کی جسارت کر رہا ہوں۔

قرض سے نجات: نذر حضرت امام محمد تقیؑ

قضائے حوائج اور ادائیگی قرض کے لئے جمعۃ المبارک کے دن غسل کر کے قبل از طلوع شمس دو رکعت نماز بطریق نماز فجر ادا کرے اور بعد از نماز ایک ہزار پینتالیس (1045) مرتبہ پڑھے مَاشَآءَ اللّٰہُ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اور اس کا ثواب امام محمد تقی جواد علیہ السلام کی خدمت میں ہدیہ کرے تو انشاء اللہ کامیاب و کامران ہوگا۔

ہر غم سے نجات کے لئے:

حضرت امام زین العابدین علیہ السلام فرماتے ہیں کہ روز عاشور میرے پدر بزرگوار نے میرے خیمے میں اس حالت میں نزول اجلال فرمایا کہ آپ کی تمام زرہ سے خون جوش مار رہا تھا۔ فرمایا کہ یہ دعا میری ماں نے میرے ناناؐ اور ناناؐ نے جبرائیلؑ سے مجھے تعلیم فرمائی کہ شدائد مصائب میں پڑھی جائے جو بھی غمگین و پریشان اس کو پڑھے گا۔ خدا اس کو نجات دے گا۔ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بِحَقِّ یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ وَبِحَقِّ طٰہٰ وَالْقُرْاٰنِ الْعَظِیْمِ یَامَنْ یَّقْدِرُ عَلٰی حَوَائِجِ السَّآئِلِیْنَ وَیَعْلَمُ مَافِی الضَّمِیْرِ یَامُنَفِّسُ عَنِ الْمَکْرُوْبِیْنَ وَیَامُفَرِّجُ عَنِ الْمَغْمُوْمِیْنَ یَارَاحِمَ الشَّیْخِ الْکَبِیْرِ یَا رَازِقَ الطِّفْلِ الصَّغِیْرِ یَامَنْ لَّا یَحْتَاجُ اِلَی التَّفْسِیْرِ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ اس کے بعد اپنی حاجات کا سوال کرے۔

قبولیت دعا کے لئے:

سید ابن طاؤس علیہ الرحمۃ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے نقل فرماتے ہیں کہ بقدر ایک سانس یا اللہ بقدر ایک سانس یا رحمٰن اور بقدر ایک سانس یا رحیم کہہ کر دعا مانگی جائے تو فوراً قبول ہوتی ہے۔ نیز حضرت علی علیہ السلام سے منقول ہے کہ قرآن شریف کی سو آیتیں کسی بھی جگہ سے پڑھ کر سات مرتبہ یا اللہ کہہ کر اگر دعا کی جائے تو مستجاب ہوگی۔

امام زمانہؑ کی خدمت میں عریضہ برائے بخت کشائی دختران:

آج کل اکثر والدین بچیوں کے رشتوں کی وجہ سے بہت پریشان ہیں۔ جو مومنین و مومنات پریشان ہیں وہ اپنی پریشانی کے حل کے لئے در خدمت اقدس امام زمانہ عجل اللہ فرجہ میں عریضہ پیش کریں جو کہ یہ ہے۔

تَوَسَّلْتُ اِلَیْکَ یَااَبَاالْقَاسِمِ مُحَمَّدِبْنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ مُحَمَّدِبْنِ عَلِیِّ بْنِ مُوْسٰی بْنِ جَعْفَرَ بْنِ مُحَمَّدِبْنِ عَلِیِّ بْنِ الْحُسَیْنِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ اَلنَّبَاءِ الْعَظِیْمِ وَالصِّرَاطِ الْمُسْتَقِیْمِ وَعِصْمَۃِ الْاَجِیْنِ بِاُمِّکَ سَیِّدَۃِ نِسَآءِ الْعَالَمِیْنَ وَبِاٰ بَآئِکَ الطَّاہِرِیْنَ وَ بِاُمَّہَاتِکَ الطَّاہِرَاتِ وَحَقِیْقَۃِ الْاِیْمَانِ وَنُوْرِالنُّوْرِ وَ کِتَابٍ مَّسْطُوْرٍ اَنْ تَکُوْنَ سَفِیْرِیْ اِلَی اللّٰہِ فِیْ اُلْحَاجَۃِ

اپنا اور اپنے والد کا نام لکھیں اور اس کو پاک مٹی میں رکھ کر کنویں یا آب جاری میں روبقبلہ ڈالیں اور کہیں یَا عُثْمَانَ بْنَ سَعِیْدٍ اَوْصِلْ رُقْعَتِیْ ہٰذِہٖ اِلٰی صَاحِبِ الزَّمَانِ علیہ السلام (مجرب ہے)۔

جو حضرات ان اعمال کے کرنے سے قاصر ہوں۔ وہ لوح پنجتنؑ پاک بنوا کر اپنے پاس رکھیں۔ جملہ مقاصد سے مستفید ہوں گے۔ لوح پاک یہ ہے۔

۷۸۶

عزرائیل — جبرئیل

۱۱۰	۱۲۱	۱۲۶	۱۳۴	۹۲
۱۳۲	۹۵	۱۰۸	۱۱۹	۱۲۹
۱۱۷	۱۲۷	۱۳۵	۹۳	۱۱۱
۹۶	۱۰۹	۱۲۰	۱۲۵	۱۳۳
۱۲۸	۱۳۱	۹۴	۱۱۲	۱۱۸

حمعسق — کہیعص

نام مع والدہ لکھیں

عریضہ در خدمت امام زمانہؑ جوابی لفافہ بھیج کر مفت طلب کریں۔

سیّد ندیم حیدر زیدی الواسطی 0300 4178137, 0333 4322756
786 آٹو سٹور دکان نمبر 3 فرسٹ فلور شاآٹو مارکیٹ، بادامی باغ لاہور 042 37720984

آزمودہ دعائیں برائے کشادگی رزق

(1) یَا بَاسِطُ بِحَقِّ مِیکَائِیلَ کھانا کھانے کے بعد 45 مرتبہ پڑھیں۔ خداتعالیٰ رزق میں ترقی دے گا۔ (2) یَا وَھَّابُ یَا رَزَّاقُ یَا خَالِصُ یَا مُخْلِصُ یَا مُعِزُّ یَا وَکِیْلُ ایک تسبیح روزانہ نماز فجر کے بعد پڑھنے سے رزق میں بے تحاشا اضافہ ہوگا۔ (3) یَا بَاسِطُ اُبْسُطْ لِیْ رِزْقِیْ بِحَقِّ یَا بَاسِطُ ایک تسبیح روزانہ نماز فجر کے بعد پڑھنے سے کبھی غربت قریب نہیں آئے گی۔ ملازمت میں ترقی اور کاروبار میں عزت افتخار میں اس قدر اضافہ ہوگا کہ عقل حیران رہ جائے گی۔ غیب سے امداد ملے گی۔ قرض کتنا ہی کیوں نہ ہو دنوں میں اتر جائے گا۔ سیاست میں حصہ لینے والے مومنین پڑھیں۔ کبھی شکست نہ ہوگی۔ ہر جمعرات غازی عباس علمدار علیہ السلام کی نیاز دلائیں اور معصوم بچوں میں تقسیم کریں۔

(4) اَللّٰہُ نَبِیٌّ کُلُّ نُوْرٍ یَا مُحَمَّدُ یَا رَسُوْلُ میں اکیلا منزل دور مدد کرو یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ۔ صدقہ پنجتن پاک کا نماز فجر کے بعد ایک تسبیح پڑھیں۔ رزق کشادہ ہو گا۔ اگر مقدمے یا کسی بھی کام میں فتح مطلوب ہے، بچی کا رشتہ مطلوب ہو اگر مالک یا افسر مہربان نہ ہو تو دائیں ہاتھ پر 7 مرتبہ پڑھ کر پھونک مار کر سلام کریں۔ مہربان ہوگا بلکہ ہمیشہ مہربان ہوگا۔ (5) لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ روزانہ 101 مرتبہ اول آخر درود پڑھیں روزی کشادہ ہوگی۔ غنی ہوگا کبھی تنگدستی نہیں آئے گی۔ (6) اَلْمَلِکُ ایک ہزار مرتبہ تین روز بوقت رات 2 بجے پڑھے۔ کبھی زندگی بھر کسی کے آگے نہیں جھکے گا۔ غنی ہوگا۔ مولائے کائنات اور آلِ رسولؐ کے صدقے وقت کا بادشاہ ہوگا۔ (7) لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ایک مرتبہ بعد از نماز مغرب پڑھنے والا غنی ہوگا اور اس قدر رزق ملے گا کہ سنبھال نہیں سکے گا۔ (8) یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ نماز فجر کے بعد ایک تسبیح پڑھنے والے کے رزق میں اضافہ ہوگا۔ اسرار غیب بھی نظر آئیں گے ہر مشکل آسان ہو جائے گی۔ (9) یَا حَاضِرُ یَا نَاظِرُ یَا حَافِظُ یَا نَاصِرُ یَا شَافِیُ یَا حَیُّ یَا مَالِکُ نماز عشاء کے بعد 101 مرتبہ پڑھیں اول آخر 11 مرتبہ درود پاک۔

(10) یَا قَوِیُّ یَا عَلِیُّ یَا کَبِیْرُ یَا مُتَعَالُ یَا غَنِیُّ الْمُسْتَغْنِیُ جو شخص روزانہ ایک مرتبہ پڑھے غنی ہوگا رزق کشادہ ہوگا۔

پروفیسر سیّد ظفر عباس پیرزادہ ایم اے
0300 6560121, 0333 7333121

آیات قرآنی کے ذریعہ جادو کا توڑ

اگر حالات دگرگوں ہوں، تمام کام دھرے کے دھرے رہ جاتے ہوں۔ خون کے چھینٹے گھر میں گریں یا کپڑوں پر پائے جائیں۔ قفل کے اندر بھی کپڑے محفوظ نہ ہوں۔ بچوں اور بچیوں کے رشتوں میں خلل پیدا ہو اور آپ کا ذہن یہ نتیجہ اخذ کرے کہ کیا آپ پر جادو کا وار تو نہیں کیا گیا تو یہ ناچیز کتاب مبین میں سے ایک بہترین توڑ پیش کرتا ہے۔ آپ اپنے گھر میں بیٹھ کر یہ عمل کیجیے اور اس عمل کا نتیجہ دیکھیے اور ناچیز کو بھی مطلع کیجیے۔

طریقہ عمل: چاند کی پہلی تاریخوں میں جو کہ 1 سے 3 یا 7 سے 9 تک شروع ہوں ان میں 11 گیارہ کنکریاں چھیں یا پتھر کی لے لیں۔ ان کنکریوں پر روزانہ 41 مرتبہ سورۂ فیل پڑھیں۔ 41 دن تک سورۂ فیل پڑھ کر ان کنکریوں کو اپنے گھر کے حدود اربعہ کے چاروں طرف باہر کی جانب پھینک دیں۔ انشاء اللہ جادو کا اثر ختم ہو جائے گا۔ اس کے علاوہ گھر میں آگ کا چولہا جلا کر اس کے پاس بیٹھ کر سورۂ فیل اکتالیس مرتبہ روزانہ چاند کی متذکرہ بالا تاریخ کے حساب سے پڑھیں۔ 41 روز تک پڑھنے سے جادو کرنے والے پر الٹا اثر ہوگا۔

فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّأْكُوْلٍ

پس ان کو کھائے ہوئے بھوسے کی مانند کر دیا

سورۂ فیل پڑھیے اور حملہ آور پر واپسی کا اثر دیکھیے۔ کیا آپ یہ جاننا چاہتے ہیں کہ آپ پر واقعی جادو ہوا ہے یا نہیں تو ٹشو پیپر پر اپنے خون کے دو تین قطرے لگا کر اس ناچیز کو بھیجیے اور بذریعہ فون رابطہ کر کے معلوم کر لیجیے۔

ہومیو ڈاکٹر سیّد عقیل حسن شاہ
حانی ہومیو پیتھک کمپیوٹرائزڈ کلینک لاہور کینٹ 0322 4812453

استغاثہ بحضور حضرت ابوالفضل العباس علیہ السلام

دو رکعت نماز ہدیہ ابوالفضل العباسؑ پڑھیں۔ پھر (۱۳۳) مرتبہ درج ذیل دُعا پڑھیں

" یَا کَاشِفَ الْکَرْبِ عَنْ وَّجْہِ الْحُسَیْنِ عَلَیْہِ السَّلَامُ

اے پریشانی کو دُور کرنے والے آپؑ کو امام حسین علیہ السلام کی قدر و منزلت کا واسطہ

اِکْشِفْ کَرْبِیْ بِحَقِّ اَخِیْکَ الْحُسَیْنِ عَلَیْہِ السَّلَامُ "

میری پریشانی کو دُور فرمائیے۔ آپؑ کو آپ کے بھائی حضرت امام حسینؑ کے حق کا واسطہ اوّل و آخر گیارہ مرتبہ محمدؐ و آلِ محمد علیہم السلام پر دُرود پڑھیں۔

صحت، سکون، کامیابی اور خوشحالی بذریعہ ریکی روحانیت و اسمائے حسنیٰ

ڈاکٹر سید نیاز محمد ہمدانی۔ فاضل قم۔ ایم اے (اسلامیات۔ عربی۔ فارسی) پی ایچ ڈی (روحانیات و روحانی معالجہ)

گزشتہ دو سالوں میں ریکی، امام رضا علیہ السلام کے روضہ اقدس کی قوت شفا یعنی رضوی ریکی اور اسمائے حسنیٰ کے بارے میں میری تحریر کو قارئین امامیہ جنتری نے جو پذیرائی دی اس پر ان سب کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ جو بات بہت زیادہ خوش آیند ہے وہ یہ کہ امامیہ جنتری کے باشعور قارئین کی طرف سے صرف ریکی کے ذریعے بیماریوں کے علاج، ریکی کی تربیت حاصل کرنے کی لگن کا ہی اظہار نہیں کیا گیا بلکہ اس کے علاوہ زندگی کے مسائل اور ریکی اور روحانیت کے بارے میں بہت خوبصورت سوال بھی سال بھر کئے جاتے رہے۔ انہی سوالات کی روشنی میں یہ تحریر آپ کے سامنے پیش کی جارہی ہے۔

دنیا کا ہر انسان اپنی زندگی میں صحت، سکون، کامیابی اور خوشحالی کا خواہشمند ہے اور حتی الامکان کوشش کرتا ہے کہ ان نعمتوں کو زیادہ سے زیادہ حاصل کر سکے۔ لیکن ہوتا یہ ہے کہ بھرپور کوشش کے باوجود بہت سے لوگ ان نعمتوں کو نہیں پا سکتے اور ان کی زندگی دکھوں اور پریشانیوں کے سائے میں بسر ہو رہی ہوتی ہے۔ اس کی وجہ کیا ہے؟ کیا اللہ تعالیٰ کے خزانے میں ان چیزوں کی کمی ہے؟ ہرگز نہیں!!!

حقیقت یہ ہے کہ یہ ساری چیزیں اور ان کے علاوہ دنیا کی ہر نعمت اللہ کے خزانے میں اتنی ہی وافر ہے جتنی ہوا اور پانی۔ اب یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ جب اللہ تعالیٰ کے خزانوں میں ان سب چیزوں کی اتنی فراوانی ہے اور اللہ تعالیٰ رحمٰن، رحیم، کریم اور فیاض رب ہے تو پھر لوگوں کی ایک بہت بڑی تعداد ان نعمتوں سے محروم کیوں ہے؟

اس سوال کا جواب یہ ہے کہ اس کی ذمہ داری صرف اور صرف انسان کے اپنے اوپر عائد ہوتی ہے۔ اگر کوئی شخص دریا پر جائے تو جتنا بڑا برتن لے کے جائے گا اتنا زیادہ پانی دریا سے لا سکے گا۔ اگر آپ کے پاس کوئی برتن نہ ہو، یا برتن کا پیندا نہ ہو یا برتن کا منہ بند ہو تو پھر کیا ہوگا؟ ظاہری بات ہے دریا کے کنارے ہونے کے باوجود آپ پانی حاصل نہیں کر پائیں گے اور خالی ہاتھ واپس آجانے پر مجبور ہوں گے۔

ہم ہر وقت اللہ تعالیٰ کے نعمتوں کے وسیع سمندر کے کنارے کھڑے ہوتے ہیں۔ جس طرح دریا سے پانی بھرنے پر کوئی پابندی نہیں ہوتی اسی طرح کسی انسان پر اللہ تعالیٰ کی نعمت کے سمندر سے اپنا ظرف بھر لینے پر کوئی پابندی نہیں۔ ہم اللہ کی نعمتوں کے سمندر سے جتنی مقدار میں چاہیں حاصل کر سکتے ہیں لیکن ضروری ہے کہ ہمارے پاس اس کے ساتھ مناسبت رکھنے والا برتن یعنی ظرف ہو۔

ہمارا اصل مسئلہ ظرف کا مسئلہ ہے۔ یا تو ہمارے پاس کوئی ظرف نہیں ہوتا یا پھر ظرف میں بہت خرابی ہوتی ہے۔ ہمارے وجود کے مختلف پہلو ہوتے ہیں جن سے ہمارے ظرف کی تشکیل ہوتی ہے۔ ان پہلوؤں میں سے ایک مادی اور جسمانی پہلو ہے۔ دوسرا پہلو ہمارے جذبات ہیں۔ تیسرا پہلو ہماری سوچ اور چوتھا پہلو ہماری روحانی کیفیت ہے۔ بدقسمتی سے عام طور پر لوگ صرف مادی اور جسمانی پہلو کو ہی سب کچھ سمجھ بیٹھتے ہیں۔ اگرچہ اس بات سے انکار نہیں کہ مادی اور جسمانی پہلو اور اس کی توانائی (Energy) بہت اہم ہے اس کے باوجود حقیقت یہ ہے کہ اس کی اہمیت دوسرے تمام پہلوؤں کی نسبت کم اہم ہے۔ کسی بھی مقصد کو حاصل کرنے کے لئے جسمانی اور مادی طاقت اور توانائی کے ساتھ ساتھ ہمارے جذبات، ہماری سوچ اور ہماری روحانیت کی انرجی کا کردار بھی بہت اہم ہوتا ہے۔ مادی اور جسمانی توانائی کے ساتھ اگر جذبات، سوچ اور روحانیت کی توانائیاں (Energies) بھی تعمیری انداز میں فعال ہوں تو ہمارے سارے کام کامیابی سے ہمکنار ہو سکتے ہیں۔ اس کے برعکس اگر مادی اور جسمانی توانائی (Energy) کے بھرپور طور پر فعال ہونے کے باوجود جذبات، سوچ اور روحانیت کی توانائیاں (Energies) مناسب طور پر فعال نہ ہوں تو کامیابی، خوشحالی اور سکون و صحت کی نعمتیں حاصل نہیں ہو سکیں گی اور ہماری ساری کوششیں ناکامی سے دوچار ہو جائیں گی۔

بدقسمتی سے ہمارے معاشرے میں جذبات، سوچ اور روحانی تربیت کا انتظام یا تو بالکل نہیں ہے یا پھر بہت ہی ناقص ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ عام طور پر لوگوں کی جذبات، سوچ اور روحانیت کی انرجی مثبت اور تعمیری انداز میں عمل کرنے کی بجائے منفی اور تخریبی انداز میں کام کر رہی ہوتی ہے جس کے نتیجے میں ہمارے کام ناکامی سے دوچار ہو جاتے ہیں اور ہماری زندگی دکھوں اور پریشانیوں سے بھر جاتی ہے۔

اب سوال پیدا ہوتا کہ ہم کیا کریں کہ ہمارے جذبات، ہماری سوچ

اور روحانیت کی توانائیاں مثبت اور تعمیری انداز میں فعال ہو جائیں۔ اس کا جواب یہ ہے کہ اگرچہ اس کے کئی طریقے موجود ہیں مگر ریکی کی تربیت حاصل کر کے ہم اس مقصد کو بہت سادہ اور آسان طریقے سے حاصل کر سکتے ہیں۔ ریکی کی تربیت حاصل کر کے ہمارے وجود کے ساری توانائیاں (Energies) بہت مثبت اور تعمیری انداز میں فعال ہو جاتی ہیں۔ ریکی درحقیقت ایک ایسی روحانی طاقت ہے جو آفاقی روحانی اصولوں پر مبنی ہے۔

ہر دین اور مذہب سے تعلق رکھنے والا اس کی تربیت حاصل کر سکتا ہے اس لئے کہ اس کے اصول وقواعد کسی دین اور مذہب کے عقائد سے نہیں ٹکراتے۔ اس کے علاوہ اس میں ایک اور خوبی یہ ہے کہ اس کی تربیت حاصل کرنے کے لئے کوئی مشکل ریاضتیں اور عملیات نہیں کرنے پڑتے۔

ریکی کی پریکٹس کے ذریعے ہم اپنی زندگی کے ہر شعبے میں بہتری لا سکتے ہیں۔ بہت سے طالبعلم اپنی تعلیمی کارگردگی اور اپنے گریڈ میں نمایاں بہتری لا چکے ہیں۔ اسی طرح سے گھریلو اور کاروباری معاملات اور لوگوں کے ساتھ روابط اور تعلقات غرض یہ کہ زندگی کا کوئی شعبہ ایسا نہیں ہے، جس میں ریکی کے ذریعے بہتری نہ لائی جا سکتی ہو۔

بدقسمتی سے پاکستان کے حالات ایسی صورت اختیار کر چکے ہیں کہ لوگوں کی زندگی کی مشکلات روز بروز بڑھتی چلی جارہی ہیں۔ صرف ایک بجلی کی کمی نے لوگوں کو نفسیاتی مریض بنا کر رکھ دیا ہے۔ بجلی نہ ہونے کی وجہ سے دن کو کام ہو سکتا ہے نہ رات کو آرام۔ بدامنی، دہشت گردی، مہنگائی کے مسائل اس کے علاوہ ہیں۔ ہم اندازہ بھی نہیں کر سکتے ہیں کہ ان حالات کے نتیجہ میں ہماری قوم میں نفسیاتی امراض کا گراف کتنی تیزی سے بڑھنے لگا ہے۔ ریکی اور روحانیت اس صورت حال کا مقابلہ کرنے کے لئے ایک آسان اور موثر ذریعہ ہیں۔ خاص طور پر حضرت امام رضا علیہ السلام کے روضہ اقدس کی قوت شفا یعنی رضوی ریکی حضرت امام رضا علیہ السلام سے توسل کا ایک موثر اور سائنٹیفک طریقہ ہے، جس کی بدولت زندگی کی کوالٹی میں حیرت انگیز نمایاں بہتری آتی ہے۔

اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنٰی کی حیرت انگیز روحانی تاثیر بھی ہماری زندگی سے ہر قسم کے منفی اثرات کو ختم کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ یہ بات تجربے اور مشاہدے میں آئی ہے کہ ریکی اور اسمائے حسنٰی کو یکجا کر کے بہت تیزی سے مثبت نتائج حاصل کئے جا سکتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ بحق محمد وآل محمد تمام مومنین ومومنات کو دنیا اور آخرت کی خیر و برکت عطا فرمائے۔

0092-42-7415442, Mob: 0333-4394138
URL: www.drhamadani.org.
email: syedniazm@yahoo.com

مجرب دعائیں و عملیات

1۔ وسعت رزق و خیر وبرکت: حضرت امام جعفر صادقؑ سے روایت ہے کہ جو کوئی جمعہ کے روز دو رکعت نماز پڑھے اور پہلی رکعت میں سورۃ ابراہیم اور دوسری رکعت میں سورۃ حجر پڑھے تو اس کو فقر و جنوں و مصیبت نہ آئے گی۔

2۔ ملازمت ملنے کے لئے: ان اسمائے حسنہ کو آخر رات میں تہجد کے بعد پانچ سو بار پڑھے اور اگر تہجد کے وقت ممکن نہ ہو تو بعد عشاء پڑھے۔ چند دن کی مداومت سے نوکری مل جائے گی۔ انشاء اللہ یَا اَللّٰہُ یَا لَطِیْفُ یَا فَتَّاحُ یَا بَاسِطُ یَا رَزَّاقُ یَا غَنِیُّ یَا مُغْنِیُّ یَا مُعْطِیُّ یَا مُنْعِمُ اور ہر روز اس کی مداومت کرنے سے نوکری سے معطل نہ ہوگا۔

3۔ غنٰی اور ادائیگی قرض: سورۃ نصر روزانہ اکتالیس بار پڑھے باذن اللہ تعالیٰ غنی ہو جائے گا اور ادائے قرض کے لئے ایک ہزار بار یَا وَاجِدُ پڑھے۔ قرض سے نجات ملے گی۔

4۔ حاسدوں کی زبان بندی کے لئے: صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْکَ یَا مُحَمَّدُ نُوْرٌ مِّنْ نُّوْرِ اللّٰہِ محفل میں بیٹھتے اور اٹھتے وقت اور آتے جاتے وقت پڑھے۔ مخالفین، حاسدوں اور چغل خوروں کی زبان بند رہے گی۔

5۔ بانجھ عورت کے لئے: چالیس روز تک سورۃ مزمل شریف ہر روز ایک مرتبہ چھوارے پر پڑھ کر کھلائے، شروع چاند سے بعد نماز صبح پڑھا کرے۔ انشاء اللہ مراد حاصل ہوگی۔ وہ سات روزے رکھے اور افطار کے وقت اکیس بار یَا مُصَوِّرُ پڑھے۔ پانی پر دم کر کے پی لیا کرے۔ حق تعالیٰ نیک فرزند عطا فرمائے گا۔

سینے کی جلن سے نجات کا دیسی ٹوٹکہ

جس کسی کو کھانے کے بعد سینے میں گیس اور جلن محسوس ہو چاہے جتنی شدید ہو۔ چھاچھ (لسی) میں سرخ مرچ اور نمک ڈال کر اس میں روٹی بھگو کر کھا لینے سے اس مرض سے نجات ملتی ہے۔

ہر قسم امراض، مسائل اور پریشانیوں کے حل کے لئے فی سبیل اللہ تعویذات وغیرہ منگوائیں۔ یا وظائف حاصل کریں۔ جواب طلب امور کے لئے جوابی لفافہ ضرور ارسال فرمائیں۔

محمد فہیم قادری c/o فریدی پبلک سکول۔ محلہ شمس آباد، کالج روڈ، تونسہ شریف، ضلع ڈیرہ غازیخان۔ فون: 0301 7906477, 0333 8916586

لوحِ دَاعِیِ اللّٰہ

سیارہ زُحل کے بد اثرات کا خاتمہ

فیضِ حسینی:
مولانا عامل گلفام علی حسینی (مصنف کائنات جفرو روح العملیات)
تکیہ مندراں والہ غازی آباد حسینی سٹریٹ نمبر 1 لاہور (پاکستان)
فون موبائل: 0321 4534910, 0300 4534910

یٰقَوْمَنَآ اَجِیْبُوْا دَاعِیَ اللّٰہِ وَ اٰمِنُوْا بِہٖ یَغْفِرْ لَکُمْ مِّنْ ذُنُوْبِکُمْ وَ یُجِرْکُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِیْمٍ (الاحقاف پارہ نمبر ۲۶، آیت نمبر ۳۱)

ترجمہ: اے ہماری قوم! داعی اللہ (اللہ کی طرف بلانے والے) کی بات مانو۔ اور اس پر ایمان لے آؤ۔ اللہ تعالیٰ تمہارے گناہ معاف کردے گا۔ اور تم کو دردناک عذاب سے بچالے گا۔

قارئین امامیہ جنتری! داعی اللہ کے اعداد قمری (۱۵۱) ہیں۔

د + ا + ع + ی ا + ل + ل + ہ

۴ ۱ ۷۰ ۱۰ ۱ ۳۰ ۳۰ ۵ = ۱۵۱

جو کہ ختمی المرتبت سرکار محمد مصطفیٰؐ سے امام مہدیؑ تک چودہ معصومین علیہم السلام داعی اللہ ہیں یعنی

اسمِ محمدؐ کے اعداد قمری

م + ح + م + د

۴۰ + ۸ + ۴۰ + ۴ = ۹۲

اسم امام مہدیؑ کے اعداد قمری

م + ھ + د + ی

۴۰ + ۵ + ۴ + ۱۰ = ۵۹ (۹۲+۵۹) = ۱۵۱

داعی اللہ کے حرفوں کی تعداد (۸) ہے۔ خالص حرفوں کی تعداد چھ (۶) ہے۔ دونوں کو جمع کیا تو (۸+۶) = ۱۴ جو کہ چودہ معصومین علیہم السلام کی طرف اشارہ ہے۔

داعی (اللہ کی طرف بلانے والے) کے ملفوظی اعداد

دال/۳۵ + الف/۱۱۱ + عین/۱۳۰ + یا/۱۱ = ۲۸۷

جو کہ امام ابا قاسمؑ (امام زمانہ علیہ السلام) کے اعداد ہیں۔

قُلْ فَانْتَظِرُوْٓا اِنِّیْ مَعَکُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِیْنَ (سورۃ یونس آیت نمبر ۱۰۲)

ترجمہ: کہہ دو تم بھی انتظار کرو۔ میں بھی انتظار کرتا ہوں

فَانْتَظِرُوْٓا کا باطن لیا تو راز عیاں ہوا۔

ظاہر		باطن		اعدادِ قمری
ف	=	ا	=	1
ا	=	لف	=	110
ن	=	ون	=	56
ت	=	ا	=	1
ظ	=	ا	=	1
ر	=	ا	=	1
و	=	او	=	7
ا	=	لف	=	110
				287

امام/۸۲، ابا/۴، قاسم/۲۰۱ = (۲۸۷) یعنی تم بھی انتظار کرو اللہ تعالیٰ بھی ظہورِ امام ابوالقاسم مہدی الھادی علیہ السلام کا انتظار فرما رہا ہے۔

قارئین کے علم میں مزید اضافہ کے لئے داعی کے معنی دُعا مانگنے والا بھی ہے۔ داعی کے ملفوظی اعداد ۲۸۷ ہیں۔ جو کہ فوراً (ف/۸۰، و/۶، ر/۲۰۰، ا/۱ = ۲۸۷) کے اعداد ہیں۔ مطلب داعی اُسے کہتے ہیں جس کی دُعا فوراً مستجاب ہو۔ یقیناً چودہ معصومین علیہم السلام مستجاب الدعوات ہیں۔ جب ہم نے مکمل آیت مجیدہ کے حروف گنتی کیے تو اُن کی تعداد ۵۹ ہے۔ اسمِ مہدیؑ (م/۴۰، ھ/۵، د/۴، ی/۱۰ = ۵۹) کے اعداد ۵۹ ہیں۔ ۵۹ کا جمل صغیر (۹+۵ = ۱۴) مطلب چودہ معصومین علیہم السلام داعی اللہ ہیں۔ ان پر ایمان لے آؤ۔ اللہ تمہارے گناہ معاف کردے گا اور تم کو دردناک عذاب سے بچالے گا۔ مکمل آیت مجیدہ کو خالص کیا تو جو حروف مکررات گرانے سے غائب ہوئے۔ ان کی تعداد اکتالیس (۴۱)

Scanned with CamScanner

ہے۔ اکیتالیس کا عدد کامل (۱ + ۴ = ۵) مطلب چودہ معصومین علیہم السلام میں سے افضل و اکبر پنجتنؑ پاک ہیں۔ جو داعی اللہ ہیں۔

داعی کے بنیاتی اعداد ۲۰۲ ہیں۔

زبر		بنیات		اعداد قمری
د	=	ا-ل	=	31
ا	=	ل-ف	=	110
ع	=	ی-ن	=	60
ی	=	X-ا	=	1
				202

دوسو دو اعداد محمدؐ علیؑ (محمدؐ / ۹۲، علیؑ / ۱۱۰ = ۲۰۲) کے اعداد ہیں۔ (۲۰۲) اعداد اسم زینبؑ و اسم عباسؑ (زینبؑ/ ۶۹، عباسؑ/ ۱۳۳ = ۲۰۲) کے ہیں۔ صاحبان عقل سلیم والوں کے لئے کھلی نشانیاں ہیں۔ کیا آپ نے کبھی غور نہیں کیا کہ تمام انبیاء کرام علیہم السلام نے اپنی دعاؤں کا آغاز اسمِ رب سے کیا کیونکہ رب کے اعداد (ر/ ۲۰۰، ب/ ۲ = ۲۰۲) دوسو دو ہیں۔ رب ہی مسبب الاسباب ہے۔ اس پُر آشوب وقت میں صدقِ قلب سے رب قدوس کو ہی چارہ ساز بناؤ۔ اس عظیم (سورۃ الاحقاف آیت نمبر ۳۱) لوحِ داعی اللہ تیار کرنے کا مجرب ولاثانی طریقہ تحریر کر رہا ہوں۔ لوح داعی اللہ جس کے جفری وطلسماتی اثرات بہت ہی قلیل مدت میں حامل لوح پر ظاہر ہوتے ہیں۔

حامل لوح سے ہر بد اثرات (سحر وجادو، آسیب جنات، بدنظری، سیارہ زُحل کے بد اثرات اور موذی امراض کا خاتمہ ہوگا۔ انشاء اللہ

طریقہ تیاری لوح داعی اللہ:

لوح تیار کرنے کا تفصیلاً طریقہ ایک مثال سے سمجھاتا ہوں۔ تاکہ ہر مومن اسے تیار کر کے فائدہ عظیم حاصل کر سکے۔ اوّل آیت کے اعداد قمری نکالیں۔ دوئم مکمل آیت کے حرفوں کی تعداد تحریر کریں۔ سوئم کُل تعدادِ نقاط تحریر کریں۔ چہارم بغیر نقاط کے حروفوں کی تعداد تحریر کریں۔ پنجم نقاط والے حروفوں کی تعداد تحریر کریں۔ پانچوں تعدادوں کو جمع کریں۔ اور مجموعہ کو یاد رکھیں۔ اب نام طالب مع والدہ کے اعداد قمری نکالیں۔ مثلاً نثار احمد کے لئے لوحِ داعی اللہ تیار کرنی ہے۔

آیت کے اعداد قمری	= ۴۰۰۳	نثار احمد کے اعداد قمری	= ۸۰۴
کُل تعداد حروف	= ۵۹	کُل تعداد حروف	= ۸
کُل تعداد نقاط	= ۲۷	کُل تعداد نقاط	= ۴
بغیر نقاط کے حروف کی تعداد	= ۳۸	بغیر نقاط کے حروف کی تعداد	= ۸
نقاط والے حروف کی تعداد	= ۲۱	نقاط والے حروف کی تعداد	= ۲
مجموعہ	۴۱۴۸	مجموعہ	۸۲۶

اب دونوں مجموعہ کو جمع کیا۔ ۴۱۴۸ + ۸۲۶ = ۴۹۷۴، ان اعداد کو خانہ اول میں تحریر کریں۔ اب ہر خانہ میں اعدادِ اسمائے چہاردہ معصومین علیہم السلام (۱۷۷۶) کا اضافہ کرتے ہوئے لوح کے تمام خانے پُر کریں۔ مثلاً خانہ اول = ۴۹۷۴ اب خانہ دوم میں ۴۹۷۴ + ۱۷۷۶ = ۶۷۵۰ تحریر کریں۔ اب خانہ سوم میں خانہ دوم کے اعداد میں اعدادِ اسمائے چہاردہ معصومین علیہم السلام کا اضافہ کرتے ہوئے تمام خانے پُر کریں۔ مثالی لوح یہ تیار ہوئی ۲۸

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ٥

علی ۳۵۸۸۴۳ ط علی ۳۵۸۸۴۳

الغیاث داعی — جبرائیل — داعی

۱۷۴۰۶	۲۲۷۳۴	۲۸۰۶۲	۴۹۷۲
۲۶۲۸۶	۶۷۵۰	۱۵۶۳۰	۲۴۵۱۰
۸۵۲۶	۳۱۶۱۴	۱۹۱۸۲	۱۳۸۵۴
۲۰۹۵۸	۱۲۰۷۸	۱۰۳۰۲	۲۹۸۳۸

اسرافیل — عزرائیل — داعی — داعی

سائل کا نام معہ والدہ اور حاجت تحریر کریں۔

لوح مبارک کو شرف زحل یا چاند کی یکم تاریخ کو بعد از نماز فجر سفید کاغذ پر زعفرانی روشنائی سے تحریر کر کے تہہ کر لیں۔ اور عطر عود لگا کر پاس رکھیں۔ اور نماز رسولؐ خدا پڑھیں۔ اور چاند کی دو تاریخ کو نماز حضرت علیؑ پڑھیں۔ تین تاریخ کو نماز سیدۃ فاطمۃ الزہراؑ پڑھیں۔ ایسے ہی چودہ تاریخ تک ہر معصومؑ کی نماز پڑھیں۔ (نمازوں کے لئے میری کتاب روح العملیات کی طرف رجوع کریں)۔ ربّ العزت کے حضور گڑگڑا کر دعا کریں۔ انشاء اللہ صدقۂ معصومینؑ بہت جلد اپنے مقصد کو پاؤ گے۔ میں نے ہر بات کی وضاحت کی ہے۔ تاہم کوئی بات تشنہ تکمیل رہ گئی ہو تو رابطہ کریں۔

Scanned with CamScanner

عمل سورۃ یٰسین

لفظ یٰسین کے اعداد ۷۰ ہیں۔ اگر ہم ان الفاظ کو ملفوظی کریں تو یہ حروف پیدا ہوں گے یاسین ی ا ۔ س ی ن جن کے اعداد ۱۳۱ بنتے ہیں۔ ان اعداد کو غور سے دیکھیں تو ان اعداد کے مطابق سورۃ مبارک سے اسم اعظم سَلام " قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِيْم حاصل ہوتا ہے۔ اب اس آیت پر غور کریں تو لفظ سلام کے اعداد ۱۳۱ بنتے ہیں۔ جو کہ لفظ یسین کے ملفوظی اعداد کے برابر ہیں۔ اس میں عمل کا راز پنہاں ہے۔ ایک اور راز ملاحظہ کیجیے۔ حروف یاسین اور سلام میں جو حروف ایک ہی قوت کے مالک ہیں اور یکساں ہیں ان کو علیحدہ رکھیں گے اور جو نہیں ہیں ان کو قائم رکھیں گے اس طرح پر کہ لفظ یاسین میں "ی" موجود ہے اور سلام میں نہیں ہے۔ اس کو قائم رکھا گیا اس طرح پر یہ کام ہم ختم کریں گے۔ جس کی صورت حال یہ ہے۔

برابر اعداد یسین	اعداد	قائم شدہ	علیحدہ شدہ	اعداد	اصل لفظ
۷۰	۷۰	ی ی ن	ا س	۱۳۱	یاسین
۷۰	۷۰	ل م	ا س	۱۳۱	سلام

اب ایک اور اسرار دیکھیے۔ لفظ سلام اور یاسین کو تخلیص کریں۔

اعداد	اصل حروف یا لفظ
۲۶۲	یاسین سلام
۱۰۱	تخلیص حروف ی ا س ن ل م
۷۱	ا ی س

اب اصل حروف ی ا س ی ن س ل ا م کے اعداد سے اگر حروف تخلیص کے جملہ اعداد کاٹے جائیں تو ۷۱ کا ہندسہ حاصل ہوگا۔ یہ عدد کس بات سے تعلق رکھتا ہے وہ فی الحال میں پوشیدہ رکھتا ہوں اور وقت آنے پر انشاءاللہ بتادوں گا۔ اتنا بتانے سے میں بھی نہیں رہ سکتا کہ یہ اُس لفظ کے اعداد ہیں جس سے اللہ جل وعلیٰ نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مخاطب کر کے کہا ہے۔ وہ لفظ اسی ہی سورہ میں موجود ہے۔ غور کرنے سے مل جائے گا۔ کوئی مشکل نہیں۔

عمل ۱: اعداد تین قسم کے ہیں۔ کبیر، وسیط، صغیر جن کو روح یا قوت بھی کہا جاتا ہے۔

مقروہ من	جملہ اعداد	عدد صغیر	عدد وسیط	عدد کبیر	لفظ
۶	۱۵۰	۵	۱۴	۱۳۱	یاسین

یہ تو آپ کو معلوم ہو ہی گیا ہے کہ ۱۳۱ اعداد یاسین کے بھی ہیں اور سلام کے بھی ہیں۔ وسط اعداد تو ۱۴ ہیں وہ اللہ پاک کے وھاب نام کے ہیں اور کبیر اعداد ملانے سے محمدؐ، احمدؐ کے اعداد نکل آئیں گے۔ جن بزرگ ناموں سے اللہ پاک نے سردار دو جہاں صلعم کو قرآن حکیم میں نوازا ہے۔ اگر آپ صغیر اور وسیط کے اعداد آپس میں ملائیں تو اللہ پاک کا واحد نام نکل آئے گا اور جملہ اعداد کو دیکھیں تو اللہ تعالیٰ کا علیم نام ظاہر ہوگا۔ اس سے بڑھ کر آپ کو اور کیا بتاؤں۔

ترکیب عمل: سات آدمی ایسے جو نمازی، پرہیز گار، ایماندار ہوں ان کو اپنے ہاں لائیں اور ان کو ۱۵۰ مرتبہ سورۃ یٰسین مبارک پڑھنے کو کہیں اور حل المشکلات کا عرض کریں۔ پڑھنے کی جگہ پاک ہو مسجد شریف ہو تو بہتر ہے۔ پڑھنے میں وضو ٹوٹ جائے تو پھر سے وضو کر لیا جائے۔ پڑھنے کی جگہ پر کوئی اچھی سی خوشبو چھڑکیں۔ قبلہ کی جانب رُخ کریں۔ جب یٰسین مبارک ۱۵۰ بار ختم ہو جائے تو اس کا ثواب سردار دو جہاں آقائے نامدار محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو بخشیں اور اُن کے طفیل اپنی معصیت دور کرنے اور قضاء حاجات (حل المشکلات) کے لئے درگاہ ایزدی میں عرض کریں۔ انشاءاللہ زیادہ سے زیادہ ۶ دن میں مقصد حل ہوگا۔

نوٹ: اگر کسی کو کچھ سمجھ نہ آئے تو بذریعہ خط جوابی لفافہ یا بذریعہ موبائل فون سے رابطہ کر کے سمجھ سکتے ہیں۔

عامل ریاض احمد شہزاد
ایڈریس: موکڑیالہ P/o No. 10381
کھنڈوڑہ تحصیل وضلع بھمبر آزاد کشمیر فون: 0343 5137813

Scanned with CamScanner

فرمان رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
فی "سورۃ البقرہ"

سید تنویر حیدر نقوی (عصری)

امامیہ جنتری میں صفحات کی کمی کے سبب صرف ہدیۃً چند سطور پیش خدمت ہیں۔ اور ساتھ ساتھ محتاج دعا ہوں۔ یوں تو قارئین کو اللہ تعالیٰ توفیق عطا فرمائے کہ قرآن کریم کی تلاوت کو ترجمہ سے پڑھنے کی سعادت نصیب فرمائے تا کہ مضامین قرانی پر فکر وتدبر نصیب ہونا شروع ہو۔ ویسے بھی ختمی المرتبتؐ کا فرمان ہے کہ "قران مجید پڑھنے اور پڑھانے والے دونوں کے لئے ہر چیز حتیٰ کہ دریائی مچھلیاں بھی استغفار کرتی ہیں۔ نیز قران کریم اللہ تعالیٰ کے بعد ہر شے سے افضل ہے۔"

"سورہ بقرہ" قران کریم کی سورہ فاتحہ کے بعد سب سے اول اور طویل ترین سورۃ ہے۔ یعنی اس میں 286 آیات مدنی موجود ہیں۔ دنیاوی لغت کی کتابوں میں "بقر" کا جو معنی دیا گیا ہے۔ اس کے معنی "گائے یا بیل" کے درج کئے گئے ہیں اور کیونکہ اس سورۃ میں "گائے کا تذکرہ بھی موجود ہے "لہٰذا یہی سبب اس سورۃ کی وجہ "تسمیہ" بن گئی۔

مگر جوہری نے اپنی صحاح میں لکھا ہے کہ "توسیع فی العلم" کو "بقرہ" کہتے ہیں۔ یہ معنی عقل ودانش کے زیادہ قریب سمجھ میں آتے ہیں کہ قران کریم کی طویل ترین سورۃ ہونے کے سبب شریعت اسلامی کے جتنے احکام اور احکام کی تفصیل اس سورۃ میں موجود ہے۔ کسی دوسرے سورۃ میں نظر نہیں آتے۔ اس سبب سے اس سورۃ کا یہ معنی موقع ومحل کے قریب ترین نظر آتا ہے اور آئمہ معصومینؑ میں سید الساجدینؑ کے نانا کے دین وشریعت کی تدوین، تشریح و تاویلات کا سہرا ان کے بیٹے امام محمد باقرؑ کے سر بندھتا ہوا نظر آتا ہے۔ وہ اسی "بقرہ" کے معنی کے سبب سے۔ علامہ نور اللہ شوستری کے بیان کے مطابق آنحضرتؐ نے فرمایا کہ "امام محمد باقرؑ علوم ومعارف کو اس طرح شگافتہ کردیں گے جس طرح زراعت کے لئے زمین کو شگافتہ کیا جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ سب سے پہلے مسجد نبوی میں درسگاہ کا قیام بھی آپ کا مرہون منت ہے۔"

"بقرہ" کے لفظ کی اس وضاحت کے بعد قارئین کو یہ بتاتا چلوں کہ دنیاوی مصائب والام مثلاً آسیب۔ جادو۔ بندش۔ جن۔ بھوت و پریت کے خاتمے کے لئے 10 دن تک "ہرمل" جلا کر ہر روز اس جگہ پر "سورۃ بقرہ" کی تلاوت کی جائے۔ نیز پانی پر دم کر کے اس پانی کو گھر کے چاروں اطراف میں چھڑکنے کے علاوہ دروازے کے باہر چوکھٹ پر چھڑکنا چاہیے۔ نیز پانی کو پینا چاہیے۔ انشاء اللہ مصائب سے جلد نجات مل جائے گی۔ اس مقصد کے لئے کسی حافظ بچے کی خدمات لی جاسکتی ہیں۔

نیز حضور اکرمؐ نے فرمایا کہ جو شخص "سورۃ بقرہ" کی ابتدائی 6 آیات کی تلاوت اس طرح کرے کہ آیات 4-1 کے بعد آیت الکرسی "ھُم فیھا خَالِدُون" تک پڑھ کر آیات 6-5 تلاوت کرتے ہوئے آخری تین آیات 286-285-284 کی تلاوت کو اپنا معمول بنالے۔ تو وہ خود اور اس کے اہل وعیال مال واسباب۔ ایسی حالتوں سے محفوظ رہیں گے جن کو وہ ناپسند کرتا ہو۔ شیطان اس سے دور رہے گا اور وہ قران کو نہ بھولے گا۔ (تفسیر برہان جلد اول)

نوٹ: اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے محمدؐ وآلِ محمدؐ کی سرپرستی اور عنایت کے سبب بچوں کے نام اور اسم اعظم نکالنے کے علاوہ محدود پیمانے پر ہر قسم کی انگشتریاں، کلمہ طیبہ کے چھلے، قاضی الحاجات انگشتری، نقوش، الواح، ستاروں کے طلسمات جامع، تکسیرات ذاتی، شرف مشتری میں تیار طلسم صحت و دولت بھی موجود ہیں۔ نیز حروف صوامت کی سالہا سال کی ریاضت کے سبب ان سے متعلقہ امور خصوصی تاثیر کا درجہ رکھتے ہیں۔ یہ تمام کام شرائط کے ساتھ اپنے ہاتھوں سے تیار کئے جاتے ہیں۔ شائقین فیض اٹھاسکتے ہیں۔

دعاگو

سید تنویر حیدر نقوی جفّار فون: 0333 5398050
معرفت اویس ٹریڈرز، H-377 سردار عالم روڈ راولپنڈی پاکستان

لقوہ کا مجرّب نسخہ:

جیسے ہی لقوہ کی شکایت ہو فوراً بلا تاخیر مریض کو خالص شہد نیم گرم پانی میں ملا کر دیں اور غذا میں جنگلی کبوتر کا شوربہ صبح وشام پلائیں۔ اس کے سوا کچھ نہ دیں۔ کم از کم پاؤ شہد روزانہ صبح سے شام پلائیں۔ انشاء اللہ ۱۵ دنوں میں آرام آجائے گا۔ (شمع شبستان رضا)

Scanned with CamScanner

تجمل حسین پیر محل
0332 6986026
0333 4128131

استخارہ کی شرعی حیثیت

گذشتہ را پیوستہ

فرمانِ نبویؐ ہے کہ جب کسی کو کسی کام کی ضرورت ہو تو مشاورت کرے۔ استخارہ کے معنی بھی مشورہ یا مشاورت کے ہیں۔ حدیثِ نبویؐ ہے مَاخَابَ مَنِ اسْتَخَارَ وَلَا نَدِمَ مَنِ اسْتَشَارَ ترجمہ: نقصان نہیں اٹھاتا جو شخص استخارہ کرتا ہے اور پشیمان نہیں ہوتا جو کوئی مشورہ کر لیتا ہے۔ اور بعض احادیث سے یہ بھی ثابت ہے کہ مِنْ سَعَادَةِ ابْنِ اٰدَمَ الرِّضَآءُ بِالْقَضَاءِ یعنی سعادت ابن آدم کی مرضی الٰہی پر راضی ہونا یعنی استخارہ کے بعد جو حکم یا مانع ہو اُس پر عمل کرنا سعادت اور اُس سے رُوگردانی یا اعتراض کرنا باعثِ شقاوت ہے۔ (جواہر خمسہ صفحہ نمبر 55)

استخارہ مرکب بہ استشارہ: ایک کام ہو رائے قائم نہیں ہوتی کہ یہ بہتر ہے یا نہیں دو کام ہوں یہ رائے قائم نہ ہو کہ ان میں سے کونسا بہتر ہے چونکہ تردّد ہے اس لئے طلبِ خیر اور طلبِ مشورہ دونوں کی ضرورت ہے۔ اس کو استخارہ مرکب بہ استشارہ کہتے ہیں۔

فرمانِ امام جعفر صادقؑ: یَقُوْلُ اللّٰہُ عَزَّ وَجَلَّ مِنْ شِقَآءِ عَبْدِیْ اَنْ یَّعْمَلَ الْاَعْمَالَ وَلَا یَسْتَخِیْرَنِیْ (سفینۃ البحار جز اوّل صفحہ 422 لفظ خیر) ترجمہ: اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ میرے بندے کی بدبختی ہے کہ وہ کام کرے اور مجھ سے استخارہ یعنی طلب خیر و برکت نہ کرے۔

استخارہ اور کشف میں فرق: استخارہ سے سکونِ قلب ملتا ہے جو کہ جاگنا، سونا یا قرائن سے مطلع کیا جاتا ہے یعنی بتایا جاتا ہے اور حالتِ کشف میں دکھایا جاتا ہے۔

نمازِ استخارہ اور دعا: کُتبِ احادیث میں وارد ہے کہ جب استخارہ کرنا مقصود ہو تو دو رکعت نماز استخارہ یا دو رکعت نفل استخارہ ادا کرتا ہوں قربۃً الی اللہ پڑھے۔ پہلی رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سورہ الکافرون اور رکعتِ ثانیہ میں الحمد شریف کے بعد سورہ اخلاص پڑھ کر سلام پھیرے۔

مناجاتِ استخارہ: I- مفاتیح الجنان مع باقیات الصالحات مولفہ ثقۃ المحدثین شیخ عباس قمی صفحہ نمبر 1452-1451 II- تین مرتبہ نادِ علیؑ صغیر مکمل پڑھیں۔ III- تسبیحات اربعہ۔ 1V- اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَنَّکَ عَالِمُ الْغَیْبِ وَ الشَّھَادَۃِ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ وَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ. V- آیت الکرسی ھم فیھا خالدون تک پڑھے پھر سورہ انعام پارہ نمبر 7 رکوع نمبر 7 آیت نمبر 58 وعندہ پڑھے پھر 10 مرتبہ درود پاک تلاوت کرے۔

1- بذریعہ قرآن استخارہ یا فال: مناجات استخارہ نمبر V پڑھ کر یہ دعا پڑھیں اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ تَوَکَّلْتُ عَلَیْکَ وَتَفَاوَلْتُ بِکِتَابِکَ عَلَیْکَ فَاَرِنِیْ مَا ھُوَالْمَکْنُوْنُ فِیْ عِلْمِ غَیْبِکَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ o اَللّٰھُمَّ اَرِنِی الْحَقَّ حَقًّا حَتّٰی اَتَّبِعَہٗ وَ اَرِنِی الْبَاطِلَ بَاطِلًا حَتّٰی اَجْتَنِبَہٗ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ o

پھر قرآن پاک کو کہیں سے کھول کر سات ورق گنیں، ساتویں ورق کے بائیں جانب لفظ اللہ جتنی بار ورق پر ہو انہیں شمار کر کے اتنی ہی سطریں گن کر تحریر کو پڑھیں۔ اُس تحریر کے مطابق عمل کریں۔ آیتِ رحمت ہو تو استخارہ درست ہے، آیتِ غضب ہو تو استخارہ منع، آیتِ مشترک ہو تو آپ کی مرضی ہے کام کریں یا نہ کریں۔ یہ مساوی استخارہ ہے۔ اگر لفظ اللہ ورق پر نہ ہو تو دو بار یا سہ بار بھی ایسا کر سکتے ہیں۔ (مجمع الدعوات کبیر صفحہ نمبر 342)

2- استخارہ ایک رات: جب کوئی بات دریافت کرنی ہو تو رات 9 بجے وضو کر کے اپنے بائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر ان الفاظ کو لکھ کر سو جانا چاہیے لیکن

رضا کتاب گھر نزد گول باغ گلگشت ملتان

عارف بکڈپو اندرون بوہڑ گیٹ ملتان

نمازی متقی باشرع ہو جو حال ہو گا رات کو ظاہر ہو جائیگا۔ الفاظ ہیں: ھــــب من. ھب من. ھب من. ھب من اور سو مرتبہ یہ عبارت پڑھ کر سو رہے

یَا عَلِیمُ عَلِّمْنِی یَاخَبِیرُ اَخْبِرْنِی یَا ھَادِیُ اِھْدِنِی
یَامُبِیْنُ بَیِّنْ لِّی

3- استخارہ بذریعہ نادِعلیؑ: تسبیح کو دائیں ہاتھ کے انگوٹھے اور شہادت کی انگلی سے امام کے نچلے حصّہ سے پکڑ کر آزاد چھوڑ دیں (بقیہ تسبیح) پہلے سات مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پھر نادِعلیؑ صغیر پڑھیں اور یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ کی تکرار کرتے رہیں۔ کچھ دیر کے بعد تسبیح حرکت میں آ جائیگی۔ متقی اور محبّ ہونا ضروری ہے۔ اگر تسبیح دائیں بائیں حرکت کرے، استخارہ منع ہے۔ آگے پیچھے یعنی سامنے کی طرف حرکت کرے تو استخارہ ہاں میں ہے۔

4- استخارہ خواجہ معین الدین چشتی اجمیریؒ

دو رکعت نماز پڑھ کر ثواب چشتی اجمیری اور دیگر بزرگان دین کو کریں۔ اس کے بعد 15 مرتبہ سورہ کوثر کی تلاوت کریں۔ اس کے بعد یَارَشِیْدُ اَرْشِدْنِی یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِی مِنَ الْحَالِ الْفَلَانِی نام لے کر تین سو مرتبہ پڑھے اور ہاتھ پر دم کر کے سر کے نیچے ہاتھ رکھ کر مقصد ذہن میں رکھ کر سو رہے۔ اَلرَّحِیْمُ کو باوضو لکھ کر سر کے نیچے رکھ کر خاموشی سے سو رہے اور یہ کلمات کہے اَللّٰھُمَّ بِبَرَکَۃِ ھٰذَا الْاِسْمِ اَرِنِی فِی مَنَامِی o

5- استخارہ بذریعہ طلسم: (i) رات 12 بجے یہ طلسم لکھ کر بائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر باندھ کر سو رہے۔ تین سے سات یوم تک طلسم یہ ہے:

احد۲۵	المطا۳۵	مسطا۴۵	مسطر۵۵	اطلا۶۵
العوا۷۵	واد۸۵	امریکن۹۵	عطر۱۰۰	

(ii) یہ طلسم لکھ کر سرہانے کے نیچے باوضو رکھیں مخبر حال بتا دیگا:

علی	علی	لا	م	ع	لو	ماله	
حا	مهو	لفللاً	ع	ع	ع	د	ہ

بحوالہ شریعت الاسلام صفحہ 883 مجتہد علامہ سید محمد رضی مرحوم

6- استخارہ بذریعہ بسم اللہ شریف: بدھ، جمعرات، جمعہ کی شب سونے سے پہلے دو نفل بہ نیت استخارہ پڑھ کر 786 کی بجائے 787 مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھ کر بغیر ہمکلام ہوئے سو جائیں۔ اللہ کی طرف سے راہنمائی ہوگی۔ (بحوالہ کتاب بسم اللہ کی عظمت وافادیت صفحہ 67 مولانا حسن الہاشمی دارالعلوم دیوبند انڈیا)

7- استخارہ عجیب: جب سورج گرہن لگے تو دائیں ہاتھ کی انگشت شہادت کسی متقی پرہیزگار کی قبر پر رکھ کر بلاشمار بسم اللہ شریف پڑھتے رہیں۔ گرہن ختم ہو تو قبر ہذا سے کچھ مٹی اُٹھا لائیں گوشت ہمہ قسم بند گیارہ یوم تک 1100 مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ جب استخارہ کی ضرورت ہو تو پھر اس مٹی پر 1100 مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھ کر سرہانے رکھ کر سو جائیں۔ ہر چیز سے باخبر ہوگا۔ زیادہ سے زیادہ تین یوم۔ سٹہ اور ریس سے پرہیز ہی کریں تو بہتر ہے۔

8- استخارہ شادی منگنی بذریعہ علم الاعداد:

لڑکا مع والدہ + لڑکی مع والدہ + اعداد شادی 528 + یوم سوال فارسی کا مثلاً اتوار (یک شنبہ) کے اعداد کل مجموعہ کو دو پر تقسیم کریں۔ اگر ایک بچے تو رشتہ غیر مناسب، اگر کچھ نہ بچے تو رشتہ مناسب رہیگا۔

9- استخارہ و فال بزریعہ اعضائے انسانی (بروج):

اگر کوئی شخص بھلائی اور خیر سے آیا ہے تو عمدہ فال، اگر برائی کے ساتھ آیا ہے تو منحوس فال اگر نیک فعل دیکھا تو فال سعد اور محمود ہے۔ اگر فعل بُرا دیکھا تو فال منحوس ہے۔ انسانی حالت کسی وقت بھی حرکت سے خالی نہیں ہوتی اور یہ حرکت قلبی ارادہ سے ہوتی ہے۔ اسی طرح اگر کسی شخص نے اپنا ہاتھ کسی عضو یا دوسرے شخص کے عضو پر رکھا ہے تو اس عضو کو دیکھو اس عضو کا تعلق کس بروج سے ہے۔ اگر بروج سعد فال واستخارہ نیک اور بروج نحس سے منسوب ہو تو فال واستخارہ بھی نحس ہوگا۔ تو وہ کام پورا ہونے کی توقع نہ کرو۔

بروج اور کواکب کی نسبت اعضاء جسمانی سے

(i) **ستارہ زحل** منحوس ترین بائیں کان سے منسوب ہے اس کے دو بروج دلو، جدی۔ دلو منسوب طحال سے جدی منسوب دونوں پاؤں سے۔

(ii) **ستارہ مشتری** سعد ترین دائیں آنکھ سے منسوب۔ اس کے دو بروج قوس اور حوت۔ قوس جگر سے منسوب اور حوت دونوں گردوں سے منسوب۔

(iii) ستارہ مریخ منحوس درجہ دوم انسانی دائیں کان سے منسوب ۔اس کے بھی دو بروج ۱۔ حمل ۲۔ عقرب حمل منسوب ہے معدہ سے اور عقرب منسوب ہے اخراج بول و براز سے۔

(iv) ستارہ شمس : سعد ہے۔انسانی ناک کا دایاں نتھنا منسوب ہے۔انسانی سر قلب اور بدن کی اصلاح وفلاح اسی سے منسوب ہے۔

(v) ستارہ زہرہ: سعد ستارہ انسانی بائیں آنکھ سے منسوب ہے۔ اس کے دو بروج میزان اور ثور۔ میزان منسوب ہے پستان سے اور ثور منسوب ہے انثیین (مادہ،عورت)

(vi) ستارہ عطارد: انسانی منہ سے منسوب ہے۔اس کے بھی دو بروج سنبلہ اور جوزا۔سنبلہ پشت سے منسوب اور جوزا انسانی دونوں ہاتھ سے منسوب۔

(vii) ستارہ قمر: سعد ستارہ، انسانی ناک بائیں نتھنا یا کنسارہ اس کا برج ایک ہی ہے۔ سرطان پھیپڑا سے منسوب انسان کا سر پیٹ اس سے منسوب اور ذنب منحوس ہے۔

تجمل حسین 1 ۔رجانہ روڈ پیر محل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ
0332 6986026, 0333 4128131
email:tajammalhussain@hotmail.com

مجرب دُعاؤں سے مشکلات کا حل

دو سال سے امامیہ جنتری میں مجرب نسخے دیکر جو لوگوں کا مثبت رجحان دیکھا تو مزید چند نسخے قارئین کی خدمت میں پیش کر رہی ہوں تا کہ وہ اس سے مستفید ہو کر آغا افتخار حسین اور ان کے اہل خانہ کے لئے دعا گو رہیں۔

ہر مشکل اور پریشانی کا حل:

1۔ جمعرات کے دن سے سورہ یٰسین شروع کریں۔ گیارہ مرتبہ اوّل و آخر درود پڑھیں۔ سورہ یٰسین پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے مبین پر پہنچ کر دوبارہ شروع کرنا ہے اس طرح سات مبین تک شروع سے پڑھنا ہے اور بدھ کو ختم کرنا ہے۔

2۔ مولا مشکل کشا کی فوری ادائیگی کی نیاز مانیں اور جب مراد پوری ہو جائے تو اسی وقت مولا علیؑ کی نیاز کھڑے ہو کر دلا دیں۔

3۔ فجر کی نماز کے بعد دو رکعت نماز حاجت پڑھیں۔اس کے بعد ایک تسبیح درود کی پڑھنی ہے اور ایک تسبیح قُل ھُوَ اللّٰہُ کی پڑھنی ہے۔ پھر دعا مانگ کر ایک تسبیح درود کی پڑھنی ہے۔ جو دعا خلوص نیت سے محمدؐ و آلِ محمدؐ کے صدقے میں مانگیں وہ انشاء اللہ مستجاب ہو گی۔

برائے ایصال ثواب

سیّد تنویر الاسلام رضوی (مرحوم) ابن ڈاکٹر سیّد قمر الاسلام رضوی
مرسلہ: **بیگم تنویر الاسلام** 0321 5760631
051 5513912

نقش وسعتِ رزق

یہ نقش کئی سال سے عوام کو فیض یاب کر رہا ہے اور روزِ اوّل کی طرح آج بھی ڈیمانڈ ہے۔ اندرون اور بیرون ملک کے لئے یہ نقش فی سبیل اللہ ہے۔ میری صحت کے لئے دعا کریں۔

سیّدہ تحسین شیرازی 0333 4051214
K-B-T-32 ہاؤسنگ سوسائٹی نزد ڈیفنس لاہور

بخار کے لئے طلسم

جس شخص کو بخار آ رہا ہو۔اس طلسم کو پاک وصاف ہو کر لکھیں اور مریض کے سرہانے بغیر موم جامہ کیے رکھا جائے۔ مریض ٹھیک ہو جائے گا۔



ریاض حسین جعفری عامل کینال ریسٹ ہاؤس، تحصیل وضلع لیہ
موبائل: 0300 5036347, 0333 5765851

یا علیؑ مدد ۷۸۶/۱۱۰ یا صاحب الزمانؑ ادرکنی

مجرب المجرب عمل مولائے کائنات

خالق اکبر کے حضور لاکھوں سجدہ شکرانے اور ہزاروں درود وسلام محمدؐ و آل محمدؐ پر یہ فیض در سیدہؑ ہے کہ 2010ء کے آرٹیکل کو اعلیٰ ترین مقام بخشا ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے بے شمار عمل آپ کی نظر سے گزرے ہوں گے۔ لیکن اس مرتبہ نہایت آسان ترین عمل نذر قارئین امامیہ جنتری کرتی ہوں اور اس عمل کی ضمانت دیتی ہوں کہ محبت خلوص پاکیزگی اور شرائط سے یہ عمل پڑھنے والا ہرگز ہرگز محروم حاجت نہ ہوگا۔ ہر مقصد کے لئے یہ عمل مجرب المجرب ہے۔

ارشاد معصومؑ ہے کہ جو کچھ قرآن میں ہے۔ وہ تمام سمٹ کر سورۃ الحمد میں آیا جو کچھ سورۃ الحمد میں ہے وہ سمٹ کر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم میں آیا اور جو کچھ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم میں ہے وہ بسم اللہ کے ب میں ہے اور ب کا نقطہ یعنی بائے بسم اللہ باب علم ذات علیؑ ابن ابی طالبؑ ہے۔ مولائے کائنات کے فضائل اور بسم اللہ کے فضائل قلم لکھنے سے قاصر ہے۔ ان کے فضائل کا احاطہ کرنا قوت بشری کا کام نہیں۔ یہ پراسرار عمل قضائے حاجات کے لئے تیر بہدف ہے۔ خصوصاً جن بچیوں کے رشتے نہیں آتے یا آکر پلٹ جاتے ہیں۔ عمل درج ذیل ہے۔

2008 کی امامیہ جنتری میں:۔ جنات آسیب مرگی اور نظر بد: 2009 میں چہل کاف اور 2010 میں زائچہ سے بیماریوں کی تحقیق کے مضامین کی یہ چوتھی کڑی ہے۔ جادو ہے کیا اور اسکی حقیقت کیا ہے؟ جادو علوم شر کی وہ شاخ ہے جو عقل انسانی ونفسیاتِ انسانی کو براہ راست متاثر کرتی ہے۔ ایسا فرد جو سحرزدہ ہو وہ نفسیاتی طور پر خود کو مریض سمجھتا ہے اور درد تکالیف جسم میں جگہ بنا لیتی ہیں۔ خوف اور وسوسے سحرزدہ کو زیادہ ہوتے ہیں۔ اکثر خوابوں میں موذی جانوروں چھپکلی سانپ بچھو اور زہریلے وخونی جانور کتا بلی بھیڑیا اور کن کھجورے جیسے حشرات وجانور اور حرام پرندے چیل کوا اُلو کا نظر آنا وہ ظاہری علامتیں ہیں جو کہ جادوزدہ فرد کے خوابوں میں آتی ہیں۔ جسمانی طور پر بوجھ وزن گھٹن اور بدبو کا احساس تکالیف کا تواتر سے وقت مخصوص پر یا کسی خاص ستارے کی ساعت میں بار بار ہونا غصہ چڑچڑاپن ضد اور مایوسی ایسی علامات ہیں جو کہ فزیکلی سحر یا جادوزدہ فرد کے جسم میں محسوس ہوتی ہیں۔ 2010 کے مضمون میں جو علامات اور بیماریاں ستاروں کی منسوبات کے حوالے سے الگ الگ جداگانہ طور پر واضع کی گئیں وہی علامت اس ستارے سے منسوب سفلی شیاطین و موکلات یا جادو ہونے کی صورت میں سحرزدہ کے جسم میں پیدا ہوتی ہیں۔ ☆ **شمس**: سے منسوب سفلی موکلات و شیاطین اگر ساحر کسی فرد پر بزریعہ جادو مسلط کرتا ہے تو دل، پیٹ، سر، دماغ، جلد، عقل وشعور متاثر ہوتے ہیں۔ ☆ **قمر**: سے منسوب سفلی موکلات وشیاطین، تنفس، رسولیاں، دماغی وذہنی مسائل، الات بول اور خوف کو سحرزدہ پر مسلط کرتے ہیں۔ ☆ **مریخ**: سے منسوب سفلی موکلات و شیاطین خونی امراض، حرارت بدنی میں بدلاؤ، نسیں اور نسوں کا جسم میں اکٹھا ہونا، پٹھے، بلڈ پریشر اور غصہ کو سحرزدہ پر مسلط کیا جاتا ہے۔ ☆ **عطارد**: سے منسوب سفلی موکلات وشیاطین ،اعصابی دردیں ونظام، متحرک دردیں، نسیان یادداشت کی کمزوری، بادی تکالیف، سحرزدہ پر جادو کرنے والا مسلط کرتا ہے ☆ **مشتری**: سے منسوب سفلی موکلات وشیاطین، گھٹن، ریڑھ کی ہڈی میں دردیں، سر میں اور دماغ میں جکڑن اور رعد کی سی کیفیات سحرزدہ پر مسلط کی جاتی ہیں۔ ☆ **زہرہ**: سے منسوب سفلی موکلات و شیاطین، مادہ تولید اور بندش اولاد، بے راہ روی عیش ونشاط ومنشیات کے ساتھ عورت بازی کی کیفیات جادو کے ذریعہ سے مسلط کی جاتی ہیں۔

☆ **زحل**: ہڈیاں جوڑ، کہنہ وپیچیدہ امراض، کینسر السر ہڈیوں میں تکالیف جادو سے ہوجاتی ہیں۔ ایسا اکثر سائلوں کے ساتھ دیکھنے میں آتا ہے کہ مریض کو جسمانی عارضے تو ہیں لیکن جدید میڈیکل کی تمام رپورٹس اُن علامات کی نفی کرتی ہیں۔ اور مرض تشخیص کرنے سے قاصر ہوتی ہیں۔ میں نے ان تمام سائلوں کا مشاہدہ کیا اور ان میں درج بالا تکالیف کو منسوبی ستاروں کی ساعتوں میں آنے والے سائلوں میں اکثر صد فی صد تک دیکھا ہے۔ میں جادو شکنی کے لئے صدقات اور منسوبہ ستاروں کی الواح اور نقوش سے ہی ایسے سائلوں کا علاج کرتا ہوں۔ ایسے افراد جو کہ ساڑھ ستی سے متاثر ہوتے ہیں یا زحل زائچہ میں دورا اکبر یا دور اصغر میں ہو تو ایسے افراد پر جادو ٹونہ اور حسد کے کئی ایک وار ہوتے ہیں۔ بقول استاد محترم زحل کی نحوست بذات خود ایک چلتا ہوا جادو ہے۔ روزی اور روزگار کی بندش فی زمانہ ایسا عمل ہے جو ہر حاسد اپنے دشمن پر کرنے سے گریز نہیں کرتا۔ کسی کو ذلیل وخوار کرنا ہو تو اسکی معیشت کے راستے بند کردو وہ انتہائی مجبور ہوجائیگا۔

سال 2011 اس حوالے سے زیادہ خوش نصیب بھی ہے کہ اس سال چھ ستارے، شمس، قمر، عطارد، زہرہ، اور مریخ اور زحل شرف یافتہ ہونگے۔

Scanned with CamScanner

سوائے مشتری کے۔ مشتری کا شرف انشاء اللہ 2014 میں متوقع ہوگا۔ ان شرفات سے استفادہ کرنے والے افراد کو چاہئے کہ ایک مشترکہ نقش ترتیب دیں جس میں چھ ستاروں کے شرفات میں ایک ہی مقصد کے لئے شرف بنایا جائے یا اگر آپکی تاریخ پیدائش درست ہے تو اپنے زائچہ کے مطابق جو ستارہ جن منسوبات زندگی سے منسلک ہو ان معاملات زندگی کے لئے معقول اور مناسب آیات سے ہر ستارے کے شرف کا نقش ایک ہی پلیٹ پر الگ الگ ترتیب دیں۔ اور چھ ستاروں کے شرف کی ایک ہی مشترک لوح ترتیب دے لیں۔ جو کہ آپ کے زائچہ میں موجود ستاروں کی منسوبات کو مدنظر رکھ کر بنائی جائے تا کہ آپ کارہائے زندگی میں کسی رکاوٹ سحر جادو کو توڑتے ہوئے اپنا کام باحسن وخوبی انجام دے سکیں۔ نقش اس طرح بنانا ہے میں مثال سے واضح کردیتا ہوں۔

نام سائل۔ غلام رضا عسکری بن **1116** کل اعدا۔ **3600** ان اعداد کو بحیثیت سائل کے الگ لکھیں ہر ستارے کے شرف میں ان کا شمار ہوگا۔ سائل کا طالع برج **15.01.1971** کے حساب سے جدی بنتا ہے لہذا پہلا گھر عزت وقار کامیابیوں کے لئے دوسرا کشائش کے لئے۔ حاکم ستارہ پہلے اور دوسرے گھر کا زحل بنتا ہے۔ آیت۔ **اِفۡتَحۡ اَبۡوَابَ فَتۡحِکَ لِیۡ یَا مُفَتِّحَ الۡاَبۡوَابَ ۃ** اعداد **1631+3600=4231**

تیسرا گھر قریبی تعلقات ہمسایہ وچھوٹے بہن بھائیوں کے حوالے سے بارہواں گھر خفیہ تعلقات دشمنوں کے حوالے سے۔ ستارہ مشتری دونوں گھروں کا حاکم۔ آیت لی۔ **وَ اَصۡلِحُوۡا بَیۡنَ اَخَوَیۡکُمۡ ۃ** اعداد **881+3600=4481** ☆ چوتھا گھر حمل اور گیارہواں گھر عقرب ہے حاکم ستارہ مریخ ہے۔ چوتھا گھر گھریلو امور زمین جائداد زراعت اور گیارہواں امید وخواہشات دوست احباب کا ہے۔ سورۃ طلاق کی آیت نمبر 2 کے اعداد لئے اور جذب القلب کے لئے آیت **وَ اِلٰـهُکُمۡ اِلٰـهٌ وَّاحِدٌ لَاۤ اِلٰـهَ اِلَّا هُوَ الرَّحۡمٰنُ الرَّحِیۡمُ** **885+2389+3600=6874** پانچویں اولاد انعام عشق محبت اور دسویں کام کاروبار عزت شرف کیریئر کا گھر دسواں میزان دونوں کا حاکم زہرہ

ہے۔ اولاد کے لئے آیت **رَبِّ هَبۡ لِیۡ مِنۡ لَّدُنۡکَ ذُرِّیَّةً طَیِّبَةً اِنَّکَ سَمِیۡعُ الدُّعَآءِ** اور عزت ورفعت کے لئے آیت **یَا اِلٰـهَ الا لهة الرَّفِیۡعُ جَلَالُهٗ** اعداد آیات لئے۔ **974+2531+3600=7105** ☆ چھٹے جوزا اور نویں سنبلہ کا حاکم عطارد ہے ملازمین نوکری صحت دشمنوں پر غلبہ چھٹے اور علم وفضل دین اور اعلیٰ تعلیم قسمت نویں گھر سے منسوب ہے۔ آیات **سَلَامٌ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِیۡمٍ ۃ** اور غلبہ کے لئے **وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰۤی اَمۡرِهٖ ۃ** اعداد آیات۔ **817+1461+3600=5878** ہوگا۔ ساتویں زوجہ سماجی و معاشرتی تعلقات اور سکول کالج لائف کا گھر ہے ستارہ قمر برج سرطان بنتا ہے۔ سورۃ آل عمران کی آیت **14 زین للناس .. تا ....** **وَاللّٰهُ عِنۡدَهٗ حُسۡنُ الۡمَاٰبِ ۃ** اعداد لئے۔ **9158+3600=12758** شمس آٹھویں کا حاکم موت خوف نقصان وراثت اور زوجہ سے مالی فوائد کا حصول آیت لی۔ سورۃ نور آیت **330** کے اعداد لئے۔ **2186+3600=5786** بنے۔ ہر ستارے کے شرف میں جب آپ اعداد بھریں گے تو کل میزان کو **12** سے تقسیم کرینگے اور حاصل کو پہلے خانہ میں رکھیں اور ہر خانہ میں دوگنا کر کے لکھیں جبکہ کسر جو بھی بچے گی وہ آپ خانہ نمبر چھ میں اضافہ کردینگے تو میزان آجائے گا۔ میں نے یہاں مثال میں مختلف منسوبات کے لئے مختلف آیات کا انتخاب کیا ہے اگر آپ کو اپنی تاریخ پیدائش یاد نہ ہو تو یا کسی خاص مسئلے سے آپ دوچار ہیں جیسے جادو سحر عملیات و سفلیات تو آپ چھ کے چھ ستاروں کے نقوش ایک ہی مقصد رکھ کر پُر کریں۔ انشاء اللہ کسی بھی قسم کا سحر یا جادو آپ پر اثر انداز نہ ہوگا۔ اور **2011** کے چھ شرفات کی برکت سے آپ ہر ستارے سے منسوب سفلی وعلوی موکلات و شیاطین سے مقابلہ کے لئے ایک ہی جامع اور پر اثر نقش اپنے پاس رکھیں گے۔ ستاروں کے شرفات کے اوقات امامیہ جنتری میں دیئے گئے ہیں صرف زحل کے اوقات میں یہاں دے رہا ہوں۔ چونکہ زحل کا شرف شمس سے قران کی وجہ سے ناقص الاثر ہے لہذا تثلیث اور تسدیس شمس کی جو زحل سے بنے گی ان اوقات میں آپ زحل کے نقوش بنائینگے تو شرف کی قوت کا کمال آپکو نقوش

میں دیکھنے کو ملے گا۔ اس نقش کی پشت پر درمیان میں ایک خانہ بنائیں جس میں مشتری کے آنے والے شرف پر نقش کندہ کرلیں۔ اور اسی نقش کے اطراف ساتھ ہر ستارہ کے طلسم کے لئے الگ الگ خانہ بنائیں جو کہ آپکو شرف کے اوقات میں لکھنا ہونگے۔ اسطرح سے یہ نقش مکمل کرلیں۔ تمام ستاروں کے شرف وہبوط کے اوقات امامیہ جنتری میں دیئے گئے ہیں۔ جنتری سے استفادہ کریں اور زحل کے نقوش بنانے کے لئے آپکو 02.08.2011 12.20 سے لیکر 06.08.2011 19.26 منٹ کا وقت۔ اور تثلیث کا وقت 12.55 31.05.2011 سے لیکر 02.06.2011 14.25 منٹ تک ہوگا۔

۷۸۶

۱۰۶۳	۸۵۰۶	۳۱۸۹
۵۳۱۵	شرف قمر	۷۴۴۳
۶۳۸۰	۴۲۵۲	۲۱۲۶

۷۸۶

۴۸۲	۳۸۵۸	۱۴۴۶
۲۴۱۰	شرف شمس	۳۳۷۶
۲۸۹۴	۱۹۲۸	۹۶۴

۷۸۶

۳۵۲	۲۸۲۳	۱۰۵۶
۱۷۶۰	شرف زحل	۲۴۷۱
۲۱۱۹	۱۴۰۸	۷۰۴

۷۸۶

۵۷۲	۴۵۸۶	۱۷۱۶
۲۸۶۰	شرف مریخ	۴۰۱۴
۳۴۴۲	۲۲۸۸	۱۱۴۴

۷۸۶

۴۸۹	۳۹۲۲	۱۴۶۷
۲۴۴۵	شرف عطارد	۳۴۳۳
۲۹۴۴	۱۹۵۶	۹۷۸

۷۸۶

۵۹۲	۴۷۴۷	۱۷۷۶
۲۹۶۰	شرف زہرہ	۴۱۴۵
۳۵۵۳	۲۳۶۸	۱۱۸۴

قارئین امامیہ جنتری چھ ستاروں کا شرف ایک سال میں بہت کم آتا ہے۔ اس موقع سے ضرور فائدہ اٹھائیں۔ توفیق ہو تو چاندی پر لوح بنا کر پاس رکھیں جو کہ کافی لمبے عرصہ تک محفوظ رہتی ہے۔ یا پھر ہرن کی جھلی پر بنائیں اور اتنا بھی نا ہو تو مشک وزعفران سے سنہرے کاغذ پر بنا کر تیار کریں۔ شرف سیارگان کی تاریخوں کے حساب سے نقش ستارہ کا صدقہ دیکر پُر کرتے جائیں اور تا وقت کہ شرف زحل کا پُر کرلیں۔ جنوری میں مریخ کے شرف سے آغاز کریں۔ میں نے کوئی پیچیدہ امر اس نقش میں پوشیدہ نہیں رکھا تاہم اگر سمجھ نا آسکے تو جوابی لفافہ بھیج کر پوری تفصیل منگوالیں۔

غلام رضا عسکری اعوان

نواب شاہ
آسٹرولوجی ہاؤس 2146/129
کیمپ نمبر 2 نواب شاہ (شہید بینظیر آباد)
سندھ پوسٹ کوڈ 67450

کراچی
L-1057 سیکٹر 5-B1
نارتھ کراچی

Ph: 0300 3210024, 0333 7014915
Email: jafar_e_naajaf@yahoo.com

نقش برائے ادائیگی قرض

آیت مقصودہ کا نقش ذوالکتابت ساعت مشتری میں بروز جمعرات اور عروج قمر میں لکھے جب کہ قمر تمام نحوسات سے پاک ہو۔ مشتری کے سعد نظرات ہوں۔ حامل لوح کو غائب سے مدد ملے گی تھوڑے عرصے میں وہ غنی ہو جائے گا۔

(آیت سورۃ تغابن میں ہے) ۷۸۶

۲۸۴۳	۲۴۴۱	۶۸۶	۲۱۶۴
ان تقرضوا اللہ قرضاً حسنا	یضعفہ لکم ویغفر لکم	واللہ شکورٌ حلیمہ	عالم الغیب والشہادۃ العزیز الحکیم
۶۸۷	۲۱۶۳	۲۸۴۴	۲۴۴۰
۲۱۶۲	۶۸۴	۲۴۴۳	۲۸۴۵
۲۴۴۲	۲۸۴۶	۲۱۶۱	۶۸۵

دفق ۸۱۳۴

نقش برائے شفائے امراض

عدد اس لوح شریف کے اسی رفتار سے پُر کر کے بازوئے راست یا سر پر باندھیں انشاءاللہ کوئی بھی مرض جس سے صحت نہ ہوتی ہو تو شفا کامل ہوگی۔ لوح تیار کرنے کے بعد ذیل کی عبارت، اشکال اور اسمائے اعظم لکھے جو یہ ہیں:۔

الھم اشف بشفائک العام
التام الشریف الفاضل الکامل
علینا بحرمت ھذا المربع الذیٔ
ادرج فیہ الاسم الآعظم العجل
الساعۃ الوحا احیا اشرا ھیاً

۷۸۶ — دفق ۶۷۳۴

اللہ ۴ / ۶۶	یشفے ۱۱ / ۴۰۰	عبدہ ۱۴ / ۸۱	بلطفہ ۵ / ۱۳۶
۶ / ۱۲۷	۱۳ / ۸۰	۱۶ / ۴۰۱	۳ / ۶۵
۹ / ۳۹۸	۲ / ۶۴	۷ / ۱۲۸	۱۶ / ۸۳
۱۵ / ۸۲	۸ / ۱۲۹	۱ / ۶۳	۱۰ / ۳۹۹

ھ ھ ھ ھ ھ د د د د // X ، ، ، ، ، ، ، ☆ د ھ ص م ہ اا آ م ⌸ اااا ھ

زوار سیدہ قرۃ العین نقوی معرفت گلوبل اکیڈمی، ریلوے روڈ، بہاولپور
صرف خواتین رابطہ کریں 0303 5980067

علاجِ بندش

ڈاکٹر ریاض الرحمٰن
چکوال

قارئین:۔ ارادہ تو تھا کہ کسی علم کو موضوع بحث بناتا مگر لوگوں کے سوالوں نے اتنا پریشان کر دیا کہ اصل موضوع کو بھول گیا۔ بندش کا الاپنا ہر فرد کا وظیفہ ہے۔ کاروبار میں بندش، شادی نکاح میں بندش، اولاد میں بندش، جائداد کی تقسیم میں بندش، اشیاء کی خرید و فروخت میں بندش، آخر اتنی بندشیں کیوں؟

اس کا جواب میرے ذہن میں صرف اور صرف ایک ہے کہ انسان ضعیف الاعتقادی کا شکار ہے۔ اپنے کیے کو کچھ سمجھتا نہیں۔ دوسروں کو موردِ الزام ٹھہرانا اس کی عادت ہے۔ حالانکہ بقول امام غزالی کے "برا انسان اپنے گرد لکڑی کا تانا بانا بناتا رہتا ہے جس کا اسے علم نہیں ہوتا کیونکہ جالے میں ہوا کے جھونکے، پھولوں کی خوشبو، ستاروں کا نور، سورج کی تپش ملتی ہے۔ جونہی جالا گہرا اور مضبوط ہو جائے تو انسان اس میں گھر جاتا ہے۔ اسے ہوا نہیں ملتی جس کی وجہ سے اس کا دم گھٹنے لگتا ہے۔ پھولوں کی مہک کی جگہ بدبو آنے لگتی ہے اور تفکرات کے سائے میں گھر کر نیم حکیم کے پاس جاتا ہے جو اسے وہم میں ڈال کر اسے لوٹنے کی کوشش کرتا ہے۔ لٹ جانے کے بعد یہ کسی پیر، فقیر اور ماہر عالم کو ڈھونڈتا ہے جو اسے سمجھاتے ہیں، دلاسہ دیتے ہیں۔ اسے وہ چوکھٹ بتاتے ہیں جہاں خزانے ہی خزانے ہیں۔ آیئے استخارہ کے ذریعہ معلوم کرتے ہیں کہ بندش ہے یا نہیں؟

استخارہ کا طریقہ:

باوضو ہو کر بعد نماز ظہر قبلہ رُخ ہو جائیں 6 پرچیاں ایک سائز کی کاٹ لیں اور انہیں ملا لیں۔ تین پر "بندش" لکھیں اور تین پر "کشود"۔ دو رکعت نماز نفل پڑھ کر اَسْتَخِیرُ اللّٰہَ بِرَحْمَتِہٖ خَیْرَۃً فِی عَافِیَۃٍ ۲۱ بار پڑھیں۔ اور ہاتھ پر دم کر کے ملی ہوئی پرچیوں میں سے چار پرچیاں اُٹھا لیں۔ اگر تین پر بندش لکھا ہے تو یقیناً بندش ہے اور نہ لکھا ہو بلکہ کشود لکھا ہو تو آپ کی "تقدیر" کھلی ہے۔ اگر دو پر بندش یا دو پر کشود لکھا ہے تو ایک پرچی اور اٹھا لیں۔ ان کے مطابق عمل کریں۔

بندش کا توڑ:

1۔ ۱۱ مرتبہ درود شریف
2۔ ۱۱ مرتبہ الحمد شریف 3۔ ۴۱ مرتبہ آیت الکرسی
4۔ ۱ مرتبہ سورہ یٰسین 5۔ ۳ مرتبہ قل یا ایھا الکافرون
6۔ ۳ مرتبہ تینوں قل 7۔ ایک مرتبہ الم سے لے کر ھم المفلحون
8۔ دوبارہ الحمد شریف ایک مرتبہ

یہ عمل روزانہ کریں پانی پر دم کر کے مکان، دکان پر چھڑکیں۔ جانوروں کو پلائیں، مریض کو پلائیں۔ انشاء اللہ ۱۱، ۲۱، ۳۱، ۴۱ دن میں بندش ختم ہو جائے گی۔

ڈاکٹر سید ریاض الرحمٰن (حیدری ملنگ) نقوی البھاکری
حجرہ حیدری ملنگ MCB 17/596 محلہ رحمانیہ، چکوال
فون: 0543 554493 موبائل: 0313 5660699

نسخہ جات تیرِ بہدف

نمبر 1: جوڑوں کے درد کے لئے:

اشیاء: تخم حرمل 10 تولہ سورنجان شیریں 5 تولہ
سورنجان تلخ 5 تولہ

ترکیب: ان سب کو سفوف بنا لیں۔ پھر اس پر سورۃ ابراہیم کی آیت 25 سے 26 تک (وَ مَثَلُ کَلِمَۃٍ سے مِنْ قَرَارٍ تک) 900 مرتبہ پڑھ کر دم کر لیں۔

خوراک: 2 ماشہ صبح، دوپہر، شام تازہ پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔ دوران خوراک دودھ کا استعمال ضرور کریں۔

نمبر 2: لیکوریا کا شرطیہ علاج:

نسخہ: صندل کا بورہ 2 تولہ مائیں 2 تولہ
کتھا 2 تولہ موچرس 2 تولہ

ان تمام چیزوں کو پیس کر سفوف بنا لیں اور 6 ماشہ صبح نہار منہ شربت انار کے ساتھ 14 دن استعمال کریں۔ اس کے ساتھ ساتھ املی کے بیج ضرور کھائیں۔ ضروری ہے کہ اس تمام دوائی پر سورۂ بقرہ بمع الحمد شریف کے دم کریں۔

نمبر 3: دمہ کے مرض کے لئے:

نسخہ: باجرہ 1 پاؤ
طباشیر آسمانی رنگ کی (انڈیا والی) 50 تولہ

ترکیب: دونوں کو باریک سفوف بنا لیں اور اس پر ھوالشافی 5000 مرتبہ پڑھ لیں۔ پھر یہ سفوف کسی بوتل میں محفوظ کر لیں۔ ایک ماشہ صبح، شام پانی کے ساتھ مسلسل 21 دن کھائیں۔ پانی ہمیشہ گھڑے (مٹکے) کا استعمال کریں۔

اکسیر نسخہ برائے عارضہ قلب

1- ایک چائے کا کپ ادرک کا رس۔ 2- ایک چائے کا کپ لہسن کا رس۔ 3- سیب کا اصلی دیسی سرکہ ایک کپ۔ 4- بیری کا شہد ایک کپ۔ 5- لیموں کا رس آدھا کپ۔ سارے اجزاء مکس کر کے رکھ لیں اور دو ٹیبل سپون (کھانے والے چمچے) آدھا گلاس پانی میں گھول کر صبح، دوپہر اور شام کھانے کے بعد دُرود شریف اور ھوالشافی کا ورد کر کے استعمال کریں۔ انشاء اللہ مولا کی برکت سے شفاء ہوگی۔ جوڑوں کے درد، شوگر اور زخم کیلئے Aloevera (گھیکوار) کا گودا کھائیں اور زخم پر لگائیں۔ انشاء اللہ بہت فائدہ ہوگا۔

ڈاکٹر میجر مسز کاظمی راولپنڈی
0333 5234125, 0333 6213612

علامہ سیّد حسن عسکری نقوی
(مشہد مقدس)

دِل کا علاج زُبرُ بیّنات کی روشنی میں

دِل کا علاج زُبر کی روشنی میں

دل انسان کے بدن کا ایک اہم ترین حصہ ہے، کہ جو انسان کو ایک لمحے کے لئے بھی تنہا نہیں چھوڑ سکتا۔ جب تک ربّ العالمین کی مرضی ہے یہ حصّہ آپ کے بدن کو چلاتا رہے گا۔ ایک لمحے کے لئے بھی اس کی حرکت کا بند ہونا انسان کو دوسری دنیا میں پہنچا سکتا ہے۔ انسان کے وجود کی ابتدائی منازل میں سب سے پہلے دل اور دماغ کی خلقت ہوتی ہے اور اس کے بعد باقی اعضاء و جوارح معرض وجود میں آتے ہیں اور دل وہ جگہ ہے جس کے لئے ربّ العزت کا حدیث قدسی میں فرمان ہے کہ نہ میری گنجائش آسمانوں میں ہے اور نہ ہی زمینوں میں ہے بلکہ میں تو مومن کے دل میں رہتا ہوں۔ دل اللہ کا گھر ہے۔ ہر مومن کے دل میں سیّد الشہداء کی قبر ہے (قُلُوْبُ مَنْ وَّالَاهُ قَبْرُهُ) جو امام حسینؑ سے محبت کرتے ہیں اُن کے دل میں امام حسینؑ کی قبر ہے۔

دل اس بدن کا قُطب ہے اور امام اس عالم امکان کا قُطب ہے۔ بدن ایک لمحے کے لئے بھی دل کے بغیر نہیں رہ سکتا، اسی طرح عالم ایک لمحے کے لئے بھی امامؑ کے بغیر نہیں رہ سکتا۔ دل بدن کا فرمانروا ہے اور امام اس عالم کا فرمانروا ہے۔ بدن کے کسی بھی حصّے میں اگر کوئی خوشی ہو یا غمی ہو، اذیت ہو یا تکلیف، فوراً دِل کو خبر ہوتی ہے اسی طرح اِس عالم امکان میں کوئی ردّ و بدل ہو تو فوراً دِل کو خبر ہوتی ہے۔ (دِل کا تعلق) قطب عالم امکان، حلال مشکلات، لنگر زمین و آسمان۔ سرّ اللّٰہ فی العالمین، اسد اللہ الغالب، غالب علی کل غالب، المطلوب لکل طالب، امام المشارق والمغارب، الذی حبه فرض علی الحاضر والغائب امیر المومنین علی ابن ابی طالب علیه الصّلوٰة والسلام کے ساتھ ہے۔

دل کی بیماریاں تین حصّوں میں تقسیم ہیں جن میں سے کچھ امراض سے پہلے، کچھ درمیان میں اور کچھ بعد میں۔

(۱) دل کی بیماریوں سے بچنے کے لئے عمل۔ (۲) دل کا بڑھ جانا، یا دل کا کمزور ہو جانا، یا دل کا ضعیف ہو جانا، یا رگوں کا بندھ جانا۔ (۳) ہارٹ اٹیک کے بعد یا انتہائی خطرناک حالت میں۔ عمل: دن میں کسی بھی نماز کے بعد اس عمل کو انجام دے سکتے ہیں۔ دنوں کی بھی قید نہیں ہے۔ یعنی ہمیشہ انجام دیں۔ پہلے دو رکعت نماز امیر المومنینؑ کو ہدیہ کریں۔ اس کے بعد دل پر ہاتھ رکھ کر **(110)** مرتبہ صلوٰت، اس کے بعد **(3)** مرتبہ نادِ علی۔ آخر میں پھر **(110)** مرتبہ صلوٰت امیر المومنین کی خدمت میں ہدیہ کریں اور پانی پر دم کر کے پی لیں۔ کھانے پینے میں احتیاط اور گناہوں سے اجتناب ضروری ہے۔

دِل کا علاج بیّنات کی روشنی میں

بیّنات کی روشنی میں اسم امیر المومنینؑ کا عمل (۲۱) دن کا ہے۔ مغرب کی نماز کے بعد سے لے کر فجر کی نماز سے پہلے تک اس عمل کو انجام دینا زیادہ بہتر ہے۔ پہلے دو رکعت نماز ہدیہ امیر المومنینؑ ادا کرنی ہے۔ اس کے بعد (۲۱) مرتبہ درود شریف کی تلاوت کریں اور (۱۰۲) مرتبہ **یَا اَمِیْرَ الْمُؤمِنِیْنَ یَا عَلِیُّ ابْنَ اَبِیْ طَالِبٍ اَدْرِکْنِیْ** کا ورد کرنا ہے۔ اس کے بعد (۲۱) مرتبہ درود شریف کی تلاوت کرنی ہے۔ آخر میں سجدے میں جا کر (۱۰۰) مرتبہ صلوات جناب زہرا مرضیہؑ کو ہدیہ کرنی ہے۔ اور پھر پانی کے گلاس پر دم کر کے پانی پینا ہے۔ انشاء اللہ العزیز شفا کامل ہوگی۔

Scanned with CamScanner

دِل کا علاج زُبر بیّنات کی روشنی میں

سرکار امیر المومنین علیہ السّلام کے زُبر اور بیّنات کے عدد (۲۱۲) بنتے ہیں۔ خطرناک حالت میں گذشتہ عمل نمبر ۲ کو انجام دینا ہے۔ عمل وہی ہے اب عمل کی تعداد (۲۱۲) ہوگی۔ یقین کامل کے ساتھ اس عمل کا انجام دینا بیماری سے شفایابی کی ضمانت ہے۔ بیماری سے شفایابی کی صورت میں شکرانے کی خاطر نماز ہدیہ کرنا، مجلس عزا کروانا، نیاز دلوانا، قرآن ہدیہ کرنا مت بھولیں۔

زُبر اور بیّنات سے ہٹ کر ہم ذرا کچھ بزرگانِ دین کے فرامین کی طرف دیکھتے ہیں:

مرحوم آیت اللہ میرزا حبیب اللہ شریف کاشانیؒ ارشاد فرماتے ہیں کہ ایک بزرگوار نے فرمایا ہے کہ میں نے (۵۱) مرتبہ (یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ) کا ورد کیا اور سو گیا۔ عالم خواب میں رسولِ اکرمؐ کی زیارت سے مشرف ہوا۔ رسولِ اکرمؐ سے میں نے درخواست کی کہ یا رسول اللہ مجھے ایسی چیز کی تعلیم دیں کہ جس سے میرا دل زندہ ہو جائے (بیماریاں دور ہو جائیں) تو آپؐ نے فرمایا: اس دُعا کو روزانہ (۴۱) مرتبہ پڑھا کرو۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَسْئَلُکَ اَنْ تُحْیِیَ قَلْبِیْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِکَ اَبَدًا یَا اَللّٰہُ

مخزن تعویذات میں علّامہ نقش بندی تحریر فرماتے ہیں کہ اگر آیت الکرسی کو پاک برتن پر تین بار لکھ دیا جائے اور اس کے بعد دھو کر پی لیا جائے تو دل کی ہر بیماری کی اس میں شفا موجود ہے۔ اور اس کے علاوہ سورۃ الم نشرح دل کے لئے مفید اور مجرّب ہے۔ سیب کا سرکہ بھی دل کے لئے اکسیر اعظم ہے۔ ان سب کے علاوہ (آبغورہ) کچے انگوروں کا پانی بھی دل کے لئے موثر ہے۔ ایران میں یہ مخصوص بوتلوں میں تیار ملتا ہے۔ پروردگار عالم تمام مومنین کو ہر قسم کی بیماریوں سے محفوظ رکھے۔ آمین یاربّ العالمین۔

علامہ سیّد حسن عسکری نقوی (مشہد مقدس) فون ایران: 0098 5112210917 فون پاکستان: 0300 8104565

خودکش حملے، تخریب کاری، مومنین کے جلوس اور عید میلاد النبیؐ کے جلوس کے تحفظ کے لئے

گذشتہ سال مولائے کائنات کی شہادت کے موقع پر مومنین کے جلوس میں خودکش حملہ ہوا۔ مساجد، امام بارگاہیں اور دربار داتا صاحب غرضیکہ کوئی جگہ ظالموں سے محفوظ نہیں۔ گھر سے نکلتے وقت، جلوس میں، مساجد میں ہر مسلمان اس وظیفہ کا ورد جاری رکھے۔ انشاءاللہ محفوظ رہیں گے۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُکَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَ نَعُوْذُبِکَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَ نِعْمَ الْوَکِیْلُ

بلا تعداد ہر قسم کی روحانی جسمانی بیماریوں سے نجات، رزق میں خوشحالی فراخی، فتوحات۔ مخالفین حاسدین سے تحفظ۔ بانجھ پن وغیرہ کے لئے مجرّب لوحات جو شرف آفتاب، ۲۷ رجب آخری جمعہ رمضان، شرف قمر کی خاص لوحات، گھروں، کارخانوں، دکانوں، ہوٹلوں میں خیر و برکت، دفاتر کے لئے خاص قسم کی لوح محدود تعداد میں دستیاب ہیں۔ پاس رکھنے کی لوحِ عظیم ۱۱ نقوش پر مشتمل مشک زعفران سے تیار شدہ جس پر کوئی تیر تفنگ خودکش حملہ اثر انداز نہیں ہوتا۔ وزراء ممبران قومی و صوبائی اسمبلیوں کے لئے ایک مکمل نسخہ کیمیا، شائقین و ضرورت مند حضرات کے لئے انتہائی محدود نقوش دستیاب ہیں۔

معالج روحانی فرد آل محمدؐ سیّد بغداد علی شاہ موسوی علی الرضوی سجادہ نشین ٹھنڈی باں سیّداں فتح پور تھکیالہ کوٹلی آزاد کشمیر فون: 05826 403072

Scanned with CamScanner

مطب:
حیدر روڈ
اسلام پورہ لاہور

معدے اور آنتوں کے زخموں (السر) کا مستقل علاج

از قلم:
حکیم غضنفر مہدی

بطفیل محمد و آل محمد قارئین امامیہ جنتری سے مسلسل رابطے کا ساتواں سال ہے۔ امسال میں معدے اور آنتوں کے زخموں (السر) جسکے ایک اندازے کے مطابق صرف پاکستان میں تین کروڑ کے قریب مریض موجود ہیں کا علاج تحریر کر رہا ہوں۔

ہمارے جسم کا اندرونی نظام ایک توازن پر قائم ہے معدے کا اس میں بڑا اہم کردار ہے معدے میں جب خوراک پہنچتی ہے تو معدے میں موجود تیزاب، نمک اور پیپسین غذا کو ہضم کے قابل بنا کر چھوٹی آنت کے حوالے کرتے ہیں انجذاب اور ہضم کا عمل چھوٹی آنت میں ہوتا ہے چھوٹی آنت میں موجود سوڈا بائی کارب غذا کی تیزابیت کو ختم کرتا ہے یعنی اگر معدے اور چھوٹی بڑی آنتوں میں موجود خلیے ہضم کے لئے تیزاب پیدا کرتے ہیں تو اس تیزاب کے منفی اثرات کو زائل کرنے کے لئے خلیے حفاظتی مادے کا افراز بھی کرتے ہیں جب تک یہ توازن قائم رہے انسان تندرست رہتا ہے اور جب معدہ اور آنتوں کے اس توازن میں بگاڑ پیدا ہوتا ہے تو حفاظتی مادوں کی کمی یا عدم توازن سے معدے کی دیواروں اور آنتوں میں سوڈا بائی کارب کے افراز کی کمی سے زخم بننا شروع ہو جاتے ہیں اگر شروع میں کنٹرول نہ کیا جائے تو یہی زخم السر کی شکل اختیار کر لیتا ہے معدے کے السر کو Gastric Ulcer، چھوٹی آنت کے السر کو Doudenal Ulcer اور دونوں کے مشترکہ السر کو Peptic Ulcer اور غذا کی نالی میں ہونے والے السر کو Esophageal Ulcer کہتے ہیں۔

اسباب السر کی اہم وجوہات میں تیز مرچ مصالحوں کا بکثرت استعمال، ہر وقت کی ذہنی پریشانی، ناقص غذائی اشیاء کا استعمال، جراثیم آلود پانی، ہضم کے فعل میں فتور اور سب سے اہم ہیلی کوبیکٹر پائلوری نامی جرثوے کا معدے میں پہنچ کر اس کی اندرونی سطح سے چپک جانا شامل ہیں۔

علامات پیٹ میں شدید درد کا احساس ہونا بعض میں چھونے سے بھی درد ہونا، سینے میں جلن، منہ سے رال بہنا، منہ میں کھٹا پانی بھر آنا، خالی معدے درد کا شدت اختیار کرنا، مریض کی زبان کا سرخی مائل چمک دار ہو جانا شامل ہیں۔ مرض کی تشخیص بذریعہ بریم اور اینڈوسکوپی آسانی سے ہو جاتی ہے۔

ہوالشافی گز برہ، صندل احمر، گل کرنب الماء، زرنباد، گل لسان الثور، گل احمر، مفرح القلب، آملہ، قاقلہ صغار، طباشیر، ایک ایک تولہ لے کر شہد سہ چند ملا کر معجون تیار کریں۔ **مقدار خوراک** دو تا تین گرام ہمراہ پانی

ہوالشافی دانہ قاقلاں صغار، گل سرخ، جلنار، گل دھاوا، کڑ چھال دو دو تولہ لے کر سفوف بنائیں **مقدار خوراک** دو تا تین ماشہ ہمراہ پانی

ہوالشافی آملہ مصفیٰ، رازیانج، قاقلاں کلاں، سوڈا بائی کارب، علک رومی، نبات سفید ہم وزن لے کر سفوف بنائیں **مقدار خوراک** دو گرام ہمراہ دودھ

گزشتہ چھ سالوں سے امامیہ جنتری میں درج کئے گئے یقینی بے خطا مجربات مع جدید اضافات تیار کورس کی شکل میں دستیاب ہیں۔

حکیم غضنفر مہدی کی شہرہ آفاق کتب

طبِ آلِ محمدؐ اور امراض جسمانی (حصہ اول) ہدیہ 190 روپے
طبِ آلِ محمدؐ اور امراض جسمانی (حصہ دوم) ہدیہ 120 روپے
طبِ آلِ محمدؐ اور امراض جسمانی (حصہ سوئم) ہدیہ 150 روپے

امراضِ نسواں
خواتین کے تمام تر پیچیدہ امراض اور انکا علاج 120 روپے

امراض جگر اور ہیپاٹائیٹس
جگر اور ہیپاٹائیٹس کی تمام اقسام، وجوہات، علامات معہ صدری نسخہ جات 150 روپے

ہیپاٹائٹس بی، سی کورس
بواسیر خونی، بادی کورس
الرجی، کیرا، دمہ کورس
گردہ مثانہ پتھری کورس
لیکوریا خرابی حیض کورس
مفاصلین کورس
جوڑوں، پٹھوں کے درد کا مستقل علاج

رضا ہربل کمپلیکس (رجسٹرڈ)

اسسٹنٹ پروفیسر حکیم غضنفر مہدی یونانی میڈیکل کالج لاہور

مردانہ بانجھ پن (سپرم کا نہ ہونا، سپرم کا کم ہونا، سپرم کا کمزور ہونا) زنانہ بانجھ پن (حیض کی خرابی یا بندش، فیلوپن ٹیوبز بلاکیج، رحم میں پانی کی تھیلیوں کا ہونا) مردانہ پیچیدہ امراض: (جریان، احتلام، ضعف باہ، اعصابی کھچاؤ، پنڈلیوں میں درد) زنانہ پیچیدہ امراض: لیکوریا، بندش حیض، حیض کا درد سے آنا، چہرے کے بال وزن کا بڑھنا، کثرت حیض۔ گردہ، مثانہ، پتہ کی پتھری، الرجی، دمہ، کیرا، زرد یرقان ہیپاٹائیٹس بی، سی، بواسیر خونی و بادی کا شافی علاج کیا جاتا ہے۔

مطب رضا حیدر روڈ بالمقابل شیعہ جامع مسجد اسلام پورہ (کرشن نگر) لاہور
042-7159348 موبائل 0333-4356949, 0312-5129214
اوقات مطب: صبح 11 تا 1 بجے = شام 5 تا 10 بجے رات

Scanned with CamScanner

ہماری جلد اور اس کی نگہداشت

قدیمی زمانے سے حسن کو دوبالا کرنے کے لئے دیسی ہربل جڑی بوٹیوں کو استعمال کیا جارہا ہے جو کہ ہر سائیڈ افیکٹ سے پاک ہیں اور ہمارے بجٹ میں رہتے ہوئے مفید بھی ہیں۔ ہم آپ کو مختلف بازاری کیمیکل پراڈکٹ جو کہ سائیڈ افیکٹ رکھتی ہیں وہ پراڈکٹ ہم آپ کو خود بنانا بتاتے ہیں۔ آیئے جانیے!

نارمل جلد: اللہ تعالیٰ کا ایک بہترین تحفہ ہے۔ نارمل جلد جس کی حفاظت ہماری ذمہ داری ہے ہم کیمیکل صابن۔ لوشن، کریم سے اپنی اسکن کو وقتی فریش کر لیتے ہیں مگر وہ کیمیکل جو مضر اثرات رکھتے ہیں نقصان دہ ہیں۔

اسکن کی صفائی: چند تازہ گلاب لے کر اس کو کھولتے گرم پانی میں ڈال کر ڈھک دیں۔ پانی 2 گلاس تک ہو۔ جب پانی گلابی ہو جائے تو اس میں 2 چمچے لیمن جوس۔ 1 چمچہ شہد۔ آدھا چمچہ پسی دار چینی۔ آدھا چمچہ پھٹکری۔ 2 چمچے کھیرے کا جوس۔ ان سب کو مکس کر کے شیشے کی بوتل میں محفوظ کر کے فرج میں رکھ لیں۔ رات کو سوتے وقت کسی ململ کے کپڑے سے پورے چہرے گردن ہاتھ پیر کی صفائی کریں۔ چند ہفتوں میں آپ کا چہرہ چمک اٹھے گا اور فریش ہو جائے گا۔ اور یہ سیرپ آپ کو ٹونر کا بھی کام دے گا۔

اسکن واش: جلد کو دھونے کے لئے ہمیشہ اچھے صابن یا فیس واش کا انتخاب کریں جو آپ کی جلد کی حفاظت برقرار رکھ سکے۔ ہربل یعنی دیسی صابن بھی جڑی بوٹیوں کی مدد سے بنایا جا سکتا ہے۔ آیئے جانیے!

اجزاء:

(1) جو کا آٹا	1 کپ	(2) گاجر کے بیج	4 ٹیبل اسپون
(3) ہلدی ثابت	2 ٹیبل اسپون (پیس کر ناپ کر لیں)	(4) تازے چنبیلی کے پھول	1 کپ
(5) موتیے کے پھول	1 کپ	(6) نیم کے خشک پتے	آدھا کپ
(7) کینو کے چھلکے	1 کپ (سوکھے ہوئے)	(8) ریٹھا	1 پاؤ (گٹھلی نکال کر گرم پانی میں ڈال کر آمیزہ بنا لیں)

ان سب چیزوں کو باریک پسوا کر 1 کلو پانی میں چڑھا دیں۔ پھر ریٹھا جو کہ جھاگ بناتا ہے، اس میں "ریٹھے کا پانی آدھا کلو" ڈال کر اس آمیزے کو گاڑھا کر لیں۔ اس قدر گاڑھا کر لیں کہ یہ ایک موم کی شکل اختیار کر لے۔ اس آمیزے کو چھوٹے پیالے میں رکھ کر فرج میں جما دیں۔ تاکہ ایک صابن کی شکل اختیار کر لے۔ آپ کا ہربل بیوٹی سوپ تیار ہے جو کہ بے ضرر ہے اور آزمودہ ہے۔ اس ہربل دیسی صابن کو بنانے یا سمجھنے میں اگر کوئی دشواری ہو تو میرے نمبرز پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ یہ صابن ہر قسم کی جلد کے لئے موثر کیمیکل سے پاک ہے۔

دھوپ سے بچنے کیلئے اک نسخہ: دھوپ میں جانے سے قبل گھریلو تیار کردہ ہربل عرق گلاب فیس پر اسپرے کر کے جایئے تاکہ آپ کی جلد کی رنگت کالی نہ ہو۔

سن بلاک: 8/10 عدد تازہ گلاب پھول لے کر اس کو 2 کلو کھولتے پانی میں ڈال دیں۔ جب پانی گلابی ہو جائے تو اس پانی میں 1 چمچہ لیموں کا جوس ڈال کر فرج میں رکھ دیں۔ گھر سے جانے سے قبل فیس، ہاتھوں اور گردن پر اسپرے کر کے جایئے۔ آپ کی جلد دھوپ سے متاثر نہ ہو سکے گی۔

حمیرا معمور علی (ہربلسٹ + ایکوپریشرسٹ) رابطہ: 0333 2245899, 0307 3997649

تسبیح حلّاتِ مشکلات: اگر کسی شخص کو ناحق قتل کے مقدمہ میں پھانسی کی سزا ہو گئی ہو تو نماز صبح کے بعد ۵۰۰ مرتبہ نادِ علیؑ صغیر کا ورد کرے۔ اللہ کے فضل سے اس کو پھانسی سے نجات مل جائے گی۔

نومولود کے اسلامی نام

قارئین امامیہ جنتری السلام علیکم! پورا سال ناموں کو تلاش کرتے ان کا مطلب اور اسلامی وابستگی تلاش کر کے یہ کاوش آپ کے سامنے پیش کی جاتی ہے۔ نومولود کا نام بذریعہ زائچہ رکھیں۔ بچوں کے مسائل کے سلسلہ میں رابطہ کریں۔ نیز نقش روزگار بخت کشائی وصحت کے لئے اور اپنا زائچہ بنوانے کے لئے رابطہ کریں۔

سیّد قمر حسین نقوی: مکان نمبر 70/A محلہ بیلے والا لیہ سٹی پنجاب 0333 4376657, 0302 7846655

لڑکوں کے نام

نمبر شمار	نام	مطلب	اعداد	مفرد اعداد	عنصر
1	تہمار حیدر	بزرگ۔عظیم	31	4	بادی
2	ناصب علی	نصب کرنے والا	28	1	بادی
3	ناعم علی	نرم نازک آسان	28	1	بادی
4	تعوذ حیدر	آعوذ باللہ کہنا	12	3	بادی
5	تراب حیدر	مٹی	24	6	بادی
6	اجلال حیدر	بزرگی شان وشوکت	26	8	آتشی
7	احرار حیدر	آزادی۔حر کی جمع	29	2	آتشی
8	إرج علی	شان وشوکت	17	8	آتشی
9	ارقام حیدر	لکھنا۔تحریر کرنے والا	24	6	خاکی
10	عمال حیدر	تقسیم کرنے والا حاکم	30	3	خاکی
11	عماد حیدر	اونچا۔اعتبار	31	4	خاکی
12	عسکر علی	لشکر۔سپاہ	28	1	خاکی
13	غفران حیدر	معافی۔بخشش	32	5	خاکی
14	یقظان حیدر	جاگتا ہوا۔بیدار	32	5	بادی
15	واعد علی	وعدہ کرنے والا	29	2	بادی
16	وردان حیدر	شاگرد۔وظائف	33	6	بادی
17	نقیب حسن	مدح خواں	28	1	بادی
18	نویان علی	شہزادہ۔امیر	29	2	بادی
19	مقرب حسین	بزرگی۔دوست	29	2	آتشی
20	دریاب حیدر	دریا	25	7	خاکی
21	دستیار حسین	مددگار۔زبردست	38	2	خاکی
22	أطہار علی	پاک۔پاکیزہ	29	2	آتشی
23	اقمار حسین	روشن	29	2	آتشی
24	إنفال حیدر	مال غنیمت۔سورہ	33	6	آتشی
25	یساول عباس	نقیب۔قاصد	33	6	بادی
26	یداللہ حیدر	اللہ کا ہاتھ	29	2	بادی

نمبر شمار	نام	مطلب	اعداد	مفرد اعداد	عنصر
27	ہاتف حسین	بلانے والا	38	2	آتشی
28	وسام علی	تمغہ	28	1	بادی
29	مویان حسین	گریہ نوحہ کرنے والا	37	1	آتشی
30	معیشر عباس	خویش۔اقارب	33	6	آتشی
31	فراس حیدر	شیر	32	5	آتشی
32	عیص علی	گھنا درخت	28	1	خاکی
33	غمار عباس	کثرت۔زیادہ	24	6	آبی
34	شناور علی	تیرنے والا	28	1	آتشی
35	شکیب حسین	صبر۔برداشت	28	1	آتشی
36	سروج حیدر	چراغ۔روشنی	32	5	آبی
37	ریان حیدر	جنت کا دروازہ	24	6	خاکی
38	رقیم حیدر	لکھا ہوا	23	5	خاکی
39	دارین علی	دونوں جہاں	24	6	خاکی
40	دلاض حیدر	روشن نرم	31	4	خاکی
41	مقبل علی	حکم قبول کرنے والا	22	4	آتشی
42	حازم علی	دوراندیش	31	4	خاکی
43	دیان حیدر	اللہ کا صفاتی نام	26	8	خاکی
44	باسل علی	بہادر دلیر	23	5	بادی
45	نصاص حیدر	روشن آنکھوں والا	39	3	بادی
46	درمک علی	نرم مٹی	23	5	خاکی
47	رجب علی	فراخ۔کھلا	18	9	خاکی
48	مشارک علی	شریک ہونے والا	23	5	آتشی
49	مشام حیدر	دماغ	27	9	آتشی
50	اطیب علی	بہت پاکیزہ	24	6	آتشی
51	غیاث حیدر	مددگار	23	5	آتشی
52	اتحاف علی	تحفہ دینے والا	33	6	آتشی
53	حطیم حیدر	خانہ کعبہ کی دیوار	37	1	آتشی

نمبر شمار	نام	مطلب	اعداد	مفرد اعداد	عنصر
54	سبّوح حسن	بہت پاک	41	5	آبی
55	ضارب علی	ضرب لگانے والا	24	6	بادی
56	کسام حیدر	شگفتہ۔کھلا ہوا	28	1	آبی
57	احرار علی	آزاد	25	7	آتشی
58	انسب علی	مناسب ترین	25	7	آتشی
59	جازل حسین	خوش وخرم	34	7	آبی
60	مجیع حیدر	بہادر دلیر	29	2	آتشی
61	صابر حسین	صبر کرنے والا	34	7	بادی
62	وہاب حیدر	اللہ تعالیٰ کا نام	29	2	بادی
63	ہمام حیدر	بزرگ۔سردار	29	2	آتشی
64	ابصار حیدر	بینائی روشنی	30	3	آتشی
65	بارق علی	روشن منور	17	8	بادی
66	باقر علی	عالم	17	8	بادی
67	بطال علی	بہادر دلیر	26	8	بادی
68	ریحان علی	آغاز نوجوان	27	9	خاکی
69	فاتک علی	بہادر شجاع	26	8	آتشی
70	لسان حیدر	زبان	30	3	خاکی
71	مرسل علی	بھیجا ہوا	26	8	آتشی
72	وہاج مہدی	بڑا روشن	29	2	بادی
73	عسل حیدر	شہد	31	4	خاکی
74	مبارز علی	جنگ جو	27	9	آتشی
75	مباسل علی	بہادر	27	9	آتشی
76	متاع حیدر	سرمایہ پونجی	31	4	آتشی
77	مصیب علی	نیکی پانے والا	27	9	آتشی
78	ناضر حسین	تروتازہ شاداب	36	9	بادی
79	اعتصام حیدر	گناہ سے بچنے والا	41	5	آتشی
80	قسام علی	تقسیم کرنے والا	32	5	آبی

81	فتاح حیدر	فتح کرنے والا	36	9	آبی
82	عصام علی	ڈوری	32	5	خاکی
83	فائق علی	بلند او نچا	21	3	بادی
84	شاہق حسین	بلند	30	3	آتشی
85	زعیم حیدر	سردار۔پیشوا	34	7	آبی

86	دائم علی	ہمیشہ۔سدا	27	9	خاکی
87	بہلول حیدر	ہنس مکھ	34	7	بادی
88	بہزاد علی	نیک ذات	30	3	بادی
89	اثیل حیدر	ذاتی۔بڑا انسان	25	7	آتشی
90	اقدام حسین	مقدم پہلا	31	4	آتشی

91	ذہاب حیدر	چشمہ	30	3	آبی
92	زہاد علی	عابد پرہیزگار	28	1	آبی
93	سقا علی	پانی لانے والا	19	1	آبی
94	عاطر علی	خوشبودار پاکیزہ	30	3	خاکی
95	عاکف علی	عبادت کرنے والا	29	2	خاکی

لڑکیوں کے نام

1	ظل حنا بتول	سایہ۔پناہ	41	5	آبی
2	دلاج زہرا	پھول	26	8	خاکی
3	من تشا زہرا	دینے والا	32	5	آتشی
4	اوج زہرا	اونچائی۔شان	25	7	آتشی
5	نشاف زہرا	جاذب نظر	32	5	بادی
6	نقاوت بتول	برگزیدہ	32	5	بادی
7	ناب زہرا	پاک پاکیزہ	23	5	بادی
8	نباہت زہرا	عزت۔چمک	32	5	بادی
9	مصورہ بتول	تصویر بنانے والی	41	5	بادی
10	مثابہ بتول	ثواب کیا گیا	32	5	آتشی
11	محافہ بتول	ڈولی	41	5	آتشی
12	لباب زہرا	خلاصہ	23	5	خاکی
13	کسمہ بتول	بالوں کی لٹ	32	5	آبی
14	کبریا زہرا	عظمت بزرگی	23	5	آبی
15	اتحاف زہرا	تحفہ	37	1	آتشی
16	مثوب زہرا	ثواب	32	5	آتشی
17	قسیمہ بتول	تقسیم کرنے والی	32	5	آبی
18	ابجاج زہرا	خوشی مسرت	31	4	آتشی
19	اتباع بتول	پیروی کرنے والی	30	3	آتشی
20	اجرِ زہرا	ثواب۔بدلہ	21	3	آتشی
21	اشا بتول	طلوع سحر	20	2	آتشی
22	الہا بتول	اے خدا	25	7	آتشی
23	انابت زہرا	توبہ عاجزی	28	1	آتشی
24	آئمہ بتول	پیشوا	25	7	آتشی
25	اشباہ بتول	مشابہ ہونا	26	8	آتشی
26	یدین زہرا	دونوں ہاتھ	26	8	بادی
27	علیا بتول	بزرگی اعلیٰ	27	9	خاکی
28	طلیس زہرا	بہشت۔جنت	39	3	خاکی

29	عکس زہرا	سایہ	30	3	خاکی
30	عطا زہرا	انعام بخشش	32	5	خاکی
31	عریش زہرا	سایہ دار جگہ	28	1	خاکی
32	وشاح بتول	ہار۔گلوبند	31	4	خاکی
33	نمط زہرا	روشن	33	6	بادی
34	نسمت بتول	خوشبو	34	7	بادی
35	لم یزل زہرا	لازوال۔دائم	33	6	خاکی
36	ضمین زہرا	ضامن۔کفیل	33	6	بادی
37	زہادت زہرا	زہد۔پرہیزگاری	36	9	آبی
38	بساط زہرا	حوصلہ۔ہمت	33	6	بادی
39	ارتقا بتول	ترقی۔اونچائی	24	6	آتشی
40	ورزک زہرا	جھنڈ	32	5	بادی
41	دنیت بتول	قریب۔نزدیکی	32	5	بادی
42	نصفت بتول	عدل۔انصاف	41	5	بادی
43	ناعم زہرا	نرم نازک	32	5	بادی
44	جاب زہرا	خلاصہ۔نچوڑ	24	6	بادی
45	مادح بتول	مدح کرنے والی	32	5	آتشی
46	قرطاس زہرا	کاغذ	34	7	آبی
47	طابہ بتول	مدینہ منورہ کا نام	32	5	آتشی
48	طناب زہرا	ڈوری	32	5	آتشی
49	شامہ بتول	خوشبو مہک	32	5	آتشی
50	سُحاب زہرا	ابر بادل	32	5	آبی
51	سجلات زہرا	پھول چنبیلی	32	5	آبی
52	رحبہ بتول	فراخ زمین	32	5	خاکی
53	رخص زہرا	نرم نازک	32	5	خاکی
54	ایجاب زہرا	واجب۔لازم	23	5	آتشی
55	مطیہ بتول	سواری	34	7	آتشی
56	مناب زہرا	قائم مقام	27	9	آتشی
57	ہبہ بتول	عطیہ بخشش	27	9	آتشی
58	ناعمہ بتول	ناز و نعمت	37	1	بادی

59	نعیم زہرا	آرام گاہ۔آشیانہ	28	1	بادی
60	قسطاس فاطمہ	چاہنے والی	50	5	آبی
61	ذریت زہرا	نسل۔اولاد	29	2	آبی
62	مسمط بتول	موتیوں کی لڑی	38	2	آتشی
63	سلام زہرا	سلامتی	29	2	آبی
64	الماس زہرا	ہیرا	30	3	آتشی
65	اتقا زہرا	پرہیزگاری	22	4	آتشی
66	سبیکہ بتول	چاندی	31	4	آبی
67	سیدہ زہرا	سردار	31	4	آبی
68	علیہ بتول	اونچائی بلندی	31	4	خاکی
69	حیوہ بتول	زندگی	31	4	خاکی
70	فارہ بتول	خوشبو	31	4	آتشی
71	قارعہ بتول	قرآن کی سورہ	31	4	آبی
72	قرطین زہرا	گوشوارے	33	6	آبی
73	قزح بتول	خوبصورت	31	4	آبی
74	قسامت زہرا	حُسن۔خوبی	31	4	آبی
75	باینہ بتول	قوت	32	5	آتشی
76	نسیہ بتول	عقل دانش	31	4	بادی
77	دشاقہ بتول	کنیز	29	2	خاکی
78	عشوہ بتول	ناز۔ادا	36	9	خاکی
79	عشیق زہرا	عشق۔محبت	27	9	خاکی
80	کلام زہرا	بات گفتگو	25	7	آبی
81	کونین زہرا	دونوں جہاں	34	7	آبی
82	فراشہ بتول	پروانہ	34	7	آتشی
83	قرط بتول	کان کی بالی	27	9	آبی
84	سکینہ بتول	آرام	34	7	آبی
85	آداب زہرا	توبہ	23	5	آبی
86	اوج زہرا	اونچائی	25	7	آتشی
87	حجاب زہرا	پردہ	29	2	خاکی
88	لیہا بتول	باپ کی زینت	25	7	آتشی

Scanned with CamScanner

علم رمل کی افادیت

خطیب شاہ کربلا مولانا محمد علی عابد قنبری
B-19، رضویہ سوسائٹی، ناظم آباد، کراچی
رابطہ 0302 2830786

ہم یقیناً ظہور حضرت حجۃ عجل اللہ فرجہ الشریف کے قریب ترین دور میں داخل ہو چکے ہیں اور اس زمانے میں شاذ و نادر ہی ایسا ہو کہ کوئی شخص پریشان نہ ہو۔ کسی کا کاروبار بیٹھ گیا ہے۔ کوئی غربت کی چکی میں پس رہا ہے تو کوئی مقروض ہے اور کسی کی نوکری نہیں ہے کسی کا رشتہ نہیں آتا اور کسی کا رشتہ آتا ہے تو پلٹ کر واپس نہیں آتا۔ کسی پر سایہ ہے تو کوئی سفلی اور جادوگروں کے چکر میں آیا ہوا ہے۔ غرض یہ کہ جتنے لوگ اس سے زیادہ پریشانیاں اور ستم بالائے ستم کہ اگر کسی کے پاس جاتے ہیں تو وہ کچھ جانتے نہیں بلکہ بغیر تحقیق و تشخیص کے کوئی نہ کوئی اسم یا آیت یا تعویذ تھما دیتے ہیں۔ ان مسائل کو دیکھ کر دل کڑھتا تھا کہ کیا ان باتوں کا کوئی حل نہیں ہے۔ جستجو سے اس نتیجے پر پہنچے کہ باقی علوم سے علم رمل قریب ترین تشخیص کرتا ہے۔ تشخیص بہتر ہوگی سو اب علاج بھی مئوثر ثابت ہوگا۔ اس کے لئے میرا اپنا ایک واقعہ قارئین کی نذر ہے۔

تقریباً بارہ سال پہلے بہت زیادہ پریشان تھا کچھ سمجھ میں نہیں آ رہا تھا۔ معمول کے مطابق ایک دن یعنی ۱۴ محرم کو سرکار علامہ طالب جوہری مدظلہ العالی کی رہائش گاہ پر حاضر ہوا تو ان کے پاس سید لاڈلے حسن زیدی (مرحوم) (جو کہ عمل رمل کے ماہر تھے) تشریف فرما تھے۔ میرے پہنچنے پر علامہ صاحب نے میری طرف قرعہ بڑھایا اور فرمایا کوئی سوال ہو تو نیت سے قرعہ ڈالو۔ میں نے پریشانی کی نیت کر کے قرعہ ڈالا تو علامہ صاحب نے بغیر زائچہ کشید کیے اشکال قرعہ کو دیکھ کر فرمایا: مولانا آپ کی پریشانی ۲۸ تاریخ تک بہتر ہو جائے گی۔ جس پر لاڈلے حسن زیدی (مرحوم) نے علامہ صاحب کی بے حد تعریف کی کہ آپ نے زائچہ کشید کیے بغیر بالکل صحیح جواب دیا ہے۔ میرا تجسس بڑھا لیکن خاموش رہا۔ لیکن میری حیرت کی انتہا نہ رہی جب ۲۸ تاریخ کے بعد حالات معمول پر آ گئے تو میں نے اس علم کی جستجو کی جو آج تک جاری ہے۔ یہاں امامیہ جنتری کے قارئین کے لیے کچھ مختصر معلومات علم رمل اور زائچہ کے جوابات کے حوالے سے حاضر ہیں۔

اہلِ رمل اس علم کو وحی کا علم کہتے ہیں اور انبیائے کرام سے منسوب مانتے ہیں اور امیر المومنینؑ کا معرکۃ الآراء خطبہ جو بغیر نقطے کے ہے، اس میں مولا فرماتے ہیں:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الْمَلِكِ الْمَحْمُوْدِ الْمَالِكِ الْوَدُوْدِ وَمَهَّلَ وَ طَاوَءَ السُّوَالَ وَ الْاَمَلَ وَ اَوْسَعَ الرَّمَلَ وَ اَرْمَلَ

میں حمد کرتا ہوں اللہ کی جو بادشاہ ہے حمد کردہ ہے مالک ہے محبت کرنے والا ہے اور اس نے مہلت دی ہے اور مطاوعت پیدا کی ہے سوال و امید میں اور وسعت دی رمل اور ارمل کو۔

علم رمل جو کہ سمندر ہے علم اہل نقطے اور لکیروں کی سائنس ہے۔ رمل کے ایک زائچے سے انسان کا ماضی، حال اور مستقبل سامنے آ جاتا ہے۔ ایک ہی ساعت میں پورے ایک سو چوالیس (۱۴۴) سوالات کا جواب ملتا ہے۔ علم رمل کا زائچہ کشید کرنے کے بعد سولہ شکلیں ظاہر ہوتی ہیں، جس میں پہلی چار امہات اور دوسری چار بنات، تیسری چار توالیات اور آخری زوائدات کہلاتی ہیں۔ جبکہ پہلی شکل طالع اور پندرھویں شکل میزان الرمل کہلاتی ہے۔ اشکال پر احکام لگانے سے جوابات واضح ہوتے ہیں اور احکام کہ کتنی دیر میں شادی ہوگی یا یہ مسئلہ حل ہوگا یا بندش ختم ہوگی یا مال واپس آئے گا وغیرہ وغیرہ۔ اور ان سولہ اشکال میں تمام کے اوپر والے نقطے آتشی، دوسرے والے بادی، تیسرے والے آبی اور چوتھے والے خاکی کہلاتے ہیں۔ جبکہ نقاط سے چور کا یا شادی کے مسئلے میں لڑکے کا لڑکی کے نام یا اس کا پہلا حرف تک بھی نکل آتا ہے۔

زائچہ کے لئے کافی قواعد ہیں۔ قرعہ بھی استعمال ہوتا ہے، نقاط بھی ہیں، اعداد بھی ہیں، حروف تہجی کے حروف کے لئے پوچھتے وقت ہماری نیت ہے کہ ہم ان حروف ابجد یا حروف اتبث سے مرتب کریں۔ سائل سامنے ہو یا فون پر ہو جواب قریب ترین آتا ہے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

مثال کے طور پر سائل بیماری کے لئے سوال، سامنے یا فون پر حروف تہجی کے چار حروف (و) (ا) (ک) (م) بتائے اور ہم نے حروف ابجد کی نیت

سے لکھا تو ان کے عدد ۶، ۱، ۱۱، ۱۳ بنے جس کا زائچہ کشید کیا گیا۔



۱) آسیب، سحر یا جسمانی امراض:

اس نیت سے زائچہ کشید کریں اور اس کے بعد خانہ ششم میں دیکھیں۔ اگر پندرھویں شکل اجتماع یا سولھویں شکل طریق ہے تو آسیب ہے اور اگر چوتھی شکل جماعت ہے تو سحر جادو ہے اور باقی اشکال میں جسمانی امراض ہے۔

۲) ملازمت میں پریشانی، نوکری ملے یا نہیں:

اس نیت سے زائچہ کشید کرو اور اس کے بعد اگر خانہ دوم میں داخل شکل ہے تو ملازمت ملنے میں دیر نہیں ہے۔ اگر خارج شکل ہے تو ابھی ملازمت ملنے میں دیر ہے۔ اگر منقلب شکل ہے تو نوکری دیر سے ملے گی اور کم تنخواہ کی ملے گی۔

۳) قرض دیا ہوا واپس ملے گا یا نہیں؟

اس نیت سے زائچہ کشید کرو۔ اگر زائچہ کی پہلی، دوسری اور گیارھویں شکل سعد داخل ہیں تو قرضہ سب وصول ہوگا اور جلد ہوگا۔ اگر یہ شکل نحس خارج ہیں تو قرضہ وصول ہونے کی کوئی امید نہیں ہے۔ اگر اشکال ملی جلی ہیں تو قرضہ کا کچھ حصہ وصول ہوگا۔ اور دیر میں وصول ہوگا تمام قرضہ وصول ہونے کی امید نہیں ہے۔

۴) سفر، مقدمہ، امتحان، کاروبار میں کامیابی ہوگی یا نہیں؟

کسی کام کا انجام معلوم کرنا چاہتے ہیں تو پہلے یہ اقرار کرو کہ عالم الغیب خدا ہے۔ اس نیت سے زائچہ کشید کرو۔ اگر زائچہ میں شکل چہارم یا ششم یا ہشتم نحس ہو تو نتیجہ خلاف ہو سکتا ہے۔ مجموعی طور پر طریق پر زائچہ کی سولہ شکلیں کی سعد و نحس شکلوں کو شمار کرو۔ اگر سعد زیادہ ہیں تو فائدہ نحس زیادہ ہیں تو نقصان۔

۵) شادی یہاں ہوگی یا نہیں اور ہوگی تو کب ہوگی؟

اس نیت سے زائچہ کشید کریں۔ شکل اول (طالع) طلب سے متعلق ہے اور شکل دوم مطلوب سے، اگر طالع میں شکل سعد ہے تو شادی ہو جائے گی۔ اگر زائچہ کی شکل ہفتم بھی سعد ہے تو پھر اس گھر والے بمعہ لڑکی راضی ہیں۔ اگر طالع میں شکل سعد ہے مگر ساتویں شکل نحس ہے یا خارج ہے تو اس کے معنی یہ ہے کہ طالع کی قوت سے شادی تو ہو جائے مگر بہت کوشش اور جھگڑوں کے بعد۔ اگر طالع میں شکل نحس یا خارج ہے مگر ساتویں خانہ میں سعد اور داخل ہے تو شادی کا ہونا دشوار ہے۔ طالع پر ساتویں خانہ کا اثر ہوتا ہے مگر کمزور ساتواں گھر طالع کو الٹ پلٹ نہیں کر سکتا اگر طالع اور شکل ہفتم ایک دوسرے کے موافق میں یہ حکم پختہ ہے۔

۶) اولاد ہوگی یا نہیں ہوگی اور کب تک ہوگی؟

اس نیت سے زائچہ کشید کریں۔ اگر پانچویں خانے میں پہلی شکل جو کہ سعد ستارہ مشتری کی ہے تو اولاد ہوگی اور نہایت ہی طالع مند اور نیک ہو گی۔ کیونکہ خانہ اول میں بھی وہی شکل لحیان موجود ہے جو کہ سائل کا خانہ ہے۔ تو وہ ہمیشہ باپ کی فرمانبرداری میں رہے گی اور صاحب اقبال ہوگی اور پھر ہم نے شکل اول کو شکل پنجم سے ضرب دی تو جماعت حاصل ہوئی۔ پھر اسی جماعت کو شکل خانہ ہفتم جو کہ سائل کی بیوی کے متعلق ہے ضرب دی تو شکل بیاض برآمد ہوگی۔ بیاض چونکہ سعد ثابت قمر کے ساتھ منسوب ہے۔ دلیل لڑکے کی ہے جو بروز جمعرات، ساعت پنجم، برج اسد، ستارہ زہرہ کی ساعت میں پیدا ہوگا اور اپنے والدین کا نام روشن کرے گا۔

یا اللہ — **فوائد نادِ علیؑ صغیر** — یا محمدؐ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نَادِ عَلِيًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَّكَ فِي النَّوَائِبِ كُلُّ هَمٍّ وَّغَمٍّ سَيَنْجَلِي بِعَظَمَتِكَ يَآ اَللّٰهُ بِنُبُوَّتِكَ يَا مُحَمَّدُ بِوِلَايَتِكَ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ

روزانہ نماز صبح اور عشاء کے بعد اول و آخر پندرہ مرتبہ درود شریف درمیان میں پندرہ مرتبہ نادِ علیؑ حسن عقیدت سے پڑھنے سے اللہ تعالیٰ دنیا و آخرت کی تمام مشکلات کو آسان کرتا ہے۔

Scanned with CamScanner

تحریر
جاوید جمالی علاوی لاہور
Ph: 0301 5503367
0332 4754515

زائچہ نجوم سے بیرونِ ملک سفر کے احکامات و رہنمائی

قارئین کرام! السلام علیکم۔ یاعلیؑ مدد۔ یا قائم آلِ محمدؑ مدد۔ مہنگائی۔ غربت کی وجہ سے اپنے اور اپنے اہل وعیال کے بہتر مستقبل کی خاطر بہت سے لوگوں کی خواہش ہوتی ہے کہ وہ بیرون ملک جا کر اور وہاں محنت مزدوری کر کے مال و دولت حاصل کریں۔ اس سلسلے میں وہ کوششیں کرتے ہیں۔ کچھ کامیاب ہوتے ہیں اور کچھ ناکام۔ میرے ذاتی مشاہدہ میں کئی بار آیا ہے کہ اس خواہش کے حصول میں بہت لوگ ناکام ہوئے ہیں اور اسی کوشش میں مقروض بھی ہو گئے ہیں اور کچھ لوگ بیرون ملک سفر کو گئے ہیں۔ لیکن وہاں جا کر انھیں پریشانیوں اور مشکلات نے گھیرا ہوا ہے۔ لہٰذا میں نے انہی مشاہدات کو مدنظر رکھتے ہوئے اس سال کے لئے آپ کی خدمت کے لئے علم نجوم کا جو نقطہ چنا ہے وہ بیرون ملک سفر کے بارے میں ہے۔

زائچہ نجوم بارہ گھروں پر مشتمل ہوتا ہے۔ ہر گھر کی اپنی اپنی منسوبات ہیں۔ چونکہ اس بار میں بیرون ملک سفر کے سلسلے میں تحریر کر رہا ہوں تو اختصار کے ساتھ صرف اسی حوالے سے تحریر کروں گا۔

زائچہ پیدائش میں سب سے پہلے یہ دیکھنا چاہیے کہ بیرونِ ملک سفر ہے یا نہیں۔ اگر سفر ہے تو کتنا کامیاب ہے۔ میرے مشاہدے میں یہ بھی آیا ہے کہ بعض زائچوں میں بیرون ملک سفر کی نسبت مقام پیدائش (چوتھا گھر) اور چھوٹے سفر (تیسرا گھر) کے سیارے اور ان کے نظرات زیادہ سعد اور طاقتور ہیں۔ جب زائچہ میں ایسی پوزیشن ہو تو ایسے زائچہ کے حامل شخص کو بیرون ملک سفر کرنے کے بجائے مقامِ پیدائش کے نزدیک اسی ملک میں جس میں حامل کی پیدائش ہوئی ہے میں کسی جگہ اپنی خوش قسمتی اور مالی کامیابی کے لئے کوشش کرنی چاہیے۔ جب چوتھے گھر کا سیارہ یا چوتھے گھر پر قابض سیارہ یا سیارگان نحس ہوں اور شمس یا قمر سے بھی نحس نظرات رکھتے ہوں اور بیرونِ ملک سفر سے منسوبی سیارے سعد پوزیشن اور سعد نظرات رکھتے ہوں تو ایسے میں بیرون ملک سفر فائدہ مند اور وہاں پر سکونت بھی مفید ہوتی ہے۔

زائچہ میں بیرون ملک سے منسوب گھر نواں ہے۔ بیرون ملک سفر کے سلسلے میں زائچہ پیدائش ہی سے صحیح رہنمائی مل سکتی ہے۔ البتہ وقتی زائچہ سے بھی کچھ احکامات لگائے جا سکتے ہیں۔ بیرون ملک سفر سے منسوبی سیارگان قمر، عطارد اور یورینس ہیں۔ البتہ شمس اور مریخ بھی ایک مخصوص حالت میں بیرون ملک سفر میں مدد فراہم کرتے ہیں۔ آبی و بادی بُرُوج میں سیارگان کی کثرت سفروں کی نشاندہی کرتی ہے۔ آبی یا بادی بروج نواں گھر ہو یا آبی و بادی بُرُوج کے سیارگان نویں گھر قابض ہوں اور بیرون ملک سفر سے منسوبی سیارگان طاقت ور اور سعد ہوں اور دوسرے سیارگان کے ساتھ بالخصوص قمر یا شمس سے سعد نظرات ہوں تو کامیاب سفر اور نقل مکانی ہوتی ہے۔ اسی طرح منقلب اور ذوجسدین گھروں کے بارے میں یہی احکامات ہیں۔ بیرون ملک سفر سے منسوبی سیارے حالت شرف میں ہوں یا اپنے گھر میں ہوں یا دوست کے گھر میں ہوں یا سعد گھروں میں ہوں یا نویں گھر میں سعد حالت میں ہوں اور دیگر سیارگان بالخصوص نویں گھر کے حاکم یا قابض سیارہ یا سیارگان سے سفر ہوتا ہے اور وسیلہ ظفر ہوتا ہے۔ اسی طرح بیرون ملک سفر سے منسوبی سیارگان ہبوط میں ہوں یا یا زوال میں ہوں یا دشمن کے گھر ہوں خواہ وہ سعد گھر ہی کیوں نہ ہوں۔ یا رجعت میں ہوں یا کسی بھی طرح ناقص ہوں تو اوّل تو سفر میں رکاوٹیں لائے گا اور اگر سفر ہو بھی جائے تو پریشانیوں اور مشکلات کا موجب ہوتا ہے۔ نویں گھر کا حاکم نحس ہو یا نحس سیارہ یا سیارگان نویں گھر پر قابض ہوں اور شمس یا قمر سے ان کے نظرات نحس ہوں تو سفر نقصان دہ ہوگا۔ سیارہ نیپچون کسی زائچہ پیدائش میں نویں گھر قابض ہو تو بیرون ملک سفر پر اکساتا ہے لیکن ایسا سفر ناکام ہوتا ہے۔

میرے مشاہدات میں یہ بھی آیا ہے کہ بعض زائچوں میں بیرون ملک سفر سے منسوبی سیارگان سعد اور ان کے نظرات سعد ہونے کے باوجود سفر ہو جانے کے بعد مشکلات اور پریشانیوں سے واسطہ رہتا ہے۔ میرے خیال میں اس کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ ایسے شخص نے اپنے موافق سمت اور ملک یا شہر میں سفر نہیں کیا۔ میرے طریقہ کار کے مطابق میں علم نجوم کے ساتھ ساتھ علم جفر اور

علم الاعداد سے بھی رہنمائی لیتا ہوں اور ان علوم کے ذریعے جو سمت اور ملک یا شہر موافق ہو اد ھر سفر کا مشورہ دیتا ہوں۔

نوٹ: معزز قارئین کرام! علم نجوم۔ علم رمل۔ علم جفر۔ علم الاعداد اور دست شناسی سے لگائے گئے احکامات اور رہنمائی ایک حد تک ہے۔ غیب کا علم اللہ تعالیٰ جانتا ہے اور معصومینؑ جانتے ہیں۔ جنہیں اللہ تعالیٰ نے علم عطا کیا ہے۔ سارے عالمین (حضرت امام محمد باقرؑ سے روایت ہے اٹھارہ ہزار عالمین ہیں) اور سارے زمانوں کے رب عظیم اللہ تعالیٰ اور رب عظیم کی خاص حجت پاک محمدؐ و آل محمدؐ سے دعائیں کرتے رہیں۔ اس یقین کے ساتھ کہ دعائیں یقیناً اور ضرور مستجاب ہوں گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ یقیناً ایسا ہی ہوگا۔ کیونکہ مولائے کائنات امیر المومنین سرکار حضرت علی مشکل کشاء علیہ السلام سے روایت ہے دعا مومن کی ڈھال ہے۔ دعا مومن کا ہتھیار ہے۔

آپ سے میری استدعا ہے کہ ہر شب جمعہ یا جمعہ کے دن گیارہ بجے سے پہلے کوشش کر کے اوّل و آخر درود پاک کے ساتھ ایک مرتبہ حدیث مبارکہ کساء کی تلاوت کریں اور حسب استطاعت غریب سادات کو خمس کی نیت سے اور غیر سادات کو صدقہ وخیرات کی نیت رقم یا ضرورت کی کوئی چیز دے دیا کریں۔ کیونکہ قول معصومینؑ ہے صدقہ مصیبت کو ٹالتا ہے۔

میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ بحق معصومین علیہ السلام آپ کی جملہ نیک حاجات پوری کرے۔ ایمان سلامت رکھے، خیر و برکت دے۔ اللہ تعالیٰ اور پاک محمدؐ و آل محمدؐ آپ کے حامی و ناصر ہوں۔ آخر میں میری گذارش ہے کہ اپنی نیک دعاؤں میں بانیان امامیہ جنتری الحاج آغا نثار احمد مرحوم۔ اہلیہ کے درجات کی بلندی کے لئے دعا کریں اور آغا افتخار صاحب مع متعلقین، مجھے اور تمام مومنین ومومنات کو بھی یاد رکھیں۔

علوم سے مسائل کی تشخیص اور رُوحانی حل

علم نجوم، علم رمل، علم جفر و اعداد سے مشاورت مسائل کی تشخیص اور رُوحانی حل کے لئے رابطہ کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ، اللہ پاک اور محمدؐ و آل محمدؐ کے خاص کرم اور تعلیمات کی روشنی سے آپ کو صحیح گائیڈ لائن دی جائے گی۔ کوائف میں پورا نام، والدہ کا نام، تاریخ پیدائش، وقتِ پیدائش (اگر معلوم ہو) مقام پیدائش، تاریخ، مقام اور وقت سوال، ایک سے ننانوے (۱تا۹۹) کے درمیان کوئی سے چار ہندسے درکار ہوں گے۔

آسٹرو سکالر **جاوید جمالی علاوی**
0301 5503367, 0332 4754515

بچیوں کی شادی کیلئے

جن بیٹیوں کی عمریں حد سے گزر رہی ہوں۔ کہیں سے کوئی رشتہ نہ آئے تو قمر یا زہرہ کے قرآن یا تثلیث میں لوح مقدسہ اسماء الٰہیہ معطی اور علیؑ کی لوح چاندی پر کندہ کر کے لڑکی اپنے پاس رکھے اور لوح مقدسہ کو سامنے رکھ کر تنہائی میں **(یاعَلِیُّ) 110** مرتبہ اور **(یامُعْطِیُ) 129** مرتبہ مع اوّل و آخر دُرود شریف **11,11** مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ غیب سے سبب ہو جائے گا۔

لوح مقدسہ معطی

م (2)	٦ (13)	١٣ (12)	ع (7)
١٢ (11)	١٧ (8)	٣٩ (1)	٧ (14)
٦٨ (5)	١١ (10)	٨ (15)	٤٢ (4)
ط (16)	٤١ (3)	٦٩ (6)	ی (9)

لوح مقدسہ علیؑ

ع	ل	ی	
٩	١	٦٩	٣١
٢	١٢	٢٨	٦٨
٢٩	٦٧	٣	١١

نوٹ: بریکٹ والے ہندسے نقش کی چال کے ہیں اصل نقش/ لوح میں یہ کونے والے ہندسے نہیں لکھے جائیں گے۔

محبت کے لیے

جن دو میاں بیوی کے درمیان ناچاقی ہو یا نفرت ہوگئی ہو یا اولاد بھائی بہنوں کے درمیان کشیدگی ہو۔ یا شادی کا مقصد ہو تو طالب و مطلوب معہ والدہ کے اعداد قمری حاصل کر کے حاصل شدہ اعداد کے مطابق قرآن پاک کی آیت مبارکہ **والقیت علیک محبتہ منی** آیت نمبر ۳۸ سورۃ طٰہٰ صبح و شام ورد کرے اور آیت مقدسہ کی لوح زعفرانی یا نقرئی یا طلائی جتنی توفیق ہو پاس رکھے انشاء اللہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔ یہ لوح / نقش مقدس قمر یا زہرہ کے قران یا اسکی تثلیث وتدلیس میں لکھے۔

نوٹ: بریکٹ والے ہندسے نقش کی چال کے ہیں۔ اصل نقش/ لوح میں یہ کونے والے ہندسے نہیں لکھے جائیں گے۔

(التماس دعا) بلندی درجات بیگم و آغا نثار احمد (مرحوم) بانی ادارہ افتخار بک ڈپو والدین مرحومین ایم ایچ نقوی **0323-5556259,03324109369**

سیّد ابن مظفر شیرازی

سعد اکبرؑ ستارہ مشتری اور آپ

میں اپنے خالق کا دل کی گہرائیوں سے متشکر ہوں کہ اس نے بصدق امام المتقیاں سیدنا علیؑ ابن ابوطالبؑ مجھے اس سال پھر قارئین امامیہ جنتری سے مخاطب ہونے کی سعادت سے ہمکنار کیا۔

اس سال مجھے سعد اکبر ستارہ مشتری کے متعلق اپنے معزز قارئین کو آگاہ کرنا ہے۔ کیونکہ اس کے بابت کہا گیا ہے کہ یہ ستارہ انسانوں پر ربّ متعال کی خاص نعمت ہے۔ چھٹے آسمان پر طلوع کرنے والے اس بھاری بھرکم ستارہ کا حجم ملاحظہ ہو کہ یہ زمین سے 1250 گنا بڑا ہے۔ جبکہ اس کا قطر 89 ہزار میل بنتا ہے۔ زمین سے یہ 48 کروڑ میل کی دوری پر واقع ہے۔

بنیادی طور پر ایک سست رفتار سیارہ ہے۔ اس کی کشش اتنی زیادہ ہے کہ چار دیگر سیارگان ہر وقت اس کے گرد گردش پذیر رہتے ہیں۔ یہ تمام بروج کا دورہ تقریباً 13 سال میں مکمل کرتا ہے۔ ہر برج میں 13 ماہ قیام پذیر رہتا ہے۔ ہر منزل میں اس کا ٹھہراؤ 5 ماہ تک ہوتا ہے۔ مشتری کو شرف برج سرطان کے پندرہویں درجہ پر ہوتا ہے اور یہ سعد ترین وقت تقریباً 13 سال بعد آتا ہے۔ مشتری آخری بار 2002ء میں شرف یافتہ ہوا تھا۔ اب 2015ء میں اسے شرف حاصل ہوگا۔ مشتری کو ہبوط برج جدی میں وبال بُرج جوزا میں ہوتا ہے جو نحس ترین اوقات ہوتے ہیں۔

زرد رنگ کا یہ سیارہ دن کے وقت باقوت ہوتا ہے۔ لہٰذا مشتری کے حامل افراد قبل از مغرب اپنے تمام اہم امور نپٹا لیا کریں۔ تاکہ ناکامی سے بچا جا سکے۔ جنسی لحاظ سے اسے مذکر کہا جاتا ہے۔ حالانکہ نام سے یہ مونث لگتا ہے۔ یہ جمعرات کے دن کا حاکم ہے۔ اسے دولت کا بادشاہ بھی کہا گیا ہے۔ کیونکہ یہ مال و دولت، صلہ رحمی، انسانیت دوستی اور روحانیت سے متعلق ہے۔ مال و دولت اور پیسہ سے متعلقہ امور اسی ستارہ کے دن اور ساعت میں سرانجام دینا سو فیصد کامیابی پر دلالت کرتا ہے۔ اساتذہ کا کہنا ہے کہ مالی امور ہمیشہ مشتری کے دن اور مشتری کی ساعت میں سرانجام دینا چاہیے۔ کیونکہ مالی امور کی انجام دہی کے لئے یہ سعد ترین وقت ہوتا ہے۔ ان اوقات میں مال کے ضیاع کا اندیشہ نہیں رہتا۔

سعد اکبر مشتری دو بُروج سے وابستہ ہے۔ بُرج قوس و حُوت۔ بُرج قوس اور ستارہ مشتری کے حامل افراد کا لکی نمبر 3 ہوتا ہے۔ برج حوت اور سیارہ مشتری کے حامل افراد کا لکی نمبر 7 ہوتا ہے۔ مشتری سے متعلقہ افراد کے جواہر ہیرا۔ پکھراج۔ یاقوت۔ زبرجد اور سرخ عقیق ہیں۔ جنہیں چاندی کی انگوٹھی میں پہننا سُودمند رہتا ہے۔

مشتری سیارہ مریخ کے مطابق چار ماہ حالتِ رُجعت اور آٹھ ماہ مستقیم رہتا ہے۔ مشتری جب حالت رُجعت میں ہوتا ہے تو دولت کا ضیاع۔ اچانک اور غیر متوقع اخراجات، کاروبار میں نقصان، گھریلو ناچاقی اور اولاد کی طرف سے فکر دامن گیر ہونے جیسے مسائل کو جنم دیتا ہے۔

مشتری کے حامل افراد کے لئے بہترین پیشے بینکنگ، منی چینجنگ، روپیہ پیسہ کا لین دین، قانونی کام یا وکالت، عبادت گاہ اور رفاع عامہ کے کام، حکمت، ڈاکٹری اور گھوڑوں کی تجارت اور خیر اندیشانہ کام ہیں۔

ستارہ مشتری کے موافق لوگ ستارہ شمس، قمر اور مریخ والے ہوتے ہیں۔ جبکہ مخالف لوگ عطارد اور زہرہ والے ہوتے ہیں۔ مشتری کے حامل افراد امن پسند، صلح جُو، اور خوبصورت جمالیاتی ذوق کے مالک ہوتے ہیں۔ مشتری سے متعلقہ افراد ہمیشہ قابلِ اعتبار دوستوں کی تلاش میں رہتے ہیں کیونکہ انہیں دوستوں کے انتخاب میں غلط فہمی اور مایوسی رہتی ہے۔ اس ستارہ سے متعلقہ افراد بہت حساس ہوتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ یہ اچھے ہوں تو بہت ہی اچھے اور بُرے ہوں تو بہت ہی بُرے ہوتے ہیں۔ ستارہ مشتری والے افراد جمعرات کے روز قبل از مغرب درج ذیل صدقات دیتے رہا کریں۔

دال چنا۔ کپڑا زرد یا سنہری۔ زندہ جانور۔ شکر سرخ گندم۔ جَو اور نقد رقم بطور نوٹ۔ بُرج قوس والے ان اشیاء کی مقدار تین رکھیں۔ جبکہ بُرج حُوت والے سات کو اہمیت دیں۔

انسانی وجود کے اعضائے دستِ راست یعنی داہنے ہاتھ کے ناخن سے لے کر نصف سینے تک براہِ راست ستارہ مشتری سے متعلقہ ہیں۔ لہٰذا داہنے ہاتھ کے ناخن سے لے کر نصف سینہ تک کسی بھی قسم کے درد، فالج، جلدی امراض اور

دیگر جو بھی تکلیف ہو اس کے لئے درج ذیل تعویذ مشتری جمعرات کے روز ساعتِ اوّل میں چار تعویذ تیار کریں۔ ایک مریض کے گلے میں ڈالیں۔ ایک کو سرسوں کے تیل میں ڈال کر اس سے صبح وشام مالش کیا کریں۔ ایک کو پانی میں ڈال لیں۔ اس پانی سے روزانہ غسل کریں۔ جبکہ آخری تعویذ دوسری بوتل میں ڈال کر رکھ لیں۔ روزانہ نہار منہ دو چار گھونٹ مریض پی لیا کرے تو کامل شفا ہوگی۔ تعویذ آتشی چال سے لکھا جائیگا۔ مشتری سے متعلقہ حروف کے مؤکلات کا تعویذ کے گرد حصار کیا جائیگا۔ تمثیلی تعویذ درج ذیل ہے۔

اجب یا دورائیل بحق ھا

ح	ز	و	ہ
ہ	و	ز	ح
ز	ح	ہ	و
و	ہ	ح	ز

اجب یا رفقائیل بحق واؤ

حضرت سیدنا اسرافیلؑ مشتری کے مؤکل ہیں۔ جن سے متعلقہ ورد "یَا کَبِیْرُ یَا مُتَعَالُ" ہے۔ ہر دو اسم ہائے الٰہی کے اعداد 773 ہیں۔ ان اعداد کے مطابق ورد کرنا عزت ووقار میں اضافہ، جان ومال کا تحفظ، رزق روزی میں برکت اور دولت کی فراوانی کے لئے کارگر رہے گا۔ ستارہ مشتری کے مؤکل درج ذیل تسبیح کا ورد کرتے ہیں۔ اگر آپ بھی روزانہ پانچ مرتبہ اس تسبیح کا ورد کریں گے تو معمولِ زندگی میں خیر وبرکت رہے گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَا كَبِيْرُ يَا جَبَّارُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا حَلِيْمُ يَا حَمِيْدَ يَا جَوَّادَ يَا وَهَّابُ يَا عَفُوُّ يَا عَظِيْمُ الْمُخْطَمَاءُ اَنْتَ اللّٰهِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالَ

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ نماز سے فارغ ہو کر اپنے زانوں کو حرکت دینے سے پہلے جو شخص اس دُعا کو (۱۰) مرتبہ پڑھے تو حق تعالیٰ اس کے چار کروڑ گناہوں کو مٹا دیگا اور اس کے لیے چار کروڑ نیکیاں لکھ دیگا اور اس کے پڑھنے کا ثواب اتنا ہے کہ گویا اس نے (۱۲) بارہ مرتبہ ختم قرآن پاک کیا پھر فرمایا میں تو (۱۰۰) سو مرتبہ پڑھتا ہوں لیکن تمہارے لیے دس (۱۰) مرتبہ پڑھنا ہی کافی ہے۔

میری دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آغا افتخار بھائی و جملہ اراکین امامیہ جنتری کو ارضی وسماوی مصائب سے محفوظ فرمائے قارئین محترم! کوئی بھی عمل ہو دعا ہو یا طلسم اس وقت تک موثر نہیں ہوتا جب تک اس میں شرائط کا لحاظ نہ رکھا جائے وہ نامکمل ہوتا ہے۔ اگر دُعا کرنے والا اس شعور اور ادراک کے ساتھ دعا کرے کہ کائنات کے مالک حقیقی سے سوال کر رہا ہے جس کے قبضہ قدرت میں زمین و آسمان کی کنجی ہے تو اس معرفت کے ساتھ ہونے والی دعا کے بارے میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں لَوْ عَرَفْتُمُ اللّٰهُ ۔ اگر تم اللہ کی اس طرح معرفت حاصل کرو کہ جیسا کہ اسکا حق ہے تو تمہاری دُعاؤں سے پہاڑ بھی اپنی جگہ سے ٹل سکتے ہیں۔ بلوچستان کے صحراء میں ایٹمی دھماکے سے پہلے ایٹمی سائنسدان ڈاکٹر ثمر مبارک زیر لب کوئی دعا پڑھ رہے تھے ایک دوسرے ڈاکٹر صاحب نے ان سے پوچھا کہ کیا پڑھ رہے ہو تو ڈاکٹر ثمر مبارک نے کہا یہ فتح و نصرت کی دعا ہے جو نبی کریم غزوات کیلئے نکلتے وقت پڑھا کرتے تھے۔ وہ صاحب طنزیہ بولے ڈاکٹر صاحب یہ دُعاؤں کا زمانہ نہیں یہ ٹیکنالوجی کا دور ہے جس کے پاس جتنی زیادہ بڑی جدید اور مضبوط ٹیکنالوجی ہوگی وہ اتنا ہی کامیاب ہوگا ڈاکٹر ثمر مبارک نے انہیں جواب دیا ڈاکٹر صاحب دُنیا میں آج تک دُعا سے بڑی جدید مضبوط اور قابل اعتبار ٹیکنالوجی دریافت ہی نہیں ہوئی۔ (کتاب رب العلمین دعا اور انسان از محمد علی کراچی)

امام جعفر صادق علیہ السلام نے اپنے غلام میسر سے فرمایا تھا کہ میسر - اَلدُّعَاءُ یَرُدُّ الْقَضَآءَ بَعْدَمَا اُبْرِمَ اِبْرَامًا دُعا قضا و قدر کو اس وقت بھی روک دیتی ہے جب وہ حتمی مرحلہ میں داخل ہو جاتی ہے امام علیہ السلام نے اپنے غلام میسر سے فرمایا میسر! دعا کرو اور یہ نہ کہو کہ جو تقدیر میں ہے وہی ہوگا اس لئے کہ وہ قادر مطلق ہے اور دعا تقدیر کو بدل دینے والی ہے قرآن مجید میں ایسی کئی مثالیں موجود ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ دُعا تقدیر کو بھی بدل دیتی ہے سورہ صافات میں حضرت یونس (علیہ السلام) کا ذکر کرتے ہوئے ارشاد خداوندی ہے۔ پھر اگر یونس (علیہ السلام) اللہ کی تسبیح نہ کرتے تو روز قیامت تک مچھلی کے پیٹ میں رہتے۔ سورہ صافات آیت نمبر ۱۴۳، ۱۴۴

محترم قارئین! کچھ عرصہ سے امامیہ جنتری کی وساطت سے آیۃ الکرسی کے اعمال کا ذکر کر رہا ہوں اس دفعہ آیۃ الکرسی کے جس عمل کا ذکر کر رہا ہوں کوئی بھی جائز اور شرعی حاجت ہو تو یہ عمل تلوار کی کاٹ کی طرح کام کرتا ہے معصوم فرماتے ہیں کہ سات دن روزہ رکھیں ہر روز بعد نماز صبح یا بعد نماز عشاء دو رکعت نماز حاجت اس طرح پڑھے کہ پہلی رکعت میں الحمد کے بعد تین مرتبہ سورہ والطارق۔ پڑھیں اور دوسری رکعت میں سورہ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورہ قل هو الله احد۔ پڑھے آخری سجدہ میں ستر مرتبہ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ پڑھے پھر اپنے سر کو سجدہ سے اُٹھائے اور آیۃ الکرسی (۹۱) مرتبہ پڑھے مولائے امیر المومنین حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام فرماتے ہیں اگر پہاڑ کے برابر بھی حاجت کیوں

نہ ہو جائز اور شرعی حاجت ہو تو سات روز کے اندر اندر پوری ہوگی۔
سرکار امام محمد باقر علیہ السلام فرماتے ہیں کہ قرآن پاک میں دس ایسی آیات ہیں کہ جب اللہ تبارک وتعالیٰ نے ان دس آیات کو زمین پر نازل کرنے کا حکم دیا تو ان آیات نے عرش الٰہی کے ساتھ لگ کر کہا اے پروردگار تو ہمیں گناہگاروں اور خطا کاروں کی طرف بھیج رہا ہے۔ تب ذات حق تعالیٰ نے ان کی طرف وحی فرمائی تم روئے زمین پر چلی جاؤ مجھے اپنی عزت وجلال کی قسم تمہیں آل محمد علیہم السلام کے دوست داروں میں سے جو بھی جس حاجت کیلئے پڑھے گا تو میں ان کی ہر جائز اور شرعی حاجت پوری کرونگا۔ اور ہر روز ستر (۷۰) مرتبہ نظر رحمت کرونگا اور ہر نظر میں انکی (۷۰) ستر حاجتیں پوری کرونگا ایک روایت میں ہے کہ جو بھی انہیں ہر نماز کے بعد پڑھے تو میں انہیں خطۂ قدس میں ٹھہراؤں گا اور انکی ستر حاجتیں پوری کرونگا ان کے گناہ معاف کردوں گا انہیں شر شیطان شر دُشمن سحر جادو آسیب نظر بد سے پناہ میں رکھوں گا اور انہیں غلبہ عطاء کرونگا اور کوئی چیز انہیں جنت میں جانے سے نہیں روک سکتی وہ دس آیات یہ ہیں۔ مکمل سورۂ فاتحہ یعنی سورۂ الحمد سات آیتیں (۷)

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں ہر بیماری کے لیے دفع سحر جادو کے لیے دفع آسیب سایہ کیلئے جائز اور شرعی محبت کے لیے روزانہ بعد نماز صبح یا بعد نماز عشاء سات مرتبہ سورۂ الحمد پڑھنا کافی ہے اول وآخر سات سات مرتبہ درود پڑھیں اگر پھر بھی حاجت پوری نہ ہو تو (۷۰) ستر مرتبہ سورۂ الحمد پڑھیں۔ عافیت کا میں ضامن ہوں (عین الحیات علامہ مجلسی)

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جس کو الحمد تندرست نہیں کرسکتی اسکو کوئی چیز تندرست نہیں کرسکتی

(۸) آٹھویں آیۃ الکرسی، تفسیر انوار النجف میں علامہ حسین بخش جاڑا تحریر فرماتے ہیں کہ جو شخص سونے سے قبل آیۃ الکرسی پڑھ کر باوضو سوئے اسے کبھی فالج نہیں ہوگا۔

(۹) نویں آیت شہادت

شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰۤئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَاۤئِمًۢا بِالْقِسْطِ ؕ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ قف وَمَا اخْتَلَفَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَاۤءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ؕ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ۝

(سورۂ آل عمران ۱۸، ۱۹)

(۱۰) دسویں آیت مُلک (آل عمران ۲۷)

تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ز وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ز وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَاۤءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝

کسی بھی جائز اور شرعی حاجت کیلئے ان دس آیات کا نقش جوابی لفافہ بھیج کر فی سبیل اللہ منگوا سکتے ہیں۔

تمام اعمال میں خلوص کامل اعتماد خلوص شرط ہے صرف جائز اور شرعی حاجت کیلئے کریں اگر محبت شرعی کیلئے کریں تو سورۂ مائدہ آیت نمبر ۵۴، پارہ نمبر ۶

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَنْ يَّرْتَدَّ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَسَوْفَ يَاْتِي اللّٰهُ بِقَوْمٍ يُّحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗۤ لا اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۔

طالب ومطلوب اور ان کی ماں کے نام کے اعداد کے مطابق اوقات مناسب میں مٹھائی یا مشروب پر دم کر کے جس کو کھلائیں گے وہ محبت کرنے لگ جائیگا۔ (کتاب آثار واہل بیت، دارالتنظیم) جو قارئین اس عمل سے فائدہ حاصل کریں بانیان وناشران امامیہ جنتری اور مجھ حقیر کو اپنی دُعاؤں میں ضرور یاد رکھیں آمین۔

علامہ زاہد نقوی، روحانی عامل۔ ایم اے اسلامیات فاضل قم (ایران)
ناصر شہید روڈ نزد پرانا بکر خانہ محلہ بخاری احمد پور شرقیہ ضلع بھاولپور
موبائل نمبر 0301-7776838، 0331-7559391

ڈینگی بخار اور ہر قسم کی وباء سے بچاؤ

صبح کی نماز کے بعد ۴۱ بار پڑھیں اور گھر کے دروازوں پر چسپاں کریں۔

لِيْ خَمْسَةٌ اُطْفِيْ بِهَا حَرَّ الْوَبَاۤءِ الْحَاطِمَةِ اَلْمُصْطَفٰى وَالْمُرْتَضٰى وَابْنَاهُمَا وَالْفَاطِمَةُ

ترجمہ: میرے لیے پانچ ایسی ہستیاں ہیں جن کی وجہ سے وباء کی آگ (گرمی) کو بجھاتا ہوں مصطفیٰ اور مرتضیٰ اور اُن کے فرزندان اور فاطمہ ہیں

"الاسم اعظم" "اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ"

خاص برائے امامیہ جنتری 2012

تحریر و تحقیق: راجہ افتخار حسین مکان نمبر A-12، سروے نمبر 553، عقب مرکزی امام بارگاہ جعفر طیار سوسائٹی، ملیر کراچی
موبائل نمبر 0333-2312068
فون نمبر 021-34117872

قارئین امامیہ جنتری کی خدمت میں اس سال اسم اعظم کے عنوان سے حاضر ہوا ہوں۔ "اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ" اللہ تعالیٰ کے دو صفاتی اسم ہیں۔ جو قرآن حکیم میں تین جگہ پر نازل ہوا ہے۔ قارئین کی خدمت عرض کرتا ہوں۔ اہل اسلام کا ہر شخص اولیائے اللہ، جفر اور روحانیت سے تعلق رکھنے والے حضرات اور روحانیت کے شوقین حضرات آج تک تلاش اسم اعظم کیلئے سرگرداں ہیں۔ مگر ملتا اسی کو ہے جسے خالق کائنات خود چاہتا ہے۔ اور اس شخص کے ساتھ آئمہ طاہرینؑ اور خاص طور پر امام زمانہؑ کی مدد حاصل ہو تب ہی جا کر ایسی کامیابی نصیب ہوتی ہے۔ سورۃ البقرۃ کی سب سے بڑی آیت آیۃ الکرسی ہے اور آیۃ الکرسی کی فضیلت اس بنا پر ہے کہ اس میں توحید کے بارے میں اہم اُمور بیان ہوئے ہیں۔

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ط (سورۃ البقرۃ آیت نمبر 255)

ترجمہ: اس خدائے یگانہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو زندہ ہے اور اپنی ذات سے قائم ہے۔

الٓمّٓ ۙ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ط (سورۃ العمران آیت نمبر 2,1)

ترجمہ: الم اس خدائے یگانہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو زندہ ہے اور اپنی ذات سے قائم ہے۔

سورۃ العمران میں یہ آیت الم حروف مقطعات کے ساتھ نازل ہوئی۔ تیسری دفعہ سورۃ طٰہٰ میں

وَعَنَتِ الْوُجُوْہُ لِلْحَیِّ الْقَیُّوْمِ ط (سورۃ طٰہٰ آیت نمبر 111)

ترجمہ: اور (قیامت میں) ساری خدائی زندہ پائندہ خدا کے سامنے جھک جائے گی۔

ان ہی آیات یعنی آیۃ الکرسی اور سورۃ العمران کی آیت نمبر 2,1 میں اسم اعظم پوشیدہ ہے۔ اسم اعظم کی تعریف یہ ہے کہ الف سے شروع ہو اور تمام حروف بے نقطہ ہوں۔ امام مولائے کائنات امیر المومنین ابن ابی طالب علیہ السلام فرماتے ہیں۔ "کہ غزوہ بدر کے وقت میں نے ایک وقت یہ چاہا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھوں کہ آپ کیا کر رہے ہیں۔ جب پہنچا تو دیکھا کہ آپ سجدے میں ہیں اور بار بار یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ کہہ رہے ہیں

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ط

یعنی وہ ذات جو یگانہ اور تنہا ہے اور تمام صفات کمال کی جامع ہے وہی عالم ہستی کو پیدا کرنے والی ہے۔ لہٰذا عالم وجود میں کوئی اس کے علاوہ پرستش کے لائق نہیں ہے۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اس ارشاد میں قرآن، خلاق عالم کی وحدت و یگانگی کو جو اسلام کی بنیاد ہے بیان کرتا ہے لیکن جیسا کہ بیان کیا جا چکا ہے لفظ "اللّٰہ" میں بھی یہ حقیقت پوشیدہ ہے۔ اس بناء پر کہا جا سکتا ہے کہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اس حقیقت کی تاکید ہے۔ حی کا معنی زندہ اور یہ لفظ ہر صفت مشبہ کی طرح دوام و ہمیشگی پر دلالت کرتا ہے۔ خدا کی حیات حقیقی ہے۔

کیونکہ اسکی حیات عین ذات ہے۔ نہ کہ عارضی یا کسی دوسرے سے لی ہوئی سورۃ فرقان کی آیت نمبر 58 میں ہے۔

وَتَوَکَّلْ عَلَی الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ ط ترجمہ: یعنی اس زندہ ذات پر بھروسہ کرو جسے کبھی موت نہ آئے گی۔

ایک یہ پہلو ہے اور دوسرا یہ ہے کہ حیات کامل وہ زندگی ہے جس میں موت کا تصور نہ ہو اس لئے حقیقی حیات اسی کی ہے۔ جو ازل تا ابد قائم و دائم ہے۔ رہی انسان کی زندگی خصوصاً اس جہان میں جہاں موت بھی ہے یہ حقیقی حیات نہیں ہو سکتی اس لئے سورۃ عنکبوت کی آیت نمبر ۶۴ میں ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

وَمَا ھٰذِہِ الْحَیٰوۃُ الدُّنْیَآ اِلَّا لَھْوٌ وَّ لَعِبٌ ط وَاِنَّ الدَّارَ الْاٰخِرَۃَ لَھِیَ الْحَیَوَانُ لَوْ کَانُوْا یَعْلَمُوْنَ

اس جہاں کی زندگی لہو و لعب کے سوا کچھ نہیں (ایک لحاظ سے) حقیقی زندگی تو دارِ آخرت کی زندگی ہے۔ ان دو وجوہ کی بناء پر حقیقی زندگی خدا ہی کیلئے مخصوص ہے۔

القیوم: "قیوم" مبالغہ کا صیغہ ہے۔ اس کا مادہ "قیام" ہے۔ اسی بناء پر اس کے معنی وہ جس کا قیام اپنی ذات کے ساتھ ہے اور تمام موجودات کا قیام اس کے ساتھ ہے۔ دوسرے لفظوں میں عالم ہستی کے تمام موجودات اسی کے بھروسہ اور سہارے پر قائم ہیں۔

واضح ہے کہ قیام کا معنی ہیں کھڑا ہونا، روزمرہ میں یہ لفظ اسی مخصوص ہیئت و کیفیت کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ اس معنی کا خدا کے لیے کوئی مفہوم نہیں کیونکہ وہ جسم

اور صفاتِ جسمانی سے منزہ ہے اس لئے اس سے مراد تخلیق، تدبیر اور نگہداری کے لیے قیام کرنا ہے۔ صرف وہی ذات ہے جس نے تمام موجودات کو پیدا کیا ہے اور اسی نے ان کی نگہداری و تربیت اپنے ذمہ لے رکھی ہے۔ وہ کبھی اس کام کی انجام دہی میں غفلت نہیں کرتا اور وہ ہمیشہ سے بغیر کسی وقفہ کے اُن اُمور کو انجام دینے کے لیے قیام کیے ہوئے ہے۔

اس بیان سے واضح ہو جاتا ہے۔ کہ ''قیام'' حقیقت میں تمام صفاتِ فعل کی بنیاد ہے۔ صفات فعل سے مراد وہ صفات ہیں جو کسی موجود سے خدا کے ارتباط کو بیان کرتی ہیں۔ مثلاً پیدا کرنے والا، روزی دینے والا، زندہ کرنے والا، ہدایت کرنے والا وغیرہ، موجودات عالم کی خلقت و تدبیر کے لیے قیام کرنے میں یہ تمام اُمور شامل ہیں۔ وہی جو روزی دیتا ہے، وہی ہے جو زندہ کرتا ہے۔ وہی ہے جو مارتا ہے وہی ہے جو ہدایت کرتا ہے، اس لئے خالق، رزاق اور محی وغیرہ کے صفات سب قیوم میں جمع ہیں۔ میں نے سورۂ البقرہ کی آیت نمبر 255 کے اعداد 412 اور سورۂ العمران کی آیت 1.2 کے اعداد 483 اور سورۂ طٰہٰ سے صرف ''للحیّ القیوم'' کے عدد 265 اور اسم ذات ''اللہ'' کے عدد 66 لئے ہیں۔ 1226=66+265+483+412 ان اعداد سے آٹھ عدد خاتم اسم اعظم تیار کئے ہیں۔ یہ تمام خاتم ہر مومن و مومنہ اور برادران اسلام کے نام کے پہلے حرف سے کام دے گا۔ جیسا کہ آغا افتخار حسین مدیر اعلیٰ امامیہ جنتری کے نام کا پہلا حرف الف ہے۔ تو افتخار صاحب کے لئے خاتم نمبر 1 کا کام دے گا۔

جو شخص بھی اپنے نام سے یہ خاتم تیار کرے اور اپنے استعمال میں لائے تو وہ آیت الٓمٓ ط اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ط کو 483 مرتبہ پڑھ کر اپنے مقصد کی دُعا بارگاہ رب العالمین میں پیش کرے انشاءاللہ تعالیٰ العزیز چالیس دن کے اندر اندر مقصد بر آئے گا۔ یہ خاتم خاص طور پر شرف شمس میں تیار کئے جائیں یا اوج شمس میں شرف زہرہ، قرآن السعدین، شرف واوج عطارد، شرف مریخ واوج مریخ، شرف قمر میں چاندی کے پترے پر کندہ کر کے لاکٹ کے طور پر استعمال میں لایا جاسکتا ہے۔ جو بھی شخص اس اسم اعظم کے خاتموں کو استعمال کریگا تو قدرت خدا کے کرشمے کو خود مشاہدہ کرے گا۔ آپ کی سہولت کے لیے خاتم سے کام لینے کے لیے خاتم سے منسوب ہر خاتم کے حروف لکھ دیئے ہیں۔ خاتم کا دفق ۱۲۲۶ بنتا ہے۔ اگر مضمون کی کوئی جز سمجھ میں نہ آئے تو جوابی لفافے سے وضاحت مفت حاصل کریں 0333-2312068

نقوش



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کی برکات، کرامات، خواص، اسرار وفوائد اور اعجاز

تحریر: سید مبارک حسین کاظمی (شاہ صاحب)
R-31 فیز II ڈیلکس گارڈن ابوالحسن اصفہانی روڈ کراچی

محترم قارئین امامیہ جنتری ''بِسمِ اللہ'' کی برکات، کرامات، خواص، اسرار وفوائد، اور اعجاز پیش خدمت ہیں۔ استفادہ فرمائیں اور مجھ حقیر کو دعاؤں میں یاد رکھیں نیز'' بانی امامیہ جنتری الحاج آغا نثار احمد (مرحوم) و اہلیہ (مرحومہ)'' کیلئے فاتحہ تلاوت فرمادیں۔ شکریہ۔

۞ بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمْ کے حروف انیس (۱۹) اور کل اعداد سات سوچھیاسی ہیں اور یہی ''بِسمِ اللہ'' قرآن پاک کی پہلی آیت ہے۔ قرآن مجید میں ایک سو چودہ (۱۱۴) ''بِسمِ اللہ'' ہیں اور سوائے توبہ کے ہر سورہٗ کا سرنامہ ہے۔

۞ جب ''بِسمِ اللہ'' نازل ہوئی تو تمام آسمان کانپے اور آسمانی مخلوق میں ہلچل مچ گئی اور زمین لرز گئی۔ بادل مشرق کی طرف چھٹ گئے، ہوائیں ساکن ہوگئیں۔ سمندر ٹھہر گیا۔ اور فرشتوں نے تسبیح میں زیادتی کی اور ''بِسمِ اللہ'' کے متعلق مولا امیرالمومنین حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام کا ارشاد گرامی ہے جو کچھ قرآن میں ہے وہ سورہٗ فاتحہ میں ہے اور جو سورہٗ فاتحہ میں ہے وہ ''بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمْ'' میں ہے اور جو ''بِسمِ اللہ'' میں ہے وہ اس نقطے میں ہے جو ''ب'' کے نیچے ہے اور وہ نقطہ میں ہوں۔

۞ ''بِسمِ اللہ'' حضرت اسرافیل اور حضرت آدم علیہ السلام کی پیشانی پر، حضرت جبرائیل کے بازو پر، حضرت عزرائیل کی ہتھیلی پر، حضرت موسیٰؑ کے اعصاء پر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی زبان پر، حضرت سلیمان علیہ السلام کی انگوٹھی پر کندہ ہے۔ اور یہی ''بِسمِ اللہ'' قرآن پاک کی ابتدا ہے۔

۞ حدیث نبوی ہے یہ اسم مبارک اسم اعظم ہے اس سے زیادہ قریب ہے۔ جتنا آنکھوں کی سفیدی اس کی سیاہی سے قریب ہے۔

۞ پروردگار عالم نے اپنی عزت وجلال کی قسم کھا کر فرمایا کہ جس چیز پر میرا نام لیا جائے اس میں ضرور برکت ہوگی اور جس کام کو ''بِسمِ اللہ'' سے شروع نہ کیا جائے وہ بے برکت ہوتا ہے۔

۞ جو شخص ہر نماز کے بعد سو مرتبہ ''بِسمِ اللہ'' پڑھے لطف الٰہی شامل حال ہو۔

۞ اگر ''بِسمِ اللہ'' کو قبلہ رخ ہو کر چار سو ستاسی (۴۸۷) مرتبہ روزانہ پڑھ کر سحر زدہ پر دم کریں۔ اور پانی پر دم کر کے سحر زدہ کو پلائیں تو سحر خواہ کتنا ہی شدید ہو ایک لمحہ میں باطل ہو جائیگا۔

۞ جو شخص سوتے وقت اکیس مرتبہ (۲۱) ''بِسمِ اللہ'' پڑھے گا وہ صبح تک ہر آفت بلا اور پریشانیوں سے محفوظ رہے گا۔

۞ حضرت ابراہیمؑ پر ''بِسمِ اللہ'' کی مدد سے آگ گلزار ہوگئی۔ حضرت آدمؑ کی توبہ ''بِسمِ اللہ'' کے صدقے قبول ہوئی، حضرت موسیٰؑ نے ''بِسمِ اللہ'' پڑھ کر فرعون پر فتح حاصل کی، حضرت سلیمانؑ نے ''بِسمِ اللہ'' کی بدولت جن، پری، اور دیگر مخفی مخلوق کو تسخیر کیا اور حضرت عیسیٰؑ ''بِسمِ اللہ'' پڑھ کر اندھوں اور کوڑھ کے مریضوں پر دم کرتے تھے۔ اور وہ صحت یاب ہو جاتے تھے۔

۞ ایک کورے مٹی کے برتن پر سات مرتبہ ''بِسمِ اللہ'' لکھ کر پانی یا عرق سے دھو کر کسی مریض کو پلائیں نہار منہ تو اکیس (۲۱) دن میں انشاء اللہ شفایابی ہوجائیگی۔

۞ اگر کوئی شخص طلوع آفتاب کے وقت سورج کے سامنے ہو کر تین سو مرتبہ ''بِسمِ اللہ'' پڑھے اور متواتر تین اتوار پڑھے تو انشاء اللہ ایک سال میں مفلسی، تنگدستی دور ہو کر غنی ہو جائیگا۔ اور وہاں سے اسکو رزق ملے گا جس کا اُسکو گمان بھی نہ ہوگا۔

۞ ''بِسمِ اللہ'' کو لکھ کر بخار، والے مریض کے گلے میں ڈالیں یا بازو پر باندھیں بحکم خدا بخار جاتا رہیگا۔

۞ استجابت دعا کیلئے نماز فجر سے پہلے انیس (۱۹) مرتبہ ''بِسمِ اللہ'' پڑھنے کی مداومت کریں،

۞ گھر سے نکلتے وقت پانچ (۵) مرتبہ ''بِسمِ اللہ'' پڑھ کر چاروں طرف کلمہ کی انگلی سے حصار کرلیں انشاء اللہ کسی حادثہ کا شکار نہ ہوں گے اور بخیریت گھر واپسی ہوگی۔

۞ ''بِسمِ اللہ'' کے انیس (۱۹) حروف ہیں اور دوزخ کے فرشتے بھی انیس (۱۹) ہیں حضرت عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے کہ جو ہر روز ''بِسمِ اللہ'' کا ورد کرے ہر کام کیلئے مجرب ہے اور اسکو انیس (۱۹) فرشتوں کے عذاب سے جو دوزخ پر موکل ہیں نجات ملے گی۔

۞ جو شخص ''بِسۡمِ اللہ'' کو سات سو چھیاسی مرتبہ روزانہ نماز فجر کے بعد پڑھے تو اسکی ہر جائز حاجت / مراد پوری ہوگی۔ خواہ وہ شادی کیلئے، تجارت میں کامیابی کیلئے۔ رزق میں اضافہ / زیادتی، کیلئے۔ امتحان میں کامیابی کیلئے، مقدمہ میں کامیابی کیلئے، سحر، جادو سے نجات کیلئے، دُشمنوں اور حادثات سے محفوظ رہنے کیلئے پریشانیوں اور مصیبتوں سے نجات کیلئے۔ حافظہ اور یادداشت، کند ذہنی، دور کرنے کیلئے پڑھ کر دعا مانگ لیا کریں انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔

۞ کسی ظالم اور جابر کے سامنے پچاس مرتبہ ''بِسۡمِ اللہ'' پڑھیں تو اس ظالم کے دل میں پڑھنے والے کی ہیبت پیدا ہوگی۔ اور اسکے شر سے محفوظ رہے گا۔

۞ جس کی اولاد زندہ نہ رہتی ہو۔ وہ ''بِسۡمِ اللہ'' کو اکسٹھ (۶۱) مرتبہ لکھ کر گلے یا بازو میں باندھے تو اس عورت کی اولاد انشاء اللہ زندہ رہیگی۔

۞ اگر ''بِسۡمِ اللہ'' کو بانجھ عورت کیلئے کسی کاغذ پر ایک سو دس (۱۱۰) مرتبہ لکھیں اور وہ عورت حیض سے پاکیزگی کے بعد اسکو گلے میں پہن لے اور اسکا شوہر اس کے ساتھ قربت کرے تو جلد ہی وہ بحکم خدا حاملہ ہوجائیگی، اس تعویذ کو کم ازکم دو ماہ تک پہنیں۔

۞ حدیث رسولؐ ہے کہ جو شخص عمر کے تمام حصہ میں ایک لاکھ (۱۰۰۰۰۰) مرتبہ ''بِسۡمِ اللہ'' کی تلاوت کریگا خداوند عالم اسکے جسم پر دوزخ حرام کردیگا۔

۞ جو شخص ''بِسۡمِ اللہ'' پڑھتا ہے (حدیث رسولؐ ہے) کہ اللہ تعالیٰ اسکے لیے ہر روز ہزار نیکیاں لکھتا ہے۔ اور دس ہزار گناہ مٹاتا ہے۔

۞ حدیث میں منقول ہے کہ جو شخص گھر میں داخل ہوتے وقت ''بِسۡمِ اللہ'' پڑھے گا اور سلام کریگا اسکے ساتھ ایک مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے گا تو وہ جلد ہی غنی ہوجائیگا۔

۞ جب کوئی ''بِسۡمِ اللہ'' پڑھتا ہے تو شیطان اس طرح پگھلتا ہے جس طرح آگ سے سیسہ۔

۞ اگر گھر میں لڑائی جھگڑا رہتا ہو تو ''بِسۡمِ اللہ'' کو سات سو چھیاسی مرتبہ پڑھ کر گھر میں استعمال ہونے والے پانی یا میٹھی چیز پر دم کریں اور گھر کے تمام افراد یہی پانی یا میٹھی چیز پئیں اور کھائیں انشاء اللہ جلد ہی محبت وخلوص پیدا ہوجائیگا۔

۞ اگر ''بِسۡمِ اللہ'' کو کسی پلیٹ پر زعفران سے لکھ کر جس مریض کو بارہ (۱۲) دن نہار منہ پلایا جائیگا تو انشاء اللہ اس کو جلد شفا یابی ہوگی۔

۞ روزگار / ملازمت کیلئے اول اور آخر گیارہ مرتبہ درود اور سات سو چھیاسی (۷۸۶) مرتبہ ''بِسۡمِ اللہ'' نماز فجر کے بعد پڑھ کر دعا مانگیں انشاء اللہ جلد ہی روزگار و ملازمت ملے گی۔

۞ حضرت جبرائیلؑ نے سرکار رسالتمآبؐ سے ارشاد فرمایا جو شخص ''بِسۡمِ اللہ'' پڑھتا ہے تو ڈر اور خوف اُس سے دُور ہوجاتا ہے۔

۞ جبکوئی شخص ''بِسۡمِ اللہ'' کہے گا پروردگار اس کے تمام گناہ صغیرہ بخش دیگا۔

۞ نبی کریم صلعم کا ارشاد گرامی ہے اگر خداوند کریم نے میری اُمت کو عذاب دینا ہوتا تو کبھی بھی ''بِسۡمِ اللہ'' کو نازل نہ کرتا۔

۞ اگر سات سو چھیاسی مرتبہ ''بِسۡمِ اللہ'' پڑھ کر روزانہ پانی پر دم کر کے کسی کند ذہن بچے یا شخص کو نہار منہ پلایا جائے تو اسکا حافظہ اور ذہن قوی اور تیز ہوجائیگا۔

۞ اگر ''بِسۡمِ اللہ'' کا نقش لکھ کر تین روز تک کسی مریض کو پلایا جائے تو انشاء اللہ شفاء ہوگی۔ اور یہی نقش گلے یا بازو پر باندھیں تمام مقاصد انشاء اللہ پورے ہوں گے۔ نقش یہ ہے۔

بسم اللہ کا نقش

بِسۡمِ	اللہ	الرَّحۡمٰنِ	الرَّحِیۡمِ
الرَّحۡمٰنِ	الرَّحِیۡمِ	بِسۡمِ	اللہ
الرَّحِیۡمِ	الرَّحۡمٰنِ	اللہ	بِسۡمِ
اللہ	بِسۡمِ	الرَّحِیۡمِ	الرَّحۡمٰنِ

۞ زوجہ اور خاوند میں ناچاقی ہو تو کسی میٹھی چیز پر سات سو چھیاسی (۷۸۶) مرتبہ پڑھ کر ایک ہفتہ تک کھلائیں اور کھائیں انشاء اللہ محبت ہوگی۔

۞ روزانہ فجر کے نماز کے بعد سات سو چھیاسی مرتبہ پڑھ کر دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر دم کریں اور اول و آخر ایک مرتبہ دورد پڑھ کر اپنی حاجت / امراد کیلئے دُعا مانگیں اور ہاتھ پر پھیریں انشاء اللہ جلد ہی مراد پوری ہوگی۔

۞ ہر روز ایک جگہ مسلسل چالیس دن تک بعد نماز عشاء ایکتیس مرتبہ درود پڑھیں اور سات سو چھیاسی مرتبہ ''بِسۡمِ اللہ'' کی تلاوت کریں اور دُعا مانگیں انشاء اللہ جس کام کیلئے وظیفہ کیا ہے وہ ضرور پورا ہوگا۔ (وہ مجرب ہے)

۞ جو شخص ''بِسۡمِ اللہ'' کو حروف مقطعہ میں حسب ذیل طریقہ سے لکھ کر داہنے ہاتھ میں باندھ کر کسی کام کیلئے جائے تو اسکو انشاء اللہ ضرور کامیابی ہوگی۔

'' ب ب س س س س س س س م م م م ال ل ل ھ ھ ھ ھ ھ ھ ر ز ح ح ح ح ح ح ح ح ن ن ن ن ط ''

اِحتیاجِ دُعا

تحریر: سیّد بابر حسین رضوی
موبائل 0313-2009666

☆ انسان کو لازماً اپنی زندگی کے نشیب و فراز میں ایسے لمحات سے دوچار ہونا پڑتا ہے جن میں تمنائیں اور آرزوئیں نا اُمیدی کی چٹانوں سے ٹکرا کر پاش پاش ہوجاتی ہیں۔ اور اضطراب کو تسلی دینے کے تمام سہارے اور اُمیدوں کے سارے بندھن ایک ایک کر کے ٹوٹ جاتے ہیں اس نامرادی اور پریشانی کے عالم میں انسان فطرتاً کوئی سہارا ڈھونڈتا ہے جو اس کے قلق واضطراب کے لیے تسلی وتسکین کا سامان مہیا کرے اسی وسیلے کا نام ''دُعا'' ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ وَابْتَغُوْا اِلَیْهِ الْوَسِیْلَةَ (المائدہ:۳۵)

ترجمہ: اور اس کے (قرب ورضا) لئے وسیلہ تلاش کرو۔

☆ آج پوری قوم عدمِ تحفظ کا شکار ہے۔ قتل وغارت گری، دہشت گردی، مصائب، مشکلات، فسادات، حادثات، ڈکیتیوں، پریشانیوں، بے چینیوں، زیادتوں اور لاتعداد بیماریوں نے انسان کو بری طرح گھیر رکھا ہے۔

☆ ان حالات سے یقینی نجات اور مکمل تحفظ کیلئے ہمیں اپنے خالق کی طرف ہی رجوع کرنا چاہیے، اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنے کا عمدہ ترین ذریعہ ''دُعا'' ہے۔

☆ دُعا کا لغوی معنیٰ ''پکارنا'' ہے، اصطلاحاً اس کائنات کے خالق اور اس مدبر کی بارگاہ میں اپنی فریاد لیجانا، اس ذات کی بارگاہ میں ہاتھ پھیلانا، اس کی مشیت سے درخواست کرنا تاکہ وہ اپنی لوحِ محو اثبات میں اس کی تقدیر بدل دے، جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

یَمْحُو اللّٰهُ مَا یَشَآءُ وَیُثْبِتُ (الرعد:۳۹)

ترجمہ: مٹا دیتا ہے اور جس کو چاہتا ہے برقرار رکھتا ہے۔

☆ دُعا کا فلسفہ حقیقی یہ ہے کہ محتاج بندہ کائنات کے مصدرِ طاقت اور سرچشمۂ قوت اور منبعِ فیض سے مستفیض ہو کیونکہ وہ تمام علتوں کی علت، ہر سبب کا مسبب اور پوری کائنات کا حقیقی مالک ہے اور اس کے خزانوں میں کوئی کمی نہیں۔

☆ دنیوی واخروی اور ارضی وسماوی جملہ نوع کی آفات وبلیات سے محفوظ ومامون رہنے کیلئے حفاظتِ خود اختیاری کے عمل کو علمی اصطلاح میں ''دُعا'' سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ اس اہم ترین وعظیم ترین عمل کا نام ''دُعا'' ہی ہے۔

☆ دُعا مکمل بھروسہ، کامل اعتماد، شوق اور حسنِ عقیدت کے ساتھ چاہیے پس اس کی رحمت سے مایوس ونا اُمید ہونا نہایت ہی نادانی والی بات ہے اس کی رحمت بہت وسیع ہے جیسا کہ ارشاد ہے۔

لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ (زمر:۵۳)

ترجمہ: تم لوگ اللہ کی رحمت سے نا اُمید نہ ہونا۔

☆ دُعا گنہگار کے لیے مشکلات ودوزخ سے محفوظ رہنے کیلئے ایک ہتھیار اور ڈھال ہے۔

☆ اللہ ایسے بندوں کو بہت چاہتا ہے جو اپنی حاجتوں کے لیے بار بار اس کی بارگاہ میں گڑگڑا کر رجوع کرتے ہیں جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ

وَیَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّرَهَبًا ط (الانبیاء:۹۰)

ترجمہ: اور ہم کو بڑی رغبت (توقع) اور خوف کے ساتھ پکارا کرتے ہیں)

☆ دُعا میں خشوع وخضوع اور گریہ کا طاری ہونا لازمی ہے اگر بحالت دُعا ایک قطرہ کے برابر بھی آنسو آجائے تو موجبِ قبولیت ہے۔ جیسا کہ ارشاد ہے۔

قُلْ مَا یَعْبَؤُا بِكُمْ رَبِّیْ لَوْلَا دُعَآؤُكُمْ ط (الفرقان:۷۷)

ترجمہ: کہہ دیجئے میرا پروردگار تمہاری پرواہی نہ کرتا اگر تمہاری یہ دُعائیں نہ ہوتیں۔

☆ اس رحیم وکریم نے دُعا کی قبولیت کا وعدہ فرمایا ہے جیسا کہ ارشادِ ربّ العزت ہے۔

اُجِیْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ ط (البقرۃ:۱۸۶)

ترجمہ: میں دُعا کرنیوالوں کی دُعا قبول کرتا ہوں جب وہ مجھے پکاریں۔

☆ دُعا کی افادیت وقبولیت پر مزید برآن ارشادِ قدرت ہے کہ۔

وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ ط (المومن:۶۰)

ترجمہ: تمہارا پروردگار ارشاد فرماتا ہے کہ تم مجھ سے دُعائیں مانگو میں قبول کروں گا۔

حضور اکرم ﷺ نے فرمایا لَوْ عَرَفْتُمُ اللّٰهَ حَقَّ مَعْرِفَتِهٖ لَزَالَتْ لِدُعَائِكُمُ الْجِبَالُ اگر تم اللہ کی اس طرح معرفت حاصل کرو جیسا کہ اس کا حق ہے تو تمہاری دُعاؤں سے پہاڑ بھی اپنی جگہ سے ہل سکتے ہیں۔

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔ اَلدُّعَآءُ یَرُدُّ الْقَضَآءَ بَعْدَمَآ اُبْرِمَ اِبْرَامًا دُعا قضا وقدر کو روک دیتی ہے جب وہ حتمی مرحلہ میں داخل ہوجاتی ہے۔

حضرت امام سجاد علیہ السلام کا دُعا کی اہمیت کے بارے میں ارشاد ہے کہ۔

فَسَمَّيْتَ دُعَاءَ عِبَادَةً وَتَرْكَهُ اِسْتِكْبَاراً وَتَوَاعَدْتَ عَلٰى تَرْكِهِ دُخُوْلَ جَهَنَّمَ دَاخِرِيْنَ تو نے دُعا کا نام عبادت، اس کے ترک کو غرور سے تعبیر کیا ہے اور اس پر جہنم میں ذلیل ہو کر داخل ہونے سے ڈرایا۔ جیسا کہ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے اَلدُّعَاءُ سِلَاحُ الْمُؤْمِن (دُعا مومن کا اسلحہ ہے)

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ (دُعا عبادت کی جان ہے)

☆ اللہ تعالیٰ کے الطاف و نعمات کے شکر کا نام ''دُعا'' ہے دُعا اللہ کا پسندیدہ عمل ہے۔

☆ بحار الانوار میں ہے کہ اگر کوئی نماز کے بعد دُعا نہ مانگے تو وہ نماز اس کے منہ پر ماردی جاتی ہے۔

دُعا قبول نہ ہونے کی وجوہات

☆ معتبر و مستند روایات کے مطابق حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تمہاری دُعائیں قبول نہ ہونے کی وجوہات یہ ہیں:۔

تم اللہ کو پہنچانتے ہو مگر اس کی عبادت نہیں کرتے۔

قرآن مجید پڑھتے ہو مگر اس کے احکام پر عمل نہیں کرتے۔

دعویٰ کرتے ہو کہ تم حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی پاک آل علیہم السلام کو دوست رکھتے ہو حالانکہ تم اُن کی اتباع نہیں کرتے۔

تم دعویٰ شیطان سے عداوت اور دُشمنی کا کرتے ہو مگر پیروی اسی کی کرتے ہو۔

تم بہشت سے محبت کا دعویٰ تو کرتے ہو لیکن اس میں جانے والے اعمال نہیں کرتے۔

تم جہنم سے ڈرنے کا دعویٰ تو کرتے ہو مگر اپنے ناپسندیدہ اعمال کے باعث اپنے جسموں کو اُس سے گزارتے ہو۔

تم لوگوں کے عیب تو ڈھونڈھنے میں مشغول رہتے ہو مگر اپنے عیبوں پر نظر نہیں کرتے۔

تم دعویٰ دُنیا سے بغض اور بیزاری کا کرتے ہو لیکن خود مال جمع کرتے ہو اور اسے دوست رکھتے ہو

تم موت کا اقرار تو کرتے ہو لیکن اپنے آپ کو اس کے لیے تیار نہیں کرتے۔

اپنے مُردوں کو دفن تو کرتے ہو لیکن اس سے عبرت حاصل نہیں کرسکتے۔

استجابتِ دُعا کے آداب و شرائط

☆ دُعا سے پہلے حمد وثنائے باری تعالیٰ کرے دُعا سے پہلے و آخر میں صلوٰت بر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و آل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ پڑھے اور خاتمہ پر مَاشَآءَ اللّٰهُ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ کہے

دُعا میں ہاتھوں کی کیفیت

☆ مصیبت سے پناہ مانگے تو ہتھیلی قبلہ کی طرف ہو ☆ رزق طلب کرنا ہو تو ہتھیلی آسمان کی طرف ہو۔ ☆ صرف اللہ کی طرف توجہ مقصود ہو تو درمیانی انگلی سے اشارہ کرے۔ ☆ فریاد کرنا ہو تو ہاتھوں کو سر سے اُونچا رکھے۔ ☆ گڑگڑانا ہو تو درمیانی انگلی کو چہرہ کے قریب حرکت دے۔

اوقاتِ قبولیتِ دُعا

☆ شبِ جمعہ دُعا کرے ☆ روزِ جمعہ دُعا کرے ☆ جمعہ کے دن کی آخری ساعت میں دُعا کرے ☆ رات کے آخری تہائی حصہ میں دُعا کرے ☆ شب بعثت اور روزِ بعثت دُعا کرے ☆ شبِ غدیر و عید الاضحیٰ و عید الفطر اور ان کے دنوں میں دعا کرے ☆ شب اول رجب دُعا کرے ☆ شب نیمہ رجب دُعا کرے۔ ☆ شب نیمہ شعبان دُعا کرے۔

☆ شب ۱۷ ربیع الاوّل دُعا کرے۔ ☆ وقتِ زوالِ وقتِ ہوائے تند، وقتِ نزولِ بارانِ وقتِ طلوع فجر اور وقتِ اذانِ دُعا کرے۔ ☆ وقتِ دُعا ہاتھ میں عقیق یا فیروزی کی انگوٹھی ہو۔ ☆ دُعا کی عبارت غلط نہ ہو کہ اس کا بھی اثر ہوسکتا ہے۔ ☆ دُعاؤں سے پہلے گناہوں کا اقرار کرے کہ خوف پیدا ہو، دل نرم ہوگا تو آنکھ نم ہوگی اور دُعا قبول ہوگی۔ ☆ حالتِ دُعا میں ہمہ تن اللہ کی طرف متوجہ رہے ☆ بلا نازل ہونے سے پہلے دُعا کرے۔ ☆ بارگاہِ احدیث میں اپنی ذلت، عاجزی اور کمزوری کا اظہار کرے۔ ☆ وقتِ دُعا گریہ کرے ☆ دُعا میں محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حق کا واسطہ دے۔

وہ جن کی دُعا قبول ہوتی ہے

☆ مریض کی دُعا عیادت کرنے والے کیلئے ☆ اُس کی دعا عطا کرنے والے کیلئے ☆ حاجی کی دُعا استقبال کرنے والے کیلئے ☆ باپ کی دُعا اور بددُعا اولاد کیلئے ☆ ماں کی دُعا اولاد کے لیے ☆ اولاد کی دُعا والدین کیلئے۔

☆ ری دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ تمام مومنین و مومنات کی دُعاؤں کو مستجاب فرمائے، (آمین)

تعویذات

تحریر: سیّد بابر حسین رضوی
موبائل 0313-2009666

چند تعویذات مؤمنین وسادات کے فیض کے لیے درج کیے جاتے ہیں

فوائد نقش سورۂ یٰسین: اگر عقیمہ عورت نقش لکھ کر باندھے تو اس کے ہاں لڑکا پیدا ہوگا سحر و جادو رفع ہوگا۔ نیز دُشمن دوست ہوجائینگے جس کی عقل مغلوب (مجنون تو وہ اس کو زعفران سے نقش لکھ کر پلانا موجب شفاء ہے۔

۷۸۶

۵۵۳۵۲	۵۵۳۵۵	۵۵۳۵۹	۵۵۳۴۵
۵۵۳۵۸	۵۵۳۴۶	۵۵۳۵۱	۵۵۳۵۶
۵۵۳۴۷	۵۵۳۶۱	۵۵۳۵۳	۵۵۳۵۰
۵۵۳۵۴	۵۵۳۴۹	۵۵۳۴۸	۵۵۳۶۰

فوائد نقش آیت الکرسیٰ: اس نقش کو لکھ کر پاس رکھنا نظر بد، بچوں کا خواب میں ڈرنا، وبائی امراض، حادثات جادوٹونہ، شیطانوں و جنوں اور دُشمنوں وغیرہ کے شر سے محفوظ رہنے کے لیے پُرتاثیر اور تیر بہدف ہے، زعفران سے لکھ کر مریض کو پلانا موجب شفا ہے

۷۸۶

۵۱۶	۵۱۹	۵۲۲	۵۰۹
۵۲۱	۵۱۰	۵۱۵	۵۲۰
۵۱۱	۵۲۴	۵۱۷	۵۱۴
۵۱۸	۵۱۳	۵۱۲	۵۲۳

فوائد نقوش معوذتین

لکھ کر مسحور و جن گرفتہ کے بازو پر باندھیں تو جادو اور آسیب کے اثرات سے محفوظ رہیگا

سورئہ فلق

۷۸۶

۲۱۵۸	۲۱۶۱	۲۱۶۴	۲۱۵۰
۲۱۶۳	۲۱۵۱	۲۱۵۷	۲۱۶۲
۲۱۵۲	۲۱۶۶	۲۱۵۹	۲۱۵۶
۲۱۶۰	۲۱۵۵	۲۱۵۳	۲۱۶۵

سورۂ والناس

۷۸۶

۱۳۲۳	۱۳۲۷	۱۳۳۰	۱۳۱۶
۱۳۲۹	۱۳۱۷	۱۳۲۲	۱۳۲۸
۱۳۱۸	۱۳۳۲	۱۳۲۵	۱۳۲۱
۱۳۲۶	۱۳۲۰	۱۳۱۹	۱۳۳۱

برائے محبت زوجین: سورۂ توحید کا نقش طالب مطلوب کے نام سے لکھ کر پاس رکھے تو برائے محبت زوجین اور رفع حاجات کے لیے بھی اکسیر ہے

۷۸۶

۳۳۵	۳۳۰	۳۳۷
۳۳۶	۳۳۴	۳۳۲
۳۳۱	۳۳۸	۳۳۳

فوائد نقشِ نادِ علیؑ: درج ذیل نقش معظم برائے طلب فرزند، ادائے قرض، حاجات کی برآوری، پریشانیوں سے نجات اور دُشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے کیلئے لکھ کر گلے میں ڈالنا اور روزانہ دس مرتبہ پڑھنا دِمقصود اور حرزِ جان ہے۔

۷۸۶

۱۱۲۸	۱۱۳۲	۱۱۳۵	۱۱۲۱
۱۱۳۴	۱۱۲۲	۱۱۲۷	۱۱۳۳
۱۱۲۳	۱۱۳۷	۱۱۳۰	۱۱۲۶
۱۱۳۱	۱۱۲۵	۱۱۲۴	۱۱۳۶

تحریر
غلام کبریا، عامل روحانی
Mob:0092-0300-5537074

اسمائے کل کا نقش کل

دار العملیات، محمدیہ کالونی،
شیر شاہ سوری روڈ کندیاں
ضلع میانوالی پنجاب

قارئین محترم سابقہ سال کے مضمون اسماء حسنیٰ کے خواص کی پسندیدگی کا شکریہ اس بار اسمائے اعظم رب جلیل اور اسمائے پنجتن پاک کے حوالے سے ایک مجرب مضمون ارسال کر رہا ہوں اُمید ہے کہ آپ لوگوں کو ضرور پسند آئے گا۔

قارئین محترم در حقیقت یہ نقش مخمس پانچ مختلف نقوش پر مشتمل ہے عرصہ سے یہ نقوش میرے زیر استعمال ہیں اور الحمد اللہ مجھے ان سے ہمیشہ مثبت نتائج میسر آئے ہیں۔

اس لوح مقدس میں اللہ عزوجل کے مکرم اسمائے پنجتن پاک جن کے وسیلہ سے حیات دُنیا کی بقاء قائم ہے اور قرآن مجید کی آیات وغیرہم شامل ہیں۔

چند سال قبل عاشورہ کے ایام میں ایک شب میں اپنے معمولات سے فارغ ہو کر کچھ دیر کیلئے آرام کی غرض سے لیٹا تو غنودگی کی حالت میں مجھے ایک بزرگ ہستی کی زیارت نصیب ہوئی ابھی میں خود کو سنبھال نہیں پایا تھا کہ آپ نے اپنا دست شفقت میرے سر پر پھیرا اور فرمایا کہ مخمس کے نقوش مخمس کے برابر لکھا کرو ابھی میں کچھ کہہ نہیں پایا تھا کہ آپؑ تشریف لے جا چکے تھے۔ میں اُٹھا بہت حیران ہوا مگر سمجھ میں کچھ نہیں آ رہا تھا کہ ایسی کون سی شفیق ہستی تھیں۔ اور مجھے کون سے نقوش مخمس اکٹھا لکھنے کی تلقین فرما گئی ہیں بہت سوچا مگر کچھ سمجھ نہیں آ رہا تھا بہت سے مجرب و آزمودہ استخاروں سے جاننے کی کوشش کی مگر ندارد جب میرا اضطراب حد سے بڑھ گیا تو مجھے ایک دُعا تعلیم فرمائی گئی کہ رات کو سونے سے قبل پڑھ کر سو جایا کرو پس چند یوم کے عمل کرنے سے یہ بھید کھلا کہ وہ مولائے کائنات تھے جنہوں نے میرے سر پر شفقت بھرا ہاتھ پھیرا اور نقش مخمس لکھنے کی تاکید فرمائی تھی جونہی آنکھ کھلی فوراً اپنا ایک رجسٹر کھولا جس کے اندر میرے تجربات کا نچوڑ تھا تھوڑی سی ورق گردانی کی بعد مجھے مخمس ذوالکتابت کے نقوش مل گئے جن میں بیشتر میں نے اپنے تجربات کیلئے عامل کامل سے اُٹھائے تھے اس طرح یہ لوح مخمس مولا علیؑ کے حکم کے مطابق تعداد مخمس میں مکمل ہوئی۔

قارئین محترم اس کے بعد میں نے اس لوح کو جب بھی کسی شرف یا سعد اوقات میں تحریر کیا تو الحمد اللہ بہت زیادہ بہترین نتائج کا حصول میسر آیا میں نے جس طرح ان کو اپنی ترکیب کے مطابق تحریر کیا وہ تحریر کر دیتا ہوں انشاء اللہ جس کے پاس بھی یہ لوح مبارک ہوئی دن دگنی رات چوگنی ترقی نصیب ہوگی۔ اس لوح سے عطائے ربی و برکات کا نزول ہمیشہ رہتا ہے حصول عزت۔ حفاظت جان۔ دفع سحر و جادو۔ حفاظت شیاطین و دُشمنان۔ تسخیر خلائق۔ کشادگی۔ رزق ملازمت بیرون ملک ویزہ کے حصول میں آسانیاں۔ تمام دینی و دُنیاوی اُمور میں کامیابیاں اور سب سے بڑھ کر پنجتن پاک کے جسد اطہران سے سرفرازی اور ان کا دیدار کامل نصیب ہوتا ہے۔

عزیزان گرامی اس لوح کا نام میں نے، اسمائے کل کا نقش کل، اس لیے رکھا۔ کیونکہ اس کے اندر تمام دُنیا و عالم کی کامیابیاں پوشیدہ ہیں یقین رکھیں آپ جوں جوں غور کرتے جائیں گے۔ عیاں ہوتے جائیں گے الغرض یہ لوح کسی نعمت سے کم نہیں۔

نقوش الواح طلسمات، روحانی مخلوقات و موکلات کے لیے خوشبویات ہمیشہ سے ایک اہم جز رہی ہیں۔ اس لیے میں نے ان نقوش والواح کی تیاری میں ہمیشہ اعلیٰ سے اعلیٰ بخوارت کا استعمال کیا۔ مقررہ وقت پر دو نقش تحریر کریں ایک نقش پاس رکھیں جبکہ دوسرا نقش دفتر یا کاروبار کہ جگہ چسپاں کریں۔ نقش کی تیاری کے بعد اسمائے حسنیٰ و آیت کریمہ اعداد کے مطابق اکتالیس یوم تک ورد کریں اس کے بعد ہمیشہ کیلئے اسمائے حسنیٰ داور آیت کریمہ ایک صد دس ورد میں رکھیں۔ انشاء اللہ نا قابل یقین کامیابیاں نصیب ہونگی۔ آیت مبارکہ نصر من اللہ وفتح قریب کے اعداد 1302 جبکہ اسمائے حسنیٰ، یا اللہ یارب یارحمٰن یارحیم یامالک کے کل اعداد 915 بنتے ہیں۔ اللہ عزوجل صدقہ اہل بیت و مولائے کائنات آپ کی پریشانیاں دور فرمائے۔



Scanned with CamScanner

عبرانی اسمائے اعظم کے فوائد اور تاثرات

تحریر: علامہ ڈاکٹر سخاوت حسین سندرالوی (امریکہ)
001-856-266-5786
001-718-675-6987

۞......یَاشَمْعَاوَنِی اس کے معنی یہ ہیں حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ (اللہ کی مدد میرے لئے کافی ہے اور وہی بہترین حامی ہے) اس نام کی صفت یہ ہے کہ حضرت موسیٰؑ نے اس نام کو پڑھ کر اپنا عصا پھینکا تو اس کی برکت سے وہ اژدھا بن گیا اور اس نے فرعون کا سارا جادو باطل کر دیا اور حضرت موسیٰؑ کامیاب ہو گئے۔ اس کی خاصیت یہ ہے کہ اگر کوئی اسے چالیس دن روزانہ طلوع آفتاب سے پہلے بہتر مرتبہ کسی کام کی نیت سے خصوصاً دفع شر دشمن کیلئے پڑھے گا تو اللہ اسے شر دشمن سے محفوظ رکھے گا اور اگر کوئی شخص اس اسم مبارک کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا تو بادشاہ و امراء حاکم کے نزدیک عزت و جاہ پائے گا اور بزرگی حاصل کرے گا نیز بزرگوں کی نگاہ میں معزز و مکرم ہوگا۔

۞......یَاسَطِیْخِیْ اس کے معنی یہ ہیں یَاھُوَ یَامَنْ ھُوَ ھُوَ (اے وہ اے وہ کہ جو وہ ہی وہ ہے) اس نام کی صفت یہ ہے کہ جب حضرت موسیٰ علیہ السلام فرعون کے سامنے تشریف لے گئے تو اسی نام کی تلاوت کی اور ہر بلاء سختی سے محفوظ رہے۔ اس نام کی خاصیت یہ ہے کہ اگر کوئی گھر سے باہر جاتے وقت سات مرتبہ یہ اسم پڑھ لے گا تو انشاء اللہ ہر بلا سے محفوظ رہے گا یہاں تک کہ اگر اژدھے کے دہن کے اندر چلا جائے گا تو بھی وہ کوئی تکلیف نہ پہنچا سکے گا اسے لکھ کر اپنے پاس رکھنے کی بھی یہی خاصیت ہے۔

۞......یَانَوْثِیَا اس کے معنی یہ ہیں لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ (سوائے اس واحد و یکتا کے کوئی اور معبود نہیں) اس نام کی صفت یہ ہے کہ انبیاء مرسلینؑ نے اسی کے ذریعہ کافروں کے شر سے نجات اور ان کے مقابلہ میں کامیابی حاصل کی۔ اس نام کی خاصیت یہ ہے کہ جو بھی اسے پڑھے گا یا لکھ کر اپنے پاس رکھے تو وہ ہمیشہ تندرست و تونگر و خوشحال رہے گا۔ کبھی ناکامی و مصیبت سے دو چار نہ ہوگا بلکہ دلی مراد پائے گا۔

۞......یَامُعِیْدُ یَامَالِخُ اس کے معنی یہ ہیں یَاخَالِقَ الْاَوْلَادِ فِیْ بُطُوْنِ اُمَّھَاتِھِمْ (اے ماؤں کے بطنوں میں بچے پیدا کرنے والے) اس نام کی صفت یہ ہے کہ جناب امیر المومنین علی بن ابی طالب علیہ السلام نے اس نام کی برکت سے در خیبر کو اکھاڑا تھا اور وہاں کے سات قلعے فتح کئے تھے۔ اس نام کی خاصیت یہ ہے کہ صلح کیلئے بے نظیر ہے پس اگر کوئی کسی قسم کی مٹھائی پر اکتالیس مرتبہ اسے پڑھ کر وہ مٹھائی ایسے لوگوں کو کھلائے گا جن کی آپس میں تکرار ہو اور ایک دوسرے کے مخالف ہوں تو انشاء اللہ وہ ایک دوسرے پر مہربان ہو جائیں گے اور ان کے درمیان سے نزاع و جھگڑا ختم ہوگا اور وہ صلح کر لیں گے۔

۞......یَاآثِیْمَعِیْثَا اس کے معنی یہ ہیں اَلَّذِیْ سَیَّرَ الشَّمْسَ مِنَ الْمَشْرِقِ اِلَی الْمَغْرِبِ (اے وہ کہ جس کے حکم سے آفتاب مشرق سے مغرب کی جانب رواں رہتا ہے) اس کی خاصیت یہ ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ نام ایک مٹھی خاک پر پڑھا اور شَاھَتِ الْوُجُوْہُ لِلْکَافِرِیْنَ وَالْمُشْرِکِیْنَ کہہ کر وہ خاک دشمنوں کی طرف پھینک دی۔ اور وہ سب کے سب اندھے ہو گئے اور شکست کھا کر میدان سے بھاگ کھڑے ہوئے۔ اس نام کی خاصیت یہ کہ اگر اسے سمور کی کھال پر لکھ کر دشمن کے مکان کی چوکھٹ یا دیوار کے نیچے دبا دیا جائے تو چند دنوں میں دشمن اس مکان سے نکل جائے گا۔ اور وہ مکان ویران ہو جائے گا۔ اور جب تک وہ کھال وہاں دبی رہے گی اس وقت تک وہ دشمن اس مکان میں واپس نہ آ سکے گا۔ لیکن شرط یہ ہے کہ یہ عمل صرف ایسے شخص کے لیے کیا جائے جو واقعی اس کا مستحق ہو ورنہ یہ عمل خود عامل پر الٹا اور اس کے لیے وہ مصیبت بن جائے گا۔

۞......یَاشَسْطِیْعُ اس کے معنی یہ ہیں اَلَّذِیْ اَنْزَلَ التَّوْرَاۃَ عَلٰی مُوْسٰی (اے وہ جس نے موسیٰ علیہ السلام پر توریت

نازل کی) اس نام کی صفت یہ ہے کہ یہی وہ نام ہے جس کی برکت سے یونس علیہ السلام نے مچھلی کے پیٹ سے نجات پائی اور جب تک وہ مچھلی کے پیٹ میں رہے ان کو کوئی تکلیف نہ ہوئی۔ اس نام کی خاصیت یہ ہے کہ جو کوئی اسے لکھ کر اپنے پاس رکھے گا تو حاسدوں کے شر مقابلہ کرنے والوں کی ایذا دشمنوں کے پھندوں اور حربوں سے محفوظ رہے گا۔ اور اللہ اسے تمام بلاؤں اور مصیبتوں سے بچائے رکھے گا۔

۞......یَامُصِیصَ۔ یَاطَفِهمَا۔ یَایَشخَ۔ یَاطُورَ۔ یَا طُوٰاَ۔ یَا اَبْلَوْهِیمَ۔ یَا بُوهَ۔ یَا وَوِهِ۔ یَا اَهْوَهَ۔ یَافَوْدَ۔ یَاوَشْ۔ یَا مَالِخَ۔ یَا مَلَخِیَّ۔ یَا مَمْلَوْ۔ یَا خِیمَ۔ یہ پندرہ نام ہیں جن کے معنی ملا کر یہ ہیں۔ یَا مَنِ الَّذِیْ یُفْنِیْ بِقُدْرَتِهِ الْمُلُوْكَ وَالسَّلَاطِیْنَ وَ هُوَ یَبْقٰی لِمَنِ الْمُلْكُ الْیَوْمَ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ جَبَّارِ الْجَبَابِرَةِ یَا مَنْ هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ۔ یَا خَالِقُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا اَللّٰهُ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَمَّا یُشْرِكُوْنَ ۝ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا اَللّٰهُ

ترجمہ (اے وہ کہ جو بادشاہوں اور بڑے بڑے سلطانوں تک کو فنا کے گھاٹ اتار دیتا ہے۔ اور صرف اسی کی ذات باقی رہنے والی ہے کس کو سزا ملتی ہے آج کے دن بادشاہی صرف اللہ ہی کی ہے جو یکتا ہے اور عظیم قوت والا ہے اور طاقتور ہے، ہر قوت و طاقت رکھتا ہے۔ اے وہ کہ جو اوّل بھی ہے اور آخر بھی ہے وہ آشکار بھی ہے۔ اور پوشیدہ بھی ہے۔ اے دُنیا و مافیہا کو خلقت وجود دینے والے۔ اے ہمیشہ زندہ اور قائم رہنے والے اے اصل سلطان۔ اے پاک ذات ہر عیب سے بری، امن دینے والے نگہبان، ہر عیب سے پاک ذات ہر عیب سے بری، امن دینے والے نگہبان، غالب زبردست، بڑائی والے، شریک ٹھہرانے والوں کے خیالات سے پاک اور بالاتر۔ اے مہربان اے رحم والے اے بزرگ و برتر) ان ناموں کی صفت یہ ہے کہ آسمان و زمین کے فرشتے ان ہی ناموں کی برکت سے قائم ہیں اور پرواز میں مشغول ہیں۔ بلکہ آسمان و زمین کے فرشتے اور عرش و کرسی بھی انہی ناموں کی برکت سے قائم ہیں اور ان ہی ناموں میں اللہ کا اسم اعظم شامل ہے۔ ان ناموں کی خاصیت یہ ہے کہ جو شخص انہیں پڑھے گا یا اپنے پاس رکھے گا تو اللہ اسے تمام شب و روز کی بلاؤں۔ ناگہانی آفتوں، موت مفاجات یعنی یکا یک موت قحط، تنگدستی، عذاب قبر اور روز قیامت کی جملہ آفات سے محفوظ رکھے گا نیز اس دُنیا میں جن وانس و شیاطین میں سے کوئی بھی کسی قسم کا ضرر اور نقصان اسے نہ پہنچا سکے گا تمام مخلوق میں وہ باہیبت رہے گا۔ اس کی شان و شوکت قائم رہے گی۔ اس کی بات ٹالی نہ جائے گی اس کے دُشمن دبے رہیں گے اور وہ تمام مخلوق کی نظر میں باعزت و مکرم رہے گا۔ یہ خیال ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ان بزرگ ناموں کو عزت و احترام سے رکھا جائے تو انشاء اللہ دُنیوی و اُخروی مقصد حاصل ہوں گے جو ان میں شک کرے گا وہ کافر قرار پائے گا اللہ ہم سب کو اپنے غضب سے بچائے) (آمین)

رجال الغیب (دائمی جدول)

قمری تاریخیں	سمت	مفید (پشت پر)	مضر (سامنے)
۱، ۹، ۱۶، ۲۴	جنوب مشرق	شمال مغرب	جنوب مشرق
۲، ۱۰، ۱۷، ۲۵	جنوب مغرب	شمال مشرق	جنوب مغرب
۳، ۱۱، ۱۸، ۲۶	جنوب	شمال	جنوب
۴، ۱۲، ۱۹، ۲۷	مغرب	مشرق	مغرب
۵، ۱۳، ۲۰	شمال مغرب	جنوب مشرق	شمال
۶، ۲۱، ۲۸	شمال مشرق	جنوب مغرب	شمال مشرق
۷، ۱۴، ۲۲، ۲۹	مشرق	مغرب	مشرق
۸، ۱۵، ۲۳، ۳۰	شمال	جنوب	شمال

نوٹ: چاند کی جس تاریخ کو عمل کرنا مقصود ہو اس روز دیکھیں رجال الغیب کس سمت پر ہیں اس سمت کے مخالف منہ کر کے عمل کریں رجال الغیب سے عملی استعانت حاصل کرنے کیلئے عمل سے پہلے دعا پڑھیں۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا رِجَالَ الْغَیْبِ۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا اَرْوَاحَ الْمُقَدَّسَةِ اَغِیْثُوْنِیْ وَانْظُرُوْا اِلَیَّ بِنَظْرَةٍ یَا رُقَبَاءُ یَا نُجَبَاءُ یَا اَبْدَالُ یَا اَوْتَادُ

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

لوحِ منیب (برائے تسخیر خلائق ورجوع محبوب)

تحریر و تحقیق: عامل و مولانا گلفام علی حسینی (مصنف کائناتِ جفر وروح العملیات) لاہور 0300/0321:4534910

(نوٹ: اس سے قبل کہ نوآورد تحقیق سے فیض حاصل کریں۔ آغا افتخار حسین مع متعلقین کے لئے دعا کریں۔ کہ اللہ تعالیٰ محمدؐ وآلِ محمدؐ کے صدقے میں انکی خدمات کو قبول فرماتے ہوئے صحت وسلامتی عزت وقار میں اضافہ فرمائے۔ تاکہ علم کے نور کی کرنیں اسی طرح حاصل ہوتی رہیں۔(آمین، ثم آمین)

قارئین امامیہ جنتری: لفظہ ''منیب'' جس کے معنی ہیں۔ رجوع کرنے والا، جیسا کہ ارشادِ رب العزت ہے:۔

وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ وَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍۢ بَهِيْجٍ ۙ تَبْصِرَةً وَّذِكْرٰى لِكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ ۝ (سورۃ ق، پارہ ۲۶، آیت ۸۔۷)

ترجمہ: اور زمین کو ہم نے پھیلا دیا ہے۔ اور اُس میں بڑے (بڑے) پہاڑ ٹھہرا دیئے ہیں۔ اور ہم نے اس میں ہر قسم کی لہلہاتی ہوئی نباتات پیدا کر دی ہے۔ ہر (عبد منیب) رجوع کرنے والے بندے کیلئے (یہی) قدرت نمائی اور نصیحت ہے۔

مَنْ خَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ وَجَآءَ بِقَلْبٍ مُّنِيْبِ ۝ ۙ ادْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ ؕ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُلُوْدِ ۝

(سورۃ ق، پارہ ۲۶، آیت ۳۴۔۳۳)

ترجمہ: جو بے دیکھے رحمٰن سے ڈرتا رہا۔ اور قلبِ منیب کے ساتھ حاضر ہوا (انھی ہی سے کہا جائیگا) تم سلامتی کے ساتھ اس میں داخل ہو جاؤ۔ یہی تو ہمیشہ ہمیشہ کے رہنے کا دن ہے۔

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ

(سورۃ سباء آیت ۹، پارہ ۲۲)

ترجمہ: بے شک عبد منیب کے لئے اسی میں نشانی موجود ہے۔

قارئین: ''منیب'' کے اعداد قمری (م/۴۰، ن/۵۰، ی/۱۰، ب/۲) = ۱۰۲ ہیں۔ جو کہ امیر المومنین علیہ السلام کے مبارک اسم علیؑ کے بیناتی اعداد ہیں۔ یعنی: علیؑ ع۔ل۔ی

زبری	بیناتی	اعداد	مجموعہ
ع	ی۔ن	۱۰+۵۰	۶۰
ل	ا۔م	۱+۴۰	۴۱
ی	ا۔×	۱+۰	۱
			۱۰۲

مطلب: ''منیب'' حضرت علی علیہ السلام ہے۔

''ایمان'' کے اعداد قمری (ا/۱، ی/۱۰، م/۴۰، ا/۱، ن/۵۰) = ۱۰۲ ہیں۔

مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْاِيْمَانُ وَلٰكِنْ جَعَلْنٰهُ نُوْرًا نَّهْدِيْ بِهٖ (سورۃ الشوریٰ، پارہ ۲۶، آیت ۵۲)

ترجمہ: کہ کتاب کیا چیز ہے۔ اور نہ یہ کہ ایمان کیا چیز ہے۔ لیکن ہم نے اس کو ایک نور قرار دیا۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْٓا اٰبَآءَكُمْ وَاِخْوَانَكُمْ اَوْلِيَآءَ اِنِ اسْتَحَبُّوا الْكُفْرَ عَلَى الْاِيْمَانِ ؕ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝ (سورۃ التوبہ، پارہ ۱۰، آیت ۲۳)

ترجمہ: اے ایمان لانے والو! تم اپنے باپ داداؤں کو اور اپنے بھائی بندوں کو اگر وہ ایمان کے مقابلہ میں کفر کو دوست رکھتے ہوں (اپنا) دوست نہ بناؤ۔ اور جو تم میں سے انکو دوست بنالے گا۔ تو وہی تو ظالم ہیں۔

تفسیر عیاشی میں حضرت امام محمد باقرؑ سے منقول ہے کہ اس آیت میں جو ''لفظِ ایمان'' ہے۔ اسکے باطنی معنی علی ابن ابی طالب علیہ السلام ہے۔

ینابیع المودۃ میں ابن مسعود فرماتے ہیں کہ جب روز احزاب حضرت علی علیہ السلام، عمر بن عبدود سے جنگ کرنے نکلے تو جناب رسول خداؐ نے فرمایا کہ کُل ایمان، کُل کفر کے مقابلہ میں جارہا ہے اور جب حضرت علیؑ نے اس کو قتل کر دیا تو آنحضرتؐ نے فرمایا! اے علیؑ! مبارک ہو اگر تمہارا آج کا عمل میری تمام اُمت کے اعمال کے ساتھ وزن کیا جائے تو تمہارے عمل کا پلڑا بھاری رہے گا۔

''سبیل'' کے اعداد قمری (س/۶۰، ب/۲، ی/۱۰، ل/۳۰) = ۱۰۲ ہیں۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى تِجَارَةٍ تُنْجِيْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ۙ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ

وَرَسُوْلِهٖ وَتُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۙ (سورۃ الصف، پارہ ۲۸، آیت ۱۱-۱۰)

ترجمہ: اے ایمان لانے والو! آیا میں تم کو ایسی تجارت (سودا) بتلاؤں۔ جو تمہیں دردناک عذاب سے بچائے۔ کہ اللہ پر اور اسکے رسولؐ پر ایمان لاؤ۔ اور سبیل اللہ میں اپنے مالوں اور اپنی جانوں سے جہاد کرو۔ اگر تم سمجھو تو یہ تمہارے لئے سب سے بہتر ہے۔

قارئین کرام: اللہ پر ایمان لائے تو کہا! لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

رسول پر ایمان لائے تو کہا! مُحَمَّدٌ ﷺ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

سبیل (علیؑ) کی ولایت پر کہا! عَلِیٌّ علیہ السلام وَلِیُّ اللّٰهِ

وَاَنَّ هٰذَا صِرَاطِيْ مُسْتَقِيْمًا فَاتَّبِعُوْهُ ۚ وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَنْ سَبِيْلِهٖ ؕ ذٰلِكُمْ وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ۙ (سورۃ الانعام، پارہ ۸، آیت ۱۵۳)

ترجمہ: اور بیشک یہی میرا راستہ سیدھا ہے۔ پس اسکا اتباع کرو۔ اور مختلف رستوں پر نہ چلو۔ کہ وہ تم کو سبیل سے ہٹا دیں گے۔ ان باتوں کا اس نے تم کو حکم دیا ہے۔ تاکہ تم پرہیزگار بنو۔

"صراطی مستقیما" (سیدھا راستہ) اسکے حروفوں کی تعداد (ص-ر-ا-ط-ی-م-س-ت-ق-ی-م-ا) ۱۲ = (بارہ)۔ اور "سبیل" کے اعداد ۱۰۲ جو کہ (۲+۱۰) ۱۲ = الحمد للہ ہمارے امام بارہ ہیں۔ اول امام علی علیہ السلام اور آخر امام مہدی الھادی علیہ السلام ہیں۔ معانی الاخبار میں خود امام علی علیہ السلام فرماتے ہیں۔ کہ آگاہ ہو جاؤ۔ قرآن مجید میں میرے بہت سے مخصوص نام ہیں۔ پس تم کو واقفیت ہونی چاہیے۔ کہ ان سے ناواقف رہ کر معاملہ دین میں بھٹک نہ جاؤ۔ اب ہم "منیب" کے بنیاتی اعداد کا جائزہ لیں۔ یعنی

زبری	بنیاتی	اعداد	مجموعہ
م	ی-م	۴۰+۱۰	۵۰
ن	و-ن	۵۰+۶	۵۶
ی	ا-×	۰+۱	۱
ب	ا-×	۰+۱	۱
			۱۰۸

جو کہ "حق" کے اعداد (ح/۸، ق/۱۰۰) ۱۰۸ = ہیں۔ الکافی میں درج ہے۔ جب امام مہدی علیہ السلام ظہور فرمائے گے تو اکثر لوگ اُن کے ماننے سے انکار کرے گے۔ تو آپؑ آگے بڑھ کر اُن کی گردنیں ماریں گے۔ کیونکہ اللہ پاک کا ارشاد ہے۔ کہ

وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ؕ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا (سورۃ بنی اسرائیل، پارہ ۱۵، آیت ۸۱)

اور کہہ دو حق آ گیا اور باطل مٹ گیا۔ بیشک باطل کا کام ہی ہے مٹ جانا۔ آپؑ نے فرمایا! جب امام قائم علیہ السلام ظہور فرمائیں گے تو باطل مٹ کر ہی رہے گا۔

بحار الانوار میں درج ہے کہ امام موسیٰ کاظمؑ سے یونس بن عبدالرحمٰن نے پوچھا! مولاؑ کیا آپ حق ہیں۔ امامؑ نے ارشاد فرمایا! ہم حق ہیں۔

قاری حضرات بآسانی سمجھ گئے کہ آئمہ معصومین حق ہیں۔ اور یہ بھی جان گئے کہ "منیب" کے بنیاتی اعداد ۱۰۸ جو "حق" کے اعداد ہیں۔ اسکے علاوہ "میزان" کے اعداد قمری (م/۴۰، ی/۱۰، ز/۷، ا/۱، ن/۵۰) ۱۰۸ = ہیں۔

اَلَّا تَطْغَوْا فِي الْمِيْزَانِ (سورۃ الرحمن۔ پارہ ۲۷، آیت ۸)

ترجمہ: تم میزان کے بارے میں سرکشی نہ کرو۔

"میزان" کے بنیاتی اعداد ۲۱۸ جو کہ علیؑ ابن ابی طالبؑ کے اعداد (علی/۱۱۰، ابن/۵۳، ابی/۱۳، طالب/۴۲) = ۲۱۸ ہیں۔ گویا "میزان" سے مراد علی ابن ابی طالبؑ ہیں۔ اِک اور راز کہ "میزان" کے زبری اور بنیاتی اعداد (۱۰۸+۲۱۸) ۳۲۶ = ہیں۔ جو کہ سیدہ زہرا سلام اللہ علیہا کے زبری اور بنیاتی اعداد (۲۱۳+۱۱۳) ۳۲۶ = ہیں۔

وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا (سورۃ آلِ عمران، پارہ ۴، آیت ۱۰۳)

ترجمہ: اور سب مل کر اللہ کی رسی کو مضبوط پکڑے رہنا اور متفرق نہ ہونا۔

"بحبل اللہ" کے اعداد قمری (ب/۲، ح/۸، ب/۲، ل/۳۰، ا/۱، ل/۳۰، ل/۳۰، ھ/۵) ۱۰۸ = ہیں۔ جب کہ (علیؑ) ابن ابی طالب علیہ السلام کے اعداد قمری (ابن/۵۳، ابی/۱۳، طالب/۴۲) ۱۰۸ = ہیں۔ گویا قرآن میں جہاں کہیں بحبل اللہ (اللہ کی رسی)، میزان، حق، صراط المستقیم، سبیل اللہ (اللہ

کا راستہ)، ایمان، منیب کا ذکر ہو۔

اسکی باطنی تفسیر و تحویل علی ابن ابی طالب علیہ السلام کی ذات گرامی مراد ہے۔ اور تفسیر کافی میں امیر المومنین علیہ السلام فرماتے ہیں۔ خدا تبارک تعالیٰ اگر چاہتا تو بندوں کو خود ہی اپنی معرفت عطا فرما دیتا۔ لیکن اُس پاک ذات نے ہم کو وسیلہ بنایا۔ مومنین کرام! ہم بھی اپنی مشکلات کے حل کے لئے امیر المومنین علیہ السلام کو وسیلہ بنائیں۔ یقیناً ہماری مشکلات سہل و آسان ہونگی۔

جو کوئی بھی اس بات کا خواہاں ہو کہ اسکی عزت و احترام و ہیبت لوگوں کے قلوب میں پیدا ہو جائے اور لوگ اسکے تابع ہو جائیں اور اسکی بات توجہ سے سنیں تو ایسے فرد کے لئے لوح منیب بے حد مفید اور مجرب ہے۔ اس مقصد کیلئے سب سے پہلے وہ اپنے گناہوں سے تائب ہو۔ صدق قلب کے ساتھ استغفار کریں۔ اکل حلال اختیار کرے۔ نماز پنجگانہ کی پابندی کریں۔ اب وہ ماہ قمری کے عروج میں موافق نظر سعد اور قمر کی نحوست سے پاک ساعت یا شرف زہرہ، اوج زہرہ کا انتخاب کریں۔ لوحِ منیب زعفران وگلاب سے تیار کریں۔ اور لوحِ منیب کو اپنے سامنے رکھکر سورۃ ق کی آیات ۳۳۔۸، ایکسو دو (۱۰۲) مرتبہ اول و آخر ۱۲۔۱۲ مرتبہ درود شریف پڑھکر اللہ پاک سے دعا کریں۔ اکتالیس یوم تک بلا ناغہ اس عمل کو جاری رکھیں۔ انشاء اللہ مخلوق خدا میں بے پناہ شہرت و بلندی نصیب ہوگی۔ اور دشمن آپ کا احترام سے پیش آئے۔ ناراض دوستوں میں صلح ہو۔ بلکہ روٹھے ہوئے محبوب کو منانے کے لئے مجرب المجرب عمل ہے۔

میں نے ہر بات کی وضاحت کردی ہے۔ تاہم ضرورت محسوس کریں تو رابطہ کریں۔

فیضِ حسینی

گھریلو ناچاقی، رکاوٹ شادی، محبت، تعلیم، ملازمت، ویزہ، بے روزگاری، جادو، نظر بند نحوست سیارگان کے اثرات، بے اولادی اور مسلسل نقصانات کے ازالہ کے لئے رابطہ کریں۔ اپنا نام، والدہ کا نام، تاریخ پیدائش، وقت سوال تاریخ، دن اور مقصد ہمراہ جوابی لفافہ روانہ کریں زائچہ فیس -/100

فیضِ حسینی، عامل مولانا گلفام علی حسینی 0300/0321 4534910

(مصنف کتاب روح العلمات، کائنات جفر)

غازی آباد، تکیہ مندرراں والا حسینی سٹریٹ نمبر 1 لاہور پاکستان

لوحِ مُنیب کا سامنے کا رخ



چال لوحِ مُنیب



لوحِ مُنیب کا عقبی رُخ

کائنات جفر حصہ اوّل	150/-
کائنات جفر حصہ دوئم	200/-
روح العملیات	250/-

مندرجہ بالا پتہ سے منگوا سکتے ہیں مصنف گلفام علی حسینی

عمل سورۃ الحمد

یہ مجرب عمل علامہ مجلسیؒ اور دیگر علماء کرام سے منقول ہے اس عمل کی ابتدا روز جمعہ بعد نماز فجر کرے۔ اور قبل عمل غسل کرے اور صبح کے نافلہ، فریضہ و تسبیح کے بعد ۱۴ مرتبہ سورۂ حمد پڑھے۔ اور سورۂ حمد ختم ہونے پر بلا فاصلہ تیرہ مرتبہ یہ دُعا پڑھے۔

یَا مُفَتِّحُ فَتِّحْ یَا مُفَرِّجُ فَرِّجْ یَا مُسَبِّبُ سَبِّبْ یَا مُیَسِّرُ یَسِّرْ یَا مُسَهِّلُ سَهِّلْ یَا مُدَبِّرُ دَبِّرْ یَا مُتَمِّمُ تَمِّمْ

(سیدہ صوفیہ نقوی (انٹیریر ڈیزائنر لاہور)
Ph: 042 37911884

HAVELS
CABLES



وطن کی روشنیوں کو اجالوں کی کرنیں عطا کرتی

HAVELS CABLES کے پاس ہے۔

جگمگاتے پاکستان کا عزم

اپنے آنگن کی جگمگاتی خوشیوں کو دیجیئے HAVELS CABLES کی بہترین کوالٹی

99.99 فیصد فل گیج کا پر وائر سے بنی HAVELS CABLES وولٹیج کی کمی بیشی میں بھی پرفیکٹ۔

اور بجلی کے بل میں یقینی بچت

JAS-ANZ | QMS | QMS | QMS APPROVED COMPANY

Spell Petrochemicals (Pvt) Ltd. UAN: 042-111-177-355
9 - N Block, Model Town, Lahore, Pakistan, Fax: 042 - 3517470
Cell: 0300 - 8460783, E - mail: info@spellgroup.com, www.spellgroup.com

Brands of the year Award 2010

3

۷۸۶

نقوشِ امر: تسخیر و شفاء، حب و ردِ بلا

صدیوں سے پوشیدہ ایک نئی حقیقت (فیض از جناب سرکار باب الحوائج امام موسیٰ کاظم علیہ السلام)

عامل روحانی فقیر افضال حسین افضال پی او بکس نمبر 10866، الحیدر ریڈ کلینک، نارتھ ناظم آباد، کراچی رابطہ نمبر: 0333-3217163, 0300-3640079

قارئین! یہ نقوش تسخیر و شفا، حب، سحر و رد بلا جو آپ کی خدمت میں اس مرتبہ پیش کر رہا ہوں، یہ کبھی کسی کتاب میں شائع نہیں ہوئے اور نہ کسی کے پاس موجود ہیں۔ یہ نقوش قرآن کریم کی 9 شہرۂ آفاق سورتوں کے اعداد سے ترتیب دیئے گئے ہیں۔ ان میں سورۃ البینۃ، سورۃ البروج، سورۃ ممتحنۃ، سورۃ فلق، سورۃ یوسف، سورۃ روم، سورۃ قریش، سورۃ عبس اور سورۃ ص شامل ہیں۔ یہ نقوش جلدی امراض، آسیب و جن، سحر و بندش، جادو، صلح مابین موافقت اور حب کے لیے مفید و مجرب ہیں۔ **نوٹ:** قرآن پاک کی سورتوں کے نقوش اگلے صفحہ پر درج ہیں۔

1۔ نقوش سورۃ البروج، سورۃ بینۃ:

یہ نقوش جلدی امراض و یرقان اور خون کے امراض کے لیے مفید ہیں۔

طریقہ تحریر: اس نقش معظم کو عرق گلاب و زعفران میں 7 دانے کلونجی کے ڈال کر کانے کے قلم سے موی کاغذ پر تحریر کریں۔ سعد ترین ایام قمر میں لوح تمسر پر کندہ کروا کر پاس رکھیں۔

طریقہ استعمال: ایک عدد بوتل عرق گلاب میں 21 دانے کلونجی اور نقش معظم کو ڈال کر 21 یوم تک پئیں اور اسم اعظم کے اعداد کے مطابق بعد نمازِ عشاء 21 یوم ورد کریں۔

خارش، داد، چنبل، برص، جذام اور دیگر جلدی امراض کے لیے تیر بہدف ہیں۔ انشاء اللہ شفائے کاملہ عطا ہوگی۔

2۔ نقش سورۃ ممتحنہ:

ان بچے بچیوں کے لیے گراں قدر تحفہ ہے جو عرصہ سے شادی اور رشتے کے منتظر ہیں اور طویل عمر ہونے کے باوجود ابھی تک مایوس ہیں۔ اللہ تعالی کے فضل و کرم سے اس نقش کی برکت سے جلد رشتۂ ازدواج سے منسلک ہو جائیں گے۔

طریقہ تحریر و استعمال: چاہئے کہ زعفران خالص عرق گلاب سے کاغذ پر سعد یق سرخ و زرد پر بمعہ اسم اعظم کندہ کروائیں۔ نقش مذکورہ یہ ہے:

3۔ نقش سورۃ روم:

یہ نقش ان دوستوں کے لیے ہے جو ایک دوسرے سے جدا ہوں، خواہ وہ رشتہ دار ہوں، پارٹنر ہوں، دوست ہوں، میاں بیوی ہوں، محبوب ہوں یا کسی دیگر قسم کی جدائی میں مبتلا ہوں۔ جملہ تمام قسم کی جدائی دور کرنے کے لیے اور حسن سلوک پیدا کرنے کے لیے فریقین میں صلح کے لیے نہایت مجرب ہے۔

طریقہ تحریر و استعمال: زعفران و گلاب میں کستوری ملا کر صندل کے قلم سے مشتری کی ساعت مبارکہ میں تحریر کریں اور اپنا اسم اعظم نقش کے دائیں بائیں، دونوں اطراف میں تحریر کریں اور ذیل میں فریقین کے اسماء معہ والدہ تحریر کریں۔ دیگر جستی لوح پر کندہ کر کے پاس رکھیں۔ نقش درج ذیل ہے:

4۔ سورۃ فلق، سورۃ قریش، سورۃ عبس:

وہ خواتین و حضرات جو رجعت سیارگان و سحر بندش، جادو، آسیب و جن کی پکڑ و گرداب میں پھنسے ہوئے ہیں، وہ ان نقوش سے ضرور مستفید ہوں گے۔ انشاء اللہ جلد ہر قسم کے شر و بندش، جن بھوت پریت سے چھٹکارہ پا لیں گے۔ چاہئے کہ نقش سورۂ عبس ہرن کے چمڑے پر خالص لوہے کے قلم سے تحریر کیا جائے اور اسے سمندری پانی میں ڈال کر رکھیں اور جس جگہ یا شخص پر اثر ہو، اس پر اسپرے سے چھڑکاؤ کریں۔ دیگر نقش قریش عرق گلاب و زعفران سے سفید کاغذ پر ساعت مریخ یا دوران قمر در عقرب میں تحریر کریں۔

دیگر: نقش سورۃ فلق:

زعفران و سمندری پانی سے بغیر لائن کے کورے کاغذ پر بیر کی قلم سے تحریر کریں۔ اطراف میں سورۃ فلق کا گھیرا بنالیں۔ ذیل میں متاثرہ فرد کا نام معہ والدہ تحریر کریں اور اسمائے اعظم دائیں بائیں آخر میں تحریر کریں بمعہ ملائکہ عمل میں لائیں۔ نقوش درج ذیل ہیں:

نقش سورۃ یوسف:

یہ نقش دائمی محبت و حب صالح کے لیے بے حد مفید ہے۔ چاہئے کہ عروج ماہ میں ساعت زہرا میں عرق گلاب، مشک و زعفران سے تحریر کرے اور ملائکہ چہار اطراف پر براجمان کرے اور اسم اعظم دائیں اور بائیں جانب لکھے اور زیر نقش طالب و مطلوب کا

نام بمعہ والدہ بطریق احسن لکھے اور پاس رکھے۔ ہمیشہ خوب پیار و محبت سے گزر بسر ہوگی۔

نقش سورۃ صٓ: برائے تسخیر خلائق۔

استخراج اسم اعظم:

اسم اعظم نکالنے کے یوں تو بہت سے طریقے وضع کیے گئے ہیں لیکن مجھے میرے استاد محترم جناب حکیم مولا بخش قوی راج نے جو طریقہ مرحمت فرمایا ہے، وہ آپ کی خدمت میں عرض کر رہا ہوں۔ اپنے نام کے حروف الگ الگ کرلیں پھر، ان کو ملفوظی کرلیں اور پھر ان کو خالص کرلیں اور بحساب قمری اعداد نکال کر جمع کرلیں۔ جو حاصل ہو، ان اعداد کے مطابق اسمائے مبارکہ چن لیں اور ان اسمائے مبارکہ کو اعداد کے مطابق ورد وظیفہ یا 41 یوم کا عمل، جیسا آسانی محسوس کریں، کرلیں۔

مثال اللہ توبہ مقبول **حرفی** ال ل ھ ۔ دت ھ ۔ م ق ب و ل

ملفوظی الف ۔ لام ۔ لام ۔ ھا ۔ دال ۔ تا ۔ ھا ۔ میم ۔ قاف ۔ با ۔ واؤ ۔ لام

خالص لف ۔ ام ۔ ام ۔ ا ۔ ال ۔ ا ۔ ا ۔ یم ۔ اف ۔ ا ۔ او ۔ ام ۔

حروف

ا ۔ ف ۔ ا ۔ م ۔ ا ۔ م ۔ ا ۔ ا ۔ ل ۔ ا ۔ ا ۔ ی ۔ م ۔ ا ۔ ف ۔ ا ۔ ا ۔ و ۔ ا ۔ م ۔

اعداد

۳۰+۸۰+۱+۱+۴۰+۱+۴۰+۱+۱+۳۰+۱+۱+۱۰+۱+۴۰+۱+۱+۸۰+۱+۱+۱+۶+۱+۱+۴۰

جدول ابجد قمری

ا ۱	ب ۲	ج ۳	د ۴	ھ ۵	و ۶	ز ۷	ح ۸
ط ۹	ی ۱۰	ک ۲۰	ل ۳۰	م ۴۰	ن ۵۰	س ۶۰	ع ۷۰
ف ۸۰	ص ۹۰	ق ۱۰۰	ر ۲۰۰	ش ۳۰۰	ت ۴۰۰	ث ۵۰۰	خ ۶۰۰
ذ ۷۰۰	ض ۸۰۰	ظ ۹۰۰	ع ۱۰۰۰				

جمع کیا: ۴۰۶ بنے۔ اب اس سے اسمائے مبارکہ چنے گئے: ورد بنا: یَامُؤْمِنُ یَا کَرِیْمُ ورد بنا: یَامُؤْمِنُ یَا کَرِیْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ ۴۰۶ بار۔

واللہ اعلم بالصواب

قرآن پاک کی سورتوں کے نقوش







جادو، سحر، شیطانی تعویذات کا توڑ

گھر پر جنات کا اثر ہونا۔ گھر سے بیماری کا خاتمہ نہ ہونا اور دیگر روحانی مسائل کے حل کے لئے

مولانا سیّد صبیح حیدر شیرازی 283 الف بلاک گلشن راوی لاہور۔

فون: 042 37462007 موبائل: 0300 4308235

تحفہ امامیہ (جمیع حاجات)

زاہد حسین جعفری
رحمٰن کالونی گلی نمبر 10 سی بالمقابل واپڈا کالونی خانیوال روڈ ملتان
0321-6360455 0302-7462642

(برائے خاص امامیہ جنتری رجسٹرڈ) لاہور

دعا یا اللہ بے نیاز خالق وَاهِبُ الْعَطَايَا ہم یعنی (قارئین امامیہ جنتری) تیری سب سے بالاتر قوت سے سوال کرتے ہیں التجا کرتے ہیں فریاد کرتے ہیں تیرے اس عظیم الشان اجلال کے وسیلہ سے جس کے سامنے تیری ہر مخلوق ذلیل اور پست تھی کہ محمدؐ و آل محمدؐ پر درود بھیج چہاردہ معصومینؑ اور امام زمانہ عجل اللہ فرجہٗ کے وسیلہ سے ہماری یہ دُعائیں وظائف اپنی بارگاہ ایزدی میں مستجاب فرما۔ آمین ثم آمین

اقلیم امامت کے پانچویں تاجدار حضرت امام محمد باقر علیہ السلام کا فرمان ہے کہ خالق اکبر کے نزدیک اس سے بڑی کوئی عبادت نہیں کہ خلائق عالم حلال مشکلات سے سوال کیا جائے اور طلب کیا جائے اور خدا کا سب سے بڑا دشمن وہ ہے جو مانگنے میں تکبر کرتا ہے جو رزاق عالم کے خزانہ میں تھے اور وہ طلب نہیں کرتا ہے۔ جسے امیر کائنات ابوالائمہ حضرت علی ابن ابی طالبؑ کا فرمان ہے اگر خدا تمہاری دُعائیں پوری کر رہا ہے تو وہ تمہارا یقین بڑھا رہا ہے اگر دُعائیں پوری کرنے میں دیر کر رہا ہے تو وہ تمہارا صبر بڑھا رہا ہے۔ اگر تمہاری دُعاؤں کا جواب نہیں دے رہا تو وہ تمہیں آزما رہا ہے لہٰذا دُعا کے مستجاب ہونے میں تاخیر مزید قربت خدا کا باعث بنتی ہے۔

تمام مشکلات کا حل تمام مشکلات کے حل کیلئے یہ وظیفہ نہایت ہی مجرب ہے غیبی امداد۔ ملازمت کیلئے۔ مقدمہ میں کامیابی قرض کی ادائیگی اور ہر قسم کی پریشانی کیلئے سودمند ہے نماز فجر یا عشاء کے بعد روزانہ ایک سو بار پڑھیں اول آخر گیارہ بار درود پاک پڑھیں۔ اور سجدہ میں دُعا مانگیں۔

(۱) لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ

(۲) رَبِّ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ

(۳) وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْۤ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ

(۴) حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ

(۵) يَا رَبِّ اَنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ

عمل برائے شادی پچھلے سال میں نے شادی کیلئے جتنے اعمال بتائے الحمدللہ بہت کامیابیاں ہوئیں خاص کر سورۃ احزاب والا عمل بہت ہی مجرب رہا اب قارئین کی فرمائش پر مزید شادی کے چند اعمال تحریر کر رہا ہوں اب سب کریڈٹ بانیان امامیہ جنتری کو جاتا ہے جو ضرورت مند لوگوں کیلئے اہتمام کرتے ہیں اور مومنین سے دُعائیں لیتے ہیں۔ بے نیاز کریم اللہ ان کی توفیقات میں اضافہ کرے اور ان کے مرحومین کے درجات بلند کرے اور اعلیٰ علیین میں جگہ دے۔

پہلا طریقہ یہ ایک کامیاب ترین عمل ہے سورۃ الاحزاب جو کہ پارہ 21 میں ہے خالص مشک و زعفران سے باطہارت لکھ کر یا کسی پرہیزگار شخص سے لکھوا کر مٹی کے برتن میں اونچی جگہ اچھی طرح بند کر کے چالیس دن ایک معین وقت پر تلاوت کریں اگر اس دوران شادی نہ ہو تو جمعۃ المبارک کو نماز عصر کے بعد ایک مرتبہ تلاوت کریں اور تین ماہ تک یا مُعْطِیُ تین سو بار (۳۰۰) بار روزانہ پڑھیں۔ نوٹ اگر کوئی ایران زیارات پر جائے تو وہاں مشہد مقدس امام رضا علیہ السلام کے روضہ کے بالکل ساتھ بازار رضاؑ سے خالص زعفران سے لکھی ہرن کی کھال پر لکھی مل سکتی ہے جو کہ بہت ہی مجرب ہے بندہ ناچیز کے پاس چند تعویذ رہ گئے ہیں۔

2- شادی اور محبت کیلئے سورۃ یٰسین کا عمل

آیت "سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ"

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سَلٰمٌ ۱۳۱	قَوْلًا ۱۳۷	مِّنْ رَّبٍّ ۲۹۲	رَّحِيْمٍ ۲۵۸
مِّنْ رَّبٍّ ۲۹۲	رَّحِيْمٍ ۲۵۸	سَلٰمٌ ۱۳۱	قَوْلًا ۱۳۷
رَّحِيْمٍ ۲۵۸	مِّنْ رَّبٍّ ۲۹۲	قَوْلًا ۱۳۷	سَلٰمٌ ۱۳۱
قَوْلًا ۱۳۷	سَلٰمٌ ۱۳۱	رَّحِيْمٍ ۲۵۸	مِّنْ رَّبٍّ ۲۹۲

الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں ب ن فلاں

یہ عمل شادی کیلئے بہت ہی اکسیر عمل ہے جتنے لوگوں کو میں نے بتایا ہے وہ کامیاب ہوئے ہیں۔ دو عدد نقش زعفران سے لکھ کر ایک گلے میں ڈالیں دوسرا نقش قرآن کی سورہ یٰسین میں رکھیں جب تلاوت کریں تو نظر نقش پر بھی ڈالتے رہے جب آیت سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ پر پہنچیں تو آیت کو 70 مرتبہ تکرار سے پڑھیں اور پھر سورہ یٰسین کو مکمل کریں۔

رکاوٹ شادی: جس کی بچی کی شادی میں رکاوٹ ہو رشتے آ کر چلے جاتے ہوں کوشش کے باوجود رکاوٹ ہو تو یہ عبارت خالص زعفران سے لکھ کر بچی کے گلے میں ڈالیں اور روزانہ تلاوت کریں۔ انشاءاللہ رشتہ مل جائے گا۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَاهُ زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ قَوْلِكَ هٰذَا وَبِحُرْمَةِ نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنْ تَرْزُقَ فلاں بنت فلانه زَوْجًا مُوَافِقًا غَيْرَ مُخَالِفٍ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَآلِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔

برائے ملازمت ورزق جس شخص کا روزگار یا ملازمت نہ ہو اور ذریعہ معاش نہ ہو تو یہ عمل اکسیر کا حکم رکھتا ہے نماز فجر یا عشاء کے بعد ایک سو ایک مرتبہ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف چالیس روز پورے نہ ہوں گے کہ انشاء اللہ غیب سے کوئی سامان ملازمت یا ذریعہ معاش ظہور میں آئیگا۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَامُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ يَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ وَيَامُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَيَا خَالِقَ الْاَبْصَارِ وَيَا دَلِيْلَ الْمُتَحَيِّرِيْنَ اُرْشُدْنِيْ وَيَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ اَغِثْنِيْ تَوَكَّلْتُ عَلَيْكَ يَارَبِّ اُفَوِّضُ اَمْرِيْ اِلَيْكَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ بِحَقِّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ۔

نشہ سے چھٹکارہ کیلئے یہ عمل نشہ سے چھٹکارہ کیلئے بہت ہی موثر ثابت ہوا ہے جتنے نشہ کے لوگوں کو دیا ہے کامیابی ہوئی ہے یہ نقش مسلم اور غیر مسلم کو دیا جا سکتا ہے۔ یہ نقش روزانہ ستائیس (۲۷) دن بلا ناغہ پلانا ہے اس نقش کا پانی دن میں دو مرتبہ صبح شام پلایا جائے اس وقت پلایا جائے نشی نشہ کی حالت میں نہ ہو۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۶۹	۳۶۴	۳۷۱
۳۷۰	۳۶۸	۳۶۶
۳۶۵	۳۷۲	۳۶۷

نام بمعہ والدہ لکھیں؟

امامیہ جنتری کے قارئین سے ملتمس ہوں یہ اعمال نہایت پر تاثیر اور مجرب سریع الاثر اور تیر بہدف میں وظائف کی کامیابی کیلئے واجبات کی سختی سے ادائیگی غیر شرعی کاموں سے اجتناب کریں پھر دعاؤں کا اثر دیکھیں کامیابی پر بندہ ناچیز کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔ والسلام زاہد حسین جعفری ملتان

ہرمل سے شفاء

حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ ہرمل کے ہر پودے کے پتوں اور اس کے دانوں میں ستر بیماریوں کی شفا ہے۔ (مفاتیح الجنان)

طبعی وروحانی فوائد: ہرمل اپنے اثرات کے اعتبار سے ظاہری وباطنی طور پر ایک جامع الکمالات پودہ ہے اس کے ظاہری کمالات کا تعلق جسمانی امراض سے ہے اور باطنی کمالات کا تعلق روحانی عجائبات سے ہے۔ حکیم ادرس بیلی مجمع الاعمال میں لکھتے ہیں کہ ہرمل کے سفوف کو گائے کے دودھ کے ہمراہ ہر دو وقت صبح وشام استعمال کرنے سے سل ودق، زکام، کھانسی، دمہ سے نجات حاصل ہوتی ہے۔ ★ مستورات کے مخصوصہ امراض کیلئے ایک مفید دوا ہے۔ دق الاطفال (سوکڑا، مسان) اٹھرا وغیرہ کیلئے نیا جیون دینے والی اکسیر ہے۔

★ حکیم جالینوس اپنے قصائد میں لکھتے ہیں کہ ہرمل کو حسب ضرورت بریان کر کے اس کے سفوف کو گائے کے دودھ میں ملا کر پئیں تو دماغی ہیجان کو کم کرتا ہے اور دیوانگی کیلئے مفید ہے نیز اعصابی وعضلاتی ضعف کو دور کرنے کیلئے نہایت اعلیٰ چیز ہے۔

★ جریان، احتلام وسرعتِ انزال کیلئے عجیب الاثر دوا ہے اعضائے رئیسہ وشریفہ کی کمزوریوں کو دور کرتا ہے۔ مراق (سودا) کے خاتمہ کیلئے تسکین بخش ہے۔ صاحب شرح اسمائے الٰہی بیان کرتے ہیں کہ ہرمل کا دخنہ (دھونی) فقروفاقہ اور افلاس سے خوشحالی وفارغ البالی کا موجب ہے۔ آنکھوں کی تکلیف کیلئے: آنکھوں کی تمام بیماریوں کے لیے سورۂ کوثر پڑھ کر مریض کی آنکھوں پر دم کریں تو انشاء اللہ اس سے شفا نصیب ہوگی۔ گھر، دوکان، کارخانہ، دفتر میں اس کی دھونی سے تہ وبالا کاروبار کشادہ ہوجاتا ہے۔ جن حضرات وخواتین کی شادی نہ ہو رہی ہو وہ ہرمل کو پانی میں جوش دیکر غسل کریں تو شادی کی بندش دور ہوجاتی ہے۔ اور عقد بندی کے عذاب سے نجات حاصل ہوتی ہے۔

چہرے پر کیل، مہاسے اور چھائیوں کے ازالہ کے لیے دو ماشہ گائے کے دودھ کے ساتھ روزانہ استعمال کرنے سے چہرے کی بے رونقی وپژمردگی زائل ہوجاتی ہے۔ ''طلسمات رفیق'' میں ہے ہر قسم کے دردوں کے لیے زیتون کے تیل میں ہرمل کا سفوف ملا کر مالش کرنا ازحد مفید اور افاقہ کا موجب ہے۔

مریض کو ہرمل کے دانے چٹکی بھر کھلانا، گلے میں باندھنا اور دھونی دینا شفایابی کا موجب ہے۔ ہرمل بہت سے جسمانی امراض کیلئے کراماتی علاج اور کثیر النفع اور اکسیر الاثر تحفہ ہے۔ (بشکریہ نوائے صالحین) مؤلف سلطان محمود

نایاب قانونِ جفر سے حصولِ اسمِ اعظم

تحریر بزرگ روحانی محقق آغا حسنین احمد عامل ستارۂ سماج گولڈ میڈلسٹ
(P.S.A) آغا ہاؤس، احمد پور شرقیہ ضلع بہاولپور
068/503683/ 0300-6802983/0331-7560412

فیروز اللغات صفحہ 462 پر عربی جفر کے معنی یہ لکھے ہیں: ایک علم جس سے سوال کا جواب بتایا جاتا ہے۔ اسی کو مستحصلہ شعبۂ اخبار (جفر) بھی کہتے ہیں۔ اس علم کو حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے بھی منسوب کیا جاتا ہے۔ علامہ فخر الدین رازی نے جفر کے معنی چاہِ روشن پُر از آب (حالات کائنات کا آئینہ) لکھا۔ دیگر نے بکری یا بیل کے بال لکھے۔ جس طرح بکری کے بال شمار سے بالا ہیں۔ اسی طرح قواعد و قوانین جفر بھی بہت زیادہ ہیں۔ ہاں جس کو کسی ایک کلیہ پر دسترس ہو جائے اس کے لئے زندگی بھر کیلئے ایک ہی کافی ہے۔ علم جفر ابجد کے 28 حروف کی اُصولی گردش ہے۔ اس گردش سے کتاب جفر جامع بنتی ہے جو میرے پاس ہے جسمیں کائنات کی ہر شئے کا نام موجود ہے۔ علم جفر کا آغاز ابو البشر حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق کے وقت ہوا تھا۔ باب العلم مولا علی علیہ السلام علم جفر کے مظہر و معلم ہیں۔ موجد نہیں ہیں۔ مادی چیز کو بنانے والا موجد کہلاتا ہے۔ جفر روحانی نورانی علم ہے۔ حضرت امام حسین علیہ السلام جفر کے کامل ماہر تھے امام جعفر صادق علیہ السلام نے شاگردانِ خاص کو علم جفر تعلیم فرمایا اور اس طرح عوام میں مروّج ہوا۔

علم جفر کے 28 ابجدات مشہور ہیں جو جفر کی کتب سے مطالعہ کی جا سکتی ہیں۔ مگر مجھ خاکسار کو دُنیائے جفر کی نایاب 29 ابجد دانائے جفر آقائے عصری مولانا سید سرفراز حسین نقویؒ ایڈیٹر ماہنامہ سرفراز لاہور، مستند معالج فاضل لکھنوٴ ماہر جفر کے شاگرد تنویر عصری سے ملی تھی۔ جو آج موالیان مومنین حیدر کرار کی خدمت میں عیاں کر رہا ہوں۔ کہ جملہ مومنین اس نایاب ابجد جفر کے صلہ میں امامیہ جنتری کے بانی قبلہ آغا نثار احمد مرحوم کی مغفرت اور بلندی درجات کی دُعا کریں۔

رب کائنات آغا افتخار حسین صاحب چیف ایڈیٹر امامیہ جنتری کی علمی کاوشوں کو اپنی بارگاہ عالیہ میں قبولیت کا درجہ عطا فرماتے ہوئے ان کو آل اولاد کو سکھی صحت کے ساتھ طویل زندگانی عطا فرمائے۔ جن کی بدولت دُنیا میں علوم مخفی کی شمع روشن ہے۔........ علوم مخفی میں ابجد قمری زیادہ مستعمل ہے۔

ا	ب	ج	د	ھ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

ابجد قمری میں د۔ک۔ص۔ذ کے ۴، ۲۰، ۹۰، ۷۰۰ عدد ہیں یہ نوٹ کرلیں۔ اسم اعظم ہمیشہ مخفی راز رہا ہے۔ کہ شیخ بہائیؒ۔ برمز گفتہ ور کدام سورۃ قرآنی؟ اس فارسی سوال کا جواب۔ دانائے جفر نے علم جفر سے یہ دیا تھا کہ۔ اسم در اول آیۃ غنیمت قرآنی سورۃ ہشتم منقلب رقم و مضمر است یعنی اسم قرآنی سورۃ ہشتم کی ابتدائی آیت غنیمت میں منقلب پوشیدہ ہے۔ اس معمہ کو حل کرنے سے پہلے ابجد منقلب نوٹ کرلیں۔

ز	و	ھ	د	ج	ب	ا	ن	م	ل	ک	ی	ط	ح
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
ش	ر	ق	ص	ف	ع	س	غ	ظ	ض	ذ	خ	ث	ت
۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

دلچسپ بات یہ ہے کہ ابجد منقلب میں بھی د۔ک۔ص۔ذ کے ۴، ۲۰، ۹۰، ۷۰۰ عدد، ہیں یہ لائق غور ہیں۔

قرآن مقدس کی سورۃ ہشتم کا نام الانفال ہے اور اسکی پہلی آیت ہے۔

يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ ط قُلِ لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ ط

آپ سے لوگ پوچھتے ہیں کہ مالِ غنیمت کیا ہے تو آپ فرما دیجئے کہ یہ خاص اللہ اور رسول کا مال ہے۔ اس آیت کو بسط حرفی کرنے اور ابجد منقلب سے میزان کرنے پرئ س ء ل ون ک ع ن ال ان ف ال۔ ق ل ل ل ھ وال رس ول کے اعداد 1248 بنتے ہیں۔ ابجد قمری سے اسم اعظم یَا دَائِمُ هُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ کے اعداد 1248 ہیں۔ اس اسم اعظم کو اپنے نام کے ابجد قمری بنا کر اپنے نام کے اعداد کے برابر بعد نماز عشاء کو ۴۰ شب تک ورد کریں۔ اول آخر درود پاک لازماً ۱۱ بار ورد کریں انشاء اللہ ۴۰ یوم میں یا ۴۰ یوم کے فوراً بعد مقصد حاصل ہوگا۔

مثلاً اف ت خ ار ح س ی ن = 1+80+400+
600+1+200+8+60+10+50=1410 بار

تعداد زیادہ ہے اسلئے دہائی اور سیکڑے کے اعداد جمع کریں تو 140 بار ورد کرے۔

مثلاً حسنین احمد = 231 بار ورد کرے۔ مثلاً شازیہ = 323 بار ورد کریں دوران ورد کچا پیاز، کچا ٹماٹر۔ سلاد۔ اچار، چٹنی نہ کھائیں۔

فراخی رزق۔ ویزہ۔ محبت، اولاد۔ مقدمہ میں فتحیابی ترقی عہدہ۔ بندش رفع کرنے رشتہ شادی سے رکاوٹ ختم کرنے ہر کام ہر مقصد کے لیے مجرب ہے۔ مضمون کی کوئی جز و سمجھ نہ آئے۔ تو خط سے معلوم کرلیں۔ ماہنامہ روحانی فیض کا شمارہ خط لکھ کر مفت طلب کریں۔ جو مومنین ورد نہ کر سکیں وہ اسم اعظم یَا دَائِمُ هُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ کی لوح مربع آتشی ذوالکتابت بنا کر اپنے پاس رکھیں عجیب اسرار حاصل ہونگے۔

دُعائے اسم اعظم

آغا جعفر حسین

قرآن مقدس میں مذکورہ ہے کہ حضرت سلیمان بن داؤد علیہ السلام نے بھرے دربار میں حکم فرمایا کہ کوئی ہے ایسا جو آگ پرست مشرکہ ملکہ سباء کو تخت سمیت آنکھ جھپکنے میں اس دربار میں حاضر کرے؟ سب عاجز آ گئے حضرت سلیمانؑ کے وزیر آصف بن برخیا جس کے متعلق قرآن پاک میں ہے کہ اس کو کتاب (زبور) کا قلیل علم دیا گیا تھا نے یہ دعا پڑھی تھی۔ اور چشم زدن میں ملک سبا سے تخت بلقیس منگوا لیا تھا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُكَ بِاَنَّكَ اَنۡتَ اللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اَنۡتَ اَلۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ الطَّاهِرُ الۡمُطَهَّرُ نُوۡرُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرَضِیۡنَ عَالِمُ الۡغَیۡبِ وَالشَّهَادَةِ الۡكَبِیۡرُ الۡمُتَعَالِ الۡمَنَّانُ ذُوالۡجَلَالِ وَالۡاِ كۡرَامِ اَنۡ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنۡ تَفۡعَلَ بِیۡ

(اسکے بعد اپنی حاجات بیان کرے)

اگر مومنین موالیان حیدرؑ کرار 40 شب تک اول آخر درود پاک 11 بار درمیان میں 14 بار (چودہ بار) یہ دعا پڑھیں تو شرعی حاجت مقصد جیسا بھی ہو پورا ہوگا۔ اسکو معمول بنالیں۔

پرہیز کچا پیاز کچا ٹماٹر، اچار چٹنی نہ کھائیں

کامیاب زندگی گزارنے اور حصول مقاصد کیلئے

ورد شدہ سونا پالش خاص مجرب روحانی الواح

جادو شکن تلوار	جادو آسیب جنات سے بچنے کیلئے گھر میں رکھیں	1000 روپے
لوح شرف زحل	شرف میں تیار شدہ نحوست زحل سے بچنے کیلئے	1500 روپے
لوح مشتری	حصول دولت ترقی عہدہ فراخی رزق	1100 روپے
لوح تسخیر اکبر	زوجہ، میاں یا مطلوب کو مسخر کرنے کیلئے	1100 روپے

علم جفر سے ایک سوال کا جواب فری پوچھیں آغا جعفر حسین آغا ہاؤس احمد پور شرقیہ ضلع بہاولپور Mob:0300-78070248

نقش بے مثل برائے بیماری ہر قسم بالخصوص مرض جنوں

تحریر پروفیسر مولانا یاور عباس Mob:0333-6884645

جانشین قبلہ محترم علامہ نذیر علی مرحوم فاضل علوم مشرقیات فاضل مدرسہ الواعظین لکھنؤ کمالیہ ضلع ٹوبہ

خلیفہ مامون عباسی نے جب امام علی رضا کو بغداد طلب کیا تو امام نے اس مقصد کیلئے رخت سفر تیار کیا۔ خلیفہ کا حکم تھا کہ امام کو شہر طوس کے راستے کی بجائے بصرہ کے راستے نیشاپور لایا جائے کیونکہ خلیفہ کو ڈر تھا کہ اگر امام کو براستہ طوس لایا جائے گا تو آپؑ کے چاہنے والے زیادہ اکٹھے ہو جائیں گے، عزت میں اضافہ ہوگا۔ اور تخت خلیفہ کے ہاتھ سے نکل جائے گا لیکن وہ نہیں جانتا تھا کہ جس کے ہاتھ میں دارین کی سلطنت ہو اسے چند شہروں پر مشتمل حکومت کی کیا ضرورت الغرض قافلہ چلا مورخ لکھتا ہے کہ اتنے لوگ آئے، اتنا ہجوم تھا کہ ان میں چوبیس ہزار قلم دان تھے۔ جو ہاتھوں میں کاغذ قلم تھامے تاجدار ولایت کے آٹھویں ستارے سے اُنکے جد نامدار کی کوئی حدیث نقل کروانے آئے تھے یہ قلمدان رو، رو کر التماس کر رہے تھے کہ مولا اپنے جد کی کوئی حدیث سنائیں تو مولا نے لعاب رسولؐ سے فیض یافتہ زبان مبارک سے ارشاد فرمایا "سنو" میں نے سنا اپنے بابا موسیٰ کاظم علیہ السلام سے اُنہوں نے سنا اپنے بابا امام جعفر صادق علیہ السلام سے اُنہوں نے سنا امام محمد باقر علیہ السلام سے اُنہوں نے سنا اپنے بابا علیؑ ابن الحسینؑ سے اُنہوں نے سنا اپنے بابا امام حسینؑ سے اُنہوں نے سنا اپنے بھائی حسن مجتبیٰؑ سے اُنہوں نے سنا بابا امام علی المرتضیٰؑ سے اُنہوں نے سنا ختمی مرتبت محمد مصطفیٰ ﷺ سے کہ رسولؐ اللہ کے پاس اللہ کا پیغام لیکر جبرئیل آئے اور کہا کہ "اللہ نے کہا ہے کہ" "لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ حِصۡنِیۡ فَمَنۡ دَخَلَ حِصۡنِیۡ اٰمِنَ مِنۡ عَذَابِیۡ" "لا الہ اللہ کلمہ حصار ہے جو اس میں داخل ہوگیا وہ میرے عذاب سے بچ گیا۔

عاملین نے اسی حدیث مبارکہ کا نقش تیار کیا ہے جو ہر قسم کی بیماری۔ گناہوں کے سبب پیدا ہونے والے مرضوں اور بالخصوص مرض جنوں کے لیے تیر بہدف ہے۔ آزمائش شرط ہے نقش یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الامام علی ابن موسیٰ	لا الہ الا اللہ حصنی	صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم	عن ابیہ علی ابن ابی طالبؑ
قال حدثنی جبرائیلؑ	عن اخی حسنؑ المجتبیٰ	حدثنی ابی موسیٰ الکاظمؑ	یقول قال رب العزۃ والجلال
عن ابیہ الحسینؑ	قال حدثنی جیبی	وآمن من عذابی	عن ابیہ جعفر الصادقؑ
فمن دخل حصنی	عن ابیہ محمد باقرؑ	عن ابیہ زین العابدینؑ	رسول اللہ وقرۃ عینی

Scanned with CamScanner

لوحِ نادِ علیؑ

۷۸۶
نادِ علیاً مظہر العجائب

8 ۱۱۲۸	11 ۱۱۳۲	14 ۱۱۳۵	1 ۱۱۲۱
13 ۱۱۳۴	2 ۱۱۲۲	7 ۱۱۲۷	12 ۱۱۳۳
3 ۱۱۲۳	16 ۱۱۳۷	9 ۱۱۳۰	6 ۱۱۲۶
10 ۱۱۳۱	5 ۱۱۲۵	4 ۱۱۲۴	15 ۱۱۳۶

لوحِ نادِ علیؑ مربع آتشی ہے یہ لوح چاندی یا سنہری قلعی پر تیار کی جائے گی لوح تیار کرنے کی بہترین شرف قمر ہے یا پھر کسی بھی نیک ستارے کی ساعت میں تیار کی جائے بوقت تیاری عود، لوبان، اگربتی یا خوشبو روشن رکھیں اس لوح کے بے شمار فائدے ہیں۔ فتوحات، ردِسحر، بلاؤں اور آفتوں سے محفوظ رکھتی ہے کسی بھی ضرورت مند کو نقش چہاردہ معصومین علیہ السلام اور لوح نادِ علیؑ چاہیے تو وہ ادارے سے منگوا سکتے ہیں۔

بخار کیلئے طلسم

جس شخص کو بخار آرہا ہو۔ اس طلسم کو پاک وصاف ہو کر لکھیں اور مریض کے سرہانے بغیر موم جامہ کیے رکھا جائے۔ مریض ٹھیک ہو جائے گا۔



اپنا زائچہ نکلوانے کیلئے خط ہمراہ جوابی لفافہ بھیج کر نکلوا سکتے ہیں اپنا نام اور والدہ کا نام ضرور لکھیں۔

ایڈریس ریاض حسین جعفری
تحصیل وضلع لیہ کینال ریسٹ ہاؤس نزد سہیل کریانہ مرچنٹ لیہ
Mob: 0300-5036347- 0333-5765851

عمل نادِ علی باموکل

نادِ علیؑ صغیر

نَادِ عَلِیًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَّكَ

عجائب خدا کے جلوہ بردار علی ابن ابی طالبؑ کو ذرا پکارو تو سہی تم ہر مصیبت اور بلا میں

فِی النَّوَائِبِ كُلُّ هَمٍّ وَّغَمٍّ سَيَنْجَلِي

ان کو اپنا مشکل کشاء پاؤ گے اے اللہ تیری عظمت کے واسطے سے اور حضرت محمدؐ آپ

بِعَظَمَتِكَ يَا اَللّٰهُ وَبِنُبُوَّتِكَ يَا مُحَمَّدُ

کی نبوت کے صدقے اور حضرت علیؑ آپ کی ولایت کے وسیلہ سے میرے تمام رنج وغم

وَبِوَلَايَتِكَ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ

مصیبتیں دُور ہوں یا علیؑ یا علیؑ! یا علیؑ!

نقش

عمل نادِ علیؑ ہر قسم کے جادو، بندش اور بداثرات کے لیے سات کنوؤں کا پانی جس کو موجودہ دور میں بورنگ کا پانی کہتے ہیں کسی برتن میں جمع کریں اور سات دن تک بعد نماز عشاء اس پانی پر ۱۱۰ مرتبہ نادِ علیؑ صغیر پڑھ کر دم کریں۔ سات دن کے بعد اس پانی سے تین دن غسل کریں۔ روزانہ ایک پاؤ گائے کا گوشت صدقہ کریں پھر وضو کر کے دو رکعت نماز بحضور حضرت علی علیہ السلام ہدیہ کریں سات روز تک علم پر پھول کا ہار چڑھائیں کسی بھی جمعرات کو حضرت علی علیہ السلام اور موکلانِ نادِ علیؑ کی نذر دیگر ۲۱ لوگوں کو کھلائیں۔ ہر جمعرات کو حضرت رسولِ خدا، حضرت علیؑ اور موکلاں نادِ علیؑ کی نذر سفید مٹھائی کر دیں۔

نوٹ: عمل کی کوئی جز سمجھ نہ آئے تو رابطہ کر سکتے ہیں

عامل نادِ علیؑ باموکل: سید مرتضیٰ حسین زیدی کراچی
0301-2845261 اوقات فون دو پہر 2 تا رات 10 بجے

سریع التاثیر عمل تسخیرِ خلائق فتوحات اور رزق کثیر بحق

امام حسینؑ

عالمہ باعمل کنیز امام الوقت: سیّدہ منزہ رضوی

رابطہ 0300-4436508 0321-4786903

صد شکر خالق کائنات کے حضور کہ جس نے مجھ گنہگار پر اپنا فضل و کرم فرماتے ہوئے دکھی انسانیت کی خدمت پر مامور فرمایا میری اس خدمت قلیل کو جناب سیدہ اپنی بارگاہ میں قبول فرمائیں اور عالم بقا میں مجھے اپنے پہلو میں جگہ عطا فرمائیں اور بانیان امامیہ جنتری کو اعلیٰ علیین میں بلند درجہ عطا فرمائیں (آمین) اس پر آشوب اور مکر و فریب کے دور میں اپنا دُکھ بیان کرنے اور بہترین رہنمائی کیلئے مخلص، دیندار، متقی اور محب آل محمدؐ شخصیت کی ضرورت ہے جو دُنیاوی لالچ سے پاک ہو۔ ایمان کو تازہ رکھیں ایمان کو متزلزل نہ ہونے دیں یقین کی منزل پر قائم ہو کر رہنمائی لیتے ہوئے بوسیلہ محمدؐ و آل محمدؐ اپنا علاج خود کیجئے پروردگار آپ کا حامی و ناصر ہو۔

عمل یکم چاند سے عمل شروع کیجئے بعد نماز عشاء دو رکعت نماز برائے حاجت ادا کیجئے بعد نماز ایک تسبیح دُرود ایک تسبیح: "رَبِّ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ بِحَقِّ دَمِ الْحُسَیْنِؑ" پڑھیں بعد تسبیح اسم "اَلْوَهَّابُ ذِی الطَّوْلِ" روزانہ (۱۱۳۶۴) گیارہ ہزار تین سو چونسٹھ مرتبہ پڑھیں گیارہ دن تک اس طرح تعداد سوا لاکھ پوری ہوگی اس اسم کا نقش بنا کر داہنے بازو پر باندھیں پڑھتے وقت لوح اسم سامنے رکھیں۔ ساری زندگی لوح فائدہ دے گی بعد میں ہر روز سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھ کر لوح پر پھونکتے رہیں پھر کسی دوسرے عمل کی ضرورت نہ رہے گی۔ پھر اس اسم کا معجزہ دیکھئے بے حد فتوح اور تسخیر ہوگی۔ یہ اسم اکسیر ہے اس اسم کے پڑھنے کے بعد اعلیٰ مقام و رتبہ حاصل کر سکتے ہیں غرور نہ کریں عاجزی سے ملیں اور پابندِ صوم و صلوٰۃ رہیں حاجت مندوں کی حاجت روائی کریں ہر شب جمعہ گھر میں نذر کا اہتمام رکھیں خوف خدا سے مغلوب رہیں دوران عمل ۱۱۰ روپے خیرات کریں۔ مقام عبادت پر عود لوبان سلگائیں وقت اور جگہ ایک رکھیں عمل کا کوئی جز سمجھ میں نہ آئے تو فون پر 8 سے 10 بجے رات رابطہ کیجئے مختصر گفتگو کیجئے دُکھی اور پریشان حال مومنین و مومنات اپنا مسئلہ بتا کر حل لے سکتی ہیں بلا ہدیہ اور استغاثہ کیلئے نام بھی دے سکتے ہیں ہر شب جمعہ امام زمانہؑ کی خدمت میں استغاثہ بلند کیا جاتا ہے لہٰذا جمعرات کو فون نہ کریں۔ بچیوں کی شادی کیلئے سورۃ طٰہٰ 21 مرتبہ روزانہ 21 دن پڑھیں۔ اور سبز ریشمی کپڑے پر لکھ کر بچی کے بازو پر باندھیں انشاء اللہ جلد نیک بر ملے گا۔

سیّدہ منزہ رضوی

دُعاءِ حضرت امام حسینؑ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِكَلِمَاتِكَ وَمَعَاقِدِ

اے اللہ! میں تجھ سے تیرے کلمات کے واسطہ اور تیرے عرش کے معاقد کے

عَرْشِكَ وَسُكَّانِ سَمٰوٰتِكَ وَاَنْبِیَآئِكَ

ذریعہ سے تیرے آسمانوں کے رہنے والوں کے توسط اور تیرے نبیوں اور رسولوں کے

وَرُسُلِكَ اَنْ تَسْتَجِیْبَ لِیْ فَقَدْ رَهِقَنِیْ

واسطہ سے سوال کرتا ہوں کہ میری دُعا قبول کر یقیناً گھیر لیا

مِنْ اَمْرِیْ عُسْرٌ فَاَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّیَ

ہے میرے امر کی تنگی نے مجھ کو! بس میں سوال کرتا ہوں

عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَجْعَلَ

کہ محمدؐ و آلِ محمدؐ پر رحمت نازل فرما اور میرے امر میں کشائش

لِیْ مِنْ اَمْرِیْ فَرَجًا وَّمَخْرَجًا

اور نکلنے کا راستہ قرار دے!

میں آپ کی خدمت میں سید الشہداء امام عالی مقام، صحابی رسول اقدس، نواسہ رسولؐ حضرت امام حسینؑ کی دُعا کو پیش کرتا ہوں۔ یہ دُعا تعقیبات نماز مولفہ الحاج آغا نثار احمد صاحب مرحوم مغفور، ناشر افتخار بک ڈپو رلاہور، میں ہے

جب بے شمار افراد، کیا اپنے کیا غیر، آپ کے خلاف ہوں اور آپ سچ پر ہوں صبر سے کام لیجئے جب آپ کے پاس کوئی چارا نہ ہو۔ اور آپ حق پر ہوں تو آپ صبر سے کام لیجئے جب آپ کے پاس کوئی چارا نہ ہو۔ اور آپ کسی ایسی پریشانی میں مبتلا ہوں کہ کسی سے کہہ بھی نہ سکتے ہوں۔ تو ہر روز نماز فجر یا نماز مغرب کے بعد دُعا حضرت امام حسینؑ کے ذریعہ اللہ تبارک وتعالیٰ سے اپنی حاجت بیان کیجئے۔ انشاء اللہ آپ کی دُعا قبول ہوگی۔ یہ دُعا اس عظیم اور عالی امامؑ کی ہے جن کو مسلمان تو مسلمان غیر مسلم بھی بڑی عزت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اُنہوں نے صبر، تحمل، شجاعت اور استقلال سے کام لیا اور نہ صرف اسلام بلکہ پوری انسانیت کیلئے رہتی دُنیا تک وہ عظیم قربانی پیش کی جس کی نظیر ملنی نہ ممکن ہے۔ انتہائی مجرب دعا ہے

مرتضیٰ کاظم، کینیڈا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لَا یَعْلَمُ الْغَیْبَ اِلَّا ھُوَ

۱۴۳۳ھ ہجری | 2012ء عیسوی

نوروز عالم افروز

بادشاہ: مریخ

وزیر: مشتری

سپہ سالار: زحل

مشیر: زہرہ

تحویل آفتاب در برج حمل

مورخہ 20 مارچ 2012ء بروز منگل

صبح 10 بجکر 19 منٹ پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم

عرض بلد 32-16-N

طول بلد 75-10E



خوراک: دال مسور، انار سرخ، چقندر، گاجر، سرخ مٹھائی، گلاب جامن، مالٹا، سیب

مورخہ 20 مارچ 2012ء بروز منگل صبح 10 بجکر 19 منٹ پاکستان کے مروجہ وقت شمس در برج حمل کے صفر درجہ پر تحویل آفتاب ہوگا۔ بادشاہ سال مریخ سرخ گھوڑے پر سوار جلوہ افروز ہوگا۔

صدقات: دال مسور، مرغ برنگ سرخ و پارچہ، لوہا، فولاد، مرجان مٹھائی و پھل برنگ سرخ

سواری: پوشاک وغیرہ کی کیفیت صرف ہنود میں پائی جاتی ہے۔ اسلام میں اس کا تصور نہیں۔

نوٹ: تحویل آفتاب کا وقت پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم کے مطابق ہے۔ بیرون ملک مقیم قارئین نوروز کے پاکستانی وقت صبح 10:19 میں سے 5 گھنٹے نفی کر لیں تو گرین واچ ٹائم نکل آئے گا۔ اس میں اپنے ملک کے سٹینڈرڈ ٹائم جمع یا نفی کرنے سے مطلوبہ وقت نوروز حاصل ہو جائے گا۔

یاد رہے اگر حکومت پاکستان 2009ء کی طرح کسی عرصے کیلئے ایک گھنٹہ گھڑیاں آگے کرتی ہے تو دیئے گئے اوقات اس عرصے کے دوران اسی حساب سے حاصل کئے جائیں گے

احکام نوروز عالم افروز زائچہ نوروز کے آئینہ میں

نوروز عالم افروز 2012ء میں پاکستان کے معیاری وقت اسلام آباد کے مطابق 20 مارچ بروز منگل بمطابق ۲۶ ربیع الثانی ۱۴۳۳ ہجری بوقت صبح 10 بج کر 19 منٹ شمس در برج حمل کے صفر درجہ پر تحویل ہوگا۔ طالع برج جوزا 44-17 درجہ ہوگا۔ ساعت قمر 10.14 منٹ پر اسلام آباد اور اس کے مضافاتی علاقوں میں ہوگی۔

بادشاہ سال جلادِ فلک سیارہ مریخ ہے جو سرخ اطلسی لباس سر پر یاقوت کا جڑواں تاج، کندھے پر ریشمی دوشالہ برنگ سرخ، پاپوش برنگ نارنجی، گلے میں سرخ گلاب کے پھولوں کا ہار خوراک برنگ سرخ بڑی شان سے تخت حکومت پر جلوہ افروز ہوگا۔

چونکہ سال کا بادشاہ جلاد فلک مریخ ہے اس لئے اس عمل میں کوئی شک وشبہ نہیں کہ دُنیا جنگ کی لپیٹ میں آسکتی ہے۔ لیکن سعد اصغر سیارہ زہرہ کی وجہ سے تیسری عالمگیر جنگ نہ ہوسکے گی۔ نیز بہت سارے ممالک میں حکمرانی فوج کے ہاتھوں میں آجائے گی۔ دُنیا میں آتشزدگی کے حادثات زیادہ سننے میں آئیں گے۔ آتش فشاں پہاڑ بھی کثرت سے لاوا اگلیں گے جس کے باعث مالی وجانی نقصانات سننے میں آئیں گے۔ اس سال تیز آندھیاں بھی تباہ کاریاں لائیں گی۔ بعض علاقوں میں ارضی وسماوی آفات سے نقصان پہنچے گا۔ زراعت کی پیداوار اچھی ہوگی۔ لوگوں کا رجحان روحانیت کی طرف زیادہ ہوگا۔ اکثر ممالک میں اختلافات اور جنگ وجدل کی کیفیت رہے گی۔ سیارہ شمس چونکہ سپہ سالار ہے۔ لہٰذا ملکی دفاعی قوت مضبوط ترین ہوجائے گی جنگ کی کیفیت طاری ہوگی۔ دُنیا کی مختلف طاقتوں میں اختلاف بڑھیں گے۔

نوروز کی شرعی حیثیت

عید نوروز شمسی کیلنڈر کے حساب سے منائی جاتی ہے۔ ہر چوتھے سال جبکہ فروری 29 دن کا ہوجاتا ہے عید نوروز ۲۰ مارچ ورنہ 21 مارچ کو منائی جاتی ہے۔ نوروز 20 یا 21 مارچ کے بارے میں جو کچھ لکھا جاتا ہے۔ وہ علم نجوم اور حرکت سیارگان ہے۔ نیا دن اس لئے کہ شمس برج حمل میں داخل ہورہا ہے۔ یہ سب روایات گردش ایام سے متعلق ہیں جن کا دین اور شریعت سے تعلق ہرگز نہیں ہے۔

۱۸ ذوالحجہ ۱۰ ہجری چونکہ اتفاقاً ۲۱ مارچ کو آ گیا۔ اس لئے اس جشن کو دوہرا منانے کے لیے دونوں تاریخوں کو عید نوروز سے معنون کردیا گیا۔ ہم جو اعمال بجالاتے ہیں وہ 20 یا 21 مارچ کو شمس کے برج حمل میں داخل ہونے کے نہیں ہیں بلکہ عید غدیر کے ہیں۔ شمسی کیلنڈر کی اکیسویں مارچ سے بہت سے اور تہوار بھی مربوط ہیں۔ مگر سال ہائے وقوع میں فرق ہے۔ اعمال کی کتب مفاتیح الجنان، تحفۃ العوام وغیرہ میں اس تاریخ کے جو اعمال آپ پڑھیں گے۔ وہ نوروز سے متعلق نہیں ہیں۔ بلکہ عید نوروز سے تعلق رکھتے ہیں۔ مثلاً یہ واقعات ایک نئے دن سے متعلق ہیں۔ اس لئے یادِ خدا میں تشکر کے طور پر اعمال بجالائے جاتے ہیں۔

آئمہ معصومین علیہم السلام کے ارشادات اور اعمال سے ثابت ہے۔ کہ اس دن کو آلِ محمدؐ نے اپنا دن فرمایا۔ (۱) اللہ تعالیٰ نے اس دن اپنے بندوں سے عہد لیا ہے۔ کہ اس کی وحدانیت کے ساتھ عبادت کریں۔ (۲) یہ پہلا دن ہے کہ آفتاب کی پہلی کرن زمین پر پڑی۔ (۳) حضرت نوحؑ کی کشتی کا کنارے لگنا (۴) رجعت ائمہ طاہرینؑ اور حضرت علی علیہ السلام کی خلافت ظاہرہ (۵) حضرت محمد صلعم پر نزول وحی کا آغاز ہونا (۶) حضرت ابراہیمؑ کا کافروں کے بتوں کو توڑنا (۷) حضرت علی علیہ السلام کا خوارج پر فتح پانا۔ (۸) حضرت علی علیہ السلام کا تطہیر کعبہ کا عمل بجالانا وغیرہ۔ عید نوروز کے اعمال مومنین اپنے تہواروں کی یاد میں مناتے ہیں۔ یہ اعمال۔ نوافل۔ دُعائیں اور نمازیں تحویل آفتاب سے متعلق نہیں بلکہ متذکرہ بالا اسلامی تہواروں سے مربوط ہیں۔ جن کی یاد منانا باعث تقویت ایمان ہے۔

نذر مولا مشکل کشا علیہ السلام نوروز کے دن بوقت تحویل مولا مشکل کشا سے رجوع کیجئے۔ کیسی ہی مشکل ہو۔ مولا علیؑ کی نذر دیکر ان کے وسیلہ سے دُعا کیجئے اللہ تعالیٰ حاجت پوری کرے گا۔ کتنے ہی بے اولاد مرد اور بانجھ عورتوں کو اس عمل سے اولاد عطا ہوئی۔

امامیہ جنتری کا پی رائٹ رجسٹریشن نمبر 9573 کے تحت رجسٹرڈ ہے کوئی ادارہ جعلی جنتری شائع کرے گا تو اس کے خلاف کاروائی ہوگی۔

آداب و اعمال نوروز

تحویل آفتاب کا وقت نہایت مبارک ہوتا ہے۔ یہ استجابت دُعا کا وقت ہے۔ مومنین کو چاہیے کہ مقررّہ وقت سے پہلے پاک صاف ہو کر لباس مطہرہ زیب تن کریں اور کسی پاک جگہ پر پاک فرش کا اہتمام کریں۔ خوشبویات مثل لوبان، اگربتی وصندل وغیرہ سلگائیں۔ دسترخوان پر مٹھائی پھل میوے وغیرہ رکھیں اور نذر حضرت امیر المومنین علیہ السّلام دیں۔ بعد ازاں ایک کٹورے یا پیالے میں پانی بھر کر اس میں گلاب کا سرخ پھول ڈال دیں اور بوقت تحویل آفتاب اس پر نظر رکھیں جو وقت تحویل کا ہوگا اس وقت خود بخود ساکن پھول میں حرکت پیدا ہوگی بس یہ وقت دُعاؤں کے مستجاب ہونے کا ہے۔ اس وقت ۳۶۹ مرتبہ ''یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِ کْرَامِ'' اور کم از کم ۳۶ مرتبہ یہ دُعا پڑھیں۔

یَامُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَ بْصَارِ یَا مُدَبِّرَ اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ یَا مُحَوِّلَ الْحَوْلِ وَالْاَحْوَالِ حَوِّلْ حَالَنَا اِلٰی اَحْسَنِ الْحَالِ ط

مومنین کو چاہیے کہ نوروز کے دن بعد نماز ظہرین چار رکعت نماز اس طرح ادا کریں۔ اوّل یہ نیت کریں کہ دو رکعت نماز نوروز پڑھتا ہوں۔ ''قُرْبَةً اِلَی اللهِ. اَللهُ اَکْبَرْ'' اور اوّل رکعت میں بعد سورہ حمد دس مرتبہ سورہ ''اِنَّا اَنْزَلْنَاهُ'' اور دوسری رکعت میں بعد سورہ حمد دس مرتبہ ''قُلْ یَا اَیُّهَا الْکَافِرُوْنَ'' اور بعد سلام ختم کرے اور پھر دو رکعت کی نیت کر کے نماز شروع کریں۔ اوّل رکعت میں بعد سورہ حمد دس مرتبہ ''قُلْ هُوَ اللهُ اَحَدٌ'' اور دوسری رکعت میں بعد سورہ حمد دس دس مرتبہ ''قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ'' پڑھے اور بعد سلام ختم کرے اور سجدے میں جائے اور یہ دُعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدِنِ الْاَوْصِیَاءِ الْمَرْضِیِّیْنَ وَعَلٰی جَمِیْعِ اَنْبِیَائِكَ وَرُسُلِكَ بِاَفْضَلِ صَلَوَاتِكَ وَبَارِكْ عَلَیْهِمْ بِاَفْضَلِ بَرَكَاتِكَ وَصَلِّ عَلٰی اَرْوَاحِهِمْ وَاَجْسَادِهِمْ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ لَنَا فِیْ یَوْمِنَا هٰذَا الَّذِیْ فَضَّلْتَهٗ وَكَرَّمْتَهٗ وَشَرَّفْتَهٗ وَعَظَّمْتَ خَطَرَهٗ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِیْ فِیْمَا اَنْعَمْتَ بِهٖ عَلَیَّ حَتّٰی لَا اَشْكُرَ اَحَدًا غَیْرَكَ وَوَسِّعْ عَلَیَّ فِیْ رِزْقِیْ یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَللّٰهُمَّ مَاغَابَ عَنِّیْ فَلَایَغِیْبَنَّ عَنِّیْ عَوْنُكَ وَحِفْظُكَ وَمَافَقَدْتُ مِنْ شَیْءٍ فَلَا تُفْقِدْنِیْ عَوْنَكَ عَلَیْهِ حَتّٰی لَا اَتَكَلَّفَ مَالَا اَحْتَاجُ اِلَیْهِ یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

اس کے بعد، دُعا کرے بعض نے لکھا ہے کہ نوروز کے دن موافق اعداد ایام سال نکال کر اس دُعا کو پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ ھٰذِہٖ سَنَۃٌ جَدِیْدَۃٌ وَاَنْتَ مَلِكٌ قَدِیْمٌ اَسْئَلُكَ خَیْرَھَا وَخَیْرَمَافِیْھَا وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّھَا وَشَرِّمَافِیْھَا وَاَسْتَکْفِیْكَ مُؤْنَتَھَا وَشُغْلَھَا یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ (زادلمعاد)

سات سلام

مشہور ہے کہ جو شخص یہ سات سلام نوروز کے دن مشک وزعفران سے کسی چینی کے برتن پر لکھ کر گلاب کے عرق سے دھوئے اور اس میں سے پیئے تو آئندہ سال تک کوئی رنج ودرد اُس کو نہ ستائے گا۔ اگر زہریلا جانور کاٹے تو اس پر اثر نہ ہوگا۔

(۱)۔سَلَامٌ قَوْلاً مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ (۲)۔سَلَامٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعَالَمِیْنَ

(۳)۔سَلَامٌ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ (۴)۔سَلَامٌ عَلٰی مُوْسٰی وَھَارُوْنَ

(۵)۔سَلَامٌ عَلٰی اٰلِ یَاسِیْنَ (۶)۔سَلَامٌ عَلَیْکُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْھَا خَالِدِیْنَ

(۷)۔سَلَامٌ ھِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ ط (از حاشیہ زادالمعاد)

اور اس سورت کو مشک وزعفران سے لکھ کر گلاب میں دھو کر پئے۔ وبا وامراض روحانی وجسمانی سے محفوظ رہے گا۔

محطی ۱۱۱=۱۱۱۱۹ ۱۱۱۹=الا

برائے دردِ زہ سات مرتبہ اس آیت کو گڑ، شکر یا کسی مناسب عرق پر پڑھ کر کھلائے یا پلائے۔ فوراً بچہ پیدا ہوگا " اِذَاالسَّمَآءُ انْشَقَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّھَا وَحُقَّتْ وَاِذَا لْاَرْضُ مُدَّتْ وَاَلْقَتْ مَافِیْھَا وَتَخَلَّتْ "

اور مدت حمل تک واسطے حفاظت حمل کے ایضاً اس شکل کو لکھ کر ران پر اندر کی جانب باندھے اور گرد کی عبارت کو چشم کشادہ لکھے اور بعد پیدائش بچہ کے فوراً کھول دے۔

الشکور البکور

اثنین	ثلثہ	اربعہ
ثلثہ	اثنین	اربعہ

لاحول

نقش نوروز

اعداد ۵۰۴۶

تحویل آفتاب کے وقت کسی پاک جگہ باوضو ہو کر گلاب وزعفران سے اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھیں تو تمام سال جملہ امراض وبلیات غم و صدمات سے محفوظ رہیں گے دُشمن مقہور ہوگا مقاصد پورے ہوں گے۔ نہایت مجرب اور راز سربستہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

العلی العلی العلی العلی

یاعلیؑ یاعلیؑ یاعلیؑ یاعلیؑ

۱۲۵۴	۱۲۶۷	۱۲۶۴	۱۲۶۱
۱۲۶۵	۱۲۶۰	۱۲۵۵	۱۲۶۶
۱۲۵۹	۱۲۶۲	۱۲۶۹	۱۲۵۶
۱۲۶۸	۱۲۵۷	۱۲۵۸	۱۲۶۳

فاللہ خیر حافظا وھو ارحم الراحمین

(امامیہ جنتری رجسٹرڈ) لاہور

عالمی پیشنگوئیاں

منجم و جفار
سید حسن حیدر زیدی
کراچی

پیش لفظ میں اتنا عرض کروں کہ مستقبل میں معروف شخصیت پاکستان آ کر مملکت خداد پاکستان کی حکومت سنبھالے گی۔ ان کو افواج پاکستان کی مکمل تائید حاصل رہے گی ادھر امریکہ و برطانیہ کی بھی یہی خواہش ہوگی کہ موصوف دوبارہ حکومت سنبھال لیں۔

پاکستان 5 جولائی 2014 تک پاکستان کے حالات مخدوش رہیں گے اور کیوں رہیں گے اس کی تفصیل تجزیہ میں ملاحظہ فرمائیں معیشت خوفناک حد تک بیٹھ جائے گی اقتصادی صورت حال تباہ کن رہے گی پاکستانی عوام روٹی، کپڑا، مکان ڈھونڈتے پھریں گے مگر یہ کڑا وقت اسی طرح برقرار نہیں رہے گا۔ رات کتنی گہری اور سیاہ ہو سورج کو تو نکلنا ہے پاکستان کو جمہوریت راس نہیں آئے گی۔ پاکستان کے عوام کی نگاہیں سپریم کورٹ اور افواج پاکستان کو آواز دیں گی اور افواج پاکستان کا کردار نمایاں نظر آتا ہے اور لوگ سپریم کورٹ کے احکامات کے تحت فوج پر بھروسہ کریں گے۔

امن امان کی صورت حال نہایت مخدوش شکل اختیار کر جائے گی زندگی گزارنا مشکل اور موت نہایت آسان نسخہ ہوگا۔ سیلاب، طوفان، زلزلے آسمانی آفات سے کثیر تعداد میں لوگوں کی زندگیاں اجیرن ہو جائیں گی ہوائی حادثات ہوں گے ریلوے کا نظام بیٹھ جائے گا۔ تاجر صاحبان کو تجارت کرتے ہوئے مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ادارے بیٹھ جائیں گے۔ سپریم کورٹ سخت فیصلے کرے گی اور اپنی پاور دکھائے گی۔ قتل و غارت گری ایک عام سی بات ہوگی۔ کسی سیاسی لیڈر کی طبعی موت ہوگی یا قتل کر دیا جائے گا۔

امریکہ کا عمل دخل بڑھ جائے گا اور پاکستانی حکمرانوں کو ڈکٹیشن دیں گے اور حکمران امریکہ کا حکم ماننے پر مجبور ہوں گے۔ اسٹیٹ بنک کیلئے بینکوں کو سنبھالا دینا مشکل ہو جائے گا اسٹاک مارکیٹ میں مندی کا رجحان زیادہ رہے گا۔ فوج از خود کاروائی میں توجہ نہیں دے گی پاکستان کے اٹھارہ کروڑ غیرت مند اور صابر عوام کا پیمانہ صبر لبریز ہو جائے گا۔

اور اٹھارہ کروڑ عوام کا زمین پر قانون نافذ ہو جائے گا وہ چاہیے 2012ء میں ہو یا 2013ء میں اٹھارہ کروڑ عوام یہ نہ سوچیں کہ وہ لاوارث ہیں ان کا وارث اللہ ہے مستقبل میں یہی امریکہ و برطانیہ حکومت پاکستان سے منہ موڑ لیں گے اور اس کے ساتھ ساتھ سپریم کورٹ بھی حکومت سے منہ موڑ لے گی افواج پاکستان ویسے ہی نیوٹرل رہیں گی اور خاموشی سے حالات کا جائزہ لیں گی اور نہ سپریم کورٹ کو حکومت کی مدد کیلئے لڑنا پڑے گا۔

تجزیہ یوں تو پوری دُنیا برج حوت کے دور سے گزر رہی ہے اور تمام دُنیا میں پریشان کن حالات رہیں گے اور عوام میں بے چینی رہے گی اور پوری دُنیا کے عوام مظالم کے خلاف کھڑے ہو جائیں گے یہی حالت امریکہ، برطانیہ، عرب ممالک انڈیا وغیرہ وغیرہ میں ہوگی مگر پاکستان میں برج اسد کے ۸ درجہ اور دقیقہ پر برج حوت ہے جس کی وجہ سے پاکستان کے عوام کو قتل و غارت گری سے زیادہ نقصان کا سامنا کرنا پڑے گا خصوصاً نوجوان اس سے زیادہ متاثر ہوں گے نوجوان طبقہ زیادہ نقل و حرکت سے گریز کریں ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے جب برج اسد میں حوت آتا ہے تو دریاؤں میں طوفان، قتل و غارت گری خون ناحق کا بہنا چوری، لوٹ مار، ڈاکے ایسکنڈلوں کا سامنے فوج اور عدلیہ کا سخت اقدام کرنا۔ کرپشن کا بڑھنا۔ نئی نئی بیماریوں کا پیدا ہونا جو بیماریاں طبیبوں کی سمجھ میں نہ آئیں۔ وبائی امراض کا کثرت سے پیدا ہو، چونکہ برج اسد مذکر برج ہے لہٰذا امردوں کی اموات میں اضافہ اور پیدائش سے زیادہ اموات ہوں۔ اگرچہ اس کا اطلاق پوری دُنیا پر ہوگا اور کرہ ارض پر بے چینی رہے گی۔ حکومت وقت کو حکومت کرنے میں دشواری پیش آئے گی دُنیا کے وہ ممالک جو برج اسد کی پیدائش ہیں ان کو عوامی ردعمل کا سامنا کرنا پڑے گا اور یہی حال انڈیا کا بھی ہوگا۔

چونکہ پاکستان اور انڈیا برج اسد کی پیدائش ہیں لہٰذا ان دونوں ممالک میں یہی صورت حال رہے گی۔ حکومت وقت کے لیے ایک پریشان کن بات جو سامنے آئی ہے وہ یہ ہے کہ پارٹی کے اندر اختلافات بڑھ رہے ہیں جس سے حکومت کمزور ہو رہی ہے برج حوت کا دور 7 سال پر محیط ہے اور یہ دور 2007 جولائی سے شروع ہوا ہے اور 2014ء 5 جولائی کو ختم ہوگا یہ دور اکبر ہے اس کے بعد دور اصغر آئے گا جو ڈیڑھ سالہ دور ہوگا۔

اس طرح سے 4 جنوری 2016ء میں اختتام پذیر ہوگا اور تمام مخدوش حالات ختم ہو جائیں گے۔

نوٹ: ادارے کا کام شائع کرنا ہے۔ منجم / جفار کی تمام پیشنگوئیوں سے متفق ہونا لازمی نہیں۔

امریکہ 2012ء میں امریکہ کی معیشت کا بھٹہ بیٹھ جائے گا امریکہ کی صورت حال معاشی، اقتصادی، روزگار کی طرف سے بہت زیادہ افلاس زدہ رہے گی اوبامہ کی ساکھ کا گراف تیزی سے گرے گا۔ مستقبل میں امریکہ کے ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیں گے کیونکہ امریکہ نے جو ظلم کیا ہے دُنیا کے ساتھ وہی عمل امریکہ کے ساتھ ہوگا اس سال امریکہ کی کسی ریاست میں آفت ناگہانی آئے گی جس سے کافی جانی نقصان ہوگا۔ امریکہ نے جو خواب دُنیا پر حکومت کرنے کا دیکھا تھا وہ چکنا چور ہوگا اور

خود امریکہ اپنے دام میں پھنس جائے گا۔

امریکہ میں کسی مشہور شخصیت کا قتل ہوگا۔ اور کسی صوبے میں دہشت گردی ہونے کا راسخ اشارہ موجود ہے۔ اس جملے کو اگر مکمل نہ کروں تو تشنہ رہ جائے گا۔ 2015ء تک امریکہ کافی حد تک تباہی میں آجائے گا غیر ملکیوں کا انخلاء ہوگا غرور اور تکبر خاک میں مل جائے گا۔ امریکی معیشت بیٹھ جائے گی بینک کرپٹ ہوجائیں گے۔ عوام میں بے چینی بڑھے گی۔

انڈیا انڈیا امریکہ کی پالیسی جاری رکھے گا اور آہستہ آہستہ انڈیا امریکہ کے تسلط میں آجائے گا۔

انڈیا کے کچھ علاقے شورش زدہ رہیں گے انڈیا کے کسی لیڈر کا اسکینڈل عوام میں مقبول ہوگا۔ جمہوریت مضبوط رہے گی۔ معیشت مستحکم رہے گی اقتصادی صورت حال اچھی رہے گی۔

برطانیہ اس سال برطانیہ میں سیکیورٹی رسک بہت رہے گا۔ شاہی خاندان کے لیے یہ سال مناسب نہیں رہے گا۔ شاہی محل سے کوئی بری خبر سننے کو ملے گی۔ برطانیہ میں مہنگائی بہت زیادہ بڑھ جائے گی۔ سوشل سیکیورٹی میں حکومت کو کٹوتی کرنا پڑے گی۔ حکومت مضبوط رہے گی مگر عوام میں بے چینی بڑھ جائے گی۔ اور عوام حکومت سے اپنے حقوق مانگیں گے البتہ عوام کو ان کے بنیادی حقوق ضرور ملیں گے۔ حکومت اپنے عوام کا خیال بہت رکھے گی اور ان کو پریشان نہیں ہونے دے گی۔

چین چین مستحکم سے مستحکم تر اور مستحکم ترین ہوتا جائے گا اب وقت نزدیک ہے کہ امریکہ چین سے خوف زدہ رہے گا۔ چین اس سال عوام کی آسانی کیلئے کوئی ٹیکنالوجی ایجاد کرے گا۔ پوری دُنیا میں سب سے مستحکم ملک چین ہوگا۔ مگر چین کیلئے جہاں مستحکم ہونا یقینی ہے اسی کے ساتھ ساتھ اس سال کسی بھی حادثہ کی وجہ سے یا کسی وباء کی وجہ سے ہلاکتیں بہت ہوں گی۔ اس سال بھی چین پاکستان کیلئے قابل بھروسہ دوست ثابت ہوگا۔ جبکہ امریکہ دوستی پر یقین نہیں رکھے گا بلکہ پاکستانی حکمرانوں پر حکمرانی کرے گا اور پاکستانی حکمران سر جھکا دیں گے۔ چین کی قوت کو امریکہ بھی تسلیم کرے گا۔

جاپان اس سال جاپان میں آفت ارضی اور آفت آسمانی سے بڑی تباہی آئے گی جس کی وجہ حکومت کو نہایت پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ مگر جاپان کی حکومت کی معیشت اقتصادی صورت حال بہتر رہے گی۔

ایران ایران بدستور اسرائیل اور امریکہ پر حاوی رہے گا۔ ایرانی حکومت مستحکم رہے گی معیشت مضبوط رہے گی۔ مگر کوئی تحریک حکومت کو سوچنے پر مجبور کرے گی کہ اس تحریک سے کیسے نمٹا جائے۔

عراق عراق کی امن وامان کی صورت حال بہتر ہوجائے گی اور عوام سکھ کا سانس لیں گے اور اپنے ملک کو تعمیر وترقی کی طرف گامزن کریں گے مگر اس کے ساتھ ساتھ شرپسند عناصر کبھی کبھی شر پھیلائیں گے مگر اس سے عوام پر زیادہ فرق نہیں پڑے گا۔

آسمانی آفات وزلزلے سے محفوظ رہنے کی دعا

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝

اِنَّ اللّٰہَ یُمۡسِکُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ اَنۡ تَزُوۡلَا ۬ۚ وَلَئِنۡ زَالَتَاۤ اِنۡ اَمۡسَکَہُمَا مِنۡ اَحَدٍ مِّنۡۢ بَعۡدِہٖ ؕ اِنَّہٗ کَانَ حَلِیۡمًا غَفُوۡرًا (پارہ نمبر ۲۲ سورہ فاطر آیت نمبر ۴۱)

ترجمہ: بیشک خدا ہی سارے آسمان اور زمین کو اپنی جگہ سے ہٹ جانے سے روکے ہوئے ہے اور اگر (فرض کرو کہ) یہ اپنی جگہ سے ہٹ جائیں تو پھر اس کے سوا نہیں کے سوا کوئی روک نہیں سکتا بیشک وہ بڑا بردبار (اور) بڑا بخشنے والا ہے

رات کو سونے سے قبل ۲۱ بار پڑھیں اوّل وآخر درود شریف ۷ بار)

تخریب کاری وخودکش حملوں سے بچاؤ کیلئے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجۡعَلُكَ فِیۡ نُحُوۡرِھِمۡ وَنَعُوۡذُبِكَ مِنۡ شُرُوۡرِھِمۡ

ترجمہ اے اللہ ہم تجھے اپنے دشمنوں کے مقابلہ میں ڈھال بناتے ہیں اور آپ کے ذریعہ اُن کے شر وشرارتوں سے پناہ چاہتے ہیں۔

حَسۡبُنَا اللّٰہُ وَنِعۡمَ الۡوَکِیۡلُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوۡمُ بِرَحۡمَتِكَ اَسۡتَغِیۡثُ ۝

ترجمہ ہمارے لیے اللہ ہی کافی ہے اور وہ اچھا کارساز وکیل ہے اے ہمیشہ زندہ رہنے والے تیری رحمت کے ذریعہ فریاد رسی چاہتا ہوں

بس بازار مسجد، امام بارگاہ میں ورد کرتے رہیں۔

منجم وجفار سید حسن حیدر زیدی

(نوٹ) اگر کسی صاحب کو کوئی سوال پوچھنا ہے تو شام 5 بجے سے رات 10 بجے تک فون پر رابطہ کریں۔ Mob:0313-9219910

ایڈریس 0345-8219910=021-34988582

R.39 کرسٹل کالج بالمقابل سپارکو اسکیم 33 سیکٹر A-22 پوسٹ کوڈ 75280 کراچی

WWW.SYEDHASANHAIDERZAIDI.COM

E.Mail: info@syedhasanhaiderzaidi.com.

دائمی نقشہ برائے تعین اوقات نماز بابت ماہ جنوری

جنوری	لاہور				کراچی			
تاریخ	طلوع فجر	طلوع آفتاب	زوال آفتاب	غروب آفتاب	طلوع فجر	طلوع آفتاب	زوال آفتاب	غروب آفتاب
1	5-33	7-00	12-06	5-12	5-55	7-16	12-35	5-55
2	5-34	7-00	12-07	5-13	5-55	7-16	12-35	5-55
3	5-34	7-01	12-07	5-14	5-56	7-17	12-36	5-56
4	5-34	7-01	12-08	5-14	5-56	7-17	12-36	5-56
5	5-34	7-01	12-08	5-15	5-56	7-17	12-37	5-57
6	5-35	7-01	12-09	5-16	5-56	7-17	12-37	5-58
7	5-35	7-01	12-09	5-17	5-57	7-18	12-38	5-59
8	5-35	7-01	12-09	5-17	5-57	7-18	12-38	5-59
9	5-35	7-01	12-10	5-18	5-57	7-18	12-39	6-00
10	5-35	7-01	12-10	5-19	5-57	7-18	12-39	6-01
11	5-35	7-01	12-11	5-20	5-57	7-18	12-40	6-02
12	5-35	7-01	12-11	5-21	5-57	7-18	12-40	6-02
13	5-35	7-01	12-11	5-22	5-58	7-18	12-41	6-03
14	5-35	7-01	12-12	5-22	5-58	7-18	12-41	6-04
15	5-35	7-01	12-12	5-23	5-58	7-18	12-41	6-05
16	5-35	7-00	12-12	5-24	5-58	7-18	12-41	6-05
17	5-35	7-00	12-13	5-25	5-58	7-18	12-42	6-06
18	5-34	7-00	12-13	5-26	5-58	7-18	12-42	6-07
19	5-34	7-00	12-13	5-27	5-58	7-18	12-43	6-08
20	5-34	7-00	12-14	5-28	5-58	7-18	12-43	6-08
21	5-34	6-59	12-14	5-29	5-58	7-18	12-43	6-09
22	5-34	6-59	12-14	5-30	5-58	7-18	12-43	6-10
23	5-34	6-59	12-15	5-31	5-58	7-17	12-44	6-11
24	5-34	6-58	12-15	5-32	5-58	7-17	12-44	6-11
25	5-33	6-58	12-15	5-33	5-57	7-17	12-44	6-12
26	5-33	6-57	12-16	5-34	5-57	7-17	12-44	6-13
27	5-33	6-57	12-16	5-35	5-57	7-16	12-45	6-14
28	5-32	6-56	12-16	5-35	5-57	7-16	12-45	6-14
29	5-32	6-55	12-16	5-36	5-57	7-15	12-45	6-15
30	5-31	6-55	12-16	5-37	5-57	7-15	12-45	6-15
31	5-31	6-54	12-16	5-38	5-56	7-14	12-45	6-16

ہدایات حضرت امام رضا علیہ السلام

اس ماہ میں بلغم پیدا ہوتا ہے۔ گرم پانی کے چند گھونٹ پینا مفید ہے۔ دن کے اوّلین حصہ میں مالش مفید ہے۔ گرم سبزیاں اور پودینہ استعمال کریں۔

تسبیح برائے رشتہ

لڑکی، والدین یا لڑکا ہر ماہ کی نوچندی جمعرات کو بعد نماز عشاء اس اسم اعظم کو گیارہ ہزار مرتبہ ایک ہی نشست میں پڑھے تو عقدِ مطلوب حاصل ہوگا۔ **یَا مُعْطِی** اور درج ذیل اسم مبارک کو ہر روز ایک سو اُنتیس مرتبہ چالیس روز تک بلا ناغہ پڑھے تو انشاءاللہ چلہ کے اندر ہی شادی کا انتظام ہو جائے گا۔ اسم مبارک یہ ہے۔ **یَا لَطِیْفُ**

شرف و اوج حضیض و ترفع تنزل سیارگان
شرفات سیّارگان 2012

شمس 2012ء

حالت	تاریخ	وقت ابتدا	تاریخ	وقت انتہا
حضیض	10 جنوری	01.46	11 جنوری	01.20
وبال	20 جنوری	21.11	19 فروری	11.19
شرف	07 اپریل	15.06	08 اپریل	15.31
طرح	20 مئی	20.17	21 جون	04.10
اوج	11 جولائی	02.12	12 جولائی	03.22
ترفع	22 جولائی	15.02	22 اگست	22.06
ہبوط	11 اکتوبر	02.55	12 اکتوبر	03.08
فرح	22 نومبر	02.52	21 دسمبر	16.13

زہرہ 2012ء

2012 میں برج دلو میں داخل نہیں ہوگا۔ اس لئے زہرہ کو اس سال طرح کی کیفیات نہیں ہوں گی۔

حالت	تاریخ	وقت ابتدا	تاریخ	وقت انتہا
شرف	05 فروری	01.40	05 فروری	22.10
ترفع	05 مارچ	15.26	03 اپریل	20.19
ترفع	28 اکتوبر	18.05	22 نومبر	06.21
وبال	08 فروری	11.02	05 مارچ	15.26
وبال	22 نومبر	06.21	16 دسمبر	09.40
اوج	02 مئی	20.25	05 مئی	08.45
فرح	06 ستمبر	19.49	03 اکتوبر	12.00
ہبوط	25 اکتوبر	10.23	26 اکتوبر	06.16

عطارد 2012ء

حالت	تاریخ	وقت ابتدا	تاریخ	وقت انتہا
ہبوط	28 فروری	21.20	29 فروری	13.10
فرح	02 مارچ	16.42	09 مئی	10.16
حضیض	11 مئی	16.29	12 مئی	05.50
ترفع	24 مئی	16.13	07 جون	16.17
ترفع	01 ستمبر	07.33	17 ستمبر	04.23
وبال	14 فروری	06.39	02 مارچ	16.42
	29 اکتوبر	11.18	31 دسمبر	19.04
اوج	08 اکتوبر	08.50	09 اکتوبر	01.42
طرح	17 ستمبر	04.23	05 اکتوبر	15.36
شرف	08 ستمبر	00.30	09 ستمبر	01.15

مریخ 2012ء

حالت	تاریخ	وقت ابتدا	تاریخ	وقت انتہا
ہبوط	برج سرطان میں ہبوط یافتہ نہ ہوگا			
اوج	برج اسد میں اوج یافتہ نہ ہوگا			
وبال	03 جولائی	17.33	23 اگست	20.25
ترفع	23 اگست	20.25	07 اکتوبر	08.22
فرح	عروج سال سے سنبلہ میں فرح کی حالت			
فرح	03 جولائی	17.33		
طرح	کی حالت 2013 میں ہوگی			
حضیض	برج دلو میں 2013 میں حضیض کی حالت میں ہوگا			

مراتب سیّارہ زحل

شرف: اوائل سال تا 6 اکتوبر
00.34

میانہ در برج عقرب
6 اکتوبر - 00.34
23-12-2014

مراتب سیّارہ مشتری

شرف کی کیفیت نہ ہوگی
ترفع کی کیفیت نہ ہوگی
اوج کی کیفیت نہ ہوگی
حضیض کی کیفیت نہ ہوگی

وبال کی کیفیت نہ ہوگی
طرح کی کیفیت نہ ہوگی
فرح کی کیفیت نہ ہوگی
میانہ 11 جون 22:23

دوروزہ سالانہ عرس 13,12 ربیع الاول بمقام نورانی مسجد ڈلوال روڈ چواسیدن شاہ

عرس مبارک 17 تا 19 ربیع الاول نجی سیّد راجن علی شاہ رکن پور۔ منجانب پروفیسر حکیم منظور نقوی 0300-8171412

دائمی نقشہ برائے تعین اوقات نماز بابت ماہ فروری

فروری	لاہور				کراچی			
تاریخ	طلوع فجر	طلوع آفتاب	زوال آفتاب	غروب آفتاب	طلوع فجر	طلوع آفتاب	زوال آفتاب	غروب آفتاب
1	5-30	6-54	12-17	5-39	5-56	7-14	12-45	6-17
2	5-30	6-53	12-17	5-40	5-56	7-14	12-45	6-18
3	5-29	6-53	12-17	5-41	5-55	7-13	12-46	6-19
4	5-29	6-52	12-17	5-41	5-55	7-13	12-46	6-19
5	5-28	6-51	12-17	5-42	5-54	7-12	12-46	6-20
6	5-27	6-50	12-17	5-43	5-54	7-12	12-46	6-20
7	5-26	6-50	12-17	5-44	5-53	7-11	12-46	6-21
8	5-26	6-49	12-17	5-45	5-53	7-11	12-46	6-22
9	5-25	6-48	12-17	5-46	5-52	7-10	12-46	6-23
10	5-25	6-48	12-17	5-47	5-52	7-10	12-46	6-23
11	5-24	6-47	12-17	5-48	5-51	7-09	12-46	6-24
12	5-23	6-46	12-17	5-49	5-51	7-08	12-46	6-24
13	5-22	6-45	12-17	5-50	5-50	7-07	12-46	6-25
14	5-22	6-44	12-17	5-50	5-50	7-07	12-46	6-26
15	5-21	6-43	12-17	5-51	5-49	7-06	12-46	6-27
16	5-20	6-42	12-17	5-52	5-49	7-05	12-46	6-27
17	5-19	6-41	12-17	5-53	5-48	7-04	12-46	6-28
18	5-18	6-40	12-17	5-54	5-47	7-04	12-46	6-28
19	5-17	6-39	12-17	5-54	5-46	7-03	12-46	6-29
20	5-16	6-38	12-17	5-55	5-46	7-02	12-45	6-29
21	5-15	6-37	12-17	5-56	5-45	7-01	12-45	6-30
22	5-14	6-36	12-17	5-57	5-44	7-01	12-45	6-30
23	5-13	6-35	12-16	5-58	5-43	7-00	12-45	6-31
24	5-12	6-34	12-16	5-59	5-43	6-59	12-45	6-31
25	5-11	6-33	12-16	6-00	5-42	6-58	12-45	6-32
26	5-10	6-32	12-16	6-00	5-41	6-57	12-45	6-32
27	5-09	6-31	12-16	6-01	5-40	6-56	12-45	6-33
28	5-08	6-29	12-16	6-02	5-39	6-55	12-45	6-33
29	5-07	6-28	12-15	6-02	5-38	6-54	12-44	6-34

شرفات قمر (برائے عملیات)

تاریخ	وقت ابتدا	تاریخ	وقت انتہا
03 جنوری	07.19	03 جنوری	09.22
30 جنوری	15.31	30 جنوری	17.33
26 فروری	23.32	27 فروری	01.33
25 مارچ	06.45	25 مارچ	08.47
21 اپریل	13.08	21 اپریل	15.09
18 مئی	19.07	18 مئی	21.09
15 جون	01.25	15 جون	03.28
12 جولائی	08.32	12 جولائی	10.35
08 اگست	16.28	08 اگست	18.28
05 ستمبر	00.39	05 ستمبر	02.39
02 اکتوبر	08.24	02 اکتوبر	10.24
29 اکتوبر	15.14	29 اکتوبر	17.13
25 نومبر	21.19	25 نومبر	23.19
23 دسمبر	03.25	23 دسمبر	05.25

قمر در عقرب (برائے عملیات)

تاریخ	وقت ابتدا	تاریخ	وقت انتہا
17 جنوری	00.57	17 جنوری	02.39
13 فروری	06.23	13 فروری	08.05
11 مارچ	13.39	11 مارچ	15.18
07 اپریل	23.27	08 اپریل	01.03
05 مئی	10.29	05 مئی	12.04
01 جون	20.45	01 جون	22.23
29 جون	04.53	29 جون	06.34
26 جولائی	10.54	26 جولائی	12.36
22 اگست	16.18	22 اگست	18.00
18 ستمبر	23.04	19 ستمبر	00.40
16 اکتوبر	08.18	16 اکتوبر	09.57
12 نومبر	19.23	12 نومبر	21.00
10 دسمبر	06.09	10 دسمبر	07.48

رجعت و استقامت سیّارگان 2012ء

سیّارہ	تاریخ	وقت	رجعت/ استقامت
مریخ	24 جنوری	05.52	رجعت
زحل	07 فروری	19.06	رجعت
عطارد	12 مارچ	12.46	رجعت
عطارد	04 اپریل	15.21	مستقیم
پلوٹو	10 اپریل	21.31	رجعت
مریخ	14 اپریل	08.55	مستقیم
زہرہ	15 مئی	19.36	رجعت
نیپچون	05 جون	02.06	رجعت
زحل	25 جون	13.02	مستقیم
زہرہ	27 جون	20.16	مستقیم
یورینس	13 جولائی	14.41	رجعت
عطارد	15 جولائی	07.06	رجعت
عطارد	08 اگست	10.46	مستقیم
پلوٹو	18 ستمبر	10.16	مستقیم
مشتری	04 اکتوبر	18.16	رجعت
عطارد	07 اکتوبر	04.01	رجعت
نیپچون	11 نومبر	12.56	مستقیم
عطارد	27 نومبر	03.51	مستقیم
یورینس	13 دسمبر	17.06	مستقیم

ہدایات حضرت امام رضا علیہ السلام

ماہ فروری میں ٹھنڈی اشیاء کے استعمال سے پرہیز کرنا چاہیے۔ پودینہ، ادرک اور لہسن کا استعمال مفید ہے۔

آیات کفایات

کوئی بھی مقصد ہو، کوئی بھی مشکل ہو اپنے مقصد کی نیت سے بعد نماز صبح صرف 60 مرتبہ آیات کفایات پڑھ کر اپنے مقصد کیلئے بہزار گریہ و زاری واشک باری کریں۔ یقین رکھیں کہ انشاء اللہ اثر ائل ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا ۔ وَكَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيْرًا

وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا ۔ وَكَفٰى بِاللّٰهِ عَلِيْمًا

وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ۔ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

اسرار قضائے حاجات

☆ جو کوئی مہم حاجات رکھتا ہو تو وہ دو رکعت نماز ہدیہ برائے حضرت فاطمہ پڑھے قنوت میں یہ دعا پڑھے تو یقیناً اللہ تعالیٰ اس کی تمام حاجات پوری فرمائے گا۔

اَللّٰهُمَّ بِفَاطِمَةَ وَاَبِيْهَا وَبِفَاطِمَةَ وَبَعْلِهَا وَبِفَاطِمَةَ وَبَنِيْهَا وَبِفَاطِمَةَ وَالسِّرِّ الْمُسْتَوْدَعِ عَلَيْهَا اِقْضِ حَاجَتِيْ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

18 محرم یوم کربلا 31 مئی 2010ء بمقام امام بارگاہ ... غازی آباد ملتان۔ زیر اہتمام: انجمن ... غازی آباد ملتان 0300-9631966

6 روزہ مجالس شہادت امام حسینؑ 5 تا 10 ...

دائمی نقشہ برائے تعین اوقات نماز بابت ماہ مئی

مئی	لاہور				کراچی			
تاریخ	طلوع فجر	طلوع آفتاب	زوال آفتاب	غروب آفتاب	طلوع فجر	طلوع آفتاب	زوال آفتاب	غروب آفتاب
1	3-46	5-15	12-00	6-45	4-35	5-56	12-29	7-02
2	3-45	5-14	12-00	6-46	4-34	5-56	12-29	7-02
3	3-43	5-13	12-00	6-47	4-33	5-55	12-29	7-03
4	3-42	5-12	12-00	6-47	4-32	5-54	12-28	7-03
5	3-41	5-11	12-00	6-48	4-31	5-53	12-28	7-04
6	3-39	5-10	12-00	6-49	4-30	5-53	12-28	7-04
7	3-38	5-10	12-00	6-50	4-29	5-52	12-28	7-05
8	3-37	5-09	12-00	6-50	4-29	5-52	12-28	7-05
9	3-36	5-08	11-59	6-51	4-28	5-51	12-28	7-06
10	3-35	5-07	11-59	6-51	4-27	5-51	12-28	7-06
11	3-34	5-07	11-59	6-52	4-26	5-50	12-28	7-07
12	3-33	5-06	11-59	6-52	4-25	5-50	12-28	7-07
13	3-32	5-05	11-59	6-53	4-24	5-49	12-28	7-08
14	3-31	5-05	11-59	6-54	4-24	5-49	12-28	7-08
15	3-30	5-04	11-59	6-54	4-23	5-48	12-28	7-09
16	3-29	5-03	11-59	6-55	4-23	5-48	12-28	7-09
17	3-29	5-02	11-59	6-56	4-22	5-47	12-28	7-10
18	3-28	5-02	11-59	6-57	4-21	5-47	12-28	7-10
19	3-27	5-01	11-59	6-57	4-20	5-46	12-28	7-11
20	3-26	5-01	11-59	6-58	4-20	5-46	12-28	7-11
21	3-25	5-00	11-59	6-59	4-19	5-45	12-28	7-12
22	3-24	5-00	12-00	6-59	4-19	5-45	12-28	7-12
23	3-24	4-59	12-00	7-00	4-18	5-44	12-28	7-13
24	3-23	4-59	12-00	7-01	4-18	5-44	12-29	7-13
۳۶ ÷ ۹ = ۴ ، باقی x

مدت: ۶x۶=۳۶ ۹ بچا۔ تو ۹ ماہ کا عرصہ لگے گا

۷۸۶

۱۵۹۱	۳۶۲	۱۱۰۰	۱۲۳۵
۱۲۱۳	۱۱۲۲	۳۴۰	۱۶۱۳
۴۰۶	۱۶۳۵	۱۱۹۱	۱۰۵۶
۱۰۷۸	۱۱۶۹	۱۶۵۷	۳۸۴

الٰہی بحرمت آیت سبحان الذی خلق الازواج..........
.... نجمہ بنتِ ارشاد بیگم
و اعجاز الحسن بن نثار فاطمہ کی شادی ہو۔ **جواب:** ۹ ماہ کا عرصہ لگے گا

0334-2388082

علم جفر کے طریقہ ابجد اجذش

کے ذریعہ سودمند تعلیمی میدان کا انتخاب

تحریر
جاوید جمالی علاوی
موبائل
0301-5503367

درکار کوائف (۱) نام معہ والدہ کا نام (۲) نام تعلیم (۳) نام یوم سوال (۴) نام ساعت سوال ان کوائف کو سب سے پہلے بسط حرفی کرنے کے بعد انکی تخلیص کریں۔ تلخیص کرنے کے بعد ابجد اجذش کے مطابق ترفع طبعی کے بعد ابجد اجذش کے مطابق جمل کبیر کر کے تین پر تقسیم کریں۔

اگر ایک بچے تو سائل اس تعلیم کو حاصل کرے گا اور فوائد حاصل کرے گا۔ دو بچیں تو کافی جدوجہد کے بعد اس تعلیم میں کامیابی ہوگی اور فوائد بھی کم ہونگے صفر یا تین بچیں تو سائل اس تعلیم کو حاصل کرنے میں ناکام ہوگا۔

ترفع طبی کا طریقہ یہ ہے حروف خاک کو حروف آب سے حروف آب کو حروف باد سے اور حروف باد کو حروف آتش سے درجہ بدرجہ تبدیل کرنا ہے۔

تقسیم ابجد اجذش کی مراتب سے ترتیب

آتش	۱ ا	۵ ظ	۹ ح	۴۰ ک	۸۰ ز	۳۰۰ ہ	۷۰۰ ط	
باد	۲ ج	۶ ق	۱۰ ر	۵۰ و	۹۰ ض	۴۰۰ ش	۸۰۰ ف	
آب	۳ ذ	۷ ن	۲۰ ص	۶۰ ت	۱۰۰ غ	۵۰۰ د	۹۰۰ م	
خاک	۴ ش	۸ ب	۳۰ ع	۷۰ خ	۲۰۰ ل	۶۰۰ س	۱۰۰۰ ی	

مثال

عادل عباس بن کنیز فاطمہ نے بروز شنبہ ساعت زہرہ میں سوال کیا۔
کہ کیا وہ کامرس کی تعلیم حاصل کر سکے گا۔
بسط حرفی۔ ع ادل ع ب اس ب ن ک ن ی ز ف اط م ہ ک ام ر س ش ن
ب ہ ز ہ ر ہ
تلخیص: ع اول ب س ن ک ی ز ف ط م ہ ر ش
ترفع طبعی بمطابق ابجد اجذش:

ص	ش	ث	غ	ن	د	ق	خ	م	ل		
20	4	400	100	7	500	6	70	900	200		
ط	ی	ف	س	ح	ذ	جمل کبیر					
700	1000	800	600	9	3	5319					

جمل کبیر کو تین پر تقسیم کیا تو تین یا صفر بچا سائل کو جواب دیا کہ آپ کامرس کی تعلیم حاصل کرنے میں ناکام ہوں گے۔

معزز قارئین کرام! علم نحو، علم جفر، علم رمل، علم الاعداد ار علم دست شناسی سے لگائے گئے احکامات اور رہنمائی ایک حد تک ہے۔ غیب کا علم اللہ تعالیٰ جانتا ہے۔ اور معصومینؑ جانتے ہیں۔ جنہیں اللہ تعالیٰ نے عنایت کیا ہے اللہ تعالیٰ اور پاک محمدؐ وآل محمدؐ سے دُعائیں کرتے رہیں اس یقین محکم سے کہ ہماری دُعائیں ضرور مستجاب ہوں گی۔

ہر بار کی طرح اس بار بھی آپ سے درخواست ہے کہ ہر شب جمعہ یا جمعہ کے گیارہ بجے سے پہلے پہلے کوشش کر کے اوّل وآخر چودہ چودہ بار درود شریف کے ساتھ ایک بار حدیث کساء کی تلاوت کریں۔ اگر عربی نہیں پڑھ سکتے تو ترجمہ پڑھ لیں۔ اور حسب استطاعت غریب سادات کو خمس یا ہدیہ کی نیت سے اور غیر سادات کو صدقہ وخیرات کی نیت سے رقم یا ضروریات زندگی کی کوئی چیز دے دیا کریں۔ میری دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ بحق معصومینؑ آپ کی جملہ نیک حاجات پوری کرے۔ ایمان سلامت رکھے۔ خیر وبرکت دے اللہ پاک اور پاک محمدؐ وآل محمدؐ آپ کے حامی وناصر ہوں۔

علوم سے مسائل کی تشخیص اور رُوحانی حل

علم نجوم، علم رمل، علم جفر واعداد سے مشاورت مسائل کی تشخیص اور رُوحانی حل کے لئے رابطہ کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ، اللہ پاک اور محمدؐ وآل محمدؐ کے خاص کرم اور تعلیمات کی روشنی سے آپ کو صحیح گائیڈ لائن دی جائے گی۔ کوائف میں پورا نام، والدہ کا نام، تاریخ پیدائش، وقتِ پیدائش (اگر معلوم ہو) مقام پیدائش، تاریخ، مقام اور وقت سوال، ایک سے ننانوے (۱ تا ۹۹) کے درمیان کوئی سے چار ہندسے درکار ہوں گے۔

آسٹروسکالر جاوید جمالی علاوی
0301 5503367 . 03324754515

فہم القرآن

تحریر و تحقیق
علی اکبر

ٹی اینڈ جنرل سٹور، بازار قصہ خوانی چوک
نزد دوبئی ہوٹل پشاور شہر
موبائیل نمبر: 03005831879
فون نمبر دوکان: 091-2565110

قارئین امامیہ جنتری کو سال نو مبارک ہو۔ دست بہ دُعا ہوں۔ پروردگار عالم بہ صدقہ معصومین علیہم السلام تمام مسلمانانِ عالم کو جہاں۔ جہاں وہ بستے ہیں۔ بسلسلہ روزگار آباد ہیں۔ اپنے حفظ واماں میں رکھے ظالموں کے ظلم سے شر پسندوں کے شر سے اپنی پناہ میں رکھے۔ اور ساتھ ہی ساتھ منتظمین امامیہ جنتری بالخصوص بانی امامیہ جنتری آغا نثار احمد مرحوم کی لحد کو تا قیامت پُرنور رکھے۔ آج میں اپنے قارئین حضرات جو میرے مضامین بڑے شوق سے پڑھتے ہیں۔ دُعائے خیر سے یاد رکھتے ہیں کیلئے قرآن پاک کا سورۂ آلِ عمران کی آیت نمبر ۱۵۴ کے متعلق لکھنے کا شرف حاصل کر رہا ہوں۔

بخدا یہ ایک ایسی آیت ہے کہ اس کے پڑھنے والوں کے دُکھوں کا کافی حد تک مداوا ہوگا۔ ویسے تو قرآن کا ہر لفظ۔ آیت ایک سمندر ہے۔ اس پُرآشوب دُور میں مسلمانانِ عالم کس قدر پریشان حال ہیں۔ ہمیں بخوبی علم ہے۔

سورۂ آلِ عمران پارہ نمبر ۳ آیت نمبر ۱۵۴ جو کہ ثُمَّ اَنْزَلَ سے شروع ہو کر علیم بذات الصدور تک ہے۔ اپنے اندر بے پناہ خواص رکھتا ہے۔ جو کہ درج ذیل ہیں اپنی حاجت برآنے کیلئے اس طریقہ پر پڑھیں۔

(۱) ہر حاجت و مشکل کیلئے ۴۰ دن تک روزانہ وقتِ مقرر پر ۴۰ بار پڑھیں۔

(۲) دُشمن کی ہلاکت کیلئے ۲۹ بار صرف ۹ دن تک پڑھے۔ بغیر بسم اللہ بغیر درود پاک۔ (۳) حاسدوں کو دفع کرنے کیلئے ۲۹ دن تک ۲۹ بار روزانہ بغیر بسم اللہ بغیر درود پاک۔

(۴) نوکری یا ملازمت کیلئے: دس دن روزانہ ۷ بار پڑھے بمع بسم اللہ درود شریف

(۵) بیماری و آدھے سر کے درد کیلئے سات (۷) دن روزانہ ۷ بار پڑھے بمع بسم اللہ درود شریف

(۶) جان ومال اولاد کی سلامتی کیلئے روزانہ ۵ بار پڑھا کریں۔

(۷) دُشمنوں کے مقابلے کیلئے: چاہے دُشمن بے شمار کیوں نہ ہوں۔ ہر روز بہ صدقِ دل، 1 بار پڑھیں۔

(۸) حاجات ومراد کیلئے: ہر روز ۳ بار پڑھیں۔

(۹) جادو کے توڑ کا زبردست عمل ہے۔ یہ وہ پاک سورہ مبارکہ ہے جس میں حروف صوامت کے ۱۳ حروف (ا، ح، د، ر، س، ص، ط، ع، ک، ل، م، و، ہ) موجود ہیں۔ اگر اس سورہ مبارکہ کی زکات ادا کی جائے۔ تو کیا بات، جادو زدہ پر پڑھ کر پہلے اس پر دم کیا جائے۔ دوسری بار پڑھ کر اُس کے دائیں کان میں دم کریں، تیسری بار پڑھ کر بائیں کان میں دم کریں۔ چوتھی بار پڑھ کر آنکھوں میں دم کریں انشاء اللہ جادو زدہ، بستہ شدہ فوراً کھل جائے گا۔ زکوٰۃ ادا کرنے کا طریقہ جو کہ جلالی وجمالی ہے۔

پرہیز ہر قسم گوشت، انڈہ، مچھلی، دودھ، پیاز، لہسن، دیگر بدبودار اشیاء نوچندی جمعرات کو قمر در عقرب نہ ہو، عمل شروع کریں۔ سب سے پہلے 1 بار بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھیں۔ پھر اول، آخر ۱۴، ۱۴ بار درود ابراہیمی پڑھیں پھر آیت مذکور نمبر ۱۵۴ جس کا شروع میں ذکر کر چکا ہوں ۱۴ بار پڑھے۔

(۱۰) پھر سورۂ مزمل شریف ۱۱ بار پڑھے بمع بسم اللہ پھر سورۂ یٰسین شریف ۷ بار پڑھے۔ آخر میں چاروں قل شریف پڑھیں، یہ عمل کم از کم ۱۰ دن تک باپرہیز کریں۔ اور کسی سے ذکر نہ کریں۔

اگر اس سورۂ مبارکہ کو ہر نماز کے بعد ۱۰ بار پڑھا جائے۔ تو کبھی تنگدستی قریب نہ آئے گی۔ بلکہ آپ کا ہر کام از خود ہوتا جائے گا۔ زندگی عیش وآرام سے گذرے گی۔

(۱۱) وہ حضرات جو حروفِ صوامت کی رجعت کا شکار ہیں۔ یہ عمل کریں۔ انشاء اللہ رجعت ختم ہو جائے گی، لیکن آئندہ بغیر سوچے۔ سمجھے ہر ایک کی بندش نہ کیا کریں کیونکہ اللہ تعالیٰ بے نیاز ہے۔ وہ دلوں کے بھید خوب جانتا ہے۔

(۱۲) حروفِ صوامت جو کہ ۱۳ حروف پر مشتمل ہیں کلمہ طیبہ سے ماخوذ شدہ، جو کہ پاک ہیں لہٰذا عامل حضرات نیک، پاک مقاصد کیلئے استعمال کریں تو بہتر ہے تاکہ اللہ اور رسول بھی خوش ہوں۔ اس کے مزید فوائد ہیں جو میں لکھنے سے قاصر ہوں۔ کیونکہ مجھے لکھنے کی اجازت نہیں۔ لہٰذا دوست۔ احباب مجبور نہ کریں۔

آخر میں دست بہ دعا ہوں۔ پروردگار عالم بہ صدقہ معصومین علیہ السلام۔ آپ کا ادراک کھولے۔ اور کامیابیاں آپ کے قدم چومیں۔ اور مجھے اپنی دُعاؤں میں شامل حال رکھیں۔

(۱۴) جو حضرات زکوۃ ادا کرنا نہ چاہیں وہ زکوٰۃ ادا کئے بغیر بھی اپنی حاجت کو مدِ نظر رکھ کر اُسی طریقہ، اُسی مقدار تعداد میں پڑھیں۔ جو کہ میں نے لکھا ہے۔

آمین ثم آمین۔ والسلام

دعا گو: علی اکبر

انور علی بک سٹال امام بارگاہ مدینۃ العلم گلشن اقبال کراچی
محمد اسماعیل بکس و جگاہ سنٹر نزد امام بارگاہ خیر العمل انچولی کراچی

10:7 ... 20 ... 17 ... 0300-6230966 ... 301 ... 173

حل مشکلات

درویش خضر عباس پیاسی
فاضل پورنزد پولیس چوکی تحصیل وضلع راجن پور
موبائل: 0346 7328884, 0333 6474494

نوٹ: ہر نماز کے بعد ایک تسبیح اور دیگر اوقات میں بکثرت ورد کریں۔

۷۸۶

برج جدی

سے تعلق رکھنے والے افراد کے وظائف

رزق کے لئے	"یا رَزّاقُ"
روکنے ابندش کے لئے	"یا قَابِضُ"
استخارہ کے لئے	"یا خَبِیْرُ"
حاجت روائی کے لئے	"یا وَھّابُ"
اولاد نرینہ کے لئے	"یا وَارِثُ"
توبہ کے لئے	"یا غَفّارُ"

۷۸۶

برج ثور

سے تعلق رکھنے والے افراد کے وظائف

ہر مقصد کے لئے	"یا مُعْطِیُ یَا اَللّٰہُ"
دولت مند ہونے کیلئے	"یا غَنِیُّ یَا اَللّٰہُ"
علم حاصل کرنے کیلئے	"یا عَلِیْمُ یَا اَللّٰہُ"
شادی کے لئے	"یا لَطِیْفُ یَا اَللّٰہُ"
محبت کے لئے	"یا عَزِیْزُ یَا اَللّٰہُ"

کا ورد مفید ہوگا۔

۷۸۶

برج دلو

سے تعلق رکھنے والے افراد کے وظائف

ہر مقصد کے لئے	"یا وَھّابُ"
رزق کے لئے	"یا رَزّاقُ"
زبان بندی کیلئے	"یا قَابِضُ"
استخارہ کے لئے	"یا خَبِیْرُ"
اولاد نرینہ کے لئے	"یا وَارِثُ"
توبہ کے لئے	"یا غَفّارُ"

برج جوزا

سے تعلق رکھنے والے افراد کے وظائف

حفاظت ارضی وسماوی آفت وبلا کیلئے	"یا حَفِیْظُ یَا اَللّٰہُ"
روحانیات بڑھانے کیلئے	"یا بَاسِطُ یَا اَللّٰہُ"
استخارہ کے لئے	"یا خَبِیْرُ"
ترقی کے لئے	"یا مُقَدِّمُ یَا اَللّٰہُ"
ہر مقصد کے لئے	"یا مَالِکَ الْمُلْکُ"

کا ورد مفید ہوگا۔

برج قوس

سے تعلق رکھنے والے افراد کے وظائف

بند کام کھولنے کیلئے	"یا فَتّاحُ یَا اَللّٰہُ"
محبت کے لئے	"یا وَدُوْدُ یَا اَللّٰہُ"
ہدایت حاصل کرنے کیلئے	"یا ھَادِیُ یَا اَللّٰہُ"
اسباب پیدا کرنے کے لئے	"یا بَاعِثُ یَا اَللّٰہُ"
قرب الٰہی کے لئے	"یا رَحِیْمُ یَا اَللّٰہُ"

کا ورد مفید ہوگا۔

برج اسد

سے تعلق رکھنے والے افراد کے وظائف

اللہ کی نظر کرم حاصل کرنے کیلئے	"یا رَحْمٰنُ"
دشمن کی زباں بندی کیلئے	"یا خَافِضُ"
آنکھ وقلب کی روشنی کیلئے	"یا نُوْرُ"
طاقت کے لئے	"یا قَوِیُّ"
ترقی وعزت ومرتبہ کیلئے	"یا وَاسِعُ"

کا ورد مفید ہوگا۔

برج سرطان

سے تعلق رکھنے والے افراد کے وظائف

قرب الٰہی کیلئے	"یا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامُ"
امیر وکبیر ہونے کیلئے	"یا مُغْنِیُ"
ہر مقصد کے لئے	"یا صَمَدُ"
بلندی ومرتبہ کے لئے	"یا رَافِعُ"
طاقت کے لئے	"یا قَوِیُّ"

کا ورد مفید ہوگا۔

برج حمل

سے تعلق رکھنے والے افراد کے وظائف

سلامتی کیلئے اسم الٰہی	"یا سَلَامُ"
روحانیات بڑھانے کیلئے	"یا مُھَیْمِنُ"
دُعا کی قبولیت کے لئے	"یا سَمِیْعُ"
حصول عزت وتوقیر کیلئے	"یا مُعِزُّ"
کسی کو بلانے کے لئے	"یا مُعِیْدُ"

کا ورد مفید ہوگا۔

برج سنبلہ

سے تعلق رکھنے والے افراد کے وظائف

ہر مقصد کے لئے	"یا مَالِکَ الْمُلْکُ"
ترقی کے لئے	"یا مُقَدِّمُ یَا اَللّٰہُ"
روحانیات بڑھانے کیلئے	"یا قَیُّوْمُ یَا اَللّٰہُ"
حصول رزق کے لئے	"یا بَاسِطُ یَا اَللّٰہُ"
حفاظت ارضی وسماوی آفت وبلا کیلئے	"یا حَفِیْظُ یَا اَللّٰہُ"

کا ورد مفید ہوگا۔

برج میزان

سے تعلق رکھنے والے افراد کے وظائف

محبت کے لئے	"یا عَزِیْزُ یَا اَللّٰہُ"
شادی کے لئے	"یا لَطِیْفُ یَا اَللّٰہُ"
علم حاصل کرنے کیلئے	"یا عَلِیْمُ یَا اَللّٰہُ"
دولت مند ہونے کیلئے	"یا غَنِیُّ یَا اَللّٰہُ"
ہر مقصد کے لئے	"یا مُعْطِیُ یَا اَللّٰہُ"

کا ورد مفید ہوگا۔

برج عقرب

سے تعلق رکھنے والے افراد کے وظائف

دُعا کی قبولیت کے لئے	"یا سَمِیْعُ"
روحانیات بڑھانے کیلئے	"یا مُھَیْمِنُ"
سلامتی کیلئے اسم الٰہی	"یا سَلَامُ"
حصول عزت وتوقیر کیلئے	"یا مُعِزُّ"
کسی کو بلانے کیلئے	"یا مُعِیْدُ"

کا ورد مفید ہوگا۔

برج حوت

سے تعلق رکھنے والے افراد کے وظائف

قرب الٰہی کیلئے	"یا رَحِیْمُ یَا اَللّٰہُ"
اسباب پیدا کرنے کے لئے	"یا بَاعِثُ یَا اَللّٰہُ"
ہدایت حاصل کرنے کیلئے	"یا ھَادِیُ یَا اَللّٰہُ"
محبت کے لئے	"یا وَدُوْدُ یَا اَللّٰہُ"
بند کام کھولنے کے لئے	"یا فَتّاحُ یَا اَللّٰہُ"

کا ورد مفید ہوگا۔

شبیہ ذوالجناح 18 جمعہ 31 مئی بمقام عزاخانہ پانڈو مرس اسلام پورہ لاہور۔ بانی ادارہ گل نقی 0321-4865392
شبیہ تابوت شہزادہ علی اکبر بعد از نماز فجر بروز عاشور مرکزی امام بارگاہ قصر زینب سانگلہ ہل ضلع ننکانہ صاحب۔ پنجاب

ہر بیماری کا علاج فون پر دم کرائیں۔ حکیم درویش خضر عباس پیاسی 0302 7909693

قرآنی دُعائیں اور آپ کے مسائل

از: سید جعفر الاجہتادی
M.B.A (USA) B.A. RRB.(PAK)
TEL:(732)388-7582
امریکہ

وظائف ☆ دولت اور ترقی: نایاب وظیفہ حاضر ہے بعد نماز عشاء یا فجر ۱۲۱ بار الحمد شریف بمعہ 3 بار درود پڑھیں۔ جب انعمت علیھم پر آئیں تو 3 بار دوہرائیں بمثل حضرت داوٗدؑ، سلیمانؑ اور یوسف علیہ السلام اور سورۃ مکمل کریں۔

☆ اولاد کیلئے یہی طریقہ کریں اور جب انعمت علیھم پر آئیں تو 3 بار دوہرائیں مثل ابراہیمؑ و یعقوب علیہ السلام (دُعا کریں)۔

☆ بیٹے کیلئے یہی طریقہ جب انعمت علیھم پر آئیں تو 3 بار دوہرائیں مثل حضرت ذکریا علیہ السلام (دُعا کریں) تینوں عمل ۲۱ دن کیلئے ہیں رزق حرام سے پرہیز، ناغہ نہ کریں ۲۱ دن کے بعد ہر روز ۲۱ بار پڑھیں کافی مدت تک ہر قسم کی مراد: پانے کیلئے دین اور دُنیا کی بھلائی کیلئے ہر روز 100 بار پڑھنے سے بے انتہا خیر و برکت ملیگی۔ فجر یا عشاء کے بعد ۲۱ دن تک سورۃ قصص آیت نمبر ۷۰

وَهُوَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ لَهُ الْحَمْدُ فِى الْاُوْلٰى وَ الْاٰخِرَةِ وَلَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۲۱ دن کے بعد ہر روز ے بار زندگی بھر پڑھیں۔

☆ عزت و آبرو کیلئے اور مشکل تنگدستی وقت کیلئے بھی سورۃ روم آیت نمبر 27 کا حصہ ہر روز 110 بار 11 دن تک اس کے بعد عمر بھر 11 بار کسی نماز کے بعد وَلَهُ الْمَثَلُ الْاَعْلٰى فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ O

☆ بُرے لوگ اگر گھر میں نظر آتے ہیں (گندے دوست یا رشتہ دار وغیر) ظہر کی نماز کے بعد ۱۰۰ بار، ۱۱ دن تک پڑھیں۔ سورۃ دخان (25 پارہ) آیت نمبر 40,41,42 بُرے لوگوں کا نام لیں کہ وہ آنا بند کر دیں۔

☆ حفاظت کیلئے کسی نیک پرہیز گار سے لکھوالیں پرنٹ کروا کر بانٹ دیں گھروں میں بزنس کی جگہ، کار میں آگے لٹکا دیں شیطان بدروح سے محفوظ رہیں گے یاد کر لیں ہر روز ۳ بار پڑھ لیا کریں۔ سورۃ البقرہ آیت نمبر 114

اُولٰٓئِكَ مَا كَانَ لَهُمْ اَنْ يَّدْخُلُوْهَآ اِلَّا خَآئِفِيْنَ ؕ لَهُمْ فِى الدُّنْيَا خِزْىٌ وَّلَهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ O

شوگر کے مریض سینکڑوں لوگ فیضیاب ہوئے خود استعمال کرتا ہوں۔ شوگر بہترین کنٹرول ہوگی دل کے امراض کیلئے بھی بہترین ہے۔ ایک چٹکی کلونجی، 3 چٹکیاں میتھی کے دانے (متھیرے) دو چٹکیاں اجوائین، نہار منہ ہر روز بلا ناغہ لیں ایک بار بسم اللہ الرحمن الرحیم اللہ شافی اللہ کافی پڑھ کر ٹھنڈے پانی سے نہ لیں۔ پرہیز لازمی ہے مدت تک استعمال کریں حیران کن نتیجہ ملیگا (انشاءاللہ)

بلڈ پریشر سورۃ نمل کی آیت نمبر 26 کو 7 بار اور ایک بار سورۃ الفاتحہ پڑھ کر ہرا دھنیا ڈھیر سارا لے کر دھولیں۔ ہفتہ بھر ہر روز پئیں اس کے بعد ہفتہ میں 2 دن، پھر ایک دن بلڈ پریشر چیک کرلیں۔ ڈپریشن بھی ٹھیک ہوجائیگا۔ آیت سجدہ والی ہے ایک بار سجدہ کرلیں۔

نافرمان اولاد اِھدنا الصرَاط المستقیم بحق یا ھادیٔ ۳۱۳ بار پڑھا کریں تصور میں یا تصویر پر پڑھ دیا کریں یا نام لیں ۴۱ دن کا وظیفہ ہے غصہ کیلئے ۳۱۳ بار اللہ ھو الصمد ہے سورۃ صف پارہ نمبر ۲۸ پڑھ کر پانی پر دم کرکے پلائیں بچوں کا موڈ دیکھ کر بات کریں۔

☆ نظر بد سورۃ نجم (پارہ نمبر 27) لوبان پر آیات 22/23 (41 بار) اس کی دھونی مریض کو دی جائے اور پورے گھر میں دھونی دینے سے انشاء اللہ نظر بد کا خاتمہ ہوگا۔ یہ عمل اگربتی پر بھی کیا جاسکتا ہے کھڑکیاں وغیرہ کھول دیں۔ ایک بار سورۃ نجم (ہفتہ میں کسی دن) پڑھنے سے ہر قسم کے سحر اور جادو سے نجات مل جاتی ہے 3 بار پڑھیں اچھا اثر ہوگا۔

☆ بزنس کیلئے ترقی اور کامرانی کیلئے سورۃ نجم پوری عرق گلاب زم زم زعفران سے لکھوا کر فریم کروا کر لگا دیں حیران کن ترقی ہوگی۔ یہ خزانہ عرش الٰہی ہے اس سے زیادہ کیا کہوں۔ ملک عزیز کیلئے یہی دُعا کریں کہ شیطانوں سے نجات ملے میری صحت ترقی اور آخرت کیلئے دُعاء ضرور کریں۔ دُعائیں مختصر والی لکھی ہیں تاکہ ہر شخص کر سکے علم و ہنر حاصل کریں۔ وقت ضائع نہ کریں۔ اور ساری اُمیدیں اللہ تعالیٰ سے وابسطہ کری۔ محنت کریں اور نتیجہ ربّ پر چھوڑ دیں۔ (طالب دُعا ناچیز جعفر الاجہتادی)

امریکہ اور کینیڈا کیلئے
سٹون اور انگوٹھی ہر قسم، علم جفر کے ذریعہ ہر قسم کی الواح دیتا ہیں ہر مسئلہ کا حل قرآن کی آیات سے کیا جاتا ہے۔ جادو، سحر، رکاوٹوں کیلئے قرآنی عملیات
سید جعفر الاجہتادی
(732) 388-7582 P.O.BOX 505 Iselin
N.J 088830-U.S.A

11 محرم، 27،28 صفر، 24،25 رجب، 19 رمضان 16 ذی الحجہ مجالس عزا بمقام امام بارگاہ دربار شاہ بہار اشہدی جوہڑ راولپنڈی۔ سید فرزند علی 0333-5141505 28 رجب سالانہ مجلس عزا 53 محمل، 14 ذوالجناح، بانی پیر سید طالب قلندری سیدانوالہ جہلم

عمل برائے شش قفل

تحریر: حکیم سید مجتبیٰ حسین
مکان نمبر 1443 گلی نمبر 6 محلہ کامل پور سیداں
اٹک کینٹ 0321-5708995

قارئین امامیہ جنتری السلام علیکم!

خداوند کریم آپ سب کو اپنے حفظ وامان میں رکھے۔ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے میرا مضمون ہفت ہیکل پسند کیا۔ اپنے تمام بہن بھائیوں کی خواہشات کو مدنظر رکھ کر تقویم 2012 کیلئے شش قفل کا عمل تحریر کرنے کی جسارت کر رہا ہوں۔ عام زبان میں تالے کو قفل کہا جاتا ہے۔ کیونکہ آیات شش قفل پڑھنے سے آفات اور بلیات جو انسان کو تنگ کرتی ہیں اُن کو قفل لگ جاتا ہے گویا کہ یہ قفل ایک طرح کا حصار ہے جس کی بنا پر پڑھنے والا بیرونی مخلوق کی مزاحمت سے ہر لحاظ سے اللہ کی پناہ میں رہتا ہے۔ شیاطین اور جنات کے حملوں سے بھی اللہ تعالیٰ کی پناہ میں رہتا ہے۔ ہر قسم کے سفلی عمل سے محفوظ رہتا ہے۔

قفل اوّل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

بِسْمِ اللّٰهِ السَّمِيْعِ الْبَصِيْرِ ۞ الَّذِيْ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۞ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۞ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ ۞

قفل دوم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

بِسْمِ اللّٰهِ الْخَالِقِ الْعَلِيْمِ ۞ الَّذِيْ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ وَهُوَ الْفَتَّاحُ الْعَلِيْمُ ۞ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۞

قفل سوم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

بِسْمِ اللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ ۞ الَّذِيْ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ وَهُوَ الْغَنِيُّ الْقَدِيْرُ ۞ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۞

قفل چہارم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

بِسْمِ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْكَرِيْمِ ۞ الَّذِيْ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْكَرِيْمُ ۞ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۞

قفل پنجم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

بِسْمِ اللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ ۞ الَّذِيْ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْخَبِيْرُ ۞ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۞

قفل ششم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

بِسْمِ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ۞ الَّذِيْ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ وَّهُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفُوْرُ ۞ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۞

فوائد شش قفل

(۱) روزانہ 14 مرتبہ بعد نمازِ فجر پڑھنے سے خاص رحمتِ خداوندی حاصل ہوتی ہے۔ کاروبار میں برکت، رشتوں میں بندش ختم ہوتی ہے۔

(۲) اگر کسی کی کوئی چیز گم ہوگئی ہو تو ان قفل کو سوتے وقت 41 مرتبہ روزانہ پڑھے تو انشاء اللہ گم شدہ چیز کے بارے میں اشارہ ملے گا۔

نوٹ: اپنے تمام بہن بھائیوں اور بزرگوں سے گذارش ہے کہ فون پر موسم کے مطابق شام 4 بجے سے رات 10 بجے تک رابطہ کیا کریں۔ اتوار کے دن صبح 9 بجے رابطہ کیا کریں۔

تحفہ عظیم حرز دافع بلیات

نہایت اہتمام کے ساتھ موم جامہ کیا گیا ہے۔ اس تعویز مبارک میں جوشن کبیر کے علاوہ سورۂ یٰسین، آیت الکرسی، چہار قل، سورۂ مزمل، پانچ نقش، مہر نبوت اور نادِ علیؑ شامل ہیں۔

ہدیہ -/15 بازوبند
-/20 علاوہ ڈاک خرچ

C.D جادو شکن وکیسٹ
تلاوت، قاری منیر حسین محمدی
ہدیہ -/75 علاوہ ڈاک خرچ

ملنے کا پتہ
افتخار بک ڈپو رجسٹرڈ اسلام پورہ لاہور

جفر کی روشنی میں اسم اعظم

تحریر جابر علی محلہ قصر زہرا گلی ذاکر محمد حسین والی
جھنگ صدر کوڈ 35200
Mob: 0302-5243272
0312-5310914

معاونین اور قارئین امامیہ جنتری السلام علیکم! گذشتہ سے پیوستہ ''اسم اعظم'' کا تسلسل قائم رکھتے ہوئے مزید تحقیق پیش خدمت ہے۔ جس روایت کا ناچیز نے گذشتہ سال معصومینؑ کی روشنی میں ذکر کیا اس میں 73 حروف کا ذکر تھا اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ان 73 حروف کا صحیح استخراج کیسے ممکن ہے؟ جس طرح معصومین علیہم السلام نے ہر موضوع پر رہنمائی فرمائی ہے کیا کہیں ان متبرک حروف پر بھی صیغۂ معرفت میں رہنمائی فرمائی ہے۔ کہ نہیں؟ کیسے آگاہ فرمایا؟

جناب مولا کائنات امیر المومنین حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام سے ''اسم اعظم کے متعلق دریافت کیا گیا تو آپؑ نے فرمایا کہ اسم اعظم سورہ حدید کی پہلی آیات اور سورۂ حشر کی آخری آیات میں موجود ہے۔

میں نے سورۃ حدید اور سورۂ حشر میں اسما الحسنٰی پڑھے تو تھے مگر کبھی تعداد حروف پر غور نہیں کیا تھا اتفاقاً جب روایت ذہن میں آئی تو تعداد حروف کو شمار کیا جو کہ 73 بنی اُس وقت میری خوشی کا عالم کیا تھا، بیان نہیں کر سکتا، بہر حال اصل موضوع پر روشنی ڈالتا ہوں۔ اب ان حروف سے کیسے پتہ چلے کہ ان میں جو اسم معرفت ہے وہ کس معصومؑ کا اسم مبارک ہے۔ لہٰذا وضاحت کرتا ہوں انہی اسما الحسنٰی کی ترتیب ہو اور قاعدہ ترتیب صعودی دہرایا جائے تو الحسنٰی ہے جو اسم اعظم میں ہے اور اسی بسم اللہ کے فضائل میں اسم اعظم بھی ہے جس پر حقیقی طور پر میں کہوں گا کہ اگر تعریف شروع کی جائے اسم اعظم کی تو قبل اس کے کہ تعریف / فضائل ختم ہوں لکھنے والے ہی ختم ہو جائیں بیشک لامتناہی عرصہ تک ہی کیوں نہ لکھتے رہیں

اب یہاں ایک اور سوال پیدا ہوتا ہے کہ پنجتن پاکؑ کو تو 72 حروف عطا کر دیئے گئے اب وہ کون سا حرف ہے ان میں سے جو جدا کیا جائے تو اسم الٰہی میں فرق بھی نہیں آتا۔ ذرا غور فرمایئے۔ سَلٰمٌ کو سَلَامٌ بھی لکھ سکتے ہیں لہٰذا وضاحت ہوگئی کہ حرف ''ا'' خالق نے اپنے پاس رکھا ہے۔ اور آیات مبارکہ میں بھی سَلٰمٌ آیا ہے جبکہ علم الجفر میں سَلَامٌ اعداد 131 لیتے ہیں یہاں یہ وضاحت ہوگئی کہ یَا سَلَامُ خاص اسم الٰہی ہے اس کا مزید ثبوت یہ ہے کہ قرآن پاک میں 7 سلام آئے ہیں جو کہ بہت ہی بابرکت و متبرک میں علاوہ ازیں ملاقات کا پہلا کلمہ ''السلام علیکم'' قابل غور ہے۔ میری ریسرچ کے مطابق ان اسما الحسنٰی کا ورد کرنے سے تمام حاجات شرعیہ بر آتی ہیں۔ طریقہ ورد یوں ہے کہ ''هُوَ اَوَّلُ اٰخِرُ ظَاهِرُ عَلِيمُ وقف
رَحْمٰنُ رَحِيمُ مَلِكُ قُدُّوسُ سَلَامُ مُؤْمِنُ مُهَيْمِنُ عَزِيزُ
جَبَّارُ مُتَكَبِّرُ بَارِئُ مُصَوِّرُ حَكِيمُ

اسماء الحسنیٰ مع تعداد حروف

هُو	اَوَّلُ	اٰخِرُ	ظَاهِرُ	بَاطِنُ	عَلِيمُ	رَحْمٰنُ	رَحِيمُ	مَلِكُ	قُدُّوسُ
2	3	3	4	4	4	4	4	3	4
سَلَامُ	مُؤْمِنُ	مُهَيْمِنُ	عَزِيزُ	جَبَّارُ	مُتَكَبِّرُ	بَارِئُ	مُصَوِّرُ	حَكِيمُ	کل تعداد حروف
4	4	5	4	4	4	4	4	4	73

اختتامیہ طرف سے لائن نمبر 5-6 پر غور کریں واضح طور پر اسم معصومؑ کا استخراج ہوگا۔ آپ انگشت بدنداں رہ جائیں گے کہ رب کائنات نے کیسا راز رکھا ہے اس ترتیب میں یہاں نقطہ کی بات ہے جیسے ابتداء کلام مجید فرقان حمید بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ ہے اور اس میں مستعمل حروف 19 بنتے ہیں اسی طرح اسم اعظم میں موجود اسما الحسنٰی کی تعداد بھی 19 ہے (یہی خاص راز ہے بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ کا کہ اس میں تعداد اسماء

جب ورد کرتے ہوئے سَلَامُ پر پہنچیں تو اسم الٰہی کو 72 دفعہ تکرار کریں اور مقصد دہراتے رہیں اس کے بعد آخر تک یعنی حَكِيمُ تک پڑھیں 41 یوم مسلسل ورد کریں اور روزانہ 73 دفعہ ورد کریں یقین کیجئے اس دوران ہونے والے مشاہدات قابلِ رشک ہوں گے اس کا مسلسل ورد مستجاب الدعوہ بنا دے گا مگر از حد توجہ ضروری ہے۔

مختصراً فضائل اس کے یہ ہیں کہ کوئی جن پری دیو وغیرہ کے قبضہ کرنے کی ضرورت نہیں یہ اسم اعظم ہے کسی خلق کردہ شئے کا محتاج نہیں بلکہ تمام اشیاء

اس کے امر کی محتاج ہیں یہ خود کن فیکون ہے۔ وقت سے پہلے حالات سے آگاہی اوران کا حل۔ ازل سے لیکر ابد تک ہونے والے واقعات صاحبان عشق نظارہ کرسکیں گے قرآن پاک صرف مسلمانوں کیلئے ہی راہ نجات نہیں بلکہ غیر مسلم کے لیے بھی ہے لہٰذا بلاتفریق مذہب وملت تمام صاحبان فکر استفادہ حاصل کریں۔

آخر میں ایک اور بات کہ ان اسما الحسنیٰ کا جمل ابجد قمری **4183** ہے جس کا عدد **7** بنتا ہے میرے نزدیک عدد **7** روحانیت کا مظہر ہے۔ عدد **7** کو پسند کرنے والے یا عدد **7** رکھنے والے افراد روحانیت سے فائدہ کسی نہ کسی صورت میں ضرور حاصل کرتے ہیں۔ پنجتن پاکؑ کا عدد بھی **7** ہے یعنی

محمدؐ 92	علیؑ ۱۱۰	فاطمہؑ 135	حسنؑ 118	حسینؑ 128	کل تعداد 583=16=7

قارئین میں نے خرقۂ حیات کی وضاحت کردی ہے کسی مسلئے کا حل بذریعہ علم جفر اعداد رمل یا نجوم سے کرتا ہوں اگر کوئی بھی مسئلہ ہو تو اس ناچیز کو ضرور یاد کیجئے انشاء اللہ آئندہ مزید ریسرچ سے مستفید کروں گا دعاؤں میں یاد رکھیے گا۔ (والسلام جابر علی جھنگ)

ڈینگی فیور کا علاج

تعویذ امام حسن عسکری علیہ السّلام میں موجود ہے

(مومنین کے اصرار پر دوبارہ شائع کیا جا رہا ہے)

خدائے رحمان و رحیم کے گیارہویں معصومؑ امام حسن عسکری علیہ السّلام نے کئی سو سال پہلے اس بخار کے علاج کا نسخہ دُنیا کو عطا فرما دیا اس بخار کا علاج امام معصوم کے ایک تعویذ کے ذریعے سے ممکن ہے کئی مریض خدا کے فضل وکرم سے ناطق قرآن کے اس عطا کردہ تعویذ کے فیض سے شفایاب ہوچکے ہیں۔ تعویذ اس طرح سے بنائیں کہ پہلے پاک وطاہر لباس ہو پھر باوضو ہو کر قبلہ رُخ ہوں اور بسم اللہ پڑھ کر محمدؐ وآل محمدؐ پر درود وسلام بھیجیں اور پھر تعویذ تحریر کریں **یَا نَارُ كُونِي بَرْدًا وَسَلَامًا عَلَىٰ إِبْرَاهِيمَ** الانبیاء (آیت نمبر ۶۹) تعویذ لکھنے کے بعد کالی ڈوری کے ذریعے یا کسی پاک کپڑے میں کر کے تعویذ مریض کے سر پر باندھ دیں اور مریض پر ستر مرتبہ سورۃ الحمد صبح دوپہر رات تین وقت پڑھ کر دم کریں۔ صبح کے وقت صبح صادق میں جب روشنی نمودار ہو رہی ہو اور رات کا اندھیرا جا رہا ہو۔ دوپہر میں ٹھیک زوال آفتاب کے وقت اور رات میں یعنی ٹھیک مغربین کے وقت جب روشنی جا رہی ہو اور اندھیرا چھا رہا ہو۔ سورۃ الحمد پڑھنے کے بعد مریض کی شفایابی کیلئے دُعا کریں اور مریض کو روزانہ قرآن کریم کی تلاوت سنائیں انشاء اللہ مریض بہت جلد شفا پائے گا اور بخار تو فوراً پیچھا چھوڑ دے گا۔ یہ تعویذ فی سبیل اللہ ہے جو مومن تعویذ بنانے میں وقت محسوس کریں وہ خاکسار سے فی سبیل اللہ تعویذ بنوا سکتے ہیں۔ السیّد ثمر عباس جعفری 0345 2370324

ڈینگی کے بخار کے مریض کیلئے پپیتہ کا رس اور پپیتہ کھانا مفید ہے سیب میں لیموں ڈال کر کھانا مفید ہے۔

ڈینگی بخار کا علاج

ڈاکٹر زا اختیار بیگ

آج کل ملک میں ڈینگی وائرس پھیلا ہوا ہے جس کے باعث متعدد افراد زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا ہیں۔ میرے ایک عزیز جو ڈینگی کے مرض میں مبتلا تھے اُنہوں نے بتایا کہ درود پڑھنے سے صرف تین دن میں ان کے خون کے سفید پلیٹلیٹس میں حیرت انگیز طور پر ایک لاکھ ۷۵ ہزار کا اضافہ ہوا اور کچھ ہی دنوں میں وہ مکمل صحتیاب ہوگئے۔ اُنہوں نے مجھ سے درخواست کی کہ اس درود شریف کو میں اپنے کالم کے ذریعے قارئین تک پہنچادوں۔ قارئین سے درخواست ہے کہ اس درود شریف کو ۳ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے متاثرہ مریض کو پلائیں ان شاء اللہ شفا ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُ شَافِي، اللّٰه كَافِي .... اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِي الْاَرْوَاحِ ۔ وَصَلِّ عَلٰى جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِي الْاَجْسَادِ وَصَلِّ عَلٰى قَلْبِ مُحَمَّدٍ فِي الْقُلُوْبِ وَصَلِّ عَلٰى قَبْرِ مُحَمَّدٍ فِي الْقُبُوْرِ (بحوالہ جنگ اخبار)

دُعا ردّ بلا

بلاؤں کے دور ہونے کیلئے درج ذیل دُعا بعد نماز ستر مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

يَا اَللّٰهُ يَا مُحَمَّدُ يَا عَلِيُّ يَا فَاطِمَةُ يَا حَسَنُ يَا حُسَيْنُ يَا صَاحِبَ الزَّمَانِ اَدْرِكْنِي وَلَا تُهْلِكْنِي

ترجمہ

اے اللہ، اے محمدؐ، اے علیؑ اے فاطمہؑ، اے حسنؑ، اے حسینؑ اے زمانے کے سردار میری مدد فرمایئے ورنہ ہلاک ہو جاؤں گا۔

تاریخی مجلس عزا ہر سال اپریل کا دوسرا اتوار بمقام کربلا گامے شاہ لاہور ۔ زیر انتظام ملک محمد محسن اعوان اینڈ برادرز گلاں والی ماڈل ٹاؤن لاہور 35830573 ہر بدھ کو 10 بجے دن زنانہ محفل باب الحوائج بمقام امام بارگاہ باب الحوائج امامیہ کالونی شاہدرہ لاہور ۔ سید ارشاد حسین کاظمی

Scanned with CamScanner

مجرب دُعائیں

تحریر: محمد الیاس وجیاں معصوم آباد تحصیل وضلع ہری پور

Mob: 0300-8367092 0345-6400017

روز بروز بڑھتی ہوئی مہنگائی کی وجہ سے لوگوں میں بے چینی بڑھتی جا رہی ہیں۔ جس کی وجہ سے بہت لوگ پریشان ہیں اس پریشانی سے نجات حاصل کرنے کیلئے اسم الٰہی یا وہابُ کا عمل پیش خدمت ہے اُمید ہے کہ آپ اس سے استفادہ کر کے اللہ کی رحمت سے مایوس نہیں ہونگے۔ عمل کی ترکیب اس طرح سے ہے۔ اس اسم مبارک کو روزانہ 1014 مرتبہ اول و آخر 11-11 مرتبہ درود شریف نماز فجر کے بعد بلا ناغہ پڑھیں۔ انشاء اللہ کچھ عرصے بعد اسرار ظاہر ہونا شروع ہو جائیں گے۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ یَا وَھَّابُ اِنَّکَ اَنۡتَ الۡوَھَّابُ بِحَقِّ یَا وَھَّابُ یَا وَھَّابُ یَا وَھَّابُ

ہر مشکل اور پریشانی اہم مقصد کے حصول کیلئے حدیث کساء

بے پناہ نضائل کی حامل ہے۔ کمرے کو پاک صاف کر کے خوشبو سے معطر کریں۔ اگر بتیاں سلگائیں۔ عمل شروع کرنے سے پہلے دو رکعت نماز حاجت پڑھیں اور اس کا ثواب ارواح پنجتن پاک کو ہدیہ کریں۔ روزانہ عصر کے وقت ایک مرتبہ حدیث کساء پڑھیں۔ کم از کم پانچ افراد باوضو بیٹھ کر سنیں۔ گیارہ روز تک یہ عمل جاری رکھیں۔ آخری روز پنجتن پاک کے نام کی نیاز کا اہتمام کریں اور ان لوگوں کو کھلائیں اور اپنے مقصد کے حصول کیلئے دُعا کریں۔ انشاء اللہ پنجتن پاک کے صدقے آپ کو جملہ مقاصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

حصول علم کیلئے دُعا

ایک روایت میں آنحضرتؐ سے منقول ہے۔ کہ جو شخص دو مہینے متصل ہر روز چار سو مرتبہ یہ دُعا پڑھے تو خداوند عالم اسے بہت علم یا بہت مال عنایت فرمائے گا۔ اور وہ دُعا یہ ہے۔ اَسۡتَغۡفِرُ اللّٰہَ الَّذِیۡ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ الرَّحۡمٰنُ الرَّحِیۡمُ بَدِیۡعُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ مِنۡ جَمِیۡعِ ظُلۡمِیۡ وَجُرۡمِیۡ وَاِسۡرَافِیۡ عَلٰی نَفۡسِیۡ وَاَتُوۡبُ اِلَیۡہِ

دینوی و اخروی امور کی کفالت

یہ دُعا ہر روز سات مرتبہ جو شخص پڑھے گا اس کے دُنیاوی و آخروی امور میں کفالت ہو جائے گی۔ حَسۡبِیَ اللّٰہُ رَبِّیَ اللّٰہُ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیۡہِ تَوَکَّلۡتُ وَھُوَ رَبُّ الۡعَرۡشِ الۡعَظِیۡمِ۔

تسبیح اسمائے حسنیٰ: شرِ جنات کے خوف و اذیت سے محفوظ رہنے کے لئے وقتاً فوقتاً 70 مرتبہ ان اسماء کا ورد کرنا ڈھال کا درجہ رکھتا ہے۔

یَا حَافِظُ یَا حَفِیۡظُ یَا رَقِیۡبُ یَا مُھَیۡمِنُ یَا نَاصِرُ یَا قَوِیُّ

بیس (۲۰) کا نقش ہر کام میں مفید

یہ نقش یا بدوح کا ہے اس کے نیچے مقصد لکھ کر ہوا میں لٹکائیں یا وزن کے نیچے رکھیں نا جائز ہر گز نہ کریں ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔

یا بدوح
۷۸۶

۲	۷	۱۱
۱۰	۴	۶
۸	۹	۳

عرق النساء کیلئے

رانگن کے ورد وغیرہ میں ساعت عطارد میں لکھ کر ران میں باندھیں اور یہی نقش لکھ کر پلائیں۔ یہ عمل صحت یابی تک جاری رکھیں۔

اجب یا همزائیل بحق شین

خ	ث	ت	ش
ش	ت	ث	خ
ث	خ	ش	ت
ت	ش	خ	ث

نسخہ عرق النساء

اسگندر۔ ستاور۔ سنبل کی موصلی۔ سونٹھ۔ بدھارا سب ایک ایک تولہ باریک کوٹ چھان کر ململ میدہ کپڑے میں سفوف تیار کر لیں۔ ہم وزن کچی شکر ملا کر پاؤ دودھ گائے کے ساتھ نہار منہ ایک تولہ تقریباً کھا لیا کریں۔ اور سوتے وقت معجون سورنجان ایک تولہ گرم پانی سے کھائیں انشاء اللہ ایک ہفتہ میں مرض سے نجات ہوگی۔ غذا میں شوربا، چپاتی یا صرف گیہوں کا دلیہ دودھ میں پکا کر استعمال کریں۔ دوران استعمال دوا جماع سے بچیں عرق النساء کا تیار نسخہ دستیاب ہے۔

کوثر منجن اور کوثر ہیر ٹانک کوثر اینڈ کو

طبیہ لیبارٹری مکان نمبر 11 گلی نمبر 11 رام نگر اسلام پورہ لاہور

فون نمبر 042-37115275

ریکی، روحانیت، واسمائے حسنیٰ
ایک آسان نورانی علم

ڈاکٹر سید نیاز محمد ہمدانی۔ فاضل قم ایم اے (اسلامیات۔ عربی۔ فارسی) پی ایچ ڈی (روحانیات و روحانی معالجہ)
Ph: 0092 42 37483664, Mob: 0333 4394138
e mail : syedniazm@yahoo.com
URL: www.drhamadani.org

اس سے پہلے کہ ریکی کے بارے میں اپنے معروضات آپ کی خدمت میں بیان کروں دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ امامیہ جنتری کے بانی جناب آغا نثار احمد مرحوم کے درجات کو بلند فرمائے اور انہیں جوار آئمہ معصومین علیہم السلام میں بلند مقام عطا فرمائے۔ کہنے کو امامیہ جنتری ایک جنتری ہے لیکن در حقیقت یہ ایک تعلیمی ادارہ ہے جو مومنین و مومنات کی ایمانی زندگی کو بہتر بنانے میں ایک اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ ناشرین امامیہ جنتری کو اپنے حفظ و امان میں رکھے اور ان کی توفیقات خیر میں اضافہ فرمائے۔

انسان اپنی زندگی میں بہت سے کام انجام دیتا ہے۔ ان میں سے بعض کام چھوٹے اور معمولی ہوتے ہیں اور بعض بڑے اور غیر معمولی۔ انسان کو کوئی بھی کام انجام دینے کے لئے علم اور طاقت کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ انسان جو ہر کام انجام دینے کے لئے علم اور طاقت کا محتاج ہے اپنی خلقت میں جاہل اور کمزور پیدا کیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

خُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِیْفاً "انسان کمزور پیدا کیا گیا ہے"۔ (نساء: 28)

وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِنْ بُطُوْنِ اُمَّهَاتِكُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ شَيْئاً "اللہ نے تمہیں تمہاری ماؤں کے پیٹ سے اس حال میں باہر نکالا کہ تم کسی چیز کا علم نہیں رکھتے تھے"۔ (نحل: 16)

اللہ نے انسان کو جاہل پیدا کیا لیکن اسے ہر قسم کا علم حاصل کرنے کی ایسی صلاحیت عطا فرمائی جو کسی اور مخلوق حتیٰ کہ فرشتوں کو بھی عطا نہیں کی۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ نے انسان کو کمزور پیدا کیا مگر اسے مختلف قسم کی طاقتیں حاصل کرنے کی حیرت انگیز صلاحیت عطا فرمائی۔

انسان اپنی زندگی کو بہتر بنانے کے لئے مختلف قسم کے علوم اور طاقتیں حاصل کرتا ہے۔ ان علوم اور طاقتوں کو دو بڑی اقسام میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ ظاہری علم اور طاقت اور باطنی علم اور طاقت۔ باطنی علم اور طاقت کو پھر دو قسموں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے: نوری علم اور روحانی طاقت اور کالا علم اور شیطانی طاقت۔ نوری علم اور روحانی طاقت کا تعلق اللہ تعالیٰ سے ہوتا ہے جبکہ کالے علم اور شیطانی طاقت کا تعلق شیاطین سے ہوتا ہے۔ اہل ایمان جن کے دل و دماغ ایمان اور معرفت کے نور سے منور ہوتے ہیں وہ شیطانی علوم اور شیطانی طاقتوں سے دور رہتے ہیں اور نورانی طاقت اور روحانی علوم کی طرف متوجہ رہتے ہیں۔

عام طور پر نوری علوم اور روحانی طاقت حاصل کرنا بہت دشوار اور مشکل ہوتا ہے لیکن ریکی ایک ایسا نوری علم اور روحانی طاقت ہے جسے ہر شخص بہت آسانی سے حاصل کر سکتا ہے اور اس کی بدولت اپنی زندگی کو خوشگوار اور معمولات زندگی کو بہتر بنا سکتا ہے۔ ریکی کے آغاز، اس کی مختصر تاریخ اور اس کے استعمال کے بارے میں زیادہ تفصیلی معلومات حاصل کرنے کے لئے ہماری ویب سائٹ پر ہمارے مقالے کا مطالعہ کیا جا سکتا ہے۔

گزشتہ چند برسوں میں ریکی کے بارے میں امامیہ جنتری میں شائع ہونے والے مضامین کی روشنی میں قارئین کی طرف سے خوبصورت سوالات اٹھائے جاتے رہے ہیں۔ ان تمام سوالات کا جواب اس مختصر تحریر میں ممکن نہیں ہے۔ اختصار کے ساتھ چند نکات کے بارے میں وضاحت کی جا سکتی ہے۔

(1) ریکی کائناتی قوت حیات ہے جو ہر زندہ چیز میں پائی جاتی ہے۔ جب یہ قوت توازن اور اعتدال کی حالت میں ہوتی ہے تو زندہ چیزیں مکمل صحت کی حالت میں ہوتی ہیں۔ جب یہ قوت کم یا غیر متوازن ہو جائے تو بیماری پیدا ہو جاتی ہے۔ ریکی کے ذریعے علاج کرنے سے اس قوت کی کمی یا عدم توازن کی تلافی کی جاتی ہے۔ لہٰذا ریکی ہر قسم کی بیماری میں مفید واقع ہوتی ہے۔ حتیٰ کہ کینسر کے وہ مریض جنہیں لاعلاج قرار دے دیا گیا ہو، ریکی کی مدد سے ان کی تکلیف میں نمایاں کمی واقع ہوتی ہے اور ان کی زندگی کے باقی ماندہ ایام بہتر بنانے میں بہت مدد ملتی ہے۔ اس کے علاوہ کیموتھراپی کے ساتھ ریکی دی جائے تو کیموتھراپی کے ذیلی اثرات (Side Effect) کو نمایاں طور پر کم کیا جا سکتا ہے۔ کسی بھی قسم کی سرجری سے پہلے ایک ہفتہ یا دس دن تک ریکی کرنے سے نہ صرف سرجری کے دوران مریض کی حالت کو بحال رکھنے میں بہت مدد ملتی ہے بلکہ سرجری کے بعد پیدا ہونے والی بہت سی پیچیدگیوں سے بھی محفوظ رہا جا سکتا ہے۔ سرجری کے بعد چند دن تک ریکی دینے سے بھی مریض کو بہت فائدہ ہوتا ہے۔

(2) سٹریس: (Stress) سٹریس جسے اردو میں ذہنی دباؤ کہا جاتا ہے ہماری زندگی کے لئے جس قدر خطرناک ہے اتنا ہی زیادہ ہوتا جا رہا ہے۔ اس کے نقصانات کے بارے میں اتنا کہہ دینا ہی کافی ہے کہ ماہرین نفسیات اسے خاموش قاتل کا نام دیتے ہیں۔ سٹریس کا مقابلہ کرنے کے لئے ریکی ایک

امر بخیر دعا کا آغاز 26 رجب المرجب بمقام امام بارگاہ قصر کربلا (پھول ...) بانی مجلس سید باقر حسن کاظمی 0300-5290020
مجلس عزا و ماتم داری بسلسلہ چہلم 15 صفر المظفر 2 بجے دن امام بارگاہ آغا غالب علی نمبردار 38 چک ... تحصیل و ضلع فیصل آباد

آسان اور موثر ہتھیار ہے۔ اس بات کا ذکر بھی ضروری ہے کہ سٹریس، پریشانیاں، احساسِ ناکامی، خوف اور ایسے ہی دیگر منفی احساسات انسان کے خون کے اندر زہریلے مادے پیدا کر دیتے ہیں جو بہت سی خطرناک بیماریوں کا سبب بنتے ہیں۔ ریکی کے ذریعے خون کو بہت آسانی سے ان زہریلے مادوں سے پاک کیا جاسکتا ہے۔

(3) اگر کسی انسان کے ماں باپ، دادا دادی، نانا نانی میں کوئی بیماری مثلاً کینسر، فالج، ٹی بی، ہیپاٹائٹس، بلڈ پریشر، دل کی بیماریاں، شوگر وغیرہ موجود ہو تو اس بیماری کی جڑیں اس کے اندر بھی موجود ہوتی ہیں جو کسی بھی وقت بیماری بن کر ظاہر ہو جاتی ہیں۔ ریکی کے ذریعے ان موروثی بیماریوں کو بھی رونما ہونے سے روکا جاسکتا ہے۔

(4) جب کسی گھرانے میں کسی بچے کی ولادت متوقع ہوتی ہے تو اسی وقت سے والدین اپنے ہونے والے بچے کے بارے میں حسین خواب دیکھنے لگتے ہیں۔ تمام والدین کی خواہش ہوتی ہے کہ ان کا بچہ ایک کامیاب اور خوشحال انسان بنے۔ لیکن بدقسمتی سے بہت سے والدین کو یہ علم نہیں ہوتا کہ حمل کا دوران ہی وہ دوران ہوتا ہے جس میں وہ اپنے ہونے والے بچے کی زندگی کی بنیادیں رکھ رہے ہوتے ہیں۔ اگر ماں ریکی کی تربیت حاصل کرلے تو وہ زمانہ حمل کے سنہرے شب و روز سے فائدہ اٹھاتے ہوئے بچے کی ولادت سے پہلے ہی اس کی صحتمند، کامیاب اور خوشحال زندگی کی بنیادیں فراہم کرسکتی ہے۔ جبکہ عام طور پر بہت سی مائیں غفلت یا جہالت کی وجہ سے ایام حمل کو ایسے انداز سے گزار دیتی ہیں جس کے نتیجہ میں بچہ بہت سے مسائل کے ساتھ دنیا کے میدان میں قدم رکھتا ہے اور اس کی زندگی قدم قدم پر مشکلات سے دوچار ہوتی رہتی ہے۔

(5) زندگی میں انجام دیئے جانے والے تمام کاموں کی کوالٹی کو بہتر بنانے میں ریکی بہت اہم کردار ادا کرتی ہے۔ اگر آپ طالبعلم ہیں تو تعلیم کے میدان میں، تاجر اور بزنس مین ہیں تو تجارت اور بزنس میں، خانہ دار خاتون ہیں تو گھر کے ماحول کو خوشگوار بنانے میں، الغرض ہر شعبہ زندگی میں اپنے کام کی کوالٹی کو ریکی کے ذریعے بہتر بنا سکتے ہیں۔

مختصر یہ کہ ریکی زندگی کو آسان بنانے کا ایک آسان اور موثر ذریعہ ہے۔ خاص طور پر حضرت امام رضا علیہ السلام کے روضہ اقدس کی قوت شفا یعنی رضوی ریکی حضرت امام رضا علیہ السلام سے توسل کا ایک موثر اور سائنٹفک طریقہ ہے جس کی بدولت زندگی کی کوالٹی میں حیرت انگیز نمایاں بہتری آتی ہے۔

اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ کی حیرت انگیز روحانی تاثیر بھی ہماری زندگی سے ہر قسم کے منفی اثرات کو ختم کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ یہ بات تجربے اور مشاہدے میں آئی ہے کہ ریکی اور اسمائے حسنیٰ کو یکجا کر کے بہت تیزی سے مثبت نتائج حاصل کئے جاسکتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ بحق محمد وآل محمد تمام مومنین ومومنات کو دنیا اور آخرت کی خیر و برکت عطا فرمائے۔ اوقات رابطہ فون: 3 بجے تا رات 11 بجے

ہر قسم کی روحانی جسمانی امراض خوشحالی ترقی رزق واستحکام کیلئے

رزق کی ترقی وخوشحالی کیلئے راقم کے بزرگ بھائی کو خواب میں سیّد الشہدا سیّدنا امام حسین علیہ السلام نے ایک مجرب وظیفہ بتایا جو ہدیۃ پیش ہے کہ ہر فرض نماز کے سلام کے بعد سورۃ توبہ کی آخری دو آیات دس بار اوّل آخر سات سات بار درود پاک پڑھیں اگر اس میں دس بار سورۃ قدر کا اضافہ کرلیں تو ایک سال گزرنے پر قدرت کے کرشمات سے ایمان کی تازگی حاصل کریں۔ فجر اور مغرب کی نماز کے بعد یَاوَهَّابُ ستر بار پڑھیں اول آخر درود پاک پڑھیں۔ ایسے حضرات جو پنجگانہ نماز کی پابندی کریں اُن کی خوشحالی ترقی، آسیب جنات جادو، بندش وغیرہ کے علاوہ گھروں کارخانوں ہوٹلوں دفاتر کیلئے خصوصی لوحات شرف آفتاب شرف قمر شرف مشتری مریخ اور ۲۹ سال بعد شرف زحل کی آمد کی خصوصی لوح محدود تعداد میں میسر ہیں یہ لوحات عاملین اور بزرگان دین کے قول وفعل کے مطابق اعتکاف میں مشک وزعفران سے تیار ہوتی ہیں۔ ڈاکٹر یا حکیم کا کام اعلیٰ قسم کا نسخہ تجویز کر کے دینا ہوتا ہے شفاء قدرت کا ملہ دیتی ہے۔ زحل کی نحوست دُور کرنے کیلئے شرفِ زحل کا خصوصی نقش دستیاب ہے۔ صبح 8 بجے سے دو بجے دن یا رات قبل نو بجے

فون نمبر 05826-403072

معالج روحانی سید بغداد علی شاہ مشہدی علی الرضائی سجادہ نشین ٹھنڈی باں سیّداں فتحپور تھکیالہ ضلع کوٹلی آزاد کشمیر

27 ... 0300-0312-4248725

ستارہ زہرہ عدد چھ اور آپ

تحریر: سیّد ابن مظفر شیرازی Ph:042-35111015
673-3-D-II گرین ٹاؤن، لاہور

معزز قارئین امامیہ جنتری میں امسال پھر آپ سے مخاطب ہوں۔ یہ میرے مالک کا کرم ہے۔ کہ اس نے بتصدق مولائے کائنات جناب علی علیہ السلام مجھے آپ سے مخاطب ہونے کا شرف بخشا۔ مولا آپ سب کیلئے آسانیاں پیدا فرمائے۔

ستارہ زہرہ حسن و عشق اور محبت و نسوانیت سے منسوب ہے اس کا تعلق دو بروج سے ہے۔ اوّل برج ثور (TAURUS) دوئم برج میزان (Libra)

اس کا قطر سات ہزار آٹھ سو میل ہے۔ زہرہ زمین سے چھ کروڑ بہتر لاکھ میل کے فاصلے پر ہے۔ جبکہ سورج سے اس کا فاصلہ تین کروڑ چھپن لاکھ میل ہے۔ زہرہ (365) ایام میں بارہ بروج کا دورہ مکمل کر لیتا ہے۔ اس کا رنگ سفید سیاہی مائل ہوتا ہے۔ تذکیر و تانیث کے حوالے سے یہ مونث ہے۔

زہرہ کو شرف برج حوت میں جبکہ زوال برج سنبلہ میں ہوتا ہے۔ یہ سورج سے 45 ڈگری پیچھے رجعت پذیر ہوتا ہے۔ رجعت کا یہ زمانہ کم و بیش ایک سو سات ایام پر مشتمل ہوتا ہے۔ اس کی رجعت عشق محبت میں نقصان، خواتین سے لڑائی۔ دوکان وار اضی سے مایوسی اور ازدواجی زندگی میں تلخی پیدا کرتی ہے۔ جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے۔ کہ اس ستارہ کا تعلق دو بروج سے ہے۔ برج ثور اور برج میزان سے برج ثور خاکی ہے۔ جبکہ برج میزان بادی۔ چونکہ خاک و باد میں موافقت نہیں ہوتی۔ اس لئے اس ستارہ کی رجعت کے ایام خاصے نحس ہوتے ہیں عام حالات میں زہرہ کے دن یعنی بروز جمعہ حب و تسخیر کے اعمال سرانجام دیئے جاتے ہیں۔ مگر رجعت زہرہ کی صورت میں حب و تسخیر کے مخالف اعمال کارگر ہوتے ہیں۔ زہرہ کا منسوبہ دن جمعہ ہے۔ اور یہ دن حضرت ابراہیمؑ سے متعلق ہے۔ آپ کی پیدائش بھی اسی روز ہوئی۔

بُرج ثور ستارہ زہرہ کے حامل افراد کیلئے ضروری ہے کہ وہ اپنے جملہ اہم امور قبل از غروب آفتاب نپٹا لیا کریں۔ جبکہ برج میزان اور ستارہ زہرہ کے حامل افراد کیلئے ضروری ہے کہ وہ اپنے جملہ اہم اُمور بعد از غروب آفتاب مکمل کیا کریں۔ یہ احتیاط آپ کے جملہ کاموں کی یقینی کامیابی کی دلیل ثابت ہوگی۔ چونکہ ستارہ زہرہ سعد اصغر ہے۔ لہٰذا نیکی و اچھائی اور حب و تسخیر کے اعمال اسکے دن اور ساعت میں کرنا مبارک ہوتا ہے۔ جس کے ہمیشہ مثبت نتائج ملا کرتے ہیں یاد رکھیں۔ منگنی نکاح اور شادی کیلئے زہرہ سے متعلقہ دن اور ساعت کامیاب ازدواجی زندگی کی کلید ثابت ہوتے ہیں۔ خواتین سے متعلقہ اُمور کیلئے بھی یہی وقت مبارک ہوتا ہے۔ خواتین سے کوئی غرض ہو۔ کوئی کام ہو تو اس وقت کو ترجیح دیں۔ تا کہ یقینی کامیابی حاصل ہو سکے۔

ستارہ زہرہ کے حامل افراد وہ کاروبار کریں۔ جو خواتین سے متعلقہ ہوں۔ یا جن سے خواتین سے رابطہ رہے۔ مثلاً عورتوں کی اشیائے ضرورت تیار کرنا یا فروخت کرنا۔ سامان میک اَپ کی تیاری و فروختگی آرٹ۔ میوزک، امیرانہ سامان کی فروخت ریشمی کپڑے کا کاروبار، درزی خانہ، میوے اور لکڑی کی تجارت وغیرہ زہرہ والوں کیلئے بہترین کاروبار ہیں۔

زہرہ کا لکی نمبر چھ (۶) اور مبارک پتھر ہیرا۔ پنا، زمرد اور اوپل ہیں۔ جو چاندی میں بنوا کر پہنے جائیں گے۔

زہرہ کا مقام آسمان سوئم ہے۔ طالع ثور اور میزان والوں کو بہت فائدہ دیتا ہے۔ حوت والوں سے موافقت رکھتا ہے کیونکہ یہ برج حوت میں شرف یافتہ ہوتا ہے۔ سعادت کے حوالے سے اس کا دورہ مشتری سے کم ہے۔

زہرہ کے موکل عینیائیلؑ ہیں، جن سے متعلقہ ورد یہ ہے۔ یَا کَافِیُ یَا غَنِیُ۔ ستارہ زہرہ کے حامل افراد اگر روزانہ رب کریم کے یہ دونوں نام 1171 مرتبہ پڑھ کر گھر سے نکلیں۔ تو جدھر جائیں کامیابیاں قدم چومیں گی ورد موکل کے بعد تسبیح موکل بھی تسخیر خاص، تسخیرِ خواتینِ معظمی، جائیداد کے حصول اور خرید و فروخت و کاروباری ترقی کیلئے انتہائی کارگر عمل ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعَالَمِیۡنَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ آلِہٖ وَسَلَّمۡ

یَا عَلِیۡمُ ۔ یَا بَاسِطُ ۔ یَا وَدُوۡدُ ۔ یَا کَافِیُ یَا غَنِیُ

شرف زہرہ، اوج زہرہ، تثلیث و تسدیس زہرہ، و مشتری کے موقعوں پر درج ذیل طلسم عشق و محبت و تسخیر مخلوط دھات سونا + چاندی + تانبہ پر تیار کریں۔ تین سطروں میں طلسم تحریر کیا جائیگا۔

✦ 2 صفر المظفر مجلس عزا …
✦ ۱۳ صفر …

محجلع مجبوباعسلع
عطمع، الوعا
سرعالوس

ان طلسمات کو سفید ریشمی کپڑے میں لپیٹ کر اپنے پاس رکھیں۔ عجیب التاثیر ثابت ہوں گے۔

لوح زہرہ تیار کرنے کیلئے شرف واوج زہرہ کے علاوہ جب زہرہ برج ثور، میزان، یا برج، حوت میں ہو۔ تو بھرپور فائدہ حاصل کیا جاسکتا ہے۔ زہرہ کا ورد مؤکل رب کریم کے دو محترم نام یَا کَافِیُ یَا غَنِیُّ ہیں۔ ان ناموں کو ہفت در ہفت کے نقش میں پُر کر کے اپنے پاس رکھیں۔ لیکن اس لوح کو سیسہ کی دھات پر تیار کیا جائیگا۔ یہ لوح حصولِ مراتب، عزت وتکریم، دوسروں کے دلوں میں اُنس ومحبت پیدا ہونے اور ترقی کی منزلیں طے کرنے کیلئے سریع التاثیر ہے۔

نظام الاوقات کا خیال رکھتے ہوئے عمل کریں اور فائدہ اُٹھائیں۔

ہمیشہ کی طرح ایک درخواست اپنی دُعاؤں میں مجھے میرے والدین جناب آغا افتخار حسین اور ان کے والدین امامیہ جنتری سے متعلقہ جملہ مومنین کو ہمیشہ یاد رکھیں۔

میں نے بڑی آسان زبان میں مضمون تحریر کیا ہے۔ اگر کوئی جزو سمجھ نہ آئے۔ تو جوابی لفافہ کے ذریعہ پوچھ سکتے ہیں۔ ٹیلی فون وملاقات کیلئے۔

جمعہ: تین بجے تا سات بجے شام اتوار: بارہ بجے تا سات بجے شام

لوحِ تحفظ جاں خاص

جادو ٹونہ، تعویذ گنڈا، بھوت پریت، اور نظر بد سے مکمل تحفظ، زمینی آسمانی بجلی، گولی، چاقو چھری کبھی اثر نہ کرے روڈ ایکسیڈنٹ میں جان کا مکمل تحفظ، بیماری میں یقینی شفا، یہ لوح معجزاتی حیثیت کی حامل ہے۔ مولا کا خاص کرم شاملِ حال رہتا ہے۔ اس انتہائی پُرآشوب دور میں اپنی اور اپنے بچوں کی جانوں کا تحفظ کیجئے۔

مولا کے کرم سے ہم ہر ستارہ کی لوح خاص وقت میں تیار کرتے ہیں۔

لوحِ شفاء المرض، لوحِ علیؑ، لوحِ فاطمہؑ بھی حاصل کرسکتے ہیں۔

رابطہ

سید ابن مظفر شیرازی
673-3-D-II گرین ٹاؤن، لاہور

جگر کا علاج زُبُر وبینّات کی روشنی میں

علامہ سید حسن عسکری نقوی (مشہد مقدس) 009-8511210917
پاکستان Mob: 0300-8104565

(زُبُر اور بینات) کو جمع کر کے (شاہزادہ علی اکبر علیہ السلام الصلوٰۃ والسلام سے توسل کیا جاتا ہے، خون کی کمی یا جگر کا خون نہ بنانا، یا جگر کا کینسر، یا اس کے علاوہ بھی تمام لاعلاج بیماریوں میں اس شہزادے سے توسل کیا جاتا ہے اور اس عمل میں ان تمام بیماریوں سے شفاء موجود ہے انشاء اللہ تعالیٰ العزیز۔

اس عمل کے ورد کی تعداد (۶۲۸) ہے، بغیر کسی کمی اور زیادتی کے اس عمل کو انجام دینا ہے، اس لئے کہ جو راز بھی پوشیدہ ہیں وہ انہیں تعداد کے اندر ہی پوشیدہ ہیں۔ ان ہی تعداد میں اللہ کے رموز چھپے ہوئے ہیں۔ فقط خلوص نیت، اور عمل یقین کامل کے ساتھ بجالانا لازمی اور ضروری ہے یاد رہے کہ شک کے ساتھ عمل ہرگز مفید واقع نہ ہوگا۔ پروردگار عالم ہم سب کو یقین کی نعمت سے سرفراز فرمائے اور ہمیں بقیۃ اللہ کے اعوان وانصار میں شمار فرمائے۔ آمین یار ب العالمین۔ اس مہلک بیماری سے شفا یابی کیلئے خلوص نیت کے ساتھ دو رکعت نماز (شہزادہ علی اکبر علیہ الصلوٰۃ والسلام) کو ہدیہ کریں اور اس کے بعد دو رکعت نماز (بی بی اُم لیلیٰ سلام اللہ علیہا) کو ہدیہ کریں۔ نماز پڑھنے کے بعد (۲۱) مرتبہ درود شریف کی تلاوت کریں۔ اور اس کے بعد (۶۲۸) مرتبہ (یا علیؑ ابن الحسینؑ ادرکنی) اور پھر (۲۱) مرتبہ دُرود شریف کی تلاوت کریں اور پھر پانی پر دم کر کے پی لیں۔ اور آخر میں سجدے میں جا کر (۱۰۰) مرتبہ صلوات پڑھ کر شاہزادے کو ہدیہ کریں۔

انشاء اللہ (۱۴) دن میں شفا حاصل ہوجائے گی اور اگر رپورٹ میں تبدیلی واقع نہ ہو تو اسی عمل کو (۲۱) دن تک انجام دیں اور اگر پھر بھی رپورٹ میں تبدیلی واقع نہ ہو تو اسی عمل کو (۴۰) دن تک انجام دیں، باذن اللہ تعالیٰ یہ عمل (۴۰) دن سے آگے نہ جائے گا اور انشاء اللہ اس مہلک بیماری سے نجات حاصل ہوگی عمل کا یقین کامل کے ساتھ مکمل ہونے کی صورت میں شفا حتمی اور یقینی ہے۔

(منقول اور مجربات زبر وبینات۔ زیر طبع)

جنات آسیب سفلیات

اور طلسم راس الغول/طلسم خوش بختی

غلام رضا عسکری اعوان نواب شاہ سندھ 0300 3210024, 0333 7014915
Email: razaaskari@gmail.com, jafar_e_najaf@yahoo.com

محترم قارئین اسلام وعلیکم وتحفہ یا علی مدد۔ مولا علی مشکل کشا کے ایک قول سے آغاز ہے۔ ایسا شخص جو علم رکھتا ہو اور اُس کے علم سے کسی کو فائدہ نہ پہنچے ایسے سانپ کی مانند ہے جو خزانے کے منہ پر بیٹھا ہو۔ میں شکر گذار ہوں ذوات اطہار آئمہ علیہ السلام و معصومینؑ کا جنکے طفیل امامیہ جنتری کے توسط سے مومنین و مسلمین تک کچھ نہ کچھ علمی طور پر پہنچ جاتا ہے۔

جنات آسیب نظر بد اور مرگی کے بعد، ۲۰۱۱ کی امامیہ جنتری کے اوراق پر شرف شش سیارگان تک کا سفر عوام الناس کی بھلائی اور معلومات کے لئے لکھے گئے مضامین میں پوری کوشش کی کہ خصوصاً کالے علم اور سفلی علم کی کاٹ اور تدارک کے لئے علمی تشنگی کو دور کر سکوں۔

عرب ہیت دانوں نے اسکا نام راس الغول تجویز کیا ہے جو کہ بنیادی طور پر ایک جامد ستارہ ہے جو کہ بہت ہی ست رفتار ہے اور کئی سالوں میں ایک درجہ طے کرتا ہے۔ برج ثور کے قریباً 26.10 درجہ پر طلوع ہوتا ہے اور اسی درجہ پر **طلسم الغول** بنایا جاتا ہے۔ 68 گھنٹوں کے بعد دو گھنٹے کے لئے چمکتا ہے۔ قریب ایک سو سال میں صرف ایک درجہ چوبیس دقیقہ کا سفر طے کرتا ہے۔ **راس الغول** کس طرح سے معاون ہے۔ دہشت اسکی خاص علامات ہیں۔ یونانی ہیئت دان اسے head of Medosa کے نام سے جانتے ہیں۔ اس کی بنیادی علامتوں میں ایک خوفناک چہرے کو دکھایا گیا ہے۔ ایسے عوامل میں جب کہ نیند میں خوفناک چہرے نظر آتے ہوں یا ڈر اور خوف کی وجہ سے نیند کا نہ آنا۔ تنہائی میں خوف کا احساس ہو اور جسم میں ایک غیر مرئی وزنی کیفیات کا ظاہر ہونا۔ سر یا جسم میں بھاری پن کا احساس ہونا۔ اندھیرے اور سیاہی سے خوفزدہ ہونا۔ کسی اَن دیکھی چیز کا جسم پر احساس ہونا جیسے کوئی چیز جسم پر رینگ رہی ہو۔ زائچہ میں چاہے پیدائشی زائچہ ہو یا وقتی دونوں صورتوں میں **راس الغول** انسان پر مختلف اثرات کو ظاہر کرتا ہے اگر برج ثور میں الغول وشمس قران کی حالت میں ہوں تو ایسے فرد کے سر میں شدید درد اور سر کا بھاری ہونا ذہنی کمزوری، سننے کی قوت کا متاثر ہونا۔ اگر یہاں زحل مقابل ہو تو بینائی کا متاثر ہونا شامل ہو سکتے ہیں جبکہ قمر اگر برج ثور میں ہو اور زائد النور ہو تو ایسی صورت میں فرد کا زائچہ نڈر بے باک اور کسی حد تک بے خوف ہوتا ہے۔ ایسے افراد بے حسی کی حد تک جا سکتے ہیں۔ اور اگر قمر کسر النور ہو تو فرد کا زائچہ خوف میں مبتلا ہوتا ہے پانی سے ڈرنا اونچائی سے گرنے کا خوف ہوائی جہاز اور پرندوں کو دیکھ کر خوفزدہ ہونا ہو سکتا ہے۔ اگر مریخ ثور میں راس الغول کے ساتھ موجود ہو تو ایسی صورتحال میں خواب میں عجیب وغریب مخلوقات کا نظر آنا اور خون کے ساتھ خونی حیوانات سے خوف موجود ہوتا ہے ایسے افراد کو عموماً ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے انہیں کوئی نقصان پہنچا سکتا ہے۔ خون اور خون سے منسلک امراض اور جلدی امراض ممکن ہوں گے۔ آنکھوں کے سامنے سرخ روشنی یا نیلی روشنیوں کا نظر آنا ممکن ہوتا ہے۔ ایسے افراد اکثر خوف کی بنا پر کسی ذی روح کا خون کرنے سے گریز نہیں کرتے۔ اگر برج ثور میں راس الغول کے ساتھ زحل موجود ہو ایسے فرد میں ہڈیوں کے کہنہ امراض اور جسم میں کہنہ بیماریوں کی موجودگی ہو سکتی ہے ایسے افراد کو کوڑھ یا جذام سے ملتے جلتے امراض ہو سکتے ہیں جن کی وجہ سے جسم کا گوشت گلنا یا سڑنا شروع ہو جاتا ہے۔ کاروبار کی جگہوں پر کسٹمرز یا گاہکوں کی آمد نہیں ہوتی، تنہائی پسندی یا تنہائی میں خوفزدہ ہوں گے دونوں معمولات ممکن ہو سکتے ہیں۔ اگر مشتری کے ساتھ راس الغول ہو تو زائچہ میں اسکے اثرات عبادات اور اخلاقیات کی کمی کے ساتھ اخلاق سوز معمولات کا شکار ہونا۔ جگر اور معدہ کی بیماریاں ممکن ہو سکتی ہیں۔ اگر راس الغول کے ساتھ یورنس ہو تو اچانک بیماری کا ظاہر ہونا اور لا علاج اور نہ تشخیص ہونے والے امراض ظاہر ہوتے ہیں اگر وقت سوال میں راس الغول ہو اور طالع ثور ہو تو ایسا فرد اچانک کسی بڑے مسئلہ کا شکار ہوگا جادو اور خوف کی بنا پر ایسے افراد کو نیند کا عارضہ ہو سکتا ہے۔

زائچہ میں راس الغول کے اثرات کو حل کرنے کے لئے طلسم راس الغول بنایا جاتا ہے۔ الغول کا طلسم ایسے قمری مہینوں میں بنایا جانا چاہئے جب کہ قمر زائد النور ہو اور راس الغول کے ساتھ قران میں ہو سال میں ایسے قریباً ۴ اوقات آتے ہیں۔ جنکی تفصیلات آگے دی جا رہی ہیں۔

بخت کشائی و طلسم دولت: ایسے معمولات جن میں کسی فرد کے رزق بخت کو باندھ دیا جائے حالانکہ ایسا ہوتا نہیں ہے اس لئے کہ رزق کا

وعدہ تو ذات بابرکات کا ہے۔ دیتا اللہ ہے تو بانٹتے مولا علیؑ ہیں۔ اگر کسی کے کاروبار کو ختم کرنا ہوتا ہے تو اس جگہ پر ایسی بدارواح اور سفلیات کو مسلط کر دیا جاتا ہے جنکی وجہ سے افراد کا رجحان مخصوص جگہ پر کم ہو جاتا ہے اور یوں بارونق علاقہ میں بھی کوئی کاروبار نہیں رہتا۔ انجام کار بندہ جگہ چھوڑتا رہتا ہے پر جہاں جاتا ہے جادو اور سفلیات اس کے ساتھ جاتی ہیں۔ ایسی صورت میں کاروبار کی جگہ پر ایسے طلسمات کا استعمال کیا جاتا ہے جنکی وجہ سے نحوست ختم یا کم ہو اور کاروبار کی جگہ آباد ہو جائے۔

بندش نکاح و شادی: اکثر والدین اپنی اولادوں کی جانب سے شادی نہ ہونے پر فکر مند ہوتے ہیں۔ خصوصاً بیٹیوں کی شادیاں جنکی عمریں بہت جلد نکل جاتی ہیں۔ ایسا بھی ہوتا ہے کہ زائچہ کے ساتویں گھر میں مریخ یا زحل نحس ہو کر مقیم ہوں تو شادی میں تاخیر ہوتی ہے اور بعض افراد جنکی شادیاں صحیح وقت پر نہیں ہوتیں اور پریشان حال والدین جب عاملین سے رابطہ کرتے ہیں تو جواب ایک ہی ہوتا ہے **بوجہ حسد بندش لگائی گئی ہے**۔ لیکن حقیقی طور پر ایسا نہیں ہوتا۔ درست زائچہ درست علاج بتاتا ہے۔ اور اچھا منجم ہی درست زائچہ بنا کر اسکے احکامات لگا سکتا ہے۔

تعلیم و تمدن: کے حوالہ سے ایک زائچہ میں الغول کی نظرات بتاتا چلوں۔ زائچہ میں اگر عطارد شمس برج ثور میں ۲۲ سے ۲۸ درجات پر قران میں ہوں اور اگر ایسا فرد زائچہ میں پہلے تیسرے یا نودیں گھر میں سیارگان کا اجتماع رکھتا ہو تو تعلیم اور تعلیمی اداروں کے نام سے یا دیکھ کر ہی خوف زدہ ہو جاتے ہیں اگر مناسب وقت پر انکا علاج نہ کیا جائے تو تعلیم سے بے بہرہ رہ جاتے ہیں۔ ایسے حالات میں بچہ مار پیٹ کر کچھ تعلیم تو حاصل کر لیتا ہے لیکن حقیقت میں خاصہ کند ذہن اور تعلیم سے بے بہرہ ہوتا ہے۔

زمین جائیداد اور وراثت:۔ اگر زحل برج ثور میں ہو اور الغول کے ساتھ قران کی حالت میں ہو تو ایسے افراد زائچہ کی نوعیت کو مدنظر رکھتے ہوئے زمین و جائیداد کا حصول کر لیتے ہیں اور جاگیردار یا وڈیرے کی صورت میں ابھر کر سامنے آتے ہیں۔ لیکن اگر یہی صورتحال زائچہ میں آٹھویں گھر میں ہو اور طالع کا مالک بھی نحس ہو تو ایسے افراد اپنے جد کی وراثت سے محروم ہو جاتے ہیں یا کسی وجہ کی بنیاد پر انہیں وراثتی معاملات یا عدالتی معاملات میں الجھنا پڑتا ہے اور کئی ایک افراد باوجود ذاتی زمین گھر جائیداد ہونے کے اپنے ہی گھر میں رہ نہیں پاتے اور در بدر ہوتے رہتے ہیں۔

ان تمام معمولات کو جو راس الغول کی وجہ سے وقوع پذیر ہوتے ہیں آپ کیا کہیں گے۔ جنہیں اکثر عاملین بندش اور جادو کی آڑ لیکر افراد کو ذہنی طور پر کوفت میں مبتلا کرتے ہیں۔ میں ایسے منجمین کو جانتا ہوں جو زحل کی چھٹے گھر موجودگی کو یا بارھویں گھر موجودگی کو جادو سے تعبیر کرتے ہیں لیکن دیگر ستاروں کی صورتحال کو یکسر نظر انداز کر دیتے ہیں۔ نہ تو جادو کی علامات بتا سکتے ہیں اور نہ ہی اثرات ہونے کے عوامل بتا سکتے ہیں۔ ایسے عاملین دعویٰ تو بہت کرتے ہیں لیکن رزلٹ صفر ہوتا ہے۔ خیر ذیل میں آپکی سہولت کے لئے اوقات دے رہا ہوں۔ 28-02-2012 کو شام 05.06 سے لیکر 05.36 تک آپ الغول کا نقش بنا سکتے ہیں میں اس جنتری میں صرف ایک وقت دے رہا ہوں جبکہ پورے سال میں قریباً چار اوقات مناسب دستیاب ہونگے جب کہ الغول کا قران قمر سے ہوگا اور مناسب وقت ہوگا۔ اس وقت میں آپکو کاش البرنی کا ایک نقش دے رہا ہوں آپ اس نقش کو بنائیں جیسا ہے بالکل اسی طرح بنانا ہے کوئی نام کے اعداد شامل نہ کریں۔ چاند کی تواریخ کے حساب سے رجال الغیب کا خاص خیال رکھیں۔ آپ راس الغول کا طلسم اور عزیمت بذریعہ خط منگوا سکتے ہیں۔ یہ نقش چار قل کا ہے اور آسیبی اور جناتی قوتوں کو رفع دفع کرنے میں بہترین استعمال ہوتا ہے۔ چہار قل کے نقش کی چال سادہ ہے۔ آپ خود با آسانی بنا سکتے ہیں۔

یہ نقوش ASTROLOGY اوقات کشید کئے ہیں۔ چہار قل کا نقش نہایت سادہ ہے آپ آسانی سے بنا سکتے دئے گئے اوقات میں آپ ترتیب دے یقین کے ساتھ کہ مولاؑ کا یہ علم مومنین و کے مکمل تفصیل دے رہا ہوں۔ اس دعا بزرگ و برتر آئمہ علیہ السلام کے وسیلہ اور آپ سدا خوش اور ہر مصائب و آلام



۸	۱۱	۲۱۷۳۵	۱
۲۱۷۳۴	۲	۷	۱۲
۳	۲۱۷۳۷	۹	۶
۱۰	۵	۴	۲۱۷۳۶

HORRERY کے مطابق ذیل میں دے رہا ہوں۔ نقش کی چال ہیں۔ اور جبکہ دوسرے نقوش کے بھی کر خود استعمال کروا سکتے ہیں۔ اس مسلمین کے لئے کام آئے بلا کسی کسر کے ساتھ اجازت چاہونگا کہ خدا ئے سے آپ سب کو اپنی امان میں رکھے سے دور رہیں۔

پتہ: غلام رضا عسکری اعوان گھر نمبر 2146/129 کیمپ نمبر 2 نواب شاہ سندھ ـ L-1057 سیکٹر 5-B1 نارتھ کراچی فون: 0300/0312-3210024

''معجزہ نما غذائیں اور قرآن''

خادم پنجتن پاک
تجمل حسین، پیر محل
Mob: 0332-6986026

انسان کی زندگی میں لہسن کا کردار مولف المعرفت والحقیقت شیعہ

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ

(سورہ بنی اسرائیل آیت نمبر 82)

قرآن حکیم خود شفائے مطلق ہے اس کی آیات میں شفاء اس کی ہوا میں شفاء عقل سلیم کی بدولت ہر مرض کی شفا اس الہامی کتاب میں ڈھونڈھ سکتے ہیں" ولا رطب ولا یابس" اس میں ہر خشک و تر کا علم ہے قرآن وحدیث میں جن ادویات کا خصوصی ذکر ہے ان کی تعداد کم وبیش چھبیس (۲۶) کے لگ بھگ [illegible] پر نظر ڈالی جائے تو ایسے نا قابل یقین فوائد حاصل ہوتے ہیں کہ جن [illegible] ک بھی نہیں کر سکتے۔

قرآن مجید میں جن ادویات کا خاص ذکر ہے ان میں زیتون، موتی، مونگا، یاقوت، لوہا (فولاد) سونٹھ (زنجبیل) ترنجبین، کافور، تانبہ، دودھ اور شہد قابل ذکر ہیں اور احادیث مبارکہ میں بھی ادویات کو خاص اہمیت حاصل ہے جس کیلئے طب نبوی، طب امام رضاؑ کی کتب مارکیٹ میں دستیاب ہیں کھجور (عجوہ) کھمبی (الکماۃ) شبرم ثناء زیتون، بہی (سفرجل) حنا کلونجی (شونیز) ذریرہ، ایلوا (مصبر) تلبینہ (جو کے دلیہ کا پانی) قسط ہیں۔

عام آدمی اسے معمولی ادویات سمجھ کر نظر انداز کر دیتا ہے۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ نے ان میں شفاء رکھی ہے فی زمانہ ہر مرض کی کسی نہ کسی انسان سے دوستی ضرور ہے دوستی کیوں ہے کیونکہ انسان اگر اسے دشمن سمجھے تو اس سے نجات کیلئے علاج ضرور کروائے یا کرے۔ مثلاً شوگر، درد جوڑ، دمہ۔

بلڈ پریشر، السر، قرآن پاک میں شہد کو ''فیہ شفاء للناس'' کہا گیا ہے۔ یعنی اس میں لوگوں کیلئے شفاء ہے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود سے مروی ہے اُنہوں نے کہا کہ حضورؐ نے فرمایا کہ تم دو چیزوں کو لازمی پکڑو، ''یعنی شہد اور قرآن'' اور شوگر کے مرض میں سبزیوں میں ساگ پالک میتھی، سلاد اور سبز ترکاریاں نہار منہ کریلہ اور چوہنگ کا پانی پینا اور جسم میں نقاہت کمزوری ہو تو بکرے کا گوشت، لبلبہ (لعاب) اور گردے بھون کر کھا سکتے ہیں اس سلسلہ میں ماہر ڈاکٹر نے جو تحقیق کی ہیں اور جدید تحقیق سے بیشمار بیماریوں کا کامیاب علاج بھی ہوا ہے۔

''لہسن معجزنما غذا''

نیویارک کے ماہر ڈاکٹر جیک لیٹسنوف نے جوڑوں کے درد میں مبتلا سینکڑوں مریضوں کے درد کرتے ہوئے جوڑوں پر لہسن کو پیس کر مالش کی تو معجزاتی طور پر چند منٹوں میں مریض افاقہ محسوس کرنے لگے۔ جیک نے کہا کہ سیب کے سر کے Apple Cider vine Gar کو اگر چائے کے چمچے کے برابر خالص شہد میں ملا کر صبح وشام استعمال کیا جائے تو اس سے درد جوڑ میں افاقہ ہوتا ہے۔ بے اولاد جوڑے لہسن کے مسلسل استعمال سے اولاد جیسی نعمت سے سرفراز ہو سکتے ہیں نیز 50 گرام لہسن 4 اونس مکھن کے ساتھ کھائیں کولیسٹرول کی مقدار تین گھنٹوں میں کم ہو جائے گی۔

(II) لہسن اور سیب کے سرکے سے دل کے امراض، سرطان اور کئی بیماریوں سے بچا جا سکتا ہے۔

گذشتہ کئی برس سے سرطان کا امریکی ادارہ اس بات کی تحقیق میں مصروف ہے کہ سرطان کے خلاف کونسی غذائیں علاج کیلئے موثر ہیں تو ادارے کی تحقیق کے مطابق گھریلو غذائی شئے لہسن سب سے اعلیٰ ہے کیونکہ اس میں Phytoe (Aemical Compounds) بکثرت موجود ہوتا ہے۔ جو سرطان کے اضافہ کو روکنے میں ممد ومعاون ثابت ہوتا ہے

انٹرنیٹ Google سے اگر New Irani Research سے Dabitas سے رابطہ کریں تو ایرانی ریسرچ پر شوگر کی تحقیق جو حال ہی میں ہوئی ہے ملاحظہ کی جا سکتی ہے کہ 80 آدمیوں پر تجربہ کیا گیا دہی لسی سے 30% شوگر کو فرق پڑا جبکہ وٹامن ڈی صبح شام کھانے سے شوگر کو 60% فائدہ ہوا۔ دہی لسی اور وٹامن ڈی کے استعمال سے 90% مرض کو فائدہ ہوا لہٰذا وٹامن ڈی جن سبزیوں اور پھلوں یعنی خوراک میں موجود ہوں استعمال سے شوگر کنٹرول ہو سکتی ہے اور لبلبلہ کی اصلاح بھی ہو سکتی ہے۔

مانٹریال/کینیڈا (انٹرنیشنل ڈیسک)

جدید طبی تحقیق سے ثابت ہو گیا ہے کہ گھریلو استعمال والا لہسن، جوڑوں کے درد، سرطان، دل کے امراض کے خلاف فطرت کا عطا کردہ ایک معجزاتی ہتھیار ہے اس زود اثر سبزی کا اثر دوگنا ہو سکتا ہے۔ اگر اسے سیب کے سرکے ساتھ استعمال کیا جائے اس سے ہر قسم کی بیماریوں کا سد باب ہو سکتا ہے مشہور جریدوں کے تفصیلی سروے کے مطابق مفید نتائج حاصل ہو سکتے ہیں۔

روسی سائنسدانوں کے مطابق

لہسن میں شامل ایک خاص جزو جسے طبی زبان میں (Allicin) کہتے ہیں فلو کے بیکٹیریا کو ختم کرنے میں معجزاتی اثر رکھتا ہے۔

بھارتی محقق ڈاکٹر لعل نارائن

کے مطابق لہسن کا زیادہ سے زیادہ استعمال آپ کی عمر میں اضافے کا سبب بن سکتا ہے۔ ان کی تحقیق کے مطابق انہوں نے 100 برس یا اس سے اوپر کے پچاس سے زیادہ لوگوں سے ملاقات کی جنہوں نے بتایا کہ وہ تمام عمر لہسن کا بکثرت استعمال کرتے رہے ہیں۔

لندن (نیٹ نیوز)

لہسن کو دوران خون بہتر بنانے کے علاوہ بہت سی بیماریوں کا علاج سمجھا جاتا ہے اس کا ایک بہترین فائدہ سامنے آیا ہے جو شاید دوسری سبزی کا نہیں امریکی محققین کا کہنا ہے کہ مسّوں سے نجات کیلئے لہسن سے زیادہ تیز تر اور بہترین علاج کوئی نہیں، ماہرین کا کہنا ہے کہ اگر مسے پر لگا تار دو ہفتے تک لہسن رگڑتے رہیں تو اس کا خاتمہ ہو جاتا ہے ان کا کہنا ہے کہ لہسن میں پائے جانے والے سلفر عناصر، انٹی بائیونک اور انٹی وائرل کی خوبیاں مسّوں کا بنا کئی مضر اثرات کا خاتمہ کرتی ہیں مسّے جلد کی پوری اوپری سطح پر ایک قسم کے وائرل انفیکشن سے بنتے ہیں اور لہسن میں یہ وائرل انفیکشن ختم کرنے کی خوبی بدرجہ اتم موجود ہے۔ مسے خطرناک نہیں ہوتے لیکن متعدی ضرور ہیں۔ لہسن کے پانی کا مسلسل دو ہفتوں تک استعمال اس مرض سے نجات دلاتا ہے۔

جدید طبی تحقیق کے مطابق تازہ لہسن یا اس سے تیار کی ہوئی بے بُو گولیاں کھانے سے ریاح پیدا نہیں ہوتی اور خون کی نالیوں میں جمع شدہ چربی کو لہسن پگھلا دیتا ہے جس سے خون کی روانی میں رکاوٹ پیدا نہیں ہوتی اور دل کے دورے کے امکانات ختم ہو جاتے ہیں۔

قدیم یورپی روایت کے مطابق لہسن دل کی شریانوں کو مضبوط بناتا ہے بشرطیکہ آپ روزانہ لہسن اور سرکے کو ابال کر پئیں۔ بلڈ پریشر اور بوجہ بلڈ پریشر درد سینہ اور غنودگی کو بھی ختم کرتا ہے کم از کم روزانہ استعمال کریں۔ انفیکشن اور دوسری کئی بیماریوں کے خلاف قوت مدافعت بڑھانے کیلئے لہسن کا استعمال زیادہ کریں۔ لہسن میں شامل ایک خاص جزو (SEL E NIUM) جسم کے ریشوں کو زخمی ہونے سے بچاتا ہے۔

(۱) لہسن کا استعمال شوگر کے مرض کو بھی کم کرتا ہے یہ نہ صرف خون کو پتلا کرتا ہے بلکہ اس سے دوران خون کے عمل میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔

(۲) بیوٹی پالر والے دو دانہ لہسن سیب کے سرکہ میں ملا کر چہرے کے مہاسوں پر ملتے رہیں تو دو ہفتوں کے بعد مہاسے غائب ہو جائیں گے۔

(۳) دانت کے درد کیلئے متاثرہ دانت کے نیچے ایک دانہ لہسن کو دبالائیں چبانا نہیں ہے ایک گھنٹے کے بعد دانت درد ختم ہو جائے گا۔

برطانوی جریدے کے مطابق سترہ سال سے بے اولاد جوڑا جو کہ بالکل نا اُمید تھے شوہر نے سبزیاں کھانا شروع کیں اور لہسن کا استعمال زیادہ رکھا اور اولاد جیسی نعمت نصیب ہوئی گھریلو چٹکلہ:

لہسن کی دو پوتیوں کو سیب کے سرکے اور خالص شہد کے ساتھ ملا کر صبح نہار منہ کھایا جائے تو اس سے دمے کے مرض کو بڑا افاقہ ہوتا ہے۔

نسخہ جات تیر بہدف

شوگر کے کنٹرول کیلئے

اجزاء تخم جامن ۲۵ گرام کریلے خشک ۲۵ گرام، گڑمار بوٹی ۲۵ گرام پھلی کیکر کچی ۲۵ گرام، پترا [illegible] گرام

ترکیب: ان سب کو علیحد[illegible] اور بڑے کیپسول میں بھر لیں۔ شوگر کے مریض کو ۲،۲ کیپسول صبح شام دیں سورۃ ابراہیم ۷ مرتبہ ضرور ورد کر دیں۔ انشاء اللہ شفا ہو گی۔

دمہ کے مرض کے لیے

ناریل کے درخت کی لکڑی کا ایک ٹکڑا لیکر مٹکے میں ڈال دیں۔ اور روزانہ سورۃ الحمد ۳ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ اور یہی پانی پیا کریں۔ اس کے علاوہ ایک چھٹانک انگلی برابر سوکھی مچھلیوں کا شوربہ وقفہ وقفہ سے لیں۔ انشاء اللہ دمہ ہمیشہ کیلئے ختم ہو جائے گا۔

اکثیر نسخہ برائے عارضہ قلب (۱) ایک چائے کا کپ ادرک کا جوس (۲) ایک چائے کا کپ لہسن کا رس، (۳) سیب کا اصلی دیسی سرکہ ایک کپ۔ (۴) بیری کا شہد ایک کپ (۵) لیموں کا رس آدھا کپ سارے اجزا مکس کر کے رکھ لیں اور دو کھانے والے چمچے آدھ گلاس پانی میں گھول کر صبح، دوپہر، شام کھانے کے بعد درود شریف اور ہوالشافی کا ورد کر کے استعمال کریں انشاء اللہ مولا کی برکت سے شفا ہو گی۔

جوڑوں کے درد، شوگر اور زخم کیلئے Aloevera (گھیکوار) کا گودا کھائیں اور زخم پر لگائیں۔ انشاء اللہ صحت ہو گی۔

لیڈی ڈاکٹر مسز میجر کاظمی
Mob:0333-5234125
Dr kazmi @ hot mail .com

Scanned with CamScanner

"بُروج سے منسوب اَمراض کا روحانی علاج"

تحریر عابد حسن علوی
ہاؤس نمبر 170 نیو لیبر کالونی نزد ورکرز ماڈل اسکول پیر اسکوائر لانڈھی کراچی نمبر 34
EMail: Hasanalvi133@hotmail.com Mob: 0333-3300913 0331- 9128133

روز مرہ زندگی میں معاشرتی اعتبار سے انسانی جسم کو مختلف قسم کے امراض کا سامنا رہتا ہے اور یہ بھی بالکل واضح دیکھنے میں آتا ہے کہ کسی کو ہیپاٹائٹس ہے تو کوئی امراض قلب میں مبتلا کسی کو شوگر و بلڈ پریشر ہے تو کوئی کینسر جیسے موذی مرض کا شکار کسی کی نگاہ کمزور ہے تو کوئی زبان میں لکنت لیے ہوئے ہے۔ کسی کو Back Bone Problem ہے تو کوئی جوڑوں اور ہڈیوں کے درد سے متاثر ہے۔

بخار، نزلے جیسی بیماریوں کو ہٹا کر انسان زندگی کی ابتداء وسط یا آخری حصے میں ان امراض میں سے کسی ایک یا دیگر امراض کا شکار ہو جاتا ہے۔ آخر اس کی بنیادی وجہ کیا ہے؟ قبل از وقت امراض کا تعین کیسے ہو اور احتیاطی تدابیر کیا ہوں؟ بس اسی اہم نکتے کی وضاحت اور بچاؤں کے علمی طریقے لیے حاضر خدمت ہوں۔ اُمید ہے قارئین استفادہ کر کے مجھے اپنی دُعاؤں اور آراء سے نوازیں گے۔

دائرۃ البروج میں 12 برج ہیں۔ حمل، ثور، جوزا، سرطان، اسد، سنبلہ، میزان، عقرب، قوس، جدی، دلو، حوت، ہر انسان کسی ایک برج کے ماتحت زندگی گزار رہا ہوتا ہے یاد رکھیے برج کا تعین صرف تاریخ پیدائش سے نہیں ہوتا بلکہ تاریخ پیدائش، وقت پیدائش اور مقام پیدائش کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔ مجھے اپنی اس تحریر میں مکمل شخصی زائچہ پر بحث نہیں کرنی بلکہ زائچہ کے چھٹے گھر یعنی بیت المرض کو ضبط تحریر میں لا کر بروج کی منسوبہ بیماریوں اور ان سے بچاؤ کی احتیاط بتانی ہے جس سے ہر فرد اپنے برج کے مطابق استفادہ کر سکتا ہے۔

برج حمل: اس برج کا بیت المرض خانہ سنبلہ کہلاتا ہے اس برج کے حامل افراد زیادہ تر اعصابی دباؤ، آنتوں کی بیماریوں، ذہنی امراض، درد سر، جملہ امراض گردہ کا شکار رہتے ہیں یا آنے والی زندگی میں ہو سکتے ہیں قبل از وقت احتیاط بدھ کے روز ہری سبزی یا دال مونگ کا صدقہ ہے۔ منسوبہ نقش بنا کر بازو پر باندھیں اور 41 یوم پئیں۔ ورد خاص یَا مَالِكُ یَا قُدُّوْسُ یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ ہے۔ اگر پیدائش کے وقت بیت المرض سنبلہ میں مریخ ہو تو مرض کینسر کی واضح دلیل ہوتی ہے۔

برج ثور: اس برج کا بیت المرض میزان ہے۔ برج ثور کے حامل افراد زیادہ تر گلے کے امراض، موٹاپا، Uters Problems، خناق، کالی کھانسی، سرخ بخار کا شکار ہوتے ہیں۔ قبل از وقت احتیاط و علاج جمعے کے روز سفید چیز یا چینی کا صدقہ ہے۔ منسوبہ نقش 60 یوم پئیں اور بازو پر باندھیں ورد خاص یَا کَافِیُ یَا غَنِیُّ ہے۔ اگر پیدائشی زائچہ میں ستارہ مریخ ہو تو Uters cancer میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔

برج جوزا: اس برج کا بیت المرض خانہ عقرب ہے۔ برج جوزا کے افراد ہاتھ بازو اور کاندھوں میں ریاحی امراض، اعصابی کمزوری اگر لگن میں مریخ ہو تو زبان میں لکنت ہو، امراضِ مثانہ، پتھری اور بواسیر کے امراض سے متاثر ہوتے ہیں۔ اگر زہرہ در عقرب ہو تب بھی بواسیر کا مرض ہوتا ہے۔ احتیاط و علاج منگل کے روز گوشت یا ٹماٹر کا صدقہ ہے منسوبہ نقش 90 یوم پئیں اور بازو پر باندھیں۔ ورد خاص یَا مَالِكُ یَا قُدُّوْسُ یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ ہے

برج سرطان: اس برج کا بیت المرض خانہ قوس ہے۔ برج سرطان کے افراد معدہ، بدہضمی آنتوں کی بیماریوں، سرطان، نزلاوی امراض اور تپ دق میں مبتلا ہوتے ہیں۔ اگر بیت المرض میں ستارہ زحل ہو تو دائم المریض بناتا ہے۔ احتیاط و علاج جمعرات کے دن گڑ صدقہ دیں منسوبہ نقش 120 یوم پئیں اور بازو پر باندھیں۔ ورد خاص یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا کَبِیْرُ یَا مُتَعَالِ ہے

برج اسد: اس برج کا بیت المرض خانہ جدی ہے۔ برج اسد کے افراد امراض قلب، نگاہ کی کمزوری، ہڈیوں اور جوڑوں کے امراض اور فشار خون میں مبتلا ہوتے ہیں۔ اگر شمس پہلے ہی خانہ میں موجود ہو تو آنکھوں میں نقص کی علامت ہے۔ احتیاط و علاج ہفتے کے دن کالے چنے کا صدقہ دیں۔ منسوبہ نقش 80 یوم پئیں اور ایک نقش بازو پر باندھیں۔ ورد خاص یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا فَتَّاحُ یَا رَزَّاقُ ہے

Scanned with CamScanner

برج سنبلہ: اس برج کا بیت المرض خانہ دلو ہے۔ برج سنبلہ کے افراد زیادہ تر اعصابی امراض پنڈلیوں، پٹھوں اور ٹخنوں کی بیماریوں میں مبتلا ہوتے ہیں۔ اگر پہلے ہی خانہ میں ستارہ مریخ نحس پوزیشن لئے ہوئے ہو تو زبان میں نقص لاتا ہے۔ احتیاط و علاج ہفتے کے دن کالے ماش صدقہ دیں۔ منسوبہ نقش 80 یوم پئیں اور ایک نقش بازو پر باندھیں۔ ورد خاص یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ یَا قَوِیُّ یَا قَادِرُ ہے

برج میزان: اس برج کا بیت المرض خانہ حوت ہے۔ برج میزان کے افراد زیادہ تر امراض مخصوصہ مردوں اور عورتوں کے امراض، بواسیر، آنتوں کے امراض، جگر و گردے کے امراض میں مبتلا ہوتے ہیں۔ احتیاط و علاج جمعرات کے دن گڑ کا صدقہ ہے۔ منسوبہ نقش 111 یوم پئیں اور ایک نقش بازو پر باندھیں۔ ورد خاص یَا کَافِیُ یَا غَنِیُّ یَا کَبِیْرُ یَا مُتَعَالِ ہے

برج عقرب: اس برج کا بیت المرض خانہ حمل ہے۔ برج عقرب کے افراد زیادہ تر جنسی بیماریوں، ذہنی امراض، بخار، خونی دست، سر میں چوٹ، جوڑوں کے درد میں مبتلا ہوتے ہیں۔ اگر پہلے ہی خانہ میں ستارہ زحل ہو تو بے راہ روی کا شکار ہو جاتے ہیں احتیاط علاج منگل کے دن گوشت کا صدقہ ہے منسوبہ نقش 90 یوم پئیں اور ایک بازو پر باندھیں۔ ورد خاص یَا مَالِكُ یَا قُدُّوسُ ہے

برج قوس: اس برج کا بیت المرض خانہ ثور ہے۔ برج قوس کے افراد زیادہ تر امراض مخصوصہ خون کی بیماریوں، ٹی بی، اور گلے کے امراض میں مبتلا ہوتے ہیں۔ اگر بیت المرض میں ستارہ مریخ ہو تو گلے یا منہ کا کینسر ہوتا ہے۔ احتیاط و علاج جمعے کے روز چاول یا چینی صدقہ دیں۔ منسوبہ نقش 60 یوم پئیں اور ایک نقش بازو کے ساتھ باندھیں۔ ورد خاص یَا کَبِیْرُ یَا مُتَعَالِ یَا کَافِیُ یَا غَنِیُّ ہے۔

برج جدی: اس برج کا بیت المرض خانہ جوزا ہے۔ برج جدی کے افراد زیادہ تر ہاتھ بازو کاندھوں میں ریاحی امراض، ہڈیوں اور گھٹنوں میں درد، گھنٹیہ میں مبتلا ہوتے ہیں۔ احتیاط و علاج بدھ کے روز ہری سبزی کا صدقہ ہے۔ منسوبہ نقش 50 یوم پئیں اور ایک بازو پر باندھیں۔ ورد خاص یَا فَتَّاحُ یَا رَزَّاقُ یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ ہے

برج دلو: اس برج کا بیت المرض خانہ سرطان ہے۔ برج دلو کے افراد زیادہ تر بدہضمی، مرضِ سرطان، تپ دق، ٹی بی، جوڑوں کے درد، امراض معدہ کی بیماریوں میں مبتلا ہوتے ہیں۔ اگر مریخ بیت المرض میں یا زحل واقع ہو تو کالا یرقان و السر ہو۔ احتیاط و علاج پیر کے روز دودھ صدقہ دیں۔ منسوبہ نقش 70 یوم پئیں اور ایک بازو کے ساتھ باندھیں۔ ورد خاص یَا قَوِیُّ یَا قَادِرُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ ہے

برج حوت: اس برج کا بیت المرض خانہ اسد ہے۔ برج حوت کے افراد اکثر معدہ اور آنتوں کے مرض میں مبتلا ہوتے ہیں۔ نزلاوی بیماریوں، امراض جگر و مثانہ کا شکار رہتے ہیں۔ احتیاط و علاج اتوار کے روز باجرہ صدقہ دیں۔ منسوبہ نقش 130 یوم پئیں اور ایک نقش بازو کے ساتھ باندھیں۔ ورد خاص یَا کَبِیْرُ یَا مُتَعَالِ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ ہے

مضمون کا کوئی حصہ وضاحت طلب ہو تو آگاہی بذریعہ فون لی جا سکتی ہے۔ 25 ذی الحجہ تا 18 محرم الحرام میں کربلائے معلیٰ میں ہوتا ہوں لہٰذا اس دوران مجھ سے رابطہ نہ کیا جائے۔ میری جانب سے نقش سے استفادہ کیلئے تمام مومنین کو عام اجازت ہے۔ والسلام و علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ

عابد حسن علوی کراچی 0333 3300913

ایکسپریس اخبار 18 مئی 2010ء بروز منگل

موبائل پر روز 30 منٹ گفتگو دماغ کے کینسر کا خدشہ بڑھا دیتی ہے عالمی ادارہ صحت

جنیوا (مانیٹرنگ ڈیسک) عالمی ادارہ صحت نے خبردار کیا ہے کہ موبائل فون پر روزانہ 30 منٹ اور اس سے زائد گفتگو دماغ کے کینسر کا خدشہ بڑھا دیتی ہے۔ عالمی ادارہ صحت کے تحت موبائل فون کے انسانی صحت پر مرتب ہونے والے منفی اثرات پر کی جانے والی تحقیق سے انکشاف ہوا کہ موبائل فون سے نکلنے والی شعاعیں انسانی دماغ پر منفی اثرات مرتب کر کے کینسر کی رسولیاں بنانے کا سبب بھی بنتی ہیں۔ یہ تحقیق 13 ممالک میں کی گئی اور یہ دس سال میں مکمل کی گئی۔

سحر اور اُس کا قرآنی علاج

تحریر: حاجی قاری منیر حسین محمدی
Mob: 0300 4352315, 0313 8127214

وَاتَّقُوْا فِتْنَةً لَّا تُصِيْبَنَّ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْكُمْ خَآصَّةً
(سورۃ الانفال 25)

ایسے فتنے اور بلاء سے بچو جب وہ آتا ہے تو صرف ظالموں کو اپنی گرفت میں نہیں لیتا بلکہ خشک وتر اور نیک وبد کو ایک ساتھ اپنی لپیٹ میں لے لیتا ہے اور اُن کو عذاب پہنچاتا ہے زندگی کے لیے بہترین چیزیں سادگی، ایمانداری صداقت، پاکیزگی، دیانتداری ہیں، جو نہ خریدی جاسکتی ہیں نہ بیچی جاسکتی ہیں۔ ہمارا ایمان ہونا چاہئے کہ ہمارا خالق ہماری دُعاؤں کا سننے والا اور جواب دینے والا پروردگار ہے۔ وہ جس نے انسان کو بنایا۔ اسے عجیب و غریب ذہنی وجسمانی اور روحانی قوا بخشے، زندگی عطا کی، کیا وہ اس زندگی کو قائم ودائم نہ رکھے گا؟ اس کی مصلحت عجیب اور دانائی عظیم ہے اس نے اپنے کلام میں، اپنے اسماء میں تخلیقی قوتیں اور زندگی بخشی ہے سحر یا جادو کیسا ہی ہو انجام کار انسان اپنی ضروریات زندگی حاصل نہیں کر پاتا، وہ رزق وروزی ہو مال ودولت ہو، خوشیوں سے محرومی ہو، مقروض ہو جانا ہو۔ شادی کی بندش ہو یا خوف کا مسلط کر دینا ہو۔ اولاد کی بندش ہو یا غیر شرعی محبت پیدا کر کے کسی کو ذلت وخواری میں مبتلا کرنا ہو۔ یا یہ کہ کسی پر خوف مسلط کر دینا اور ہر کام کا انجام نقصان کی صورت میں ہونا وغیرہ۔ جو بھی شخص جب کبھی بھی ان جیسی یا ان مشکلات میں گھرا ہوا ہو تو اس کیلئے درج ذیل عمل حاضر خدمت ہے۔ کلام الٰہی کا فیض، فیض خاص اور ہر مشکل کا حل بھی ہے۔

عمل نمبر 1 یہ عمل ہر خاص وعام کر سکتا ہے پاکیزگی اور طہارت کے مسائل سے واقف ہو۔ اس عمل کو خود انفرادی نیت سے یا اپنے گھر والوں کیلئے اجتماعی طور پر بھی کر سکتا ہے۔ مشکلات اور مسائل بہت زیادہ اور شدید ہوں تو ایک بار انفرادی اور ایک بار اجتماعی طور پر کر سکتا ہے۔

جز (۱) اَسْتَغْفِرُاللہَ وَاَسْئَلُہُ التَّوْبَۃَ اس کی کل تعداد تیس ہزار بار (30,000) مکمل کرنا ہے روزانہ پڑھنے کی تعداد معین نہیں جتنے دنوں میں مکمل کر سکیں کرلیں۔

جز (۲) یَا غَفُوْرُ یَا رَحِیْمُ ان اسماء کو بھی تیس ہزار بار (30000) کی تعداد میں پڑھنا ہے۔ جتنے دنوں میں مکمل کر سکیں کر لیں۔

جز (۳) اسم الٰہی یَا حَسِیْبُ یہ اسم مقدس تیس ہزار (30000) بار لکھنا ہے روزانہ لکھنے کی تعداد معین نہیں جتنے عرصہ میں لکھ سکیں لکھ لیں بہتر ہے کاپی میں لکھیں۔ بعدازاں ان کاپیوں یا کاپی کو سنبھال کر رکھیں۔ بہتر ہے کسی کپڑے میں باندھ کر خوشبو وغیرہ لگا کر رکھیں۔

جب یہ تینوں جز مکمل ہو جائیں۔ تو مندرجہ ذیل عمل شروع کر دیں۔ اس عمل کی تعداد 301 بار (تین سو ایک بار) روانہ ہے۔ شب وروز کسی بھی وقت پڑھ لیں۔ ناغہ نہ کریں۔ بہ امر مجبوری ناغہ ہو تو اگلے روز دوبار کریں۔ مرد حضرات 41 یوم اور خواتین 19 یوم کا تعین کریں۔

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَا مُقَدِّرُ قَدِّرْ یَا مُدَبِّرُ دَبِّرْ یَا مُسَبِّبُ سَبِّبْ یَا مُسَهِّلُ سَهِّلْ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰاحِمِیْنَ

عمل نمبر 2 یہ عمل وہ افراد کر سکتے ہیں جو ذکر الٰہی میں لمبی نشست کے عادی ہوں اس عمل میں قید ہے کہ ایک ہی نشست میں مکمل کیا جائے۔

یَا اللہُ یَا ھُوْ ایک ہی نشست میں بارہ ہزار بار پڑھیں اور بارگاہ الٰہی سے حسب خواہش فیض حاصل کریں۔ اللہ رب العالمین ہر ایک کو عمل کرنے میں کامیابی عطا فرمائے۔ بحق محمد وآل محمد علیہم السلام

استغاثہ بحضور حضرت ابوالفضل العباس علیہ السلام

دو رکعت نماز ہدیہ ابوالفضل العباسؑ پڑھیں۔ (۱۳۳) مرتبہ درج ذیل دُعا پڑھیں۔

یَا کَاشِفَ الْکَرْبِ عَنْ وَجْهِ الْحُسَیْنِ عَلَیْهِ السَّلَامُ

اے پریشانی کو دُور کرنے والے آپ کو امام حسین علیہ السلام کی قدر ومنزلت کا واسطہ

اِکْشِفْ کَرْبِیْ بِحَقِّ اَخِیْکَ الْحُسَیْنِ عَلَیْهِ السَّلَامُ

میری پریشانی کو دور فرمائیے۔ آپ کو آپ کے بھائی حضرت امام حسینؑ کے حق کا واسطہ اوّل وآخر گیارہ مرتبہ محمدؐ وآل محمد علیہم السلام پر درود پڑھیں۔

Scanned with CamScanner

مطب:
حیدر روڈ
اسلام پورہ لاہور

مردانہ بانجھ پن کا مستقل علاج

از قلم:
حکیم غضنفر مہدی

بطفیل محمد و آلِ محمدؐ قارئین امامیہ جنتری سے مسلسل رابطے کا آٹھواں سال ہے امسال میں مردوں کے مادہ منویہ (منی) میں اولاد پیدا کرنے والے جرثومے، مادہ تولید، نطفہ، کرم منی، دیرج، حیوانات منویہ، سپرم کی افزائش اگر رک جائے تو اس کی دوبارہ افزائش کرنے کا شافی علاج تحریر کر رہا ہوں۔ (جنتری میں آداب کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے مرض کی نوعیت کو تفصیلاً نہیں اجمالاً لکھ رہا ہوں)

اولاد عطیہ خداوندی ہے مگر اسکے حصول کے لئے قدرت نے کچھ لوازمات بنائے ہیں اور مردوں میں ان میں سب سے زیادہ اہم جزو مادہ حیات (منی) میں سپرم کا پایا جانا ہے جس کے بغیر اولاد کا حصول ناممکن ہے یہ خوردبینی لمبوترا سا کیڑا ہے جو کہ انسانی خصیوں میں پیدا ہوتا ہے اس کا سر، گردن، لمبی سی دم ہوتی ہے اور یہ دم مسلسل حرکت میں رہتی ہے جس سے یہ جرثومہ آگے کی طرف بڑھتا ہے۔ ایک جرثومے کی لمبائی 1/500 انچ اور چوڑائی 1/600 انچ ہوتی ہے ایک مرتبہ نزول شہوت کے وقت یہ کم از کم دو کروڑ سے بھی زیادہ تعداد میں خارج ہوتے ہیں۔ تندرست سپرم کی زندگی دو یوم تک بھی ہو سکتی ہے جبکہ کمزور سپرم آدھے گھنٹے بعد مرنا شروع ہو جاتے ہیں اور زیادہ سے زیادہ زندگی دو گھنٹے ہوتی ہے ہر جرثومے میں 23 کروموسومز کے جوڑے ہوتے ہیں x اور y۔ عورت میں فقط x x کروموسومز ہوتے ہیں اگر مرد کا x کروموسوم ملے تو لڑکی اور y سے لڑکا ہوتا ہے۔ مرد کے y کروموسومز کا جرثومہ زنانہ x جرثومہ سے وزن میں ہلکا، پتلا اور لمبا ہوتا ہے خارج ہونے والی منی میں سپرم، منی کی تھیلی کی رطوبت، غدود مذی و ودی، یوریتھرل غدودوں کی رطوبتیں شامل ہوتی ہیں جن میں سب سے اہم رطوبت ٹیسٹوسٹیرون ہے یہ ایک کیمیائی رطوبت ہے جو خون کے ساتھ مل کر تمام جسم میں پہنچ کر مردانہ خصوصیات پیدا کرتی ہے جس میں چہرے پر داڑھی، مونچھوں کے بال، مردانہ آواز، مردانگی شامل ہے اگر اس رطوبت کا افراز کم ہو جائے تو لڑکا لڑکی نظر آنے لگتا ہے اور خصیوں میں جرثوموں کی پیدائش بند ہو جاتی ہے ایسے مرد کی منی میں صرف مذی اور ودی ہوتی ہے جراثیم یعنی سپرم، کرم منی نہیں ہوتے اور جسمیں اس کی افزائش رک جائے تو ایسے افراد بے اولاد رہتے ہیں۔

بعض افراد میں جرثومے قدرتی طور پر کم یا نہیں ہوتے اور کچھ افراد اپنے ہاتھوں سے اپنی نسل برباد کر لیتے ہیں جن میں سر فہرست سوزاک کا لاحق ہونا ہے اس مرض سے سپرم ختم یا بالکل کم ہو جاتے ہیں اسکا جرثومہ عرصہ دراز تک جسم میں رہ کر نسل کشی میں مصروف رہتا ہے علاوہ ازیں خصیتین پر شدید ضرب لگنا جس سے اس میں سوزش کا ہو جانا، مکمل جنسی ہم آہنگی نہ ہونا، غلط جنسی ادویات کا بے دریغ استعمال، گردوں کی سوزش کا حالب نالیوں سے بڑھ کر مثانہ اور پھر خصیتین تک پہنچ جانا جس سے Semen Anaylis کی رپورٹ میں R.B.C، Puss Cells کا بڑھ جانا اور Consistency کا (Thin) اور Reation کا Acidic ہو جانا شامل ہے۔ جس کے باعث Volume کم اور Total Count 50 ملین سے کم ہو جاتا ہے۔

اگر سوزاک کی وجہ سے عارضہ لاحق ہے تو مندرجہ ذیل نسخہ پہلے استعمال کروائیں اور پھر کرم منی والا نسخہ استعمال کریں

نسخہ شب یمانی 1 تولہ، سنگ جراحت 1 تولہ، طوطیا 1/2 تولہ، بریاں کریں اور باریک پیس لیں سوا سیر پانی میں ملا کر خوب ہلائیں اور پچکاری ماریں۔

ہوالشافی قاقلان صنعار، سنگ جراحت، جوکھار، کباب چینی، شکر خام، لودھ پٹھانی، گیرو ہموزن لے کر سفوف بنائیں اور تین ماشہ شربت بزوری چار تولہ کے ساتھ سات یوم کھلائیں۔

اگر چوٹ، ضرب سے R.B.C اور PUS Cells آ رہے ہیں تو پہلے اسکا مندرجہ ذیل نسخہ سے علاج کروائیں

ہوالشافی جو ہر طوطیا چھ ماشہ، زیرہ سفید چھ ماشہ، برگ نیم ایک تولہ، شورہ ایک تولہ، ریوند چینی ایک تولہ، طباشیر ایک تولہ، کوزہ مصری پانچ تولہ لیکر سفوف بنائیں اور چار ماشہ بکری کے دودھ کی لسی کے ساتھ استعمال کریں۔

اگر Consistency، Thin اور Reation، Acidic تو پہلے مندرجہ ذیل نسخہ استعمال کریں

ہوالشافی سبوس اسپغول ایک تولہ، ستاور ایک تولہ، تالمکھانہ ایک تولہ، گوگھرو ایک تولہ، اندر جو شیریں آدھا تولہ، بہجند آدھا تولہ، جلنار آدھا تولہ، دانہ قاقلان خورد آدھا تولہ، ملٹھی چھلی آدھا تولہ، کشنیز آدھا تولہ، گل احمر سات تولہ اور مصری چودہ تولہ لے کر سفوف بنائیں۔ مقدار خوراک: تین ماشہ صبح، تین ماشہ شام ہمراہ آب تازہ

کرم منی کے لئے مندرجہ ذیل نسخہ استعمال کریں

ہوالشافی اسگند ناگوری، بدھارا، ستاور، اندر جو شیریں، موصلی سفید، خراطین مصفی، مغز بنولہ، مغز جیاپوا، مغز سنگھاڑا، ثعلب مصری، جند بدستر، علک، چاروں گوند، قند سفید تمام ادویات ایک ایک تولہ لے کر باریک سفوف بنائیں اور دودھ کے ساتھ پانچ ماشہ صبح، پانچ ماشہ رات کو استعمال کریں

ہر مرض کے علاج کے لئے مکمل اعتماد سے تشریف لائیں

بالمشافہ ملاقات کیلئے
اسسٹنٹ پروفیسر حکیم غضنفر مہدی یونانی میڈیکل کالج لاہور

رضا ہربل کمپلیکس (رجسٹرڈ)
اوقات مطب: صبح 11 تا 1 بجے ≡ شام 5 تا 10 بجے رات

حیدر روڈ بالمقابل شیعہ جامع مسجد اسلام پورہ (کرشن نگر) لاہور
042-37159348 موبائل 0333-4356949, 0312-5129214

Scanned with CamScanner

نومولود کے اسلامی نام

قارئین امامیہ جنتری۔ السلام علیکم! سال 2012ء میں اپنے بچوں اور خاص طور پر نومولود بچوں کے صدقہ کو یقینی بنائیں نام کی تلاش مطلب اعداد وغیرہ میں خاص احتیاط سے کام لیا گیا ہے کسی بھی غلطی کا احتمال ممکن ہے۔ آپ کی مثبت تنقید ہمارے لیے بہترین راستہ ہے نومولود کا نام رکھنے سے قبل اسکا پیدائشی زائچہ ضرور بنوالیں۔۔ قارئین کرام۔ یہ امامیہ جنتری کا ہی طرۂ امتیاز ہے کہ ہم لوگ آپ کی عرصہ دراز سے بلا معاوضہ خدمت سرانجام دے رہے ہیں۔ ہم آپ کے بچوں اور اہل خانہ کی سلامتی کیلئے دُعا گو ہیں آپ سے بھی گذارش ہے کہ آپ بھی ہمارے مرحومین کیلئے دُعا کریں۔ اپنا زائچہ۔ روزگار، صحت شادی، دیگر معاملات کیلئے رابطہ کریں۔ رابطہ کے اوقات صبح 10 بجے رات 8 بجے تک۔

سید قمر حسین نقوی لیہ
فون نمبرز 0302-7846655 0333-4376657

لڑکوں کے نام

نمبر شمار	نام	مطلب	اعداد	مفرد اعداد	عنصر
1	محمد مہدی	ہدایت۔ رہنما	34	7	آتشی
2	محمد اشہد مہدی	.گواہی دینے والا	47	2	آتشی
3	محمد احد علی	لاشریک	44	8	آتشی
4	منتقم محمد مہدی	انتقام لینے والا	32	5	آتشی
5	محمد تقی عباس	پرہیزگاری	42	6	آتشی
6	محمد حنان علی	بے پناہ رحمت	50	5	آتشی
7	محمد قائم رضا	ہمیشہ۔ سدا	37	1	آتشی
8	محمد عون رضا	مددگار	49	4	آتشی
9	اِزعان عباس	فرمانبدار۔ ماننے والا	37	1	آتشی
10	ارمغان حیدر	تحفہ۔ ہدیہ	29	2	آتشی
11	اساول حسین	قاصد۔ پیامبر	37	1	آتشی
12	اِذن عباس	اجازت	29	2	آتشی
13	زائرعباس	زیارت کرنے والا	26	8	آبی
14	زہاب حیدر	چشمہ	30	3	آبی
15	سجل عباس	صاف۔ عمدہ	28	1	آبی
16	اعیان حیدر	آنکھیں	30	3	آتشی
17	انصار حسین	مددگار	38	2	آتشی
18	ابدال حسین	نیک۔ بزرگ	31	4	آتشی
19	جرار حیدر	بہادر۔ شیر	23	5	آبی
20	ابوتراب حیدر	مٹی کا باپ	33	6	آتشی
21	اتصاف حیدر	تعریف کیا جانا	38	2	آتشی
22	حُب علی	محبت۔ پیار	21	3	خاکی
23	انظار حسین	نظر۔ دیکھنا	38	2	آتشی
24	ایقان حیدر	یقین۔ اعتبار	24	6	آتشی
25	بصیر حیدر	دیکھنے والا	29	2	بادی
26	تضمین علی	ملانا۔ شامل کرنا	33	6	بادی
27	تقرّب علی	قرب۔ نزدیکی	20	2	بادی
28	توّاب حیدر	توبہ قبول کرنیوالا	28	1	بادی
29	ثمار حیدر	پھل۔ میوہ	27	9	بادی
30	شافع حیدر	شفاعت کرنیوالا	39	3	آتشی
31	شجاع حیدر	دلیر۔ بہادر	29	2	آتشی
32	شجر عباس	سایہ دار درخت	24	6	آتشی
33	شجیع حیدر	بہادر۔ نڈر	29	2	آتشی
34	صارم علی	تلوار	27	9	بادی
35	صائم عباس	روزہ دار	30	3	بادی
36	صراط حسین	راستہ	41	5	بادی
37	صواب حیدر	نیکی۔ عمل	33	6	بادی
38	باعث علی	اللہ تعالیٰ کا نام	26	8	بادی
39	مقدم حسین	بزرگ بڑا۔ دلیر۔ بہادر	33	6	آتشی
40	طسؔ عباس	نبی کریم کا لقب	36	9	آتشی
41	مطہر حسین	پاک پاکیزہ	40	4	آتشی
42	جواد حیدر	نبی کریم کا لقب	29	2	آبی
43	مبعوث حیدر	بھیجا گیا	39	3	آتشی
44	داعی حیدر	نبی کریم کا لقب	27	9	خاکی
45	مصدق علی	تصدیق۔ گواہی	29	2	آتشی
46	صولت عباس	رعب۔ دبدبہ	38	2	بادی
47	عاطر عباس	خوشبودار	35	8	خاکی
48	عاکف علی	عبادت کرنیوالا	29	2	خاکی
49	عاطف عباس	شفیق مہربان	41	5	خاکی
50	عون محمد	مددگار	38	2	خاکی
51	وہاب حیدر	بہت بخشنے والا	29	2	بادی
52	معیز علی	عزت دینے والا	30	3	آتشی
53	محمد طٰہٰ	نبیؐ کا لقب	34	7	آتشی
54	صادق علی	اقرار کرنا	25	7	بادی
55	صمیم حیدر	سچا۔ مخلص	33	6	بادی
56	عازم علی	ارادہ۔ قصد	30	3	خاکی
57	رافع حیدر	اللہ تعالیٰ کا نام	33	6	خاکی
58	مقدم حسین	اعلیٰ۔ پاکیزہ	33	6	آتشی
59	کامل رضا	مکمل، پورا	21	3	آبی
60	نصر علی	مددگار	27	9	بادی
61	عترت حسین	عزت۔ خاندان	37	1	خاکی
62	وصی عباس	جانشین	32	5	بادی
63	ساجدین رضا	سجدہ کرنیوالا	31	4	آبی
64	اقرار حسین	تسلیم کرنا	27	9	آتشی
65	عین رضا	آنکھیں	24	6	خاکی
66	عقیل رضا	عقل مند	27	9	خاکی
67	علیؑ	اونچا۔ بلند	11	2	خاکی
68	محمدؐ	تعریف کیا گیا	20	2	آبی

Scanned with CamScanner

69	فتاح حیدر	بہت فتح کرنیوالا	36	9	آتشی	78	اشراق علی	روشن	19	1	آتشی	87	فقیہ حیدر	داناعالم	30	3	آتشی
70	حسن	نیک خوبصورت	19	1	خاکی	79	اعتصام حیدر	گناہ سے بچنا	41	5	آتشی	88	محمد مبین حیدر	ظاہر۔صاف	47	2	آتشی
71	حسین	خوبصورت	20	2	خاکی	80	برہان علی	یقینی۔دلیل	26	8	بادی	89	یاسر عباس	بلندی۔ترقی	26	8	بادی
72	فقال حیدر	بہت کام کرنیوالا	28	1	آتشی	81	تاثیر حیدر	اثر کرنا	28	1	بادی	90	ظفریاب حیدر	فتح پانے والا	38	2	آبی
73	قسام علی	تقسیم کرنے والا	23	5	آبی	82	رحمٰن حیدر	رحم والا	34	7	خاکی	91	ریان حیدر	جنت کا دروازہ	24	6	خاکی
74	لسان حیدر	زبان	30	3	خاکی	83	طیار حیدر	اڑنے والا	28	1	آتشی	92	ریحان حیدر	خوشبو۔تلسی	25	7	خاکی
75	لقاعلی	دیدار۔ملاقات	16	7	خاکی	84	عبادعلی	عبادت کرنیوالا	25	7	خاکی	93	سبط حسن	اولاد	36	9	آبی
76	ارتضیٰ علی	راضی ہونا	27	9	آتشی	85	متین حیدر	مضبوط نمونہ	29	2	آتشی	94	سجاد حیدر	سجدہ کرنیوالا	29	2	آبی
77	اساس حیدر	جڑ۔بنیاد	29	2	آتشی	86	عباس علی	شیر	27	9	خاکی	95	عمار حیدر	آباد کرنیوالا	29	2	خاکی

لڑکیوں کے نام

						25	اقدس زہرا	پاک۔اطہر	27	9	آتشی	51	ردابتول	چادر	22	4	خاکی
						26	انشابتول	عبادت	25	7	آتشی	52	رحاحین زہرا	خوشبودار پھول	40	4	خاکی
1	آیت زہرا	نشانی	21	3	آتشی	27	بضاعت زہرا	سرمایہ، پونجی	38	2	بادی	53	سقایہ بتول	پانی پلانوالی	29	2	آبی
2	پارسابتول	متقی پرہیزگار	27	9	بادی	28	بسان زہرا	مشابہ	29	2	بادی	54	شفازہرا	تسکین دینے والی	27	9	آتشی
3	ظل حنا زہرا	چھاؤں۔پناہ	41	5	آبی	29	تشبیہ زہرا	مشابہت	30	3	بادی	55	شفق زہرا	صبح صادق کی روشنی	27	9	آتشی
4	آل بتول	اولاد	19	1	آتشی	30	تسبیح فاطمہ	وظیفہ	48	3	بادی	56	رخسار زہرا	گال	32	5	خاکی
5	آدرش زہرا	آئینہ۔سیرت	20	2	آتشی	31	تقدس زہراً	پاک پاکیزہ	31	4	بادی	57	رخش زہرا	رنگ۔چمک	26	8	خاکی
6	آسابتول	اُمید۔بھروسہ	23	5	آتشی	32	آئمہ بتول	پیشواء	25	7	آتشی	58	فدک زہرا	باغ۔ملکیت	29	2	آتشی
7	آنچل زہرا	دوپٹہ۔چادر	27	9	آتشی	33	بریں زہرا	اعلیٰ بلند	25	7	بادی	59	زائرہ بتول	زیارت	30	3	آبی
8	انسہ بتول	محبت کرنے والی	32	5	آتشی	34	پائے بتول	قدم۔پاؤں	19	1	بادی	60	سلاسل بتول	زنجیر	34	7	آبی
9	آیہ بتول	نشانی	22	4	آتشی	35	تسمیہ بتول	بسم اللہ	35	8	بادی	61	شبیہہ بتول	مانند۔تصویر	26	8	آتشی
10	ابتسام زہرا	مسکراہٹ	33	6	آتشی	36	تسنیم زہرا	جنت کی نہر	35	8	بادی	62	صالحہ بتول	نیک۔پاک	41	5	بادی
11	ابتہاج زہرا	خوشی مسرت	31	4	آتشی	37	تقیہ بتول	پرہیزگاری	26	8	بادی	63	عترت زہرا	اولاد	32	5	خاکی
12	اتحاف زہرا	تحفہ سوغات	37	1	آتشی	38	توسل زہرا	وسیلہ	34	7	بادی	64	عافیت زہرا	سلامتی	36	9	خاکی
13	اتقیابتول	زہد۔تقویٰ	23	5	آتشی	39	حرمت زہرا	عزت آبرو	33	6	خاکی	65	عذب زہرا	خوشگوار	32	5	خاکی
14	اجالابتول	روشنی	24	6	آتشی	40	حورعین زہرا	کشادہ آنکھیں	44	8	خاکی	66	عقیلہ بتول	دانا	32	5	خاکی
15	اخلاص زہرا	پاکیزہ۔پاک	35	8	آتشی	41	دُرنجف زہرا	نجف کا موتی	37	1	خاکی	67	علیہ بتول	رحمت	31	4	خاکی
16	ادازہرا	انداز	21	3	آتشی	42	ذریات زہرا	آل۔اولاد	29	2	آتشی	68	علیس زہرا	جنت	32	5	خاکی
17	اتقابتول	تقویٰ	22	4	آتشی	43	تمکین زہرا	رتبہ۔وقار	31	4	بادی	69	عبدیت زہرا	بندگی	33	6	خاکی
18	ارحم بتول	رحم کرنے والی	30	3	آتشی	44	ثروت زہرا	مال۔دولت	32	5	آبی	70	عاطفہ بتول	شفیق، مہربانی	45	9	خاکی
19	افصح بتول	خوش کلام	41	5	آتشی	45	حرمین زہرا	پاک۔پاکیزہ	35	8	خاکی	71	عزت زہرا	آبرو۔بزرگی	43	6	خاکی
20	اَنساب بتول	نسب۔خاندان	30	3	آتشی	46	حنابتول	مہندی	29	2	خاکی	72	عقبیٰ بتول	آخرت۔عاقبت	26	8	خاکی
21	اِرتباط زہرا	محبت۔دوستی	34	7	آتشی	47	رَجابتول	اُمید۔آس	21	3	خاکی	73	علیا بتول	پارسائی	39	3	خاکی
22	ارض زہرا	زمین	26	8	آتشی	48	رخ زہرا	رخسار۔گال	23	5	خاکی	74	طیبہ بتول	پاک	32	5	خاکی
23	ارفعِ بتول	بلند عالی مرتبہ	34	7	آتشی	49	درشہوار	موتی	23	5	خاکی	75	عفاف زہرا	پارسائی	39	3	خاکی
24	اَرز زہرا	عزت۔مرتبہ	25	7	آتشی	50	رخشاں بتول	چمکنے والا	32	5	خاکی	76	علیمہ بتول	جاننے والی	35	8	خاکی

77	صدف زہرا	موتی	36	9	بادی	84	محسنہ زینب	نیکی کرنے والی	49	4	آتشی	91	ابصار زہرا	آنکھیں	30	3	آتشی
78	زہرا بتول	درخشاں	30	3	آبی	85	کوکب بتول	روشن۔ بڑا ستارہ	27	9	آبی	92	نمیرہ بتول	بے داغ۔ ابرو	32	5	بادی
79	حوریہ بتول	حسین، حور	37	1	خاکی	86	کبریٰ بتول	بزرگ	21	3	آبی	93	مثال زہرا	نمونہ	28	1	آتشی
80	حدیقہ بتول	باغ	34	7	خاکی	87	شمیلہ بتول	کونپل۔ عادت	31	4	آتشی	94	کنیز فاطمہ	باندی	41	5	آبی
81	اریکہ بتول	تخت	26	8	آتشی	88	سکینہ بتول	سکون۔ آرام	34	7	آبی	95	فریحہ بتول	خوشی۔ فرحت آتشی	39	3	آتشی
82	نشاط زہرا	خوشی۔ شادمانی	33	6	آتشی	89	تبسم زہرا	مسکراہٹ	34	7	بادی	96	علیشہ بتول	بہترین۔ عمدہ	34	7	خاکی
83	معصومہ بتول	پاک دامن	50	5	آتشی	90	ایمن زہرا	مبارک	26	8	آتشی	97	علیہا بتول	بلندی	32	5	خاکی

سیّد قمر حسین نقوی — مکان نمبر 70/A عطیہ اہل بیت محلہ بیلے والا لیہ سٹی پنجاب لیہ۔ فون نمبرز 0302-7846655 0333-4376657

عقیقہ

عقیقہ سنت مؤکدہ ہے۔ اور گوسفند کی بجائے اس کی قیمت تصدق کرنا کافی نہیں ہے اگر بچہ کی پیدائش کے ساتویں روز کسی وجہ سے عقیقہ نہ ہو سکے تو اُس کے بالغ ہونے کے وقت تک ولی کے ذمہ ہے اور بالغ ہونے کے بعد اُسے خود اپنا عقیقہ کرنا چاہئے اور اگر بچہ ساتویں روز بعد زوال مر جائے تو بھی عقیقہ کا استحباب ساقط نہیں ہوتا حدیث میں ہے کہ جب تک عقیقہ نہیں ہوتا۔ بچہ آفتوں میں مبتلا رہتا ہے اور عقیقہ کیلئے اونٹ پانچ برس کی عمر سے اور بکرا دو سال سے اور بھیڑ یا دنبہ ایک سال سے کم نہ ہو زیادہ کی کوئی حد نہیں ہے اور سنت ہے کہ اس میں قربانی کے جانور کی سب شرطیں پائی جائیں۔ یعنی دبلا پتلا نہ ہو اور کسی قسم کا جسمانی عیب اُس میں نہ ہو۔ چاہئے کہ عقیقہ کا جانور نر ہو خواہ مولود لڑکا ہو یا لڑکی۔ اور سنّت ہے کہ ذبح کے بعد جانور کا بند سے بند جدا کریں۔ ہڈیاں نہ توڑی جائیں اور گوشت پکا کر کم سے کم دس مومنین کی دعوت کی جائے اور کچا گوشت تقسیم کرنے میں بھی مضائقہ نہیں ہے اور عقیقہ کا چوتھا حصہ پاؤں کی طرف سے دایہ کو دیا جائے اور اگر دایہ نہ ہو تو ماں کو دیا جائے کہ وہ اُسے تصدق کر دے اور تین حصے حاجت مند مومنین میں تقسیم کر دئے جائیں۔ اور چاہئے کہ بچہ کے ماں باپ اس گوشت کو نہ کھائیں بلکہ اُن کے متعلقین جن کا کھانا پہننا اُن کے ذمہ ہو وہ بھی نہ کھائیں۔ بال منڈوانے سے پہلے جانور کو ذبح نہ کیا جائے بلکہ بعد میں یا دونوں کام ایک ہی وقت میں ایک ہی مقام پر ہوں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ ذبح کے وقت یہ دُعا پڑھے۔

بِسْمِ اللهِ وَبِاللهِ اَللّٰهُمَّ هٰذِهٖ عَقِيُقَة عن فلاں بن فلاں لَحْمُهَا بِلَحْمِهٖ وَدَمُهَا بِدَمِهٖ وَعَظْمُهَا بِعَظْمِهٖ وَشَعْرُهَا بِشَعْرِهٖ وَجِلْدُهَا بِجِلْدِهٖ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا وِقَاءً لِاٰلِ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ وَاٰلِهِ السَّلَامُ (فلاں بن فلاں کی جگہ لڑکے اور اس کے باپ کا نام لے) اور اگر لڑکی کا عقیقہ ہو تو اس دُعا کو اسی طرح پڑھے۔ بِسْمِ اللهِ وَبِاللهِ اَللّٰهُمَّ هٰذِهٖ عَقِيْقَةٌ عَنْ فُلَانَةَ ابْنَةِ فُلَانَ لَحْمُهَا بِلَحْمِهَا وَدَمُهَا بِدَمِهَا وَعَظْمُهَا بِعَظْمِهَا وَشَعْرُهَا بِشَعْرِهَا وَجِلْدُهَا بِجِلْدِهَا اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا وِقَاءً لِاٰلِ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ وَاٰلِهِ السَّلَامُ اور یہاں بھی فلاں بن فلاں کی جگہ لڑکی کا اور اُس کے باپ کا نام لے۔

ختنہ

بچہ کی پیدائش کے ساتویں دن ختنہ کرنا سنت ہے حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ اپنے بچوں کا ساتویں روز ختنہ کرو۔ کہ اس سے بچہ کا بدن زیادہ پاک ہوتا ہے اور اس کے بدن میں گوشت جلد پیدا ہوتا ہے۔ اور جس کا ختنہ نہ ہوا ہو۔ زمین اُس کے پیشاب سے کراہت کرتی ہے۔ بچہ کا ختنہ بلوغ تک ولی کے ذمہ ہے اور جب لڑکا بالغ ہو جائے تو پھر خود اُس پر واجب ہے اور ختنہ کے وقت یہ دُعا پڑھی جائے۔ اَللّٰهُمَّ هٰذِهٖ سُنَّتُكَ وَسُنَّةُ نَبِيِّكَ صَلَوَاتُكَ عَلَيْهِ وَاٰلِهِ وَاِتِّبَاعٌ مِّنَّا لَكَ وَنَبِيِّكَ لِمَشِيَّتِكَ وَاِرَادَتِكَ وَقَضَآئِكَ لِاَمْرٍ اَرَدْتَّهٗ وَقَضَاءٍ حَتَمْتَهٗ وَحُكْمٍ اَنْفَذْتَهٗ فَاَذِقْهُ فَادْفَعْ عَنْهُ حَرَّ الْحَدِيْدِ فِيْ خِتَانِهٖ وَحِجَامَتِهٖ لِاَمْرٍ اَنْتَ اَعْرَفُ بِهٖ مِنِّيْ اَللّٰهُمَّ فَطَهِّرْهُ مِنَ الذُّنُوْبِ وَزِدْ فِيْ عُمْرِهٖ وَادْفَعِ الْاٰفَاتَ عَنْ بَدَنِهٖ وَالْاَوْجَاعَ عَنْ جِسْمِهٖ وَزِدْهُ فِي الْغِنٰى وَادْفَعْ عَنْهُ الْفَقْرَ فَاِنَّكَ تَعْلَمُ وَلَا نَعْلَمُ

سیدہ ارم نقوی اٹک

خوشگوار زندگی کیلئے
(مجرب عمل)

محترم قارئین امامیہ جنتری السلام علیکم! اپنی بہت ساری دکھیاری ماؤں بہنوں کے پرزور اصرار پر کہ میں اپنا عمل محبت شائع شدہ امامیہ جنتری 2006ء والا دوبارہ پیش کروں یا اس جیسا پر اثر کوئی اور عمل ہو۔ لہٰذا میں ایک اس سے زیادہ بہتر پر اثر عمل تسخیر و محبت بذریعہ امامیہ جنتری 2012 حاجت مندوں کی نذر کر رہی ہوں، یہ عمل میرے شفیق استاد والد محترم سید ضیاء نقوی کے مجربات میں سے ہے۔ ان کی اجازت سے امامیہ جنتری کے لیے مخصوص کر رہی ہوں، یہ کثیر الفوائد ہے جس میں سے چند ایک حسب ذیل ہیں۔

ایسے میاں بیوی کہ جن کے درمیان ناچاقی رہتی ہو یا شدید اختلاف ہو گیا ہو، ازدواجی زندگی جہنم بن کے رہ گئی ہو اور نوبت طلاق تک پہنچ چکی ہو تو یہ عمل تثلیث/تسدیس زہرہ و زحل میں کریں تو دونوں ایک ہو کر خوشگوار زندگی بسر کریں گے۔ اگر دو فریقین کے درمیان نسبت رنگنی ہو چکی ہو اور ٹوٹنے کا اندیشہ ہو تو اس کی برکت سے منگنی قائم و دائم رہے گی۔ اگر کوئی مکان، جائیداد یا زمین چھن جانے کا خطرہ ہو، خواہ کوئی مقدمہ ہو، یا ملازمت چھوٹ جانے کا اندیشہ ہو یا عہدہ و ترقی کا چانس ہاتھ سے نکل جانے کا خدشہ ہو تو ان مقاصد کیلئے یہ عمل تسدیس شمس و زحل میں کریں۔ ایسی بیوی جو خاوند سے دلبرداشتہ ہو، متنفر ہو یا سسرال میں نہ رہنا چاہتی ہو، روٹھ کر میکے چلی جاتی ہو یا ایسے شوہر کے لئے جو بیوی کو پوچھتے تک نہیں اور غیر عورتوں میں دلچسپی رکھتا ہو علاوہ ازیں جو بچے گھر سے بھاگ جاتے ہوں یا گم شدہ بچوں کی بازیابی وغیرہ۔ ان امور خیر کیلئے یہ عمل تثلیث / تسدیس زحل و عطارد میں کرے۔ (یہ اوقات تقریباً ماہ یا ڈیڑھ ماہ بعد ہر سال مل جاتے ہیں)۔ ان تمام امور کی حفاظت و استحکام کے لیے اور جن لوگوں کے لیے زحل نحس ہے۔ اس کی نحوست سے بچنے کیلئے اللہ جل شانہٗ کے ان چھ مبارک اسماء کی قدوسی طاقتوں کی مدد لی جاتی ہے ان اسماء میں یہ قوت ہے کہ سیارگان کی قوت کو تیزی سے جذب کرلیں اور اس کا انعکاس کرکے اس شخص کو فائدہ دیں جو ان اسماء مبارک کی لوح کا حامل ہو۔ یہ نقش مبارک زعفران و گلاب سے لکھے جا سکتے ہیں۔ لیکن بوجہ پسینہ حروف معدوم ہو جانے کی صورت میں اثر زائل ہو جائے گا۔ لہٰذا چاندی کے پترے پر کندہ کریں تو زود اثر اور دیرپا ہو گا۔ نقش مکمل کرکے اس کے گرد حروف صوامت (ا د ہ و ح ل م س ع ص ر) کا حصار کریں۔

نوٹ:۔ شاید بعض احباب کو یہ شک گزرے کہ زحل ایک منحوس ستارہ ہے اس میں عمل تسخیر و محبت خلاف قاعدہ ہے لیکن دانایان نجوم سے یہ بات پوشیدہ نہیں کہ زحل گو منحوس ستارہ ہے لیکن سعد ستارہ کے ساتھ مل کر اس کی طبیعت سے نحوست زائل ہو جاتی ہے اور پھر استحکام اور طویل المیعاد مدت کام کرتا ہے تجربہ شاہد ہے۔

مذکورہ نقش مع چال یہ ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

36 القدوس	30 الملک	24 الرحیم	13 الرحمن	7 اللہ	1 ھو
25 116	19 284	3 13	35 200	17 333	12 71
6 16	10 69	14 330	21 286	28 119	32 197
20 285	2 12	29 120	11 70	31 196	18 334
15 331	34 199	8 67	27 118	5 15	22 287
9 68	16 332	33 198	4 14	23 288	26 117

میکائیل وفق 1017

یہاں اپنا مقصد لکھیں

ہدایات: 1- ہر حاجت مند کو صرف اپنے لیے یہ عمل کرنے / لکھنے کی اجازت ہے
2- نقش لکھنے والے نے حروف تہجی کی زکوٰۃ ادا کی ہوئی ہو یا کسی عامل سے لکھوائیں۔
3- ہر دو سیارگان کا بخور بوقت عمل لازماً روشن کریں۔
4- نقش / لوح مکمل کرنے کے بعد اس کے نیچے اپنا مقصد لکھیں۔
5- نقش / لوح پہننے کے بعد کسی میٹھی پاک چیز یا فروٹ پر محمدؐ و آل محمدؐ کا ختم دلا کر تقسیم کردیں۔

دوسرا تیر بہدف نقش کامیابی

حصول علم، کامیابی در امتحان، شادی میں رکاوٹ، ترقی نہ ہونا، حصول ملازمت میں کامیابی کیلئے نام طالب مع والدہ کے اعداد قمری اس میں مطلوب مع والدہ کے اعداد قمری شامل کرکے اس میں قانون عمل کے اعداد 35 شامل کرکے میزان کریں۔ اگر مطلوب (مقصد) امتحان، ترقی، شادی، ملازمت ہے تو اس کے اعداد لے کر میزان کریں۔

جبرائیل

قول — اسرافیل — عزرائیل — میکائیل — وفق 382

14 / 101	1 / 88	8 / 95	11 / 98
7 / 94	12 / 99	13 / 100	2 / 89
9 / 96	6 / 93	3 / 90	16 / 103
4 / 91	15 / 102	10 / 97	5 / 92

نقش مربع بنانے کا طریقہ: اعداد کے کل میزان سے 30 عدد نفی کریں اور 4 پر تقسیم کریں باقی اگر ایک بچے تو خانہ نمبر 13 اگر 2 باقی بچے تو خانہ نمبر 9 اگر 3 باقی بچے تو خانہ نمبر 5 کسر لیں۔ یعنی ایک عدد کا اضافہ کریں۔ مثال! نام

طالب احسان علی بن عطیہ اعداد قمری	324
مقصد امتحان بی اے۔	23
اعداد قانون	35
میزان کل	382

کلیہ نقش:۔ 382 - 30 = 352 ÷ 4 = 88

ہدایات: 1- یہ نقش صرف اپنی ضرورت کے لیے لکھنے کی اجازت ہے۔

2- لکھنے والے نے کم از کم حروف تہجی کی زکوٰۃ دی ہوئی ہو یا کسی ایسے عامل سے لکھوائیں جس نے زکوٰۃ ادا کی ہو۔

3- نقش زعفران و عرق گلاب اور سرکنڈا یا کاہی کے قلم سے لکھا جائے۔

4- یہ نقش بہر صورت تسدیس عطارد زہرہ یا عطارد مشتری میں لکھا جائے۔

5- متعلقہ سیارگان کا بخور کیا جائے۔

سیدہ ارم زہرا نقوی دختر سید ضیاء نقوی اٹک

موبائل فون نمبر: 0321-5702541 - 0302-5465514

دعوت تسمیہ

جب کوئی شخص مضطرب حال ہو غربت افلاس سے نڈھال ہو کثیر العیال ہو۔ کسب معاش کے راستے بند ہو چکے ہوں کوئی مشکل ترین عمل درپیش ہو۔ یا ایسی لڑکیاں جن کی شادی نہ ہو رہی ہو، عمر گزرتی جارہی ہوں۔ والدین پریشان ہوں۔ یا کسی حاکم جابر/آفیسر کی تسخیر مطلوب ہو۔ تو بسم اللہ الرحمن الرحیم کا درج ذیل عمل 7 دن خلوص نیت سے کریں تو ہر قسم کہ مہمات بخیر و عافیت 7 دنوں میں انجام پذیر ہوں گی۔ انشاء اللہ

طریقہ عمل: عروج ماہ بروز جمعہ ساعت زہرہ میں جب کہ قمر نحوست سے پاک ہو۔ تو تسمیہ کا ورد شروع کریں لیکن یاد رہے کہ یہ عمل جلالی ہے لہٰذا جلالی پرہیز کے ساتھ ترک حیوانات روزانہ 786 مرتبہ 7 دن میں پڑھیں۔ پہلے دن تسمیہ کے حسب ذیل عربی و عددی 2 نقوش مساوی السطور لکھیں خانہ جات میں ذرہ برابر فرق نہ ہو۔ اور عین ایک دو کی پشت پر ہوں کہ خانہ کے اوپر خانہ آجائے۔ ان دونوں نقوش کو علیحدہ رکھیں پھر اور ایک عربی و عددی نقش لکھیں جن کے خانہ جات مساوی ہوں اور ایک دوسرے کی پشت پر آجائیں پہلے لکھے ہوئے 2 نقوش (2 عربی 2 عددی ان کو باہم ملائیں تو 2 نقوش بن جائیں گے) دریا میں بہادیں۔ تیسرا عربی و عددی نقش کا جوڑا پاس رکھیں۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ پڑھتے وقت سامنے ہو۔ انشاء اللہ 7 دن میں مشکل حل ہو جائے گی۔ جو بھی اس عمل سے استفادہ کریں تو بانی امامیہ جنتری آغا نثار احمد مرحوم کو فاتحہ کا ثواب پہنچائیں۔

ہدایات: 1۔ ہر حاجت مند اپنی ذات کیلئے یہ عمل کر سکتا ہے۔

2۔ نقش لکھنے کی اہلیت نہ ہو تو کسی عامل سے مندرجہ بالا پرہیز سے لکھوائیں۔

3۔ نقوش زعفران عرق گلاب اور کاہی کی قلم سے لکھے جائیں۔

4۔ بہتر یہ ہے کہ چاندی کے ایک پترا پر دونوں طرف ایک ایک نقش کندہ کیا جائے کہ خانے کے اوپر خانہ آئے۔

5۔ یہ نقش پاس رہے روزانہ 786 مرتبہ بسم الرحمن الرحیم مقصد حل ہونے تک پڑھیں۔

نوٹ: جمیع الواح شرفات کواکب معہ عکس شرف زحل اکتوبر 2011ء (انتیس سال بعد میسر ہے) دستیاب ہیں۔

جبرائیل

اسرافیل — عزرائیل — میکائیل

9 الرحیم	6 الرحمٰن	3 اللہ	16 بسم
4 اللہ	15 بسم	10 الرحیم	5 الرحمٰن
14 بسم	1 اللہ	8 الرحمٰن	11 الرحیم
7 الرحمٰن	12 الرحیم	13 بسم	2 اللہ

جبرائیل

اسرافیل — عزرائیل — میکائیل

9 ١٩٧	6 ١٩٤	3 ١٩١	16 ٢٠٤
4 ١٩٢	15 ٢٠٣	10 ١٩٨	5 ١٩٣
14 ٢٠٢	1 ١٨٩	8 ١٩٦	11 ١٩٩
7 ١٩٥	12 ٢٠٠	13 ٢٠١	2 ١٩٠

گدائے در محمدؐ و آل محمدؐ سید ضیاء نقوی عامل روحانی، نزد امام بارگاہ حسینیہ شین باغ خورد ضلع اٹک فون نمبر 0301-7899755/0322-5727014

۷۸۶

نقوشِ ایّامِ ہفتہ از حضرت امام زین العابدین علیہ السّلام

ہر روز دنوں کی مناسبت سے ان نقوش پر نظر ڈالنے والے کی دینی و دنیاوی جائز حاجات پوری ہونگیں جملہ آفات و بلیات سے خداوند تعالیٰ کی حفاظت میں رہے گا۔ خلائق کی نظر میں محترم رہے گا۔ اس کے دشمن مقہور ہونگے

بروز اتوار

اِنَّا فَتَحْنَا	لَکَ فَتْحًا	مُّبِیْنًا	یَا سُبُّوحُ	یَا قُدُّوسُ
۱	۱ع۱۱	۹۷	۱۸۱	۲۵۸
۸۷	۷	۲	۵۹۵	ع۹
ع	۱۸ع	۱۹۲	۱ع۵	۵۵ع۵
۱۹۲	ع۹	ح	۱ع	۱۸
لَآ	اِلٰہَ	اِلَّا اللّٰہُ	مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ	اللّٰہِ

بروز پیر

نَصْرٌ مِّنَ اللّٰہِ	وَفَتْحٌ قَرِیْبٌ	وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِیْنَ	فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا	وَھُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ
۱	۱۸۱	۸	۷	۱۵
۸	ع	۷	۱۷۳	۵ عھ
ع	۱ع	۲۷۲	۷	ع۸
ع۲	۱۸	ع۳	۷	۷۱ع
لَآ اِلٰہَ	اِلَّا اللّٰہُ	مُحَمَّدٌ	رَّسُوْلُ	اللّٰہِ

بروز منگل

یَا نُوْرَ النُّوْرِ	یَا مُنَوِّرَ	النُّوْرِ	یَا خَالِقَ	النُّوْرِ
۱۹	۱۸	۹۷۱	۸	۹ع
۵ع۳	۷	۲ع	۷	۷۲
۲۲	۲۴	۲	۲	۵ع۳
۳۹	عھ۵	۱ع	ع۷	۴۴عھ
لَآ اِلٰہَ	اِلَّا اللّٰہُ	مُحَمَّدٌ	رَّسُوْلُ	اللّٰہِ

بروز بدھ

یَآ اَللّٰہُ	یَا فَتَّاحُ	یَا اَللّٰہُ	یَا قُدُّوسُ	یَا رَزَّاقُ
۱	۱۸۱	۸۱۸۸	۱۱۸	۹۸
۹	۱۸	۷	۳	۳
ع	ع	۲۱	۲۸۲	۳
۱۴	عھ	ع	عھ	۵۲۵
۱	۸۱	۱۱	۲۸	۳

بروز جمعرات

یَا بَدُّوحُ	یَا وَدُوْدُ	یَآ اَللّٰہُ	یَا فَتَّاحُ	یَا سُبُّوحُ
۱	۲۱	۱۰۰	۷	۲۰۲
۱۲	۶	۱۳	۳	۲
عھ	ع	۹	۹	۱۹
۲	۹	۱۲۹	ع	۱۹۹
ع۹	۸	۳۱	۳	۳

بروز جمعہ

ملیقًا	ملیقًا	انت تعلم	مافی قلوبھم	ملیقًا
۱	۱ع	۲	ع	۱۸
ع	۵عھ۵	۵۵۷۸	۱۲	۱۲
۷۲	ع	۱۲	ع۵	۱۳
۵۲۵	ع	۱۳۱	۱۹ع	۳
لَآ اِلٰہَ	اِلَّا اللّٰہُ	مُحَمَّدٌ	رَّسُوْلُ	اللّٰہِ

بروز ہفتہ

وَاُفَوِّضُ	اَمْرِیْٓ	اِلَی اللّٰہِ	اِنَّ اللّٰہَ	بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ
مُحَمَّدٌ عَلِیٌّ	۵۳	ع۷	۱۲۰۲	۷
۱۷۳	ے	۱۲	ع	۱۰۷
ع	۷۰۹	۸۱۷۵	۱۹	۱۷
۱۸	۱۷	ع۹	ع	۱۰۷۱
لَآ	اِلٰہَ	اِلَّا اللّٰہُ	مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ	اللّٰہِ

نقش اسمائے پنجتن پاک علیہم السّلام

(برائے حل مشکلات و مہمات) کل اعداد: ۵۸۳

محمدؐ علیؑ فاطمہؑ حسنؑ حسینؑ

۱۳۸	۱۵۲	۱۴۸	۱۴۵
۱۴۹	۱۴۴	۱۳۹	۱۵۱
۱۴۳	۱۴۶	۱۵۴	۱۴۰
۱۵۳	۱۴۱	۱۴۲	۱۴۷

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

امامیہ جنتری 2012ء کیلئے بطور خاص

موافق اور ناموافق اوقات نکاح و شادی

تحریر: لعل بخش قلندری (روحانی عامل) P-505 قلندری چوک گلی نمبر 7 منیر آباد متصل رضا آباد فیصل آباد
پوسٹ کوڈ: 38900 Ph:041-8001254,0336-9266110

بانی امامیہ آغا نثار احمد صاحب مرحوم کے بلندی درجات کیلئے دُعا کی استدعا کے ساتھ ساتھ آغا افتخار حسین صاحب اور قارئین امامیہ جنتری کا بے حد شکریہ۔

نکاح اور شادی ہر بالغ شخص کی خواہش اور ضرورت ہے اور رب کریم نے نسل انسانی کا سلسلہ جاری رکھنے کا ایک ذریعہ بھی اس میں رکھا ہے شادی اور نکاح کے بارے میں معصومین علیہم السلام کے بہت سے فرامین بھی موجود ہیں۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے جو شخص غربت اور پریشانی کی وجہ سے نکاح نہیں کرتا۔ وہ شخص یقیناً خدا سے بدگمان ہے جبکہ خدا کا وعدہ ہے کہ اگر وہ فقیر ہوں گے تو خدا ان کو اپنے فضل سے بے نیاز کر دے گا۔

نیز آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شادی کرے گا اس کا آدھا دین مکمل ہو جاتا ہے اور باقی آدھے دین کیلئے وہ خدا سے ڈرے۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ خدا کے نزدیک شادی والا گھر بہت محبوب ہے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ جوانوں کی شادی کرو۔ تاکہ خدا ان کے اخلاق کو اچھا کر دے۔ رزق میں وسعت پیدا کر دے اور جوانمردی میں اضافہ کرے۔

نکاح کے بارے میں امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں ایک آدمی نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر تنگدستی کی شکایت کی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ جاؤ شادی کرو۔ اس شخص نے جا کر شادی کی تو خداوند کریم نے وسعت رزق کے دروازے اس پر کھول دیئے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ جو اللہ سے پاک و پاکیزہ ملاقات کرنا چاہے اُسے شادی شدہ ہونا چاہئے۔ نیز فرمایا شادی شدہ کی دو رکعت نماز غیر شادی شدہ کی ستر رکعت نماز سے افضل ہے، نکاح کرو، شادی کرو یہ ایک اچھا اور پسندیدہ عمل ہے۔ تقریباً ہر شادی کرنے والے کی اس کے والدین یا سرپرستوں اور خیر خواہوں کی یہ دلی خواہش ہوتی ہے کہ نکاح یا شادی کیلئے بہتر ہے بہتر وقت کا انتخاب کیا جائے۔

مگر کیسے؟ یہ ان کو کم علم ہوتا ہے یا بالکل معلوم ہی نہیں ہوتا ان کی اس مشکل کا حل 2012 کی امامیہ جنتری میں پیش کر رہا ہوں۔

وقت وقت کی طاقت، تاثیر، سعادت اور نحوست کا حساب انسان کے نظام زندگی کے تغیر اور تبدل کو ظاہر کرتا ہے اس کا علم اور اس پر عمل کرنا خوش قسمتی کا باعث ہوتا ہے جبکہ اس سے لاعلمی ناکامیوں اور رنج و محن کے چکر میں مبتلا رکھے گی جیسا کہ قرآن کریم میں **کل یوم ھو فی شان** حدیث مبارکہ ہے **کل امر مرھون باوقاتھا**۔ نکاح یا شادی صرف دو جسموں کا ملاپ ہی نہیں ہوتا صرف دو نفوس کی جنسی تسکین کا ہی عمل نہیں ہوتا بلکہ میاں اور بیوی کی ایک نئی دُنیا آباد ہو جاتی ہے دو خاندان مل کر ایک تیسرے خاندان کی بنیاد رکھتے ہیں اور اسے خوشی کا موقع سمجھ کر دونوں فریق اور ان کے عزیز و اقارب خوشی کا اظہار بھی کرتے ہیں۔

وقت کی طاقت، تاثیر سعادت و نحوست کی ایک اپنی اہمیت ہے

جس کو مدنظر رکھ کر یہ دیکھا جاتا ہے کہ نکاح یا شادی کیلئے کونسا وقت دن اور تاریخ رکھی جائے ان اوقات سے آگاہی حاصل کرنے کا جزو اعظم **نجوم کا علم** ہے علم النجوم کی روشنی میں نکاح اور شادی کے لیے بہتر یا موافق اوقات درجہ ذیل ہیں۔

(۱) طالع جوزا۔ طالع سنبلہ یا طالع میزان میں نکاح کرنا بہتر ہوتا ہے۔

(۲) جب قرآن زہرہ با شمس ہو یا قرآن شمس با مشتری ہو تو نکاح کرنا بہتر ہوتا ہے۔

(۳) شادی کیلئے پیر، بدھ، جمعرات اور جمعۃ المبارک کا دن بہتر ہوتا ہے۔

(۴) رات کے وقت نکاح کرنا سنت ہے۔

(۵) نکاح اور شادی کیلئے جمعۃ المبارک کا دن بہت ہی بہتر ہے۔

(۶) دونوں کے زائچہ پیدائش میں دیکھیں کہ:

(i) لڑکی کی زائچہ پیدائش میں نحس کو اکب کتنے ہیں۔ (ii) لڑکے کے زائچہ پیدائش میں نحس کو اکب کتنے ہیں۔ اگر لڑکے کے زائچہ پیدائش میں نحس کو اکب لڑکی کے زائچہ پیدائش کے برابر ہوں یا اس سے زائد ہوں تو شادی مبارک ثابت ہوگی۔ انشاء اللہ زائچہ پیدائش کیلئے پیدا ہونے کی تاریخ پیدا ہونے کی جگہ پیدا ہونے کا وقت درست معلوم ہونا چاہئے۔

نکاح وشادی کیلئے ناموافق اوقات درجہ ذیل ہیں

(۱) جب مشتری رجعت میں ہو۔ اس وقت نکاح منحوس ہوتا ہے

(۲) مشتری بحالت رجعت یا استقامت جس برج میں دوبار حرکت کرے اس وقت نکاح منحوس ہوتا ہے۔

(۳) چاند کی 14 اور 15 تاریخوں میں نکاح یا شادی درست نہیں ہوتی۔

(۴) چاند جب تحت الشعاع میں ہو۔ مطلب، چاند کی 27-28-29 تاریخوں میں بھی نکاح کرنا اچھا نہیں ہوتا۔

(۵) چاند کی جس منزل میں کسی کی پیدائش ہوتی ہو (جس قمری تاریخ میں پیدائش ہوتی ہو) چاند کی اس تاریخ میں نکاح کرنا درست نہیں ہوتا۔

(۶) عورت کو اپنی سالگرہ کے دن شادی نہیں کرنی چاہئے۔

(۷) قمر در عقرب میں نکاح کرنے کا انجام بہتر نہ ہوگا،

(۸) شوال کے مہینے میں نکاح کرنا اچھا نہیں ہوتا۔

(۹) جب دن میں گرم ہوا چل رہی ہو اس وقت نکاح کرنا بعد میں جدائی کا باعث ہوتا ہے۔

(۱۰) ایام شہادت معصومین علیہم السلام میں نکاح یا شادی کا انجام بھی اچھا نہیں ہوتا، (دعا گو لعل بخش قلندری)

صدقات نحوستِ سیّارگان

متعلقہ اشیاء	متعلقہ حروف	متعلقہ دن	متعلقہ رنگ	متعلقہ عدد	نام ستارہ	نمبر شمار
گندم، دال چنا، دال مونگی دھلی ہوئی، زرد یا سنہری کپڑا، زرد مکئی	م۔ٹ	اتوار	زرد	4-1	شمس	1
چاول، آٹا، دودھ، دہی، نان، کلچہ، سفید کپڑا	ح۔ہ	پیر	سفید	7-2	قمر	2
دال چنا، دال مونگی دھلی ہوئی، زرد مکئی، شکر (زرد چینی) زرد کپڑا	چ۔د۔ف	جمعرات	زرد	3	مشتری	3
ثابت مونگی، دال مونگی سبز چھلکے والی، باجرہ، ڈالڈا گھی، سبز کپڑا	پ۔ق۔ک۔غ	بدھ	سبز	5	عطارد	4
چاول، آٹا، دودھ، دہی، نان، کلچہ، سفید کپڑا	ب۔ت۔ر۔ط۔و	جمعہ	سفید	6	زہرہ	5
ثابت کالے ماش، دال ماش کالے چھلکے والی، کالے تل، سورج مکھی کے بیج، کالا کپڑا، لوہا، کالا تیل	ث۔ج۔خ۔س۔ش۔ص۔گ	ہفتہ	سیاہ، سرمئی، سلیٹی	4-8	زحل / یورانس	6
سرخ گندم، دال مسور، سرخ مکئی، سرخ چنے، سرخ کپڑا، سرخ گلاب کے پھول، تانبا	ذ۔ز۔ض۔ظ۔ع۔ل۔ن۔ی	منگل	سرخ، گلابی	9	مریخ	7

لعل بخش قلندری P-505 قلندری چوک گلی نمبر 7 محلہ منیر آباد فیصل آباد 0301-4243709 / 0333 8147274

برائے شادی۔ رزق اور حل مشکلات (نقش فی سبیل اللہ)

یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَبِّ یَا وَهَّابُ یَا غَفَّارُ یَا رَحِیْمُ یَا کَرِیْمُ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ ، حٰمٓ عٓسٓقٓ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَنِّیْ اَشْھَدُ اَنَّکَ اَنْتَ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یا جبرائیل — یا عزرائیل

۲۳۵	۲۳۰	۲۳۷
۲۳۶	۲۳۴	۲۳۲
۲۳۱	۲۳۸	۲۳۳

یہ نقش و آیات کی زکوٰۃ صغیر و کبیرا ادا شدہ ہے روزانہ صرف (۹) مرتبہ پڑھیں نقش سامنے رکھ کر یہ دُعا اور یہ نقش برائے قبولیت اور جو جو مقاصد دلی ہیں خداوند متعال بصدقہ چہاردہ معصومین علیہم السلام اپورا فرماتا ہے جو بھی مانگیں گے پورا ہوگا بچیوں کے اعلیٰ نصیب۔ وسعت رزق ایمان کی سلامتی اولاد نیک و صالح ہو۔

سیّدہ تحسین شیرازی T-32 K-B ہاؤسنگ سوسائٹی ڈیفنس روڈ لاہور Mob 0331-4051214

انشاء اللہ شادی ضرور ہو گی!

تحریر
حاجی عابد حسین جاڑا
Mob: 0308-5691283
بمقام وڈا کخانہ جاڑ تحصیل پہاڑپور ضلع ڈیرہ اسماعیل خان

السلام علیکم! بعد از خیریت سب سے پہلے دُعا ہے کہ خداوند کریم بحق چہاردہ معصومین آپ کو صحت و سلامتی کے ساتھ رکھے اور عمر دراز فرمائے اور کارکنان افتخار بک ڈپو اور امامیہ جنتری کی نشر واشاعت کرنے والے صاحبان کو سلامت رکھے۔ اور خصوصاً امامیہ جنتری کے بانی آغا نثار احمد مرحوم صاحب کی مغفرت فرمائے۔ گذشتہ سال کی طرح ۲۰۱۲ء کی امامیہ جنتری کے لیے ایک چھوٹا سا مگر مجرب عمل برائے شادی بھیج رہا ہوں میں وہی عمل لکھتا ہوں۔ جو کہ میرا ذاتی طور پر مجرب ہو۔ جب تک عامل کو اپنے عمل پر پورا یقین نہ ہوگا۔ عمل کبھی کامیاب نہیں ہوگا۔ جس کو دے گا وہ بیچارہ کام نہ ہونے کی وجہ سے نا اُمید و پریشان ہوگا۔

گذشتہ سال کی طرح میری پھر گذارش ہے کہ قرآن پاک سے مدد حاصل کریں، اللہ تعالیٰ پر توکل کرنا سیکھیں اور صبر کریں تو انشاءاللہ سارے مسائل حل ہو جائیں گے خطرتاً انسان جلد باز ہے کہتا ہے۔ کہ میرا ہر کام ابھی ابھی ہو جائے۔ اللہ تعالیٰ کی مرضی اور ہوتی ہے۔ ہم عمل اعمال کے ذریعے اللہ تعالیٰ سے ہمیشہ دُعائیں مانگتے رہیں تو انشاءاللہ ایک وقت آجاتا ہے۔ جب ہماری دُعا قبول ہوتی ہے۔ اور ہماری حاجت پوری ہو جاتی ہے۔ اس سال مشہور عمل جو کہ اکثر عملیات کی کتب میں درج بھی ہوتا ہے اور میں نے سورۃ طٰہٰ کے فضائل میں بھی پڑھا ہے کہ جس لڑکے یا لڑکی کی شادی نہ ہو رہی ہو وہ روزانہ سورۃ طٰہٰ کی تلاوت کرے انشاءاللہ جلد نیک سیرت نیک صورت رشتہ مل جائیگا۔ اس میں شک بھی نہیں لیکن دل سے پڑھے ایسا نہ ہو کہ زبان پر وِرد جاری ہو اور دِل و دماغ کچھ اور سوچ رہے ہوں جو لڑکے یا لڑکیاں اس سورۃ طٰہٰ کی تلاوت نہ کر سکتے ہوں۔ تو اُن کیلئے مربع نقش سورۃ طٰہٰ

سورۃ طٰہٰ کا نقش

٧٨٦

٩٩٨٢٠	٩٩٨٢٣	٩٩٨٢٧	٩٩٨١٣
٩٩٨٢٦	٩٩٨١٤	٩٩٨١٩	٩٩٨٢٤
٩٩٨١٥	٩٩٨٢٩	٩٩٨٢١	٩٩٨١٨
٩٩٨٢٢	٩٩٨١٧	٩٩٨١٦	٩٩٨٢٨

کا حاضر ہے اس نقش کو نئے چاند کے پہلے یا دوسرے جمعہ کی پہلی ساعت زہرہ میں عرق گلاب و زعفران سے لکھ کر سبز ریشمی کپڑے میں سی کر گلے میں پہن لے نقش لکھنے کے بعد نیچے اپنا مقصد ضرور لکھے۔ اگر عام حالت میں لکھنا ہے۔ تو نیچے اس طرح لکھے۔ الٰہی بحرمت اس نقش کے فلاں بن فلاں کی شادی ہو جائے العجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ الساعۃ اگر مطلوب فوکس ہے۔ تو یوں لکھے اور ہمیشہ مطلوب کا نام پہلے لکھا جاتا ہے۔

الٰہی بحرمت اس نقش کے فلان بنت فلاں کی شادی فلاں بن فلان کے ساتھ ہو جائے۔

العجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ الساعۃ بحق محمدؐ و آل محمدؐ اس طرح لڑکے لڑکیاں اپنے مقصد کو سامنے رکھ کر لکھ سکتے ہیں۔ سورۃ طٰہٰ کے نقش کے تیرھویں خانہ میں ایک عدد کا اضافہ کیا گیا ہے۔

مربع نقش کی چال

٨	١١	١٤	١
١٣	٢	٧	١٢
٣	١٦	٩	٦
١٠	٥	٤	١٥

ویسے تو صرف سورۃ طٰہٰ کا نقش بھی کافی ہے بعض اوقات پھر بھی کام نہیں ہوتا تو پھر یہ تصور کرلیں کہ اس گھر پر یا گھر کے کسی بندے پر اثرات ہیں جس کی وجہ سے کام نہیں ہو رہا۔ رکاوٹ بن رہی ہے۔ کسی آسیبی سایہ یا بندش جادو یا نظر بد کا اثر ہے۔ اس مسلہ کو حل کرنے کیلئے دو نقش اور لکھ رہا ہوں اُن کو بھی استعمال کریں اس طرح کرلیا تو انشاءاللہ ضرور فائدہ ظہور میں آئے گا۔ نیچے والا نقش لکھ کر پانی میں حل کر کے گھر کے تمام کمروں اور صحن کی دیواروں کے ساتھ ساتھ چھڑکیں صبح کے ٹائم کم از کم ۵ دن تک پانی چھڑکیں اگر گھر میں کوئی اثر ہے جس کی وجہ سے شادی رکاوٹ بن رہی ہے۔ تو انشاءاللہ اس طرح ختم ہو جائے گی نقش کے اوپر سورۃ فاتحہ لکھیں نقش ملاحظہ کریں۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ مٰلِكِ يَوۡمِ الدِّيۡنِ اِيَّاكَ نَعۡبُدُ وَاِيَّاكَ نَسۡتَعِيۡنُ اِهۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِيۡمَ صِرَاطَ الَّذِيۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَيۡهِمۡ غَيۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَيۡهِمۡ وَلَا الضَّآلِّيۡنَ ۝

۷۸۶

۸	۳	۴
۱	۵	۹
۶	۷	۲

اس نقش کو بھی پہلے نقش کی طرح لکھ کر پانی سے حل کر کے رکھ لیں اور اس پانی کو گھر کے تمام افراد دن میں ۵ بار اور ۵ دنوں تک پیتے رہیں اگر کسی بندے پر کوئی اثرات ہیں جس کی وجہ شادی میں رکاوٹ ہو رہی ہے۔ اس طرح کرنے سے انشاء اللہ سب رکاوٹیں دور ہو جائیں گی یاد رکھیں کہ سب نقوش عرق گلاب زعفران میں ملا کر لکھنے ہیں۔ نقش یہ ہے نقش کے اوپر سورۃ الفلق اور سورۃ الناس لکھیں

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَ وَمِنۡ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ وَمِنۡ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِى الۡعُقَدِ وَمِنۡ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ مَلِكِ النَّاسِ اِلٰهِ النَّاسِ مِنۡ شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ الۡخَنَّاسِ الَّذِىۡ يُوَسۡوِسُ فِىۡ صُدُوۡرِ النَّاسِ مِنَ الۡجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

۷۸۶

۸	۳	۴
۱	۵	۹
۶	۷	۲

میری طرف سے تمام عمل و نقوش لکھنے کی اجازت ہے۔ اگر کسی بات کی سمجھ نہ آسکے تو پوچھ سکتے ہیں۔ ہاں اگر نقوش لکھنے میں بھی دقت محسوس کریں تو بھی رجوع فرما سکتے ہیں آخر میں میری دُعا ہے کہ خداوند کریم بحق چہاردہ معصومینؑ تمام مومنین و مومنات کی سب پریشانیاں دور فرمائے، کامیابی اور نصرت عطاء فرمائے آمین بحق چہاردہ معصومینؑ۔

عمل شادی

اکرام عباس کاظمی سیکٹر آئی ٹن تھیری اسلام آباد
موبائل 0300-9491015

رشتہ کے مسائل آج کل ہر گھر کے ہیں ضروری نہیں مسئلہ بچی کے رشتے کا ہی ہو۔ اکثر لڑکوں کے رشتے حسب منشا نہیں ملتے۔

رشتے نہیں مل رہے یا رشتے آتے ہیں لیکن طے نہیں ہو پاتا۔ ان مسائل کے حل کیلئے حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں جن کے گھر رشتے نہ آتے ہوں تو وہ ہرن کی کھال پر سورہ احزاب لکھ کر اسے تنگ منہ والی بوتل میں محفوظ کر کے گھر میں رکھے تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے اس گھر میں بہنوں بیٹوں اور دوسرے اقرباء کی رستگاری کیلئے اچھے رشتے آئیں گے خواہ یہ عمل بجالانے والا شخص غریب ہی کیوں نہ ہو۔ (اگر ہرن کی کھال نہ مل رہی ہو تو سفید کاغذ پر سورہ لکھی جاسکتی ہے)

استاد آیت اللہ عبدالکریم رضوی کشمیر النجفی نے روح و ریحان میں اس عمل کو اپنے مجربات میں لکھا ہے اس دُعا کو جس مقصد کیلئے پڑھا جائے وہ پورا ہوگا۔ اور رشتوں کے لیے اس کو مجرب قرار دیا۔ اس عمل کو بدھ کے روز وقت مقرر کر کے دس دن تک جمعہ کے روز ختم کریں۔ یعنی بدھ کے بعد آنے والے جمعہ کے بعد آنے والے جمعہ تک جاری رکھیں ہر روز کا وقت ایک مقرر ہو تو حاجت پوری ہوگی اس دُعا کو درست اعراب کے ساتھ پڑھیں۔ دُعا یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

يَا مُفَتِّحَ الۡاَبۡوَابِ وَيَا مُقَلِّبَ الۡقُلُوۡبِ وَالۡاَبۡصَارِ وَيَا دَلِيۡلَ الۡمُتَحَيِّرِيۡنَ وَيَا غِيَاثَ الۡمُسۡتَغِيۡثِيۡنَ تَوَكَّلۡتُ عَلَيۡكَ يَا رَبِّ وَاقۡضِ حَاجَتِىۡ وَاكۡفِ مُهِمِّىۡ وَلَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الۡعَلِىِّ الۡعَظِيۡمِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجۡمَعِيۡنَ ۝

اس کی روزانہ کی تعداد سو مرتبہ ہے اوّل و آخر چودہ مرتبہ درود پاک پڑھنا ہے۔ حضرت امام محمد باقرؑ ارشاد فرماتے ہیں اگر تم قرآن مجید کی ایک آیت پر مکمل یقین اور بھروسہ کرلو تو وہ تمہاری ہر معاملے میں کفایت کرے گی۔

منگنی، نکاح، شادی کیلئے امام ضامن دستیاب ہیں
افتخار بک ڈپو اسلام پورہ لاہور

تعبیر الرؤیا
علامہ مجلسیؒ

جدول تاریخ چاند اور تعبیر خواب

☆ پہلی تاریخ:۔اس شب کا خواب صحیح نہیں ☆دوسری تاریخ:۔اس شب کا خواب صحیح نہیں ☆ تیسری تاریخ:۔اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس ہے ☆ چوتھی تاریخ:۔اس شب کا خواب صحیح ہے مگراس کی تعبیر دیر میں ظاہر ہوگی ☆ پانچویں:۔اس شب کا خواب صحیح ہے مگراس کی تعبیر دیر میں ظاہر ہوگی۔☆ چھٹی:۔اس شب کا خواب سچا ہے مگر تعبیر ایک دوروز بعد ظاہر ہوگی۔☆ ساتویں:۔اس شب کا خواب سچا ہے☆ آٹھویں:۔اس شب کا خواب سچا ہے☆ نویں:۔اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس ہے براہے تعبیر اسی روز ظاہر ہوگی۔☆ دسویں:۔اس شب کا خواب جھوٹا ہے برواہتے اس کی تعبیر بیس روز میں ظاہر ہوگی۔☆ گیارہویں:۔اس شب کا خواب صحیح ہے مگراس کی تعبیر دیر میں ظاہر ہوگی برواہتے تین روز میں ظاہر ہوگی۔☆ بارہویں:۔اس شب کا خواب صحیح ہے مگر تعبیر دیر سے ظاہر ہوگی۔☆ تیرہویں:۔اس شب کا خواب صحیح ہے اور تعبیر نوروز میں ظاہر ہوگی برواہتے اس شب کا خواب جھوٹا ہے۔☆ چودھویں:۔اس شب کا خواب صحیح ہے مگر اس کی تعبیر ۲۶ یا ۴۰ روز کے بعد ظاہر ہوگی برواہتے اس شب کا خواب جھوٹا ہے☆ پندرہویں:۔اس شب کا خواب صحیح ہے مگراس کی تعبیر تین روز کے بعد ظاہر ہوگی برواہتے اس کی تعبیر برعکس ہے۔☆ سولہویں:۔اس شب کا خواب صحیح ہے مگراس کی تعبیر دوروز کے بعد ظاہر ہوگی برواہتے دیر میں ظاہر ہوگی۔☆ سترہویں:۔اس شب کا خواب سچا ہے مگر تعبیر دیر میں ظاہر ہوگی ☆ اٹھارویں:۔اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس ہے☆ انیسویں:۔اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس ہے☆ بیسویں:۔اس شب کا خواب صحیح اور موثر ہے☆ اکیسویں:۔اس شب کا خواب جھوٹا ہے۔☆ بائیسویں:۔اس شب کا خواب سچا ہے۔☆ تئیسویں:۔اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس ہے۔☆ چوبیسویں:۔اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس ہے☆ پچیسویں:۔اس شب کا خواب جھوٹا ہے☆ چھبیسویں:۔اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس ہے۔☆ ستائیسویں:۔اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس ہے☆ اٹھائیسویں:اس شب کا خواب صحیح ہے مگراس کی تعبیر اسی روز ظاہر ہوگی۔ برواہتے اس شب کا خواب جھوٹا ہے۔☆ انتیسویں:۔اس شب کا خواب صحیح ہے مگر اس کی تعبیر اسی روز ظاہر ہوگی۔ برواہتے اس شب کا خواب جھوٹا ہے۔☆ تیسویں:۔اس شب کا خواب راست صحیح اور موثر ہے۔

میرج بیورو

تمام سادات وغیر سادات مومنین ومومنات کیلئے میرج بیورو کی سہولت موجود ہے یہ سلسلہ صرف اور صرف مخدومہ کونین کی خوشنودی کیلئے شروع کیا گیا ہے اس کی ظاہری باطنی کسی بھی قسم کی کوئی فیس نہیں ہے دوسرے شہروں میں رہنے والے مومنین فارم جوابی لفافہ بھیج کر مفت منگوا سکتے ہیں اور بیرون ملک مقیم افراد اس میں بذریعہ انٹرنیٹ شمولیت اختیار کر سکتے ہیں انٹرنیٹ استعمال کرنے والے خواتین وحضرات ہماری ویب سائٹ سے رجسٹریشن فارم ڈاؤن لوڈ بھی کر سکتے ہیں اور آن لائن رجسٹریشن بھی کرواسکتے ہیں۔

WWW-SPIRITUAL SOLUTIONZ.COM
E.Mail Z_JAWA@ hot mail.com
815/A Sabzazar Multan Road Lahore
Mob:0300+0321-9477284-042-37496611

لکی پتھر عدد ۹

اور رزق وحفظ وامان کی خاص انگوٹھی

اب آپ کی سہولت کیلئے تمام پتھر بھی موجود ہیں جو کہ آب حسب خواہش وضرورت منگوا سکتے ہیں اس کے علاوہ شرف زحل کی انتہائی قریبی اور زوداثر ساعتوں میں وردشدہ سیاہ عقیق بھی کثیر تعداد میں میسر ہونگے جن کو پہننا زحل کی سعادتوں کے حصول میں معاون ہوگا اسکے علاوہ عدد ۹ کی انگوٹھی (خاص چاندی پر) بھی دستیاب ہے۔رزق تسخیر بخت کشائی اور حفظ وامان کیلئے تیار کردہ انتہائی زوداثر اور آزمودہ انگوٹھی بھی دستیاب ہے۔نظر بد سحر جادو اور آسیبی اثرات سے بچاؤ کیلئے اپنا تیار اور وردشدہ بخور گذشتہ سال کی طرح امسال بھی دستیاب ہوگا۔

اپنا زائچہ بنوائیں

اپنی زندگی کے اہم ترین امور میں بہترین فیصلہ کرنے یا اپنے مسائل کی تشخیص اور اُن کے حل کیلئے آئمہ طاہرین کے پاک وپاکیزہ علم جفر ونجوم، سے مدد حاصل کیجئے اور جانیئے آپ کیلئے کونسا کاروبار یا ملازمت کرنا بہتر ہے۔آپ کا تعلیمی کیریئر کیسا رہے گا یا کونسا تعلیمی شعبہ بہتر ہے۔آپ کا لکی نمبر ولکی ستون کونسا ہے یا کس کام کیلئے کونسا پتھر، پہننا آپ کیلئے بہتر ہوگا۔شادی سے قبل یہ ضرور دیکھ لیں کہ لڑکے اور لڑکی کے مابین تعلقات کیسے رہیں گے اس طرح آپ شادی کے بعد کی بہت سی قباحتوں سے محفوظ رہ سکتے ہیں شادی کب کرنا بہتر نتائج کا حاصل ہوگا یا شادی میں رکاوٹ کی وجوہات وحل کیا ہیں۔ بیرون ملک میں رکاوٹ اور اسکا سدباب کیا ہے۔ تعلیمی یا کاروباری مقاصد کیلئے کونسا ملک یا شہر بہتر رہے گا۔ نیا کاروبار کب شروع کریں یا کاروبار میں ناکامی کی وجوہات کیا ہیں۔ آپ کی بیماری بوجہ سحر آسیب ہے۔ یا مرض جسمانی اس کے علاوہ زندگی کے تمام امور میں بہترین مشاورت حاصل کرنے کیلئے رجوع کریں۔

شیخ زوار رضا جاوا | 815/A سبزہ زار ملتان روڈ لاہور | Mob.0300-0321-9477284 042-37496611,8484484

Scanned with CamScanner

محمد وصی خان (مرحوم)

قرآن کریم سے فال دیکھنے کا آسان طریقہ

قرآن کریم اور دیگر طریقوں سے لوگ اپنے مشکل مسائل کے لیے اکثر فال خود دیکھتے ہیں یا پھر دیگر احباب اور علماء کرام سے دیکھاتے ہیں۔ قارئین مشہور زمانہ امامیہ جنتری کے لیے قرآن کریم سے بہت آسان طریقہ سے فال دیکھنے کا طریقہ دیا جارہا ہے تاکہ آپ خود اپنے مسائل کے لیے اللہ پاک کی عظیم کتاب سے رہنمائی حاصل کرسکیں۔

طریقہ: پہلے غسل کر کے پاک اور صاف کپڑے زیب تن کر کے جائے نماز پر بیٹھ کر خوشبو لگا کر کمرے میں اگر بتی روشن کر کے پھر ایک مرتبہ سورۃ الحمد اور تین مرتبہ سورۃ اخلاص کی تلاوت کرے اول اور آخر ایک ایک تسبیح محمد وآل محمد علیہم السلام پر درود کی تلاوت کر کے پھر نیت کر کے قرآن کریم اٹھائے اور آنکھ بند کر کے اس کو کھولے۔ دائیں طرف کے صفحہ کی ساتویں سطر کو " بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ " پڑھ کر دیکھے ساتویں سطر کا پہلا حرف جو ہوگا وہ اس کی نیت کے سوال کا جواب ہوگا۔

۱۔ اگر پہلا لفظ الف ہو: بھلائی اور اچھائی ہے۔
۲۔ ب ہو: خیر کثیر حاصل ہوگا۔
۳۔ ت ہو: گناہوں سے توبہ کرے۔
۴۔ ث ہو: ثروت وحکومت حاصل ہو۔
۵۔ ج ہو: اپنی دلی مراد پائے گا۔
۶۔ ح ہو: بہتر نہیں ہے، اس کام کا اقدام نہ کرے۔
۷۔ خ ہو: حلال روزی نصیب ہوگی۔
۸۔ د ہو: خوف سے رہائی پائے گا۔
۹۔ ذ ہو: ارکان حکومت کی طرف سے نفع پہنچے گا۔
۱۰۔ ر ہو: دشمن پر غالب ہوگا۔
۱۱۔ ز ہو: منصب اعلیٰ پر پہنچے گا یعنی خوشی ملے گی۔
۱۲۔ س ہو: اس نیت کا انجام بہتر ہوگا۔
۱۳۔ ش ہو: اس کا دوست خوش بخت ہوگا اور توفیق پائے گا۔
۱۴۔ ص ہو: دشمنوں سے محفوظ ہوگا۔
۱۵۔ ض ہو: جس کے لیے نیت کی ہے بہتر ہے۔
۱۶۔ اگر پہلا لفظ ط ہو: اس کام کے اقدام مین پشیمان ہوگا۔
۱۷۔ ظ ہو: جملہ آرزو پوری ہوگی مراد برآئے گی۔
۱۸۔ ع ہو: خداوند متعال اس کو دولت، عزت اور راحت عطا فرمائے گا۔
۱۹۔ غ ہو: دنیا کے اسرار اور امور جو مخفی ہیں وہ کھل جائیں گے۔
۲۰۔ ف ہو: یہ جو نیت کی ہے اس کے اقدام سے ڈرے۔
۲۱۔ ق ہو: لوگوں کے درمیان مقبول القول ہوگا۔
۲۲۔ ک ہو: دشمنی اور فتنہ میں گھر جائے گا۔
۲۳۔ ل ہو: اپنے حاسدوں اور دشمنوں پر فتح پائے گا۔
۲۴۔ م ہو: اس کو جاہ وحشمت نصیب ہوگی۔
۲۵۔ ن ہو: بہت زحمت کے بعد مراد پوری ہوگی۔
۲۶۔ و ہو: ہلاکت میں پڑنے سے ڈرے۔
۲۷۔ ہ ہو: وہ شخص مخلوق سے خدا تعالیٰ کی طرف پناہ لے۔
۲۸۔ ی ہو: اس نیت میں غم خوار و مہربان مشیر کی احتیاج و ضرورت ہے۔

ہر ماہ کی پیدائش سے نگینوں کا تعلق

بشکریہ: کرشمہ قدرت مؤلفہ: ہمایوں مرزا لکھنوی

جنوری	گومیدک، یاقوت، لعل، عقیق سرخ	جولائی	یاقوت، عقیق یمنی گہرا سرخ	اپریل	ہیرا، نیلم، یاقوت، عقیق	اکتوبر	اوپل، دُرّ نجف، زبرجد
فروری	نیلم، لاجورد، حجر القمر	اگست	مرجان، یاقوت، عقیق یمنی	مئی	زمرّد، عقیق یمنی	نومبر	پکھراج، زبرجد
مارچ	فیروزہ، دُرّ نجف، زبرجد	ستمبر	نیلم، یاقوت، عقیق زرد	جون	موتی، زمرّد	دسمبر	لاجورد، یاقوت، فیروزہ

ضروری نوٹ: امامیہ جنتری رجسٹرڈ میں تمام مضامین واشتہارات خالص نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کیے جاتے ہیں۔ کسی آرٹیکل یا اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کا ادارہ ہرگز ذمہ دار نہ ہوگا۔ (ادارہ: افتخار بکڈپو)

رفعِ غربت یعنی مال و دولت میں کشادگی!



(۴) چار ماہ تک نقش اپنے ساتھ رکھیں۔ نمازِ ظہر کے بعد اسکا ورد (۱۱) گیارہ مرتبہ چار ماہ تک جاری رکھیں۔ گھر کے مرکزی دروازے پر اندر کی جانب نقش آویزاں کریں۔ انشاءاللہ بفضل محمدؐ و آل محمدؐ (ع) افلاس سے نجات ملے گی! التماسِ دُعا آغا سیّد تقی حسن گردیزی ملتان 0345-7222948

استغاثہ بحضور فاطمہ سلام اللہ علیہا

بعد از غسل نصف شب دو رکعت نماز ادا کرے پھر تسبیح حضرت فاطمہؑ پڑھے اور نماز و تسبیح کا ثواب سیّدہ عالمینؑ کو ہدیہ کرے اس کے بعد درجِ ذیل کلمہ ''استغاثہ'' سجدے میں سر رکھ کر سو مرتبہ کہے: پھر دائیں طرف رخسار کو زمین پر رکھ کر سو مرتبہ یہی ذکر پڑھے پھر بائیں رخسار کو زمین پر رکھ کر سو دفعہ یہی ذکر پڑھے پھر سیدھا سجدہ گاہ پر سر رکھ کر یہی ذکر سو مرتبہ پڑھے کل تعداد ۵۰۰ ہو جائے گی

یَا مَوْلَاتِی یَا فَاطِمَةُ اَغِیْثِیْنِی

(اے میری مخدومہ اے فاطمہؑ میری فریاد کو پہنچیں)

حرز فاطمہ الزہرا سلام اللہ علیہا

☆ یہ حرز جانی نقصان کا ضامن اور چار دیواری کا کام دیتا ہے جو کوئی اس کو جان کی ضمانت و حفاظت کیلئے لکھ کر باندھے یا سر سجدہ میں رکھ کر پڑھ لے تو وہ ہر قسم کے جانی و مالی نقصان سے محفوظ رہے گا تجربہ شدہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○
اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ فَاَغِثْنِی وَلَا تَكِلْنِی

اے زندہ اے پائندہ تیری رحمت کے ذریعے فریاد کر رہا ہوں پس میری فریاد رسی کیجئے اور مجھے حوالے نہ کرنا

اِلٰی نَفْسِی طَرْفَةَ عَیْنٍ وَّاَصْلِحْ لِی شَاْنِی كُلَّهٗ

میرے نفس کے پلک جھپکنے جتنے (وقت) تک بھی اور میرے تمام حالات میں بہتری پیدا فرما

ایّام مسرت آمیز

(مسلمین و مومنین کیلئے سال بھر کے خوشی کے دن)

تحریر۔توضیح جناب مولانا فیاض حسین جعفری

(۱) یکم ربیع الاوّل (شب ہجرت) بعثت کے تیرھویں سال حضور اکرم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے مکہ سے مدینہ ہجرت کرنے کا حکم ہوا۔ آپ نے اپنی جگہ شب ہجرت حضرت علی کرم اللہ وجہ کو سلایا اور کفار مکہ کی تلواروں کی موجودگی میں صبح غار ثور میں پہنچ گئے۔

حضرت علیؑ نے اپنی جان کی بازی لگا کر حضورؐ کے حکم کی تعمیل کی اپنی اخوت اور ہمدردی کی عظمت کو آشکار کر دیا۔ تیسرے دن علیؑ بھی لوگوں کی امانتیں واپس کر کے مقام قبا پر حضور پاک کے ساتھ شامل ہوگئے اور مل کر مدینہ میں داخل ہوئے اسی رات امیرالمومنین کی شان میں یہ آیت قرآنی نازل ہوئی۔

ومن الناس من یشری نفسه ابتغاء مرضات الله والله رؤف بالعباد

اور لوگوں میں کچھ ایسے ہیں جو رضائے الٰہی حاصل کرنے کیلئے جان دے دیتے ہیں اللہ یقیناً بندوں پر مہربان ہے۔ (سورۃ البقرہ ۲۰۷)

دن کے اعمال میں روزہ رکھنا اور دونوں ہستیوں کی زیارت پڑھنا مستحب ہے خداوند تعالیٰ کا شکر ادا کرنے میں دو رکعت نماز پڑھیں۔ اور شکراً للہ کی تسبیح پڑھیں خوشی بھی منائیں۔

(۲) نو ربیع الاوّل یہ دن عید شجاع کے نام سے موسوم ہے صحابی رسول خدیفہؓ ناقل ہیں میں نے امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام، امام حسنؑ، امام حسینؑ کو رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ کھانا کھاتے دیکھا یہ وہ روز ہے کہ راستی قول خدا ظاہر ہوئی۔ سیّد سجاد علی زین العابدین علیہ السلام نے واقعہ کربلا کے چھے سال بعد اہل بیتؑ رسول کو غم بڑھانے کیلئے کہا اھل مدینہ میں پھل تقسیم کئے امیر مختار ثقفی کے مختصر دور میں جماعت توابین نے انتقام خون حسین میں بہت سے ظلم کرنے والے قاتلان حسینؑ کو تہ تیغ کیا۔ ۹۔ ربیع الاوّل ۶۷ ھج کو عمر بن سعد واصل جہنم ہوا جو ۶۱ ھج میدان کربلا میں یزیدی فوجوں کا سپہ سالار تھا۔ اس دن خوشی منانا چاہئے۔ مگر غیر شرعی رسومات ناچنے گانے پینے پلانے کی اجازت نہیں ہے۔ محتاط رہیں۔ روایت ہے جو شخص آج کے دن راہِ خدا میں خرچ کرے اس کے گناہ معاف ہوتے ہیں۔ خوشی کے سلسلے میں لباس فاخرہ پہننا۔ گھر میں اچھے کھانے پکانا۔ بچوں کو عیدی دینا۔ دوستوں بھائیوں رشتہ داروں کو کھانا کھلانا۔ مساکین مستحقین کی مالی معاونت کرنا۔ آج کے پُرمسرت دن میں شامل ہے دوسری خوشی آج کے روز امام زمانہ عجل اللہ فرجک کی امامت کا آغاز (۲۶۰ ھج) ہے اور عید شجاع کی خوشی دوبالا ہوجاتی ہے۔ مومنین و مسلمین کو عید شجاع مبارک ہو۔ امام حسن عسکری علیہ السلام کا فرمان ہے "ہم اہل بیتؑ اور ہمارے ماننے والوں کیلئے آج یوم عید (خوشی) ہے۔

بارہ ربیع الاوّل برادران اہل سنت کی مشہور روایات کے مطابق اس روز رسول اکرم حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت باسعادت ہے کلینی اور مسعودی کا قول بھی شامل ہذا ہے جمہور علما اہل اتحاد بین المسلمین کے تحت ۱۲ تا ۱۷ ربیع الاوّل ہفتہ وحدت اسلامی قرار دیا ہے تاکہ دونوں مسالک دل کھول کر بارہ تا سترہ حضور کی آمد نور نوید میں اظہار مسرت کرسکیں۔

یہی وہ دن ہے کہ ہجرت کے موقعہ پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پُرنور وارد مدینہ ہوئے۔ اسی روز بنی مروان کی حکومت وسلطنت کا خاتمہ ہوا۔

سترہ ربیع الاوّل علمائے شیعہ امامیہ کی تحقیق کے مطابق حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا میلاد مسعود ہے بروز جمعہ طلوع فجر کے وقت آپ کے نور کا ظہور ہوا۔ عام الفیل کا پہلا سال تھا اور نوشیرواں عادل کا عہد حکومت تھا۔ ۸۳ ھج میں اسی دن امام جعفر صادق علیہ السلام کی ولادت باسعادت مدینہ منورہ میں ہوئی۔ اور اس روز کی مسرت عظمت اور منزلت میں مزید اضافہ ہوگیا۔ سترہ ربیع الاوّل کا روزہ ان چار روزوں میں سے ایک ہے کہ اس دن کا روزہ ستر

Scanned with CamScanner

سال کے روزے کی مانند ہے ایک روایت میں ہے کہ ستر سال کے گناہوں کا کفارہ ہے۔

(چار روزے: 17 ربیع الاوّل۔ 18 ذوالحجہ۔ 25 ذیقعد۔ 27 رجب)

دن عبادت میں گزارنا چاہیئے چاشت کے وقت دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں سورۃ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورۃ قدر۔ دس مرتبہ سورۃ توحید پڑھے پھر دُعا مانگے مستجاب ہوگی۔

آج کے دن جملہ مسلمانوں کو مل کر (۱۲ اور ۱۷) خوشی منانا چاہیئے۔ صدقہ وخیرات دیں۔ جناب رسولؐ پاک، امام حسینؑ اور امام جعفر صادقؑ کی زیارت پڑھیں۔ قریب ہیں تو زیارت کریں خوشی میں غیر شرعی حرکات کو داخل نہ ہونے دیں ورنہ عبادت اکارت جائے گی۔

بائیس جمادی الثانی منت دسترخوان امام حسن علیہ السلام کے نام سے مشہور ہے صدیوں سے لنگر امام جاری ہے جس کی بنیاد امام پاک نے خود رکھی تھی غرباء مساکین کو اپنے لنگر سے کھانا کھلایا کرتے تھے۔ آقائے شبلنجی نے نورالابصار میں صفحہ ۱۲۳ پر لکھا ہے کسی نے آپؑ سے پوچھا آپ تو اکثر فاقے سے بھی ہوتے ہیں تو سائل کو محروم نہیں کرتے ارشاد فرمایا ''میں خدا سے مانگنے والا ہوں اس نے مجھے دینے کی عادت ڈال رکھی ہے اور میں نے لوگوں کو دینے کی عادت پختہ کرلی ہے میں ڈرتا کہ اگر اپنی یہ عادت بدل دوں تو کہیں خدا بھی اپنی عنایت سے مجھے محروم نہ کردے۔ خداوند تعالیٰ مجھے دیتا ہے میں اس کے بندوں میں حسب ضرورت تقسیم کر دیتا یا بھوکوں کو کھانا کھلا دیتا ہوں جب قادر مطلق اپنا ہاتھ نہیں روکتا تو میں کیوں روکوں''

یہی وجہ ہے دسترخوان امام ۳۸ ہجری سے جاری ہے ۱۴۳۴ ہجری میں بھی رواں دواں ہے اور امام حق کے ظہور تک جاری وساری رہے گا۔ دسترخوان بچھانے والوں سے گذارش ہے کہ اپنے خلوص اور اعتقاد میں فرق نہ آنے دیں۔ منتیں پوری ہوتی رہیں گی۔ رزق حلال صدق مقال شرط ہے۔

تیرہ رجب

کسے را میسر نہ شد ایں سعادت

بہ کعبہ ولادت بہ مسجد شہادت

حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا یوم ولادت ۱۳ رجب ۳۰ عام الفیل مطابق ۶۰۳ عیسوی ہے آپ خانہ کعبہ میں متولد ہوئے۔ مستدرک امام حاکم جلد ۳ ص ۴۸۳ نے لکھا کہ علمائ نے اس روایت وحقیقت پر تواتر کا دعویٰ کیا ہے۔ لم یولد قبلہ ولا بعدہ مولود فی بیت الحرام۔ (آپ سے پہلے کوئی خانہ کعبہ میں پیدا ہوا نہ بعد میں ہوگا۔) شاہ ولی اللہ محدث نے ازالۃ الخفاء میں امام حاکم کے حوالے سے لکھا ''فاطمہ بنت اسد نے علیؑ کو عین کعبہ میں جنم دیا۔ مناقب محمد صالح کشفی ص ۸۷۔ سبط ابن جوزی نے تذکرہ خواص الامۃ ص ۷ پر تصدیق کی خواجہ معین الدین چشتیؒ۔ مولانا رومؒ۔ مولانا جامیؒ اور دیگر شعرائے نے اپنے کلام میں ولادت در کعبہ کا ذکر کیا ہے نظام الدین اولیا اس تحقیق میں پیش پیش ہیں ان کی محفل سماع کا منقبت پڑھے۔ شعر نمبر ۳

امام دین کسے باشد ہ در وقت ولادت او

بود در کعبہ وکعبہ ز قدمش در صفا باشد

انتہائی خوشی کا دن ہے مومنین امام اوّل اور مسلمین خلیفہ راشد کی ولادت باسعادت کو مل کر منائیں اور طاغوت کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر اپنی یک جہتی کا مظاہرہ کریں تو اسلام کی دھاک بیٹھ جائے اور ادیان عالم پر مذہب اسلام کا غلبہ ہوجائے۔

بائیس رجب امام جعفر صادق علیہ السلام کے کونڈے کے نام سے منسوب ہے۔ امام علیہ السلام کا زمانہ امامت ۱۱۲ ھج سے ۱۴۸ ھج تقریباً ۳۴ سال پہ محیط ہے۔ علمائ کے بیان کے مطابق جنت میں جعفر نامی ایک میٹھے پانی کی نہر ہے۔ چونکہ آپ کا فیض عام نہر کی طرح جاری ہے۔ اسی لئے اس لقب سے ملقب ہوئے۔ (ارجح المطالب ص ۳۶۱، بحوالہ تذکرہ الخواص سبط ابن جوزی)

الخرائج والجرائح میں قطب الدین راوندی نے تفصیل سے لکھا ہے امام علم لدنی کے مالک تھے پسندیدہ خدا تھے شواہد النبوۃ میں عبدالرحمٰن جامی نے ص ۱۹۲ پر امام صادق علیہ السلام کا وعدہ پورا کرنا وضاحت کے ساتھ تحریر کیا ہے۔ حوالہ متن ملاحظہ فرمائیے۔ ''جعفر بن محمد وفا نمود باں چہ وعدہ کردہ بود'' کونڈوں کی وجہ تسمیہ۔ ایک مرتبہ ایک صحابی نے عقیدت کے طور پر امام سے التجا کی کہ خدا کے حضور میری عرضداشت پیش کریں کیونکہ آپ کی وساطت سے دُعا مستجاب ہوتی ہے صحابی کی گذارش بطفیل امام صادق علیہ السلام پوری ہوئی اس نے صبح سویرے نمازیوں کو اُسی خوشی میں تبرک کھلا دیا۔ جو اس

اشرف کتاب گھر مین بازار شورکوٹ کینٹ
سید جعفر علی اینڈ سنز اردو بازار بھکر 0333 8040110

وقت کے مٹی کے برتنوں میں تھا جو ہماری زبان میں کونڈے کہلاتے ہیں یہ تاریخ ۲۲ رجب تھی لوگوں نے دیکھا دیکھی منت ماننا شروع کر دی جس کی پوری ہوگئی وہ کونڈے کھلانے لگ گیا۔ صدیوں سے یہ منت جاری ہے جو اپنے اندر چند خصوصیات رکھتی ہے۔ (۱) بتوسل محمد و آل محمد مراد مانگی جائے تو پوری ہوتی ہے۔ جب ہو جائے منت ادا کرنا واجب ہے۔ منت کا پورا کرنا کلام الٰہی میں ہے۔

يُوفُونَ بِالنَّذْرِ وَيَخَافُونَ يَوْمًا كَانَ شَرُّهُ مُسْتَطِيرًا

(سورۂ دھر ۲۹، آیت نمبر ۷، ۸)

وہ اپنی منت پوری کرتے ہیں اس دن سے ڈرتے ہیں جب شر ادھر ادھر پھیل جائے گا اور کھانا کھلاتے ہیں اللہ کی محبت کی خاطر مسکین۔ یتیم۔ اور قیدی کو

(۲) لوگوں کو کھلانے سے رزق میں اضافہ ہوتا ہے۔

(۳) مومنین مومنات مسلمین مسلمات کا گھر میں آنا باعث برکت ہے۔

(۴) پاکیزگی سے کھانا پکانے کا سلیقہ آتا ہے۔ اور مہمانوں کو پیش کرنے سے خلوص بڑھتا ہے۔

(۵) اہل بیتؑ اطہار سے سچی عقیدت پیدا ہوتی ہے جو فی الحقیقت مودۃ فی القربیٰ ہے۔

بعض احباب جنہوں نے عالم تاریخ میں تقویم کی صحیح تاریخوں کا مطالعہ نہیں کیا وہ امیر شام کی وفات کو جو قدرتاً ۲۲ رجب کو ہوئی کونڈوں کی منت کو اس کے ساتھ منسلک کر دیتے ہیں جو فن تاریخ شناسی کے اعتبار سے درست نہیں۔ حضرت معاویہؓ بن ابوسفیان کی وفات ۶۰ ہجری میں ہے کونڈے ۱۲۰ ہجری میں رواج پذیر ہو رہے ہیں درمیان میں ساٹھ سال کا فرق ہے۔ نذر امام جعفر صادق علیہ السلام ایک منت ہے جو مراد پوری ہونے کے بعد دی جاتی ہے۔ اس کو موت اور خوشی کے ساتھ جوڑنا تاریخی ناانصافی ہے اور مطالعہ کے فقدان کے مترادف ہے۔ خداوند کریم تمام صاحبان بصیرت کو حق شناسی کی ہدایت فرمائے۔

کردہ ام ایں نذر مولائے نجف

گر قبول افتد زہے عزو شرف

چوبیس رجب یہ تاریخ فتح خیبر کی یاد دلاتی ہے۔ ۷ ہجری میں اسلام اور یہودیت کا معرکہ جہاں آرا مدینہ سے 136 کلومیٹر دور خیبر کے مقام پر پیش آیا۔ تاریخ طبری۔ تاریخ خمیس۔ اور شواہد النبوۃ نے متعدد صحابہ کی ناکامی کا ذکر کیا ہے جو قلعہ قموص کو سر نہ کر سکے۔

یہ دیکھ کر سالار اعظم۔ ختم رسل۔ سرور انبیاء نے فرمایا۔ (ترجمہ) ''کل میں علم اس کو دوں گا جو کرّار ہو گا غیر فرار ہو گا۔ اور خدا اور رسول کو دوست رکھتا ہو گا خدا اور اس کا رسول ﷺ اُسے دوست رکھتے ہیں اور قادر مطلق اس کے ہاتھوں فتح دے گا۔

آنیوالے کل علم اسلام حضرت علی علیہ السلام کے ہاتھ تھمایا گیا۔ پیغمبر اکرم ﷺ نے دُعا کیساتھ روانہ کیا علیؑ نے پوچھ لیا کب تک لڑوں؟ حضورؐ نے فرمایا ''جب تک فتح نہ ہو جائے۔''

جنگ کے میدان کا نقشہ بدل گیا۔ مرحب و انتر یا سر صفحہ ہستی سے مٹ گئے۔ فتح نے علیؑ کے قدم چومے مسلمانوں نے خوشی کے نعرے لگائے قموص کا قلعہ زیر ہو گیا۔ صحیح بخاری کی ایک روایت کے مطابق مسلمانوں کے گھروں میں درہم دینار کی ریل پیل۔ بھیڑ بکریوں کی بہتات اور پیٹ بھر کھانا میسر ہوا دوسری خوشی اس دن کے ساتھ ملحق ہوئی جناب جعفر طیار حبشہ سے مراجعت پذیر ہوئے یوں سمجھئے دو بھائی دو خوشیاں۔ علیؑ کامیاب۔ جعفر کامران۔

ستائیس رجب ۱۲ بعثت رات اور دن دونوں مبارک ہیں۔ ستائیس کی شب پیغمبر اکرم ﷺ کو اللہ تعالیٰ کے حکم سے معراج نصیب ہوئی تفسیر قمی میں ہے خداوند عالم نے جبرئیلؑ کے ذریعے سے آنحضرت ﷺ کو قاب قوسین کی منزل پر بلایا خلافت اور امامت کے متعلق ہدایات دیں۔ اس مبارک سفر کو معراج النبی کہا گیا ہے۔ قرآن مقدس نے اسے یوں بیان کیا ہے سبحن الذی اسری بعبدہ'' سورۂ بنی اسرائیل آیت نمبر ۱)

ترجمہ، پاک ہے وہ ذات جس نے اپنے بندے کو رات کے وقت مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک بلایا جس کا ماحول نورانی ہے تاکہ وہ اسے اپنی نشانیاں دکھائے بیشک وہ سننے والا دیکھنے والا ہے۔

یہ سفر ام ہانی (حضرت علیؑ کی بہن) کے گھر سے شروع ہوا پہلے آپ بیت المقدس تشریف لے گئے پھر آسمانوں کی طرف پرواز ہوئی۔ یہ معراج جسمانی تھا صرف روحانی یا خواب کا نہ تھا۔

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں جو معراج جسمانی کا منکر ہو اس کا ہم سے کوئی تعلق نہیں۔ (سفینۃ البحار)

دن کی فضیلت: دوسری خوشی روز مبعث کی ہے۔ حضور پرنور نے امر الٰہی سے

اپنی نبوت اور رسالت کا اعلان فرمایا بعض مسلمانوں کو غلطی ہوئی کہ 40 سال بعد نبی بنے۔ وہ حضرات اپنا عقیدہ درست کرلیں نبی پیغمبر اور رسول منصوص من اللہ ہوتا ہے وہ بچپن سے ہی نبی بن کر آتا ہے۔ درس الٰہی سے علم لدنی لے کر آتا ہے اتنا عالم و فاضل ہوتا ہے کہ دُنیا والوں کو ہمہ قسم کے علوم پڑھا سکتا ہے۔ جیسا کہ فرمایا۔ انا مدینۃ العلم وعلی بابھا من اراد العلم فلیات الباب۔

مَیں علم کا شہر ہوں علیؑ اس کا دروازہ ہے جو علم حاصل کرنا چاہے دروازے پر آئے۔

معراج النبی کا واقعہ ۱۲ بعثت میں ہوا اس کے ایک سال بعد آپؐ نے مکہ سے مدینہ ہجرت کی۔

پندرہ شعبان (شبِ برأت) یہ بڑی بابرکت رات ہے اسے شب برأت کہتے ہیں یعنی وہ رات جس میں گناہ بخش دیئے جاتے ہیں رزق میں اضافہ کیا جاتا ہے۔ امام محمد باقرؑ سے نیمہ شعبان کے بارے میں پوچھا گیا تو فرمایا ''یہ رات شب قدر کے علاوہ تمام راتوں سے افضل ہے۔''

خیال رہے یہ آتشبازی اور پٹاخے چھوڑنے کی رات نہیں اس اسراف سے بچو ورنہ نیمہ شعبان کی برکات سے محروم رہوگے۔ حق تعالیٰ نے اپنی ذات مقدس کی قسم کھائی ہے کہ اس رات وہ کسی سائل کو خالی ہاتھ نہ لوٹائے گا۔ اس رات طوالت حیات۔ وسعتِ رزق۔ اور حج مبارک کا نصیب لکھا جاتا ہے۔

دوسری مسرت قلبی جو اس مبارک رات کے ساتھ وابستہ ہے وہ ہے: ولادت باسعادت امام صاحب العصر والزمان جو ۲۵۵ ہجری میں ہوئی۔ اس رات کے اعمال اس طرح ہیں (۱) غسل کرنا (۲) شب بیداری برائے عبادت (۳) زیارت امام حسینؑ جو ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبروں سے مصافحہ کرنے کا شرف نصیب کرتی ہے۔ (۴) دُعائیں (۵) شرعی حدود کے اندر رہ کر خوشی منانا۔ مومنین مسلمین کی دعوت کرنا پندرہ شعبان دن کو زیارت امام مہدی علیہ السلام کرنا (اگر سامرہ کے قریب ہو) ورنہ زیارت پڑھنا اہل اسلام کو اس خوشی میں شریک ہونے کی استدعا کی جاتی ہے کیونکہ اسی نمائندہ خدا نے دُنیا میں امن قائم کرنا ہے۔

پچیس ذی قعد (دحوالارض) اس روز اللہ کے امر سے کعبہ کی تنصیب برزمین ہوئی اور خانہ خدا کے نیچے پانی پر زمین بچھائی گئی اللہ کریم کی رحمت خاص کا دن ہے اس یوم کا روزہ ستر سال کے گناہوں کا کفارہ ہے۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام دو برگزیدہ نبی اپنے اپنے زمانے میں اسی تاریخ کو پیدا ہوئے۔ امام زمانہؑ کی غیبت کبریٰ اسی دن مکمل ہوگی۔

ہر لحاظ سے خوشی کا دن ہے چاشت کے وقت دو رکعت نماز پڑھیں۔ ہر رکعت میں حمد کے بعد پانچ مرتبہ سورۃ شمس کی تلاوت کریں۔ سلام کے بعد دُعا کریں۔

۱۰ ذی الحجہ (عید الاضحیٰ) یہ عید قربان ہے سنت ابراہیمی پر عمل کرتے ہوئے تمام عالم اسلام میں جانوروں کی قربانی دی جاتی ہے۔ جو سنت موکدہ ہے آپ بھی حسب استطاعت حصہ لیں صبح سویرے غسل کریں۔ نماز کیلئے صاف ستھرے ہو کر جائیں آتی دفعہ تھوڑا رستہ بدل لیں۔ نماز کے بعد قربانی کے گوشت سے افطار کریں۔ دن عبادت میں گزاریں۔ تکبیرات ضرور پڑھیں۔ فواحشات سے بچیں قربانی کی کھالیں دینی مراکز کو دیں۔ دارالفلاح (یتیم خانہ) کو ضرور یاد رکھیں۔

اٹھارہ ذی الحجہ (عید غدیر) امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا گیا جمعہ عید الفطر عید قربان کے علاوہ بھی مسلمانوں کیلئے کوئی عید ہے آپ نے فرمایا۔ ہاں۔ جس دن رسولؐ اعظم نے امیر المومنین کا تعارف اپنے جانشین کے طور پر کرایا اور حجاج صحابہ سے فرمایا۔ ''جس کا مَیں مولا ہوں میرے بعد علی اس کا مولا ہے۔'' یہ 18 ذی الحجہ کا دن تھا اور جائے قرار غدیر خم ہے۔ امام نے کہا اس دن روزہ رکھو۔ خدا کی عبادت کرو۔ ذکر محمد و آل محمد کرو اور صلوات بکثرت پڑھو۔ اس دن کے روزے سے ساٹھ سال کے گناہ معاف ہوجاتے ہیں اس دن ایک درہم بطور صدقہ دینا دوسرے دنوں ایک ہزار دینے کے برابر ہے۔ جہاں تک ہوسکے زیارت امیر المومنین پڑھے دو رکعت نماز پڑھے اور بعد ازاں سو مرتبہ سجدے میں کہے۔ شکراً للہ

"من کنت مولا فھذا علی" مولا کی گواہی:۔ امام المحدثین حافظ ابن عبدہ نے ایک سو صحابہ کبار سے حدیث غدیر کی روایت کی ہے۔ امام شافعی نے 80 صحابہ سے علامہ طبری نے 75 صحابیوں سے روایت کی ہے قرآن مقدس ہے ''بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَیْکَ مِنْ رَّبِّکَ (سورۃ مائدہ آیت نمبر 67) اور ''اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ'' (سورۃ مائدہ آیت نمبر 3) کا سرٹیفکیٹ دیا۔

چوبیس ذی الحجہ (عید مباہلہ) فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ اَبْنَآ

ءَنَا وَ اَبْنَآءَ کُمْ (سورۃ العمران آیت نمبر 61) واقعہ مباہلہ کی طرف اشارہ ہے۔

نبی اکرم ﷺ جب امیر المومنین ۔ سیّدۃ النساء۔ حسنین شریفین کو نصاریٰ نجران کے ساتھ مباہلہ کیلئے خانہ اقدس سے برآمد ہوئے جبرئیلؑ آیت تطہیر لے کر نازل ہوئے آنحضور نے کہا:۔ اے اللہ ہر نبی کے اہل ہوتے ہیں میرے اہل بیت یہ ہیں ان سے ظاہری باطنی برائی کو دور فرما اور اس طرح پاک کردے جو پاک رکھنے کا حق ہے۔'' ''پنجتن پاک کو نصاریٰ کے مقابلے میں عظیم کامیابی ہوئی اُنہوں نے ان ہستیوں کو صادقین تسلیم کیا اور جزیہ دُنیا قبول کرکے کاذبین ہونے سے بچ گئے۔

(ii) آج ہی کے دن امیر المومنین نے حالت نماز مسجد نبوی میں سائل کو انگوٹھی عطا کی کلام الٰہی نے اس کا تذکرہ ان الفاظ میں کیا ہے۔'' انما ولیکم اللہ .... وھم راکعون ' تمہارے سرپرست یہی ہیں ۔ اللہ اس کا رسول اور وہ مومنین جو نماز ادا کرتے ہیں اور حالت رکوع میں زکوٰۃ دیتے ہیں تمام مسلمانوں کیلئے یہ دن انتہائی پُرمسرت ہے اگر آج ہم سب مسلمان سرکاری سطح پر قومی یوم الفتح کے طور پر منائیں تو ہنود و یہود و نصاریٰ کی گردنیں شوکت اسلام کے سامنے سرنگوں ہوجائیں۔ انشاء اللہ

چودہ معصومین میں سے ہر ایک کے میلاد مسعود کا دن خوشی کا دن ہے۔

روز جمعہ خوشی کا دن ہے۔ غسل ۔ پاکیزہ لباس۔ نماز جمعہ۔ مومنین سے مصافحہ لوازمات جمعہ ہیں۔

ظہور امام'' وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ط اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ۔'' (سورۃ بنی اسرائیل آیت نمبر 81) اے رسول اللہ کہہ دو حق آگیا باطل چلا گیا بیشک باطل مٹنے والا ہی تھا۔

یہ خوشی کا دن آنے والا ہے جب حجۃ اللہ کی آواز خانہ کعبہ سے گونجتی ہوئی پوری دُنیا میں پہنچ جائے گی باطل اپنا بستر بوریا سمیٹ لے گا اور حق کا بول بالا ہوگا۔ اسلام مذاہب عالم پر غالب آئیگا۔ نظام مصطفیٰ جاری ہوگا۔ دُنیا عدل و انصاف سے بھر جائے گی اور مسلمان پر امن پُرمسرت زندگی گزار رہے ہونگے۔ انشاء اللہ

رُوحانی علاج۔ فقہی مسائل اور معمولاتِ زندگی کو آسان بنانے کے لیے رُجوع کریں۔ مولانا فیاض حسین جعفری فون 0300-4344139

سورۃ بقرہ کا قلب اور حروفِ صوامت

عامل و جفار تنویر عصری 0333-5398050

قرآن پاک کی 114 سورتوں میں 46 سورتوں کی ابتدا حروف صوامت سے ہوتی ہے جو تعداد میں 13 ہیں (ا، ح، د، ر، س، ص، ط، ع، ک، ل، م، و، ہ) ان کی جامعیت کا اندازہ لگائیں کہ سورۃ الحمد کے چاروں حروف سورۃ بقرہ کے مقطعات ال م تینوں صوامت ہیں علامہ جوہری عربی نے '' صحاح'' میں بقرہ کے معانی، توسیع فی العلم لکھے ہیں اور اس کی تشریح و توضیح میں امام محمد باقر علیہ السلام کا اسم گرامی پیش کیا کہ جن کا نام اپنے نانا کا نام اور جن کا لقب باقر (علوم کو شگافتہ کرنے والا) ہے حروف صوامت کو مدنظر رکھتے ہوئے چند ایک کارآمد و زود اثر عملیات پیش خدمت ہیں۔

☆**نافرمان بیٹے کیلئے** اس کے طرز عمل میں تبدیلی لانے کے واسطے سوئے ہوئے پر ایک بار سورہ بروج کی یہ درج ذیل آیات (۲۱۔۲۲) گیارہ روز تک پڑھ کر دم کریں۔

بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ﴿۲۱﴾ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ﴿۲۲﴾ بلکہ یہ تو قرآن مجید ہے جو لوح محفوظ میں لکھا ہوا ہے

☆نماز فجر کے بعد یَا تَوَّابُ تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھا کرے اور بدچلن بیٹے کیلئے دعا مانگا کرے تو خواہش پوری ہوگی ☆دس مرتبہ اَلْبَرُّ پڑھیں تو اولاد صالح ہوگی۔

اولاد نہ جھگڑے: اس صورت میں کہ چھوٹے بڑے، بہن بھائی باہم جھگڑتے ہوں تو سورہ طارق کی درج ذیل آیات ہر ایک کے تکیہ پر سو بار پڑھے البتہ اس بات کا خیال رکھیں کہ تکیہ تبدیل نہ ہو

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ﴿۱۵﴾ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ﴿۱۶﴾ بیشک یہ اپنی تدبیر کر رہے ہیں اور میں اپنی تدبیر کر رہا ہوں

برائے ترکِ فواحشات: بُری عادات منجملہ نشہ کرنا، جوا کھیلنا، والدین کو پریشان کرنا اور بُرے لوگوں سے راہ و رسم رکھنا وغیرہ کیلئے ماں یا باپ سوئے ہوئے پر تھوڑی اونچی آواز سے ایک مرتبہ سورہ توحید پڑھ کر اکیس دن تک دم کرے تو وہ راہ راست پر آجائیگا۔

برائے اخلاق حمیدہ: اگر کوئی درج ذیل آیت مجیدہ کو گیارہ مرتبہ پانی پر پڑھ کر بد اخلاق کو پلادے تو اللہ اس کو اَخلاقِ حَسنہ سے متصف فرمائیگا وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ ﴿۴﴾ (القلم:۴)

بندش کھولنے کیلئے: ان آیات کو لکھ کر لٹکانے اور دم کرکے چھڑکنے سے ہر قسم کی بندش کھل جاتی ہے

اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ﴿۱﴾ (الفتح:۱) نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ (الصف:۱۳)

وَّفُتِحَتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ اَبْوَابًا ﴿۱۹﴾ (النباء:۱۹) وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ

لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ (الانعام:۵۹)

ہر قسم کی انگشتری، نقوش، الواح، ستاروں کے طلسمات، شرف مشتری میں تیار، طلسم صحت و دولت موجود ہیں بچوں کے نام اور اسم اعظم نکالنے کیلئے رابطہ کریں۔ عامل و جفار تنویر عصری۔ راولپنڈی 0333 5398050

Scanned with CamScanner

2

فہم القرآن

علی اکبر پشاور

قارئین امامیہ جنتری پاکستان یا بیرون ممالک جہاں جہاں بھی رہتے ہیں۔ آباد ہیں میں اُن تمام حضرات کو جو اس مقبول عام جنتری کا مطالعہ کرتے ہیں۔ اور ہمیں سال بھر اپنی نیک تمناؤں، دعاؤں میں یاد رکھتے ہیں۔ سال نو 2013 مبارک ہو۔ اس دُعا کے ساتھ اللہ تعالیٰ تمام مومنین و مومنات بالخصوص تمام مسلمانانِ عالم کو اپنے حفظ و امان میں رکھے آمین ثم آمین۔ بانی امامیہ جنتری آغا نثار احمد مرحوم جن کے مرہون منت سے آج یہ مقبول امامیہ جنتری آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ جس میں دُرِ نایاب اعمال ہر سال شائع ہوتے رہتے ہیں۔ جو کہ برس ہا برس سے لوگوں کے سینوں میں مدفن تھے یا ہیں۔ کسی کو ہاتھ لگانے کی اجازت تک نہیں دیتے ہیں۔ آج انہیں مرحوم اور اُن کے پسماندگان، کارکنان، نشر و اشاعت میں حصہ لینے والوں کی وجہ سے ہر سال اعمال نادرہ آپ کو مطالعہ کرنے، عمل کرنے، پریشانیاں دُور کرنے کے لئے مد ثابت ہو رہے ہیں۔ میری دُعا ہے کہ بانی امامیہ جنتری آغا نثار احمد کو پرورد گار عالم بہ صدقہ دوازدہ امام چہاردہ معصومین علیہ السلام کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے اور اُن پسماندگان کو تا قیامت اِسی طرح توفیق عطا فرمائے تا کہ وہ اِس مشن کو جاری و ساری رکھ کر مسلمانانِ عالم کی خدمت کر کے اپنے بزرگوں کے ساتھ اپنی عاقبت بھی سنواریں۔

اس سال میں اپنے چاہنے والوں کی خدمت میں سورہ یٰسین شریف کا وہ نادر روزگار عمل شائع کروانا چاہتا ہوں جو کہ میرے نہایت ہی مہربان پُر خلوص دوست جن کے آباءَ اجداد کا تعلق افغانستان سے تھا۔ قیام پاکستان سے قبل پاکستان کے شہر اٹک میں آباد ہوئے۔ بعد میں اُن میں سے اکثریت انگلینڈ شفٹ ہو گئے۔ بخاری سید ہیں۔ انہی کا عطا کیا ہوا عمل آج قارئین کی نذر کرتا ہوں۔

قرآن پاک میں سورہ یٰسین شریف ۲۲۔۲۳ پارہ میں موجود ہے۔ اس کی ۸۳ آیات مبارکہ ہیں۔ ہر آیت میں اپنے اندر ایک سمندر سمویا ہوا ہے۔ اس سورہ مبارکہ کی تقریباً تمام آیات کے خواص پڑھنے کا طریقہ میرے پاس موجود ہے۔ لیکن آج جس عمل کا ذکر کر رہا ہوں۔ الگ مضمون ہے۔ پڑھیئے، عمل کریں، فیض پائیں۔ سورہ یٰسین شریف میں ۵ مقامات پر وقف غفران ہے۔

۱۔ آیت نمبر ۱۲، ۲۔ آیت نمبر ۳۰، ۳۔ آیت نمبر ۵۲، ۴۔ آیت نمبر ۶۱، ۵۔ آیت نمبر ۸۱، نوچندی جمعہ کے دن سے قمر در عقرب نہ ہو۔ یا پھر قمری چاند کی ساتویں شب سے بعد از نماز فجر اس ترتیب سے پڑھیں۔ پہلے ایک بار بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھیں پھر اول و آخر ۳، ۳ بار درود شریف پڑھیں۔ طریقہ عمل مندرجہ ذیل ہے۔ یٰسین والقرآن الحکیم ؕ سے شروع کریں۔ جب پہلی وقف غفران آیت نمبر ۱۲ پر پہنچیں یہ آیت پڑھنے کے بعد سورہ یٰسین شریف دوبارہ شروع سے پڑھیں۔ جب دوسری وقف غفران آیت نمبر ۳۰ پر پہنچیں یہ آیت پڑھنے کے بعد یٰسین شریف پھر شروع سے پڑھیں۔ جب وقف غفران آیت نمبر ۵۲ پر پہنچیں یہ آیت پڑھنے کے بعد یٰسین شریف پھر شروع سے پڑھیں جب وقف غفران آیت نمبر ۶۱ پر پہنچیں تو یہ آیت پڑھنے کے بعد یٰسین شریف پھر شروع سے پڑھیں جب وقف غفران آیت نمبر ۸۱ پر پہنچیں تو یہ آیت پڑھنے کے بعد یٰسین شریف پھر شروع سے پڑھیں اور آخر تک یعنی آیت نمبر ۸۳ تک پڑھیں۔

مطلوبہ شخص کا نام لیے بغیر تصور کریں کہ وہ آپ کی منتیں کر رہا ہے رو رو کر گڑ گڑا رہا ہے اور آپ کے پاؤں پر گرا ہوا ہے معافی مانگ رہا ہے۔ یہ عمل کم از کم ۱۱ دن یا ۲۱ دن یا ۴۱ دن لازماً کریں۔ یہ وہ عمل ہے جب کسی ظالم نے کسی مظلوم کا حق مارا ہو کوشش بسیار کے باوجود نہ دیتا ہو بڑا زبردست عمل ہے۔ اس عمل کے اور بھی بہت سے فوائد ہیں جس کے بتانے سے قاصر ہوں۔ لہذا کوئی شخص جو یہ عمل کرنا چاہے جائز کام کے لیے پہلے مجھ سے اجازت لے۔ ناجائز کرنیوالے رابطہ نہ کریں۔ والسلام

طالب دعا **علی اکبر ٹی اینڈ جنرل سٹور**
چوک قصہ خوانی نزد دوبئی ہوٹل پشاور شہر
فون دوکان: 091-2565110 موبائل: 0300-5831879

کھجلی چنبل پھوڑا خارش اور ناسور کیلئے

نسخہ: کھجلی و خارش کے لئے گندھک کے پاؤڈر کو سرسوں کے تیل میں حل کر کے مالش کرنا مفید ہے ☆ خارش و چنبل اور پھوڑوں کیلئے یہ دعا پڑھی جائے اور لکھ کر بیمار کے گلے میں ڈالی جائے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيْثَةٍ كَشَجَرَةٍ
خَبِيْثَةِ ۨاجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ الْاَرْضِ مَا لَهَا مِنْ قَرَارٍ مِنْهَا
خَلَقْنٰكُمْ وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى اَللّٰهُ اَكْبَرُ
وَاَنْتَ لَا تُكَبِّرُ اَللّٰهُ يَبْقٰى وَاَنْتَ لَا تَبْقٰى وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

☆ متواتر اس آیت مجیدہ مع دعا کے تلاوت کرنے سے چنبل خارش و کھجلی و پھوڑا اور ناسور سے جلد آرام آجاتا ہے

کلید مشکلات

سیّد مبارک حسین کاظمی (شاہ صاحب) R-31 فیز II ڈیلکس گارڈن ابوالحسن اصفہانی روڈ۔ کراچی

قرآنی آیات مجرب وآزمودہ دُعاؤں سے مشکلات کا حل

آجکل نفسا نفسی کا دَور ہے تیزی سے بڑھتی ہوئی مہنگائی، قلت معاش اور ضروریات زندگی نے انسان کو اس قدر پریشان ومصروف کر دیا ہے کہ وہ عدم تحفظ کا شکار ہے اور آئے دن نت نئے مصائب میں پھنستا جا رہا ہے قلب وذہن منتشر ہو کر رہ گیا ہے، گھریلو مسائل میں الجھا ہوا ہے صبر وشکر کا دامن چھٹتا جا رہا ہے۔ اور سکون قلب میسر نہیں ہے۔ قرآن حکیم انسانوں کیلئے سرچشمہ ہدایت، رحمت سرمایہ حیات، رہبر زندگی اور فلاح وبہبود کیلئے عظیم ترین تحفہ خداوندی ہے یہ وہ مقدس کتاب ہے جو انسانوں سے ہمکلام ہوتی ہے اسی لئے اسکو قرآن کہا گیا ہے۔ بحیثیت مسلمان خداوند تعالیٰ پر ہمارا ایمان ہے کہ وہ ہم سب کی سنتا ہے۔ ارشاد خداوندی ہے میں مضطرب کی دُعا قبول کرتا ہوں جب انسان مایوس ہو جاتا ہے تو دُعا ہی اُس کو مایوسی سے نکال کر ایک نئے عزم، حوصلہ، اُمید اور سکون سے ہمکنار کرتی ہے۔ دُعا ربط خالق ومخلوق کا بہترین ذریعہ بقائے کائنات کا سبب ہے دُعا انبیاء کا اسلحہ ہے دُعا مومن کی سپر ہے دُعا وسیلہ انبیاء ہے دُعا حکم رب ہے۔

ہر سال کی طرح اس مرتبہ بھی امامیہ جنتری کے قارئین کیلئے چند مجرب اور آزمودہ دُعائیں پیش خدمت ہیں استفادہ فرمائیں اور مجھ حقیر کو دُعاؤں میں یاد رکھیں نیز امامیہ جنتری کے بانی محترم آغا نثار احمد صاحب (مرحوم) واہلیہ (مرحومہ) کیلئے فاتحہ تلاوت فرمائیں اور دُعا کریں ان کے پسماندگان کو پروردگار معصومینؑ کے صدقے میں صحت وتندرستی اور کاروبار میں ترقی اور اضافہ عطا فرمائے (آمین)

☆ حضرت امیر المومنینؑ کا ارشاد گرامی ہے۔ ردِ بلا پریشانیوں ومشکلات، شدت واضطراب میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم "یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ" پڑھتے تھے اور مصیبت اور پریشانی سے نجات مل جاتی تھی۔

☆ امام جعفر صادق علیہ السلام کا ارشاد گرامی ہے جو شخص روزانہ فریضہ نماز کے بعد پابندی کے ساتھ سورۂ شمس کی تلاوت کریگا پروردگار اُس کی پریشانیوں سے نجات، تنگی معاش، مفلسی، رزق میں اضافہ اور کاروبار میں فائدہ اور نفع ہوگا اس کے کاموں سے رکاوٹ دور ہوگی غیب سے رزق اور روزی میں اضافہ ہوگا۔ پریشانیاں دور ہوں گی اور خوشحال ہو جائیگا۔

☆ جو شخص کم رزق، کم اسباب، کم روزی، اور کم وسائل رکھتا ہو اور رزق، روزی وتوفیقات میں بہتری اور اضافہ چاہتا ہو تو درج ذیل آیت کو روزانہ فجر کی نماز کے بعد گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھ لیا کرے اور دُعا مانگ لیا کرے۔ انشاء اللہ جلد ہی معاشی حالت بہتر ہو جائیگی۔ بہت ہی مجرب اور پُراثر دُعا ہے۔

"بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ لَهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ"

(سورۂ العنکبوت پ ۲۱ آیت ۶۲)

☆ کاروبار کی ترقی اور بہتری کیلئے مجرب ترین اور پرتاثیر عمل تحریر ہے۔ جس شخص کی روزی میں برکت نہ ہو کاروبار یا تجارت سے فائدہ کی بجائے نقصان ہو رہا ہو، کاروبار نہ چلتا ہو یا چلتا ہوا کاروبار رُک گیا ہو۔ پریشانی لاحق ہو، معاشی حالات خراب ہو اور رجوع خلائق نہ ہو تو روزانہ باقاعدگی سے نماز فجر کے بعد بیس (۲۰) مرتبہ سورۂ الکافرون اور بیس (۲۰) مرتبہ سورۂ النصر" یقین کامل اور توجہ کاملہ سے پڑھ کر دُعا مانگ لیا کریں۔ انشاء اللہ جلد ہی اس طرح رجوع خلائق ہوگی جس طرح آپ چاہتے ہیں اور غیب سے رزق کی فراوانی ہوگی کاروبار خوب چلے گا۔ اور رزق میں حیرت انگیز طور پر اضافہ ہوگا۔

☆ اگر آپ کے کاروبار/روزگار/شادی بیاہ، یا کسی بھی قسم کی بندش دوستوں/دُشمنوں/رشتہ داروں نے کرادی ہے تو اُس کو رفع کرنے یا توڑنے کیلئے"

سورۂ مبارکہ تکویر پ ۳۰ '' کو روزانہ بعد نماز فجر اور بعد نماز عشاء سات، سات مرتبہ پڑھ کر دُعا مانگیں گے تو ہر قسم کی بندش رفع دفع ہوگی اور، خوشحالی آئیگی اور پریشانیاں دُور ہوں گی بہت ہی مجرب اور موثر اور آزمودہ ہے۔

☆ گردے اور پتے کی پتھری سے نجات وشفایابی کیلئے بہت ہی مجرب اور پُر اثر ہے درج ذیل آیت سے فائدہ اُٹھانے کیلئے روزانہ پڑھ کر دم کر کے پلائیں اور مکمل شفایابی ہونے تک یہ عمل جاری رکھیں انشاء اللہ صحت یابی ہوگی دُعا یہ ہے

'' بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ وَاِنَّ مِنَ الۡحِجَارَۃِ لَمَا یَتَفَجَّرُ مِنۡهُ الۡاَنۡهٰرُ ؕ وَاِنَّ مِنۡهَا لَمَا یَشَّقَّقُ فَیَخۡرُجُ مِنۡهُ الۡمَآءُ ؕ وَاِنَّ مِنۡهَا لَمَا یَهۡبِطُ مِنۡ خَشۡیَةِ اللّٰهِ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعۡمَلُوۡنَ '' (سورۂ البقرہ پ نمبر ۱ آیت نمبر ۷۴)

☆ جو شخص غیب سے روزی حاصل کرنا چاہے بعد کسی نماز باوضو '' سورۂ یٰسین '' کو تین (۳) مرتبہ پڑھے اوّل وآخر دُرود گیارہ گیارہ مرتبہ اور جب '' سورۂ یٰسین '' کو اوّل '' مبین '' تک پڑھ چکیں تو پھر شروع سے پڑھیں یعنی اوّل سے شروع کریں جب دوسرے '' مبین '' پر پہنچے تو پھر اوّل سے شروع کریں اسی طرح جب ساتویں '' مبین '' پر پہنچے تو پھر اوّل سے شروع کریں تو آخری سورۃ تک پڑھیں اور سورۃ ختم کریں اس طرح '' سورۂ یٰسین '' پڑھنے والا اسکو روزانہ کا معمول بنائے گا اللہ تعالیٰ خزانہ غیب سے روزی عطا فرمائے گا کسی کو معلوم بھی نہ ہوگا کہ وہ کہاں سے کھاتا ہے اور خلائق تابعدار اور فرمان بردار اور مطیع ہوگی اور کامیابی، کامرانی آپ کا مقدر بن جائیگی۔ مجرب ہے۔

☆ جسم کے کسی بھی حصے یا جگہ درد محسوس کریں یا کسی بھی قسم کی بیماری ہو تو درج ذیل مجرب اور پُر اثر دُعا کو روزانہ کسی نماز کے بعد یا ہر فریضہ نماز کے بعد پڑھ کر جس جگہ درد یا تکلیف ہو وہاں ہاتھ رکھ کر پھونکیں انشاء اللہ جلد ہی افاقہ محسوس کریں گے دُعا یہ ہے۔

'' بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ وَاِنۡ یَّمۡسَسۡكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗۤ اِلَّا هُوَ ؕ وَاِنۡ یَّمۡسَسۡكَ بِخَیۡرٍ فَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ '' (سورۂ الانعام پ نمبر ۷ آیت نمبر ۱۷)

☆ عرق النساء (لنگڑی کا درد) اس مرض میں مبتلا مریض چلتے پھرنے سے معذور ہو جاتا ہے متاثرہ ٹانگ پوری طرح جسم کا وزن نہیں سنبھال سکتی اس کی بنیادی وجہ گردوں کے نظام عمل میں نقص پیدا ہوتا ہے اس سے نجات پانے کیلئے آپ جب بھی پانی پئیں تو ایک مرتبہ '' بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ یَا شَافِیَ الۡاَبۡرَارُ مُقِیۡمًا سَدِیۡدً '' پڑھ کر دم کر کے پی لیا کریں انشاء اللہ جلد ہی افاقہ محسوس کریں گے۔

☆ پرانا زخم ناسور، پھوڑا، پھنسی، شوگر کے مریضوں کے پاؤں کی پھنسیاں اگر ہوں تو اس کے علاج کیلئے اگر ڈاکٹروں سے اچھا نہ ہوتا ہو تو درج ذیل آیت کو ایک ہزار گیارہ (۱۰۱۱) مرتبہ باوضو پڑھ کر پانی پر دم کریں اور یہ پانی زخم پر لگائیں اور اسی کو پئیں اور دوائی پر دم کر کے زخم پر لگائیں یہ عمل چالیس (۴۰) یوم کریں اور روزانہ تازہ پانی استعمال کریں گھر میں رکھا ہوا پانی نہ لیں نلکے کا تازہ پانی لیں انشاء اللہ جلد ہی صحت یابی ہوگی '' بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ مُسَلَّمَةٌ لَّا شِیَةَ فِیۡهَا ؕ

☆ اگر کوئی شخص تنگ دست ہو، کم روزی، کم رزق، مفلس ہو اور اپنی روزی میں اضافہ چاہتا ہو تو اُس کو چاہئے روزانہ ہر فریضہ نماز کے بعد '' سورۃ القارعہ '' ایک مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے دست غیب سے رزق میں فراوانی ہوگی اور مفلسی اور تنگ دستی ختم ہو جائیگی پڑھنے کے بعد دُعا مانگ لیا کریں بہت مجرب ہے۔

☆ اگر کوئی بچہ / بچی کند ذہن ہو پڑھائی میں دل نہ لگتا ہو، یادداشت کمزور ہو، پڑھا ہوا سبق یاد نہ رہتا ہو تو، بچہ/ بچی کے ذہن اور کند ذہنی ختم ہونے، پڑھائی میں دل لگنے کیلئے درج ذیل آیت کو ایک سو اکیس (۱۲۱) مرتبہ پانی پر دم کر کے روزانہ باقاعدگی سے پلائیں انشاء اللہ جلد ہی ذہین اور ہونہار طالب علم بن جائیگا۔ دُعا یہ ہے۔

'' بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ وَعَلَّمَكَ مَا لَمۡ تَكُنۡ تَعۡلَمُ ؕ وَكَانَ فَضۡلُ اللّٰهِ عَلَیۡكَ عَظِیۡمًا '' (سورۃ النساء پ ۵ آیت ۱۱۳)

☆ نافرمان اولاد کو فرمانبردار اور صالح ونیک بنانے کیلئے جو اولاد اپنے ماں باپ کا حکم نہ مانتی ہو، ضدی ہو لڑائی جھگڑا رکھتی ہو تو اُن کو راہ راست پر لانے کیلئے درج ذیل آیت کو گیارہ (۱۱) مرتبہ جو بھی نافرمان ہو اُس کے پیشانی کے بال پکڑ کر پڑھیں اوّل اور آخر درود پڑھ کر پھونکیں یہ عمل روزانہ کریں انشاء اللہ اولاد صالح اور نیک ہو جائیگی دُعا یہ ہے۔

'' بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اِنِّیۡ تَوَكَّلۡتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّیۡ وَرَبِّكُمۡ ؕ مَا مِنۡ دَآبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِیَتِهَا ؕ اِنَّ رَبِّیۡ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسۡتَقِیۡمٍ '' (سورۂ ھود پ ۱۲ آیت ۵۶)

فقط والسلام طالب دُعا حقیر سید مبارک حسین کاظمی

قرآنِ مقدس کی صغیر ترین سورۃ الکوثر کے عجائبات

تحریر: بزرگ روحانی محقق آغا حسنین احمد عامل ستارہ سماج گولڈ میڈلسٹ (P.S.A) آغا ہاؤس (شوکت آباد) جی ٹی روڈ احمد پور شرقیہ ضلع بہاولپور پنجاب پاکستان

1996ء تا 2013ء مسلسل 18 سال عالمی شہرت یافتہ امامیہ جنتری پاکستان میں مجھ ناچیز پُرتقصیر کے روحانی مضامین کی اشاعت کی وجہ سے لاکھوں افراد نے روحانی فیض حاصل کیا۔ بصدقۂ رحمۃ للعالمین حضرت محمد خاتم النبیین ﷺ وحضرات چہاردہ معصومین علیہم السلام یہ ثواب بانی امامیہ جنتری آغا نثار احمد مرحوم ومغفور اور میرے محسن آغا افتخار حسین صاحب کا حصہ بنتا ہے جنہوں نے بے لوث وروحانی اشاعت سے کروڑوں مومنین ومومنات کو فیض یاب ہونے کا موقع بخشا۔ جن کی دُعاؤں کا سرمایہ ہمارے سر پر سایۂ فلگن ہے۔

مجھے ہزاروں مومنین نے خط اور فون سے فرمائش کی کہ ایسا مضمون اور عمل لکھوں جس سے ہر مومن بلاخرچہ استفادہ کر سکے ورنہ دیگر عاملین تو ہزاروں روپے طلب کرتے ہیں۔ جو انکی استطاعت سے بالا ہے۔

لَا رَیْبَ فِیْهِ کتاب قرآن مقدس کے 30 پاروں کی 7 منازل کی 114 سورتوں میں 86 مکی اور 28 مدنی سورتیں ہیں جن میں سے سب سے چھوٹی سورۃ پارہ عم 30 کی سورۃ 108 الکوثر ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِنَّآ اَعْطَیْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝

پڑھ ساتھ مدد اللہ تعالیٰ کے، جو بہت مہربان اور نہایت رحم والا ہے۔

یقیناً ہم نے آپ کو کوثر عطا کیا۔ تفسیر صافی صفحہ 583 کوثر سے مراد خیر کثیر۔ علم وعمل نبوت اور کتاب شرف دارین اور آل اطہار اولاد ذریت طیبہ۔ کوثر جنت میں ایک پاک نہر بھی ہے پس تو اپنے پروردگار کی نماز پڑھ اور رفع یدین کر تا رہ۔ تفسیر مافی 528 پر وانحر کی تفسیر دونوں ہاتھوں کو چہرے کے برابر اُٹھانا یعنی رفع یدین کرنا۔ یقیناً تیرا دشمن ابتر بدترین اور بے اولاد ہی رہیگا۔

ایک سال میں تنگدستی دور کرنے اور قرض سے نجات کا عمل ہر شب جمعہ بعد نماز عشاء اوّل آخر ۱۰۰ مرتبہ درود پاک درمیان میں ۴۱ بار سورۃ الکوثر ورد کر کے پانی پر دم کر کے پی لے۔ (۴۱) شب جمعہ تک تو رزق کشادہ ذہن تیز رزق فراخ اور ایک سال میں امیر ہو جائیگا۔

ابن قیم کا تجربہ ابن قیم فرماتے ہیں کہ سورۃ الکوثر میں ہر مرض کا علاج ہے جو شخص باطہارت اوّل آخر ۱۴ بار درود پاک پڑھ کر ۱۹ مرتبہ سورۃ الکوثر پڑھ کر پانی پر دم کر کے۔ صبح وشام مریض کو پلائے تو شفا پائے گا۔

قید سے خلاصی کیلئے باطہارت شب جمعہ اول آخر درود پاک درمیان میں 11 بار سورۃ الکوثر ورد کر کے خاک شفا کی سجدہ گاہ پر دم کر کے اسی پر نماز پنجگانہ میں سجدہ کرے اگر قیدی موذنہ کر سکے تو اس کے وارث یا والدین کریں۔

ہر عمل کے وقت اگربتی ضرور سلگائیں۔ اور ہر عمل کے بعد 15 روپے کے سکے کسی مسکین کو صدقہ ضرور ادا کریں۔

دفع مصیبت کیلئے جب کوئی ناگہانی پریشانی درپیش ہو تو بعد نماز عشاء غروب آفتاب کے بعد باوضو 2 رکعت نماز نفل قربۃً الی اللہ پڑھیں۔ پہلی رکعت میں ایک بار سورۃ فاتحہ دوسری رکعت میں 11 بار سورۂ الکوثر ورد کرے نماز کے بعد بارگاہ ربانی سے بوسیلہ محمدؐ وآلِ محمدؐ معصومین علیہم السلام دفع مصیبت اور مشکل کشائی کی دُعا کریں انشاء اللہ ۳ یوم میں حاجت روائی ہوگی۔ الحب کے غرض مند بھی یہی عمل کریں۔

مضمون کی کوئی جز و سمجھ نہ آئے تو خط سے رابطہ کریں جو مومنین ورد عمل نہ کر سکیں وہ ہم سے لوح الکوثر باموکل چاندی پالش طلب کر کے اپنے پاس رکھیں.......... محتاج دُعائے موالیان حیدرِ کرار آغا حسنین احمد

12 سال بعد لوح شرف مشتری

6-9-2013 تا 12-9-2013

ترقی۔ خوشحالی۔ تسخیر خلق۔ غنا۔ دولت۔ رزق۔ ویزہ۔ شادی۔ روحانیت چھپے والی لوح ہرگز نہ لیں۔ ہاتھ سے لکھی گئی مس سونا پالش ہدیہ =/1400 روپے استخارہ کیلئے جانئے اپنی ہر پریشانی کا روحانی حل۔ کوئی فیس نہیں ماہنامہ روحانی فیض کا شرف مشتری ایڈیشن خط لکھ کر مفت طلب کریں۔

PC 63350

ڈاک کا پتہ: آغا حسنین احمد۔ آغا ہاؤس۔ احمد پور شرقیہ ضلع بہاولپور 0300-6802983 0331-7560412

ہر انگریزی ماہ کی 9 کو لاہور اور 10 کو راولپنڈی میں ملیں۔ ملاقات کی فیس نہیں ہے

Scanned with CamScanner

قرآن پاک سے مسائل کا حل

اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں ہر پریشانی کا حل اور ہر مرض کی شفاء رکھی ہے۔ علم الاعداد، علم الجفر اور طریقہ رمل سے اس کا استعمال بہت آسان اور موثر ہے۔ لیکن عام فہم اور آسانی سے سمجھنے والا علم ابجد یعنی اعداد کا علم ہے۔ اس میں سب سے پہلے کچھ آیات موجود ہیں جن کے پہلے اور آخری عدد کے ابجد نکال کر اس کے مطابق استعمال کرنا خاص الخاص ہے کیونکہ یہ طریقہ کئی بار آزمایا جا چکا ہے۔

اس کے استعمال کیلئے مخصوص قرآنی آیات ہیں اور اس سے کئی لوگ مستفید ہوئے ہیں۔ جن کے پہلے اور آخری حرف کے ابجد نکال کر اس کے مطابق استعمال کرنا خاص الخاص ہے۔

اس کے استعمال کیلئے مخصوص قرآنی آیات ہیں جن کے پہلے اور آخری حرف کے ابجد اکٹھے کر کے اُنکو دو پر تقسیم کرنا ہے پھر انکا ابجد نکال کر آیت کو عمل میں لانا ہے۔ جو آیات میں پیش کر رہا ہوں آپ کی آسانی کیلئے ان کے ابجد نکال کر طریقہ استعمال کی تفصیل موجود ہے۔

(۱) فالج اور لقوا کیلئے سورۃ البقرۃ آیت ۱۴۴

قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ سے **یَعْمَلُوْنَ** تک

ق + ن = 100 + 50 = $\frac{150}{2}$ = 75=12 = 7+5=1+2 = 3

یہ آیت کانسی کے برتن پر 3 مرتبہ لکھ کر (زعفران + عرق گلاب) سے فالج کیلئے روزانہ 3 مرتبہ ماؤف عضو کو دھوئے۔

لقوا کیلئے لقوے والا 3 گھنٹے آئینہ دیکھے۔ صرف 12 یوم میں فرق واضح نظر آئے گا۔

(۲) برکت اور روزگار کی کشائش کیلئے سورۃ آل عمران آیت نمبر 73 تا 74

قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰهِ یُؤْتِیْهِ سے **ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ** تک

ق + م = 100 + 40 = $\frac{140}{2}$ = 70 - 0 + 70 = 7

کسی پاک صاف کاغذ پر روشنائی سے لکھ کر گھر میں سات جگہ پر رکھیں بے پناہ برکت اور بے حساب رزق آئے گا (آزمودہ ہے)

(۴) جادو کالا یا ٹونہ وغیرہ یا آسیب کے اثر کو زائل کرنے کیلئے

(سورۃ یونس آیت 81 تا 82)

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ سے **وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ**

ف + م = 80 + 50 = $\frac{130}{2}$ = 65 = 6+5 = 11 = 1+1 = 2

اس آیت کو لکھ کر گھر کی دو سمت یعنی مشرق اور مغرب کی طرف لٹکا دیں۔ یا آسیب زدہ یا خوف زدہ کو دن میں دو بارہ پلائیں۔

(۵) ارضی و سماوی بلیات اور دشمنوں سے حفاظت کیلئے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ سے **یَعْدِلُوْنَ** تک

ا + ن = 1 + 50 = $\frac{51}{2}$ = 5 - 25 = 7 = 5 + 2 = 7

اس آیت کو روزانہ سات دفعہ پڑھ کر پھونکیں۔ تمام آفتوں اور بلیات سے حفاظت ہوگی۔

> **نوٹ** اس کے علاوہ کسی بات کی سمجھ نہ آئے تو فون پر رابطہ کریں
> پیر سیّد علی حیدر شیرازی موضع پیر والہ تحصیل شورکوٹ ضلع جھنگ
> 0344-2420784

استغاثہ بحضور حضرت ابوالفضل العباس علیہ السلام

(قضائے حاجات اور سختیوں کو دور کرنے کیلئے)

یہ ایسا کامیاب عمل ہے جس کے انجام دینے سے فوراً نیک مرادیں پوری ہوتی ہیں۔ اس عمل خیر کو مجمع الدعوات سے پیش کیا جا رہا ہے۔ عمل کو مندرجہ ذیل طریقے سے انجام دیں۔ (1)- دو رکعت نماز بہ نیت استغاثہ حضرت ابوالفضل العباسؑ پڑھے۔ (2)- نماز کے بعد گیارہ مرتبہ محمدؐ و آل محمدؐ علیہم السلام پر درود پڑھے۔ (3)- گیارہ مرتبہ (**صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْكَ یَا اَبُو الْفَضْلِ الْعَبَّاسُ**) پڑھے۔ (4)- 133 مرتبہ (**یَا كَاشِفَ الْكَرْبِ عَنْ وَجْهِ الْحُسَیْنِ عَلَیْهِ السَّلَامُ اِكْشِفْ كَرْبِیْ بِحَقِّ اَخِیْكَ الْحُسَیْنِ عَلَیْهِ السَّلَامُ**) (5)- گیارہ مرتبہ (**اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَ یَكْشِفُ السُّوْٓءَ**) (6)- گیارہ مرتبہ (**یَا اَللّٰهُ**) پھر گیارہ مرتبہ (**لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ**) بعدہٗ گریہ و زاری کر کے اپنی جملہ پریشانیوں کیلئے خوب رو، رو کر دعا کریں۔

Scanned with CamScanner

قرآنی نقش آیت شفاز عفرانی

تحریر: آغا جعفر حسین

اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا اسی تطہیر میں موجود اسم اعظم کی معرفت میں کل 5 پاروں کی 5 سورتوں میں 23 آیات مبارکہ نازل فرمادیں۔ انہی آیات مبارکہ میں لَهٗ مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ کا کنز یعنی اسم اعظم موجود ہے۔ ان آیات مبارکہ پر سلسلہ بہ سلسلہ ریسرچ پیش کروں گا اس مرتبہ ان آیات مبارکہ سے پہلی آیت پارہ نمبر ۳ آیت نمبر ۳۶ سورہ آل عمران پر ریسرچ پیش خدمت ہے۔ اسم اعظم کے استعمال سے قبل یہ ضروری ہے کہ اس کی تاثیر کو دائمی کیا جائے اور آنے والی نسلوں میں منتقل کیا جائے۔ اس آیت مبارکہ کے آخر میں وَاِنِّيْٓ اُعِيْذُهَا بِكَ سے الرَّجِيْمِ تک اسی مقصد کی تکمیل ہے۔ اس آیت مبارکہ کے اور بہت سے خواص ہیں بالخصوص حفاظت از دشمنان، حفاظت از شر جنات، نجات از مکر و فریب، نجات از ام الصبیان، نجات از پوشیدہ امراض، تبدیلی جنس در شکم مادر وغیرہ ہیں۔ یاد رہے یہ انتہائی موثر و مجرب ہیں اس آیت مبارکہ کو روزانہ بعد از فجر 19 مرتبہ مع درود پاک اول و آخر 19 مرتبہ ورد کریں اور پانی پر دم کر کے استعمال کریں انشاءاللہ مستفید و مستفیض ہوں گے۔ آیت مبارکہ یہ ہے۔

فَلَمَّا وَضَعَتْهَا قَالَتْ رَبِّ اِنِّيْ وَضَعْتُهَآ اُنْثٰى ط وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا وَضَعَتْ ط وَلَيْسَ الذَّكَرُ كَالْاُنْثٰى ط وَاِنِّيْ سَمَّيْتُهَا مَرْيَمَ وَاِنِّيْٓ اُعِيْذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (آل عمران ۳۶)

جملہ وضاحت کر دی ہے پھر بھی کوئی جز سمجھ میں نہ آئے تو بذریعہ خط و کتابت یا بذریعہ فون سمجھ سکتے ہیں۔ کسی بھی مسئلے کا حل بذریعہ علم الجفر، اعداد، رمل، اور نجوم سے کرتا ہوں کوئی مسئلہ ہو تو اس ناچیز کو ضرور یاد کیجیے گا۔ انشاءاللہ آئندہ مزید ریسرچ پیش کروں گا۔

ریکی
(ایک آسان اور مؤثر نورانی علم)

ڈاکٹر سید نیاز محمد ہمدانی فاضل قم۔ ایم اے (اسلامیات۔ عربی۔ فارسی) پی ایچ ڈی (مینافزکس)
Ph: 0092 42 37483664, Mob: 0333 4394138,
Email: syedniazm@yahoo.com,
Web: drhamadani.org

اب تک آپ کی زندگی جیسی بھی تھی اور اس وقت آپ کی زندگی جیسی بھی ہے، اس کی فکر چھوڑیئے اور اپنی باقیماندہ زندگی کو ایسا بنائیں جیسا آپ چاہتے ہیں

دنیا کے ہر انسان کے دل میں بہت سی خواہشیں ہوتی ہیں جنھیں وہ پورا کرنا چاہتا ہے۔ لیکن عموماً دیکھا گیا ہے کہ بہت سے لوگ بہت سی خواہشات پوری نہیں کر پاتے۔ مرزا غالب نے اسی لئے کہا تھا کہ : ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پہ دم نکلے۔ خواہشات چھوٹی بھی ہو سکتی ہیں اور بڑی بھی۔ ایک انسان کی خواہش ہو سکتی ہے کہ وہ روزانہ ایک ہزار روپیہ کما لے جب کہ کسی اور کی خواہش یہ ہو سکتی ہے کہ وہ روزانہ ایک لاکھ روپیہ کما لے۔ کسی کی خواہش اتنی سی ہوتی ہے کہ وہ کلرک بن جائے تو کسی کی خواہش یہ ہوتی ہے کہ وہ ملک کا وزیر اعظم بن جائے۔ کسی کی خواہش مادی ہوتی ہے تو کسی کی خواہش روحانی ہوتی ہے۔ کسی کی خواہش ذاتی ہوتی ہے اور کسی کی خواہش اور مقاصد قومی اور بین الاقوامی ہوتے ہیں۔ لیکن یہ بات طے ہے کہ انسان کی خواہش کچھ بھی ہو اسے پورا کرنے کے لئے انسان کو طاقت کی ضرورت ہوتی ہے۔ کمزور انسان اپنی خواہشات کو پورا نہیں کر سکتا۔ لہٰذا دیکھا گیا ہے کہ ہر انسان اپنی خواہشات کی تکمیل کے لئے طاقت حاصل کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ کوئی اقتصادی طاقت حاصل کرنا چاہتا ہے تو کوئی سیاسی طاقت۔ کوئی مادی طاقت حاصل کرنے میں مصروف ہے تو کوئی روحانی طاقت حاصل کرنے کے لئے سرگرم عمل نظر آتا ہے۔ ہر انسان اپنی خواہشات کی تکمیل کے لئے زیادہ سے زیادہ طاقت حاصل کرنے کی تگ و دو میں مصروف ہے۔

موجودہ دور میں اور ماضی میں ایک بہت بڑا فرق یہ پیدا ہوا گیا ہے کہ ماضی میں انسان کی خواہشات سادہ اور تھوڑی تھیں جبکہ ان خواہشات کو پورا کرنے کے وسائل نسبتاً زیادہ تھے۔ اس کے برعکس جدید دور میں انسان کی خواہشات میں بہت زیادہ اضافہ ہو گیا ہے اور ان خواہشات کو پورا کرنے کے وسائل کم سے کم ہوتے جا رہے ہیں۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ خواہشات کی تکمیل ماضی کی نسبت بہت مشکل ہو گئی ہے۔ خواہشات کی تکمیل نہ ہونے کے نتیجہ میں ناکامی اور ناکامی کے نتیجہ میں ٹینشن اور ڈیپریشن میں بہت اضافہ ہو گیا ہے جس نے انسان کو اور بھی کمزور کر دیا ہے۔ دور حاضر کے انسان کے کمزور ہونے کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ ہر شخص اپنی خواہشات کی تکمیل میں اس طرح سرگرداں ہے کہ کسی کو دوسرے کی فکر ہی نہیں۔ کسی کے پاس دوسرے کے بارے میں سوچنے کی فرصت ہی نہیں ہے۔ اس طرح دور جدید میں دوستیاں اور رشتہ داریاں بھی کمزور ہو گئی ہیں جس کی وجہ سے انسان تنہا اور کمزور ہو گیا ہے۔

اللہ تعالیٰ جو انسان کا اور ساری کائنات کا رب ہے، اس نے کائنات میں طاقت کی بہت سے اقسام اور بہت سے ذرائع رکھے ہیں۔ ان میں سے بعض ہر ایک کو نظر آتے ہیں اور بعض کسی کسی کو اور بعض کسی کو بھی نہیں۔ مثال کے طور پر بھاری سامان ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے کے لئے انسان اونٹ اور ہاتھی کی طاقت استعمال کرتا تھا۔ لیکن بعد میں جب انسان نے آگ کی طاقت دریافت کر لی تو اب انجن کے ذریعے آگ کی طاقت کو استعمال کر کے بہت زیادہ بوجھ زیادہ آسانی کے ساتھ زیادہ دور تک لے جا سکتا ہے۔ سورج کی روشنی اور حرارت میں سولر انرجی یا شمسی توانائی ہمیشہ موجود تھی۔ لیکن انسان کو اس کا علم نہیں تھا۔ جب انسان کو اس طاقت کا علم ہوا تو اس نے ایسے آلات ایجاد کر لئے جن کے ذریعے وہ سورج کی روشنی اور حرارت کی طاقت یعنی سولر انرجی کو قابو میں لا کر استعمال کرنے لگا ہے۔ جب سے دنیا بنی ہے یورینیم دنیا میں موجود تھی۔ مگر کسی کو معلوم نہیں تھا کہ یورینیم کے ایٹم میں کتنی طاقت پوشیدہ ہے۔ اگر آپ کے سامنے ایک چھوٹی سی پڑیا میں ایک گرام یورینیم پڑا ہو تو کیا آپ اندازہ کر سکتے ہیں کہ اس سے کتنی طاقت حاصل ہو سکتی ہے؟ سائنس دانوں کا کہنا ہے کہ ایک گرام یورینیم سے اتنی طاقت حاصل کی جا سکتی ہے جتنی دو ہزار کلوگرام پٹرول یا تین ہزار کلوگرام کوئلے سے حاصل کی جا سکتی ہے۔

یہ مثالیں ان طاقتوں کی ہیں جو ہمارے باہر موجود ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے کائنات کے اندر اور خود انسان کے اندر بہت سی طاقتیں رکھی ہیں جو بیرونی دنیا میں موجود طاقتوں کی نسبت بہت طاقتور ہیں۔ مولا علی علیہ السلام کا یہ شعر معروف ہے جس میں آپ انسان سے فرماتے ہیں:

اتزعم انک جرم صغیر و فیک انطوی العالم الاکبر

(ترجمہ: کیا تم نے یہ سمجھ رکھا ہے کہ تم ایک چھوٹا سا جسم ہو حالانکہ تمہارے اندر ایک بڑی کائنات پوشیدہ ہے)

اس شعر میں مولا علی علیہ السلام نے انسان کے اندر کی پوشیدہ کائنات کا باہر کی نظر آنی والی کائنات سے موازنہ کر کے انسان کے اندر کی کائنات کو بڑی کائنات کہا ہے۔

انسان کو اللہ تعالیٰ نے جسمانی طاقت کے علاوہ بہت سے دوسری طاقتوں سے بھی نوازا ہے۔ لیکن انسان نے ابھی تک اپنی ان طاقتوں کا ایک چھوٹا سا حصہ بھی دریافت نہیں کیا ہے۔ جو کچھ اب تک انسان نے دریافت کیا ہے وہ

سودے بکس لنک روڈ اسکردو کالج بک ڈپو تلہ گنگ ذوالفقار بک ڈپو یادگار چوک اسکردو

کس قدر حقیر اور ناچیز ہے اس کا بھی ہمیں اندازہ نہیں ہے۔ان طاقتوں میں سے ایک طاقت ریکی ہے جو انسان کے اندر بھی موجود ہے اور باہر کی کائنات میں بھی موجود ہے جو پچھلی چند دہائیوں کے دوران دنیا میں بہت تیزی سے معروف ہوئی۔اس طاقت اور انسان کی دوسری روحانی طاقتوں میں ایک بنیادی فرق یہ ہے کہ دوسری طاقتوں کو حاصل کرنے کے لئے انسان کو بہت محنت، بہت ریاضت اور بہت مشقت کرنی پڑتی ہے جبکہ ریکی کی تربیت حاصل کرنا اور اپنے مقاصد کے حصول کے لئے اسے استعمال کرنا انتہائی آسان ہے اور اس میں کسی قسم کا خطرہ بھی موجود نہیں ہے۔یہی ریکی کی مقبولیت کا اصل راز ہے۔

ریکی بنیادی طور پر جاپانی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی ہیں کائناتی

قوت حیات : یہ ہر زندہ چیز میں پائی جاتی ہے۔جب یہ مکمل اور متوازن حالت میں ہو تو زندہ چیز صحتمند رہتی ہے۔اگر اس میں کمی واقع ہو جائے یا اس کا توازن بگڑ جائے تو بیماری پیدا ہو جاتی ہے۔جب یہ مکمل طور پر ختم ہو جائے تو موت واقع ہو جاتی ہے۔ ریکی کے ذریعے مذکورہ کمی اور عدم توازن کو بہت آسانی سے برطرف کیا جاسکتا ہے۔اگر آپ بیمار ہیں اور بیماری کی تکلیف سے نجات حاصل کرنا چاہتے ہیں، اگر آپ کاروباری ہیں اور اپنے کاروبار میں ترقی کرنا چاہتے ہیں، اگر آپ کاشتکار ہیں اور اپنی فصلوں کو بہتر بنانا چاہتے ہیں، اگر آپ میں اعتماد کی کمی ہے اور آپ اپنی خود اعتمادی میں اضافہ کرنا چاہتے ہوں، یا مسلسل ناکامیوں نے آپ کو مایوسی کے اندھیروں میں دھکیل دیا ہے، اگر آپ ٹینشن اور ڈیپریشن کا شکار ہو رہے ہیں تو ریکی آپ کے لئے ایک بہترین ہتھیار ثابت ہوسکتا ہے۔مختصر یہ کہ صحت، سکون، خوشحالی، کامیابی اور اطمینان و سکون سے بھرپور زندگی حاصل کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ نے جو وسائل مہیا فرمائے ہیں ریکی ان میں سے ایک مؤثر ذریعہ ہے۔ریکی کے ذریعے نہ صرف ہم اپنی مادی اور جسمانی زندگی کی کیفیت کو بہتر بنا سکتے ہیں بلکہ اپنی عبادات کو بہتر بنانے کا کام بھی لے سکتے ہیں۔ریکی آپ کی عبادات کی روحانی تاثیر میں یقینی اضافہ کرسکتی ہے۔

ہر مسلمان اپنی زندگی میں کسی نہ کسی انداز میں اللہ تعالیٰ کا ذکر ضرور کرتا ہے۔اللہ تعالیٰ کا ذکر اور اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ حیرت انگیز طاقتوں کے خزانے ہیں۔لیکن اکثر لوگ اللہ تعالیٰ کے ذکر اور اس کے اسمائے حسنیٰ کے ورد کو الفاظ کی ادائیگی سے آگے نہیں لے جاسکتے۔سالہا سال کی عبادت، ذکر اور مختلف اوراد کے باوجود ان کی زندگی میں کوئی بہتری نہیں آتی۔اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ زبان سے تو ذکر کر رہے ہوتے ہیں لیکن اس ذکر اور ان اسماء کی انرجی کی سطح پر نہیں جاپاتے۔اللہ تعالیٰ کے ذکر اور اس کے اسمائے حسنیٰ کی انرجی کو فعال کرنے کے لئے جو روحانی حالت درکار ہوتی ہے ریکی اس روحانی حالت کے حصول میں بھی بہت مفید اور معاون ثابت ہوتی ہے۔اللہ تعالیٰ بحق محمد و آل محمد تمام مومنین و مومنات کو دنیا اور آخرت کی خیر و برکت عطا فرمائے۔

یاقوت (RUBY)

0300 4519796

حکیم سیّد مظفر علی رضوی المعروف جوھرے

اس کو اردو میں "یاقوت" اور انگریزی میں "روبی" کہتے ہیں قدیمی اور تاریخی کتابوں کے حوالے سے فارسی میں اسے "دربیزا" کہتے ہیں یاقوت جواہر کی اعلیٰ قسم ہے اس کا شمار "نورتن" میں ہوتا ہے۔اسکی صلابت یعنی سختی 9 درجے ہیں۔اسکی وجہ سے یہ ہیرے کے علاوہ ہر جواہر کو چھیل سکتا ہے۔بہت قدیمی جواہر ہونے کی وجہ سے اس کا تذکرہ پرانی کتابوں میں بھی ملتا ہے۔

علامہ سیّد باقر شاہ چکڑالوی مرحوم کی کتاب "مجالس المرضیه" میں بھی جسے علامہ حسین بخش جاڑا مرحوم نے مرتب کیا ہے صفحہ ۲۷۱ پر علامہ لکھتے ہیں کہ حضرت سلیمانؑ کے ہاتھ میں جو انگشتری تھی وہ یاقوت ہی کی تھی۔اسکے بعد یہ انگشتری حضرت علیؑ کے ہاتھ میں آئی۔جو کہ آپؑ نے حالت رکوع میں سائل کو دے دی۔ جب امام زمانہؑ کا ظہور ہوگا تو یہ انگشتری امام زمانہؑ کے ہاتھ میں ہوگی

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ یاقوت کی انگوٹھی داہنے ہاتھ میں پہننا سنت ہے تین معتبر حدیثوں میں حضرت علی علیہ السلام سے منقول کہ یاقوت کی انگوٹھی پہننے سے پریشانی زائل ہوتی ہے۔

یاقوت ایسا جواہر ہے کہ بارہ سٹارز میں سے 9 کے لیے پہننا بہترین ہے۔دلو، ثور، اور میزان کے علاوہ والے سب پہن سکتے ہیں۔

خواص: جن لوگوں میں قوت فیصلہ کی کمی ہو یا خوف کا شکار ہوں، دل کے مریض کے لیے پہننا خوب ہے۔

[illegible] یاقوت کی انگشتری پہننے سے خون صاف ہوتا ہے، نبض کی مہلک تیز رفتار کو اصلی حالت میں لاتا ہے، روح کی طاقت کو بڑھاتا ہے، ہیضہ، طاعون اور آسمانی بجلی سے محفوظ رکھتا ہے۔

طبی خواص: طب یونانی میں اس کے دو مشہور مرکبات ہیں (1) مفرح **یاقوتی معتدل** امراض رحم اور اسہال میں مفید ہے اعسائے رئیسہ کو قوت دیتی ہے، بھوک لگاتی ہے، اور کمزوری کو زائل کرتی ہے (2) **خمیرہ یاقوت** یاقوت کا یہ خمیرہ ضعف قلب کے لیے نہایت مفید ہے۔خفقان اور مالیخولیا میں فائدہ مفید ہے۔

نگینوں کی مکمل ورائٹی کا مرکز

اوقات کار 5 تا 9 بجے رات بروز جمعہ 11:30 تا 3:30 شام

ناغہ بروز اتوار

جوھرے

جامع مسجد صاحب الزمانؑ حیدر روڈ اسلام پورہ لاہور۔ Ph: 042 37155098

عمران بک ڈپو چوک بہادر پور رحیم یار خان

چوہدری امانت علی اینڈ سنز ریلوے روڈ رحیم یار خان

مُستحصلہ جفرِ خبریہ

تحریر: ایم غلام عباس اعوان خوشاب
0454-209131

قارئین امامیہ جنتری۔ اسلام علیکم! خدا کرے سال 2014 ہمارے لیے اور آپ سب کے لیے ڈھیروں خوشیاں اور لازوال مسرتیں لے کر آیا ہو۔

حسب معمول اس سال بھی آپ کے لیے ایک دلچسپ اور آسان قاعدہ جفر پیش کیا جاتا ہے۔ میرا صبح سے شام تک معمول عام ہے۔ مجھے بے حد پسند اور قوی امید ہے کہ اہل ذوق کو بھی ضرور پسند آئے گا۔ ایک نقطہ عرض کرتا چلوں کہ یہ روحانی علوم محض بازیچہ اطفال نہیں ہیں ان پر بہت زیادہ مشق کی ضرورت ہوتی ہے۔ لیکن اور شوق سے محنت کی جائے تو حجابات ختم ہوتے چلے جاتے ہیں۔ اس لیے نئے مشق کرنے والوں کو اگر شروع میں دقت محسوس ہو تو گھبرائیں نہیں بلکہ مستقل مزاجی سے مشق جاری رکھیں۔

قواعد مُستحصلہ :

(۱) عمدہ اور خوبصورت پیرائے میں سوال بندش کریں

(۲) جس عیسوی تاریخ وماہ وسال میں سوال ہوا ہے وہ لکھ لیں اور اس دن ہفتہ کا جو بھی دن ہو وہ بھی لکھ لیں۔

(۳) سوال کو بسط حرفی کریں یعنی الگ الگ حروف میں کر لیں۔

(۴) تاریخ کا عدد لکھیں پھر مہینہ کا عدد پھر سال کے اعداد اور آخر میں یوم کے نام کو الگ الگ حروف میں کر کے اس کے اعداد مفردہ لکھ دیں۔

جیسے:

ه	ف	ت	ه	ا	ت	و	ا	ر	ب	ی	ر
۵	۸	۴	۵	۱	۴	۶	۱	۲	۲	۱	۲

وغیرہ

(۵) اب اس سطر اعداد کے مطابق بسط حرفی سطر سوال سے حروف گنتی کر کے اٹھا لیں۔ یہ سطر آپ کے سوال کا جواب پیش کرے گی۔ اکثر تمام سطر خود ناطق جواب بناتی ہے اور کبھی محض ایک دو حروف کو نظیرہ وہم رتبہ سے تبادلہ دینا پڑتا ہے۔ بہت عمدہ اور لطیف سا قاعدہ ہے۔ مزید تفہیم کے لیے مثالیں پیش کی جاتی ہیں غور فرمائیں۔

مثال نمبر 1: یاعلیم مارچ 2013 میں حسن علی بن انجم کی بیماری کا سبب کیا ہے؟ (9 مارچ 2013 بروز ہفتہ)

م	ا	ر	چ	د	و	ه	ز	ا	ر	ت	ی	ر	ه	م	ی	
ن	ح	س	ن	ع	ل	ی	ب	ن	ا	ن	ج	م	ک	ی	ب	
ی	م	ا	ر	ی	ک	ا	س	ب	ب	ک	ی	ا	ه	ی		

اعداد تاریخ و یوم:

۹	مارچ	۲۰۱۳	ه	ف	ت	ه
۹	۳	۲۰۱۳	۵	۸	۴	۵

گنتی سے حاصل حروف:

ا	ی	م	ی	ح	ی	ا	س

ناطق حروف:

آ	ی	م	ق	ح	ق	ی	ا	س	(مایوسی، خوف)
آئے		محقق				یاس			

یعنی بیماری کی اصل وجہ حسرت، مایوسی اور خوف ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

مثال نمبر 2: یاعلیم۔ محمد رضا بن بشریٰ اپنے حالات کی بہتری کے لیے کونسا صدقہ کرے؟ (19 جون 2013 بروز بدھ)

سوال بسط حرفی:

م	ح	م	د	ر	ض	ا	ب	ن	ب	ش	ر	ی					
ا	ب	ن	ی	ح	ا	ل	ا	ت	ک	ی	ب	ه	ت	ر	ی		
ک	ی	ل	ی	ی	ک	و	ن	س	ا	ص	د	ق	ه	ک	ر	ی	

اعداد تاریخ و یوم:

		جون					ب	د	ه
۹	۱	۶	۳	۱	۰	۲	۲	۴	۵

گنتی سے حاصلہ حروف: ن ب ن ال ت ی ر ی (ل)

بن — ناریل تیل

یعنی حسب توفیق ناریل کا تیل صدقہ کرے۔ واللہ اعلم

مثال نمبر 3: یاعلیم محمد سہیل بن فضیلت کی شادی نورین بنت مہتاب سے ہوگی یا نہ؟ (۶ جنوری 2013 بروز اتوار)

م	ح	م	د	س	ه	ی	ل	ب	ن	ف	ض	ی	ل	ت	
ک	ی	ش	ا	د	ی	ن	و	ر	ی	ن	ب	ن	ت	م	
ه	ت	ا	ب	س	ی	ه	و	ک	ی	ی	ا	ن	ه		

اعداد تاریخ و یوم:

۶	جنوری	ا	ت	و	ا	ر
۱	۲۰۱۳	۱	۴	۶	۱	۲

گنتی سے حروف:

ه ی	ن ف ی	ل ش ر ی ب
یہ	نفی	لے بشر

یعنی اے بشر یہ شادی نہیں (نفی) ہو سکے گی۔ واللہ اعلم

امید ہے تین امثلہ کو بغور دیکھنے کے بعد آپ اس قاعدے کے اسرار و رموز باحسن جان چکے ہوں گے۔

تاہم اگر کسی ذاتی سوال کا حل بذریعہ جعفر آپ ہم سے معلوم کرائیں گے تو ایک سو روپے (-/100) فی سوال فیس ادا کر کے جواب لے سکتے ہیں۔

پتہ برائے خط و کتابت و ملاقات
جفار ایم غلام عباس اعوان
سب آفس ہفت روزہ ایکشن
گجر مارکیٹ نزد الفلاح بنک جوہر آباد ضلع خوشاب۔ فون 0454-209131
(دفتری اوقات 10 بجے دن سے شام 6 بجے)
موبائل نمبر: 0300-6011925/0333-6801653
دفتر ہذا جمعہ اور اتوار کو بند رہے گا۔

کینٹ ہومیو پیتھک سٹور بلاک 7 سرگودھا 0300 742941
ہنزہ نیوز ایجنسی کالج چوک علی آباد ہنزہ

کرامات جفر "لوح تسخیر نورانی"

از تحریر محمد اسد اللہ سلیمانی، جھنگ
ماہر عملیات و تعویزات
0300-6501194
ادارہ روحانی علاج محلہ گوہر شاہ، مین بازار نزد عمر نیازی سنٹر جھنگ صدر پنجاب پاکستان

قارئین امامیہ جنتری ہر سال کی طرح اس مرتبہ بھی خصوصی عمل لیکر حاضر ہوا ہوں۔ جو بھی آزمائے گا انشاء اللہ فائدہ حاصل کرے گا۔ اس عمل کے بے شمار فوائد ہیں مثلاً حصول رشتہ و ملازمت، نحوست سیارگان خصوصاً زحل ساڑھستی سے تحفظ، مال و دولت و رزق میں اضافہ ہو، مقدمات و امتحان میں کامیابی کے لیے، بیرون ملک سفر و ملازمت کا حصول، میاں بیوی میں لڑائی جھگڑے کے خاتمہ کے لیے، جادو ٹونہ، آسیب اور جسمانی و روحانی بیماریوں سے تحفظ کے علاوہ ہر مسئلہ کے حل کے لیے مجرب المجرب ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ بعد نماز عشاء درج ذیل عبارت عمل 72 مرتبہ اول و آخر 21-21 مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھیں، پھر لوح تسخیر نورانی کو سعد اوقات یعنی شرفات سیارگان میں تیار کرنے کے علاوہ ستاروں کی تسدیس و تثلیث میں بھی تیار کر سکتے ہیں۔ سفید کاغذ پر مشک و زعفران سے رجال الغیب پشت پر رکھ کر لکھیں، پھر نیاز مولائے کائنات حضرت علیؑ کی دلا کر بچوں میں بانٹ دیں۔ اور لوح مبارکہ چاندی میں بند کرا کے اپنے پاس رکھ لیں اور عبارت عمل عشاء کے بعد مقررہ تعداد میں پڑھ کر 21 روز تک دم کرتے رہیں۔ دوران عمل ہر جمعرات کو سفید مٹھائی پر مولائے کائنات حضرت علیؑ کی نیاز دیں اور صرف معصوم بچوں میں تقسیم کر دیں اور 21 روز کے بعد عبارت عمل روزانہ 11 مرتبہ پڑھتے رہیں۔ انشاء اللہ بے شمار فوائد ملیں گے جو آپ کے وہم و گمان میں بھی نہ ہوں گے۔ بے شمار لوگ استفادہ کر چکے ہیں بس یقین کامل ہونا شرط ہے۔ عبارت عمل یہ ہے۔

اِلٰهِیْ بِحُرْمَتِ کُنْ فَیَکُوْنُ فَتَبَارَکَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا سَمِیْعُ یَا مَجِیْدُ یَا مُجِیْبُ یَا کَفِیْلُ یَا وَکِیْلُ یَا رَحِیْمُ یَا عَلِیُّ یَا بَاسِطُ یَا نَافِعُ یَا کَرِیْمُ یَا غَنِیُّ یَا مُغْنِیْ یَا رَحْمٰنُ یَا رَشِیْدُ یَا وَهَّابُ یَا عَظِیْمُ یَا رَزَّاقُ اَرْزُقْنِیْ طَیِّبًا وَّاسِعًا بِغَیْرِ حِسَابٍ اَللّٰهُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَ اَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ وَ بِطَاعَتِکَ وَ بِحَقِّ یَا اَللّٰهُ یَا مُحَمَّدُ یَا فَاطِمَةُ یَا عَلِیُّ یَا حَسَنُ یَا حُسَیْنُ وَ بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَ بِحُرْمَتِ نَادِ عَلِیًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَّکَ فِی النَّوَائِبِ کُلُّ هَمٍّ وَّ غَمٍّ سَیَنْجَلِیْ بِعَظَمَتِکَ یَا اَللّٰهُ بِنُبُوَّتِکَ یَا مُحَمَّدُ بِوِلَایَتِکَ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ وَ بِحَقِّ اَللّٰهُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَ عَلٰی آلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

لوح تسخیر نورانی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شفقیانیل — جبرائیل — شمکانیل

بالمومنین روف رحیم	ماعنتم حریص علیکم	عزیز علیہ	من انفسکم	لقد جاءکم رسول
۳۴۲	۴۹۵	۷۶۹	۱۰۸۰	۲۱۰
۱۰۷۶	۲۱۱	۳۴۳	۴۹۶	۷۷۰
۴۹۷	۷۷۱	۱۰۷۷	۲۰۷	۳۴۴
۲۰۸	۳۴۰	۴۹۸	۷۷۲	۱۰۷۸

لوبیانیل — میکائیل — فقطشانیل

کفی باللہ شہیدا محمد رسول اللہ

میں نے ہر چیز کی وضاحت کر دی ہے اگر کسی چیز کی سمجھ نہ آئے تو جوابی لفافے سے رابطہ کر لیں۔ اگر کسی مسئلہ کے حل میں پریشانی آ رہی ہو تو مجھ ناچیز سے رابطہ کر کے حل کروا سکتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ چہاردہ معصومین علیہم السلام کے صدقے میں تمام مومنین کی پریشانیاں دور فرمائے آمین یا رب العالمین۔ اور فیض اٹھانے والے کو چاہیے مجھے اور مدیر اعلیٰ امامیہ جنتری اور ان کے متعلقین کو دعاوں میں یاد رکھیں۔

تخریب کاری و خودکش حملوں سے بچاؤ کیلئے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ
حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ۔

بس بازار مسجد، امام بارگاہ میں ورد کرتے رہیں۔

آسمانی آفات و زلزلے سے محفوظ رہنے کی دعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِنَّ اللّٰهَ یُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ۚ
وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ
اِنَّهٗ كَانَ حَلِیْمًا غَفُوْرًا (پارہ نمبر ۲۲ سورہ فاطر آیت نمبر ۴۱)

رات کو سونے سے قبل ۲۱ بار پڑھیں اول و آخر درود شریف ۷ بار)

علی بک ڈپو اینڈ جنرل سٹور ملکوال
اسلامی کتب خانہ احمد پور شرقیہ
شاہی بک ڈپو حیدر آباد تھل

سر الحروف (حروف کے راز)

تحریر: سید ندیم حیدر زیدی الواسطی

786 آٹو سٹور، دوکان نمبر 3 فرسٹ فلور شاہ آٹو مارکیٹ 94 بادامی باغ لاہور۔

فون: 042-37720984/042-37729276
موبائل 0300-4178137/03334322756

قارئین امامیہ جنتری تمام اورادو وظائف وعملیات سے قبل مفرد حروف کے اثرات کا جاننا اشد ضروری ہے۔ عام طور پر دنیا اس سے بے خبر ہے کہ مفرد حروف کے بھی کچھ اثرات ہوتے ہیں۔ عوام کے خیال میں تو حروف مرکب ہو کر جب کوئی لفظ با معنی بنتا ہے تو اس کے فوائد مرتب ہوتے ہیں اگر وہ لفظ اچھے معنی پر مبنی ہے تو اچھا اثر، اور اگر بڑے معنی پر مبنی ہے تو برا اثر۔ انفرادی طور پر ان حروف کی کوئی حیثیت عوام کی نظر میں نہیں ہے مگر حقیقت کچھ اور ہے۔ اس سلسلہ میں صرف اتنا عرض کر دینا کافی ہے کہ حروف جن شکلوں میں آج ہمارے سامنے ہیں وہ خالق کائنات کی طرف سے ایک متبرک تحفہ ہیں۔

عربی اور اردو حروف:

عربی میں کل 28 حروف ہیں اور اردو میں یہ حروف زائد ہیں۔ پ، ٹ، چ، ڈ، ڑ، ژ، گ۔ اسی لیے اہل معرفت نے ان زائد حروف کی اعدادی قیمت ہی نہیں لگائی کیونکہ یہ حروف ملکوتی کے مشابہ ہیں انکو انہی 28 حروف کے تابع قرار دیا۔ جیسے پ، ب کے مشابہ ہے اس کے اعداد 2 ہیں۔ ٹ، ت کے مشابہ ہے اسکے اعداد بھی 400 ہیں۔ چ، ج کے مشابہ ہے اس کے اعداد بھی 3 ہیں۔ ڈ، د کے مشابہ ہے اس کے اعداد 4 ہیں، ڑ، ر کے مشابہ ہے اسکے اعداد 200 ہیں ژ، ز کے مشابہ ہے اسکے اعداد 7 ہیں گ، ک کے مشابہ ہے اسکے اعداد 20 ہیں۔ یہ 28 حروف اصل میں 28 نام اللہ تعالیٰ کے ہیں۔ ہر حروف کا ایک موکل روحانی ہے۔ جو اسم الٰہی کے ذکر میں مشغول ہے۔ جب حروف مذکور کی دعوت ادا کی تو موکلات حروف دریافت ہو گئے۔ اور جب روحانیت مکاشفہ ومشاہدہ میں آئی تو ان سے 28 اسماء الٰہی دریافت ہوئے۔ اور ان 28 اسماء الٰہی سے 28 منازل قمر (جن کو ہندی میں پچھتر کہتے ہیں) دریافت ہوئیں۔

حروف سے روحانی فائدہ حاصل کرنے کا طریقہ:

ان 28 حروف کا عمل، کشف باطن اور حصول مقاصد کا ذریعہ ہے۔ جب ان مفردہ حروف میں یہ تاثیرات پنہاں ہیں تو ان حروف سے مرکب الفاظ اور با معنی جملے جو آیات قرآنی اسمائے ربانی پر مشتمل ہیں اگر ان کو خزانہ قدرت کی کنجی کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔ ان حروف سے فائدہ حاصل کرنے کے کئی طریقے ہیں اربعہ عناصر چار ہیں۔ آتش، باد، آب، خاک:

آتشی حروف:

الف، ھا، طا، میم، فا، شین، ذال۔ یَا نَارُ كُونِي بَرْدًا وَ سَلَامًا

بادی حروف:

با، واؤ، یا، نون، صاد، تا، ضاد۔ سَلَامٌ قَوْلًا مِّن رَّبٍّ رَّحِيمٍ

آبی حروف:

جیم، زا، کاف، سین، قاف، ثا، ظا۔ سَلَامٌ عَلَىٰ نُوحٍ فِي الْعَالَمِينَ

خاکی حروف:

دال، حا، لام، عین، را، خا، غین۔ سَلَامٌ عَلَىٰ مُوسَىٰ وَهَارُونَ

یہ حروف حکیم روحانی کے مشورے سے دینا زیادہ بہتر ہیں۔

حروف سے جسمانی علاج: یہ حروف ہر بیماری کے علاج میں تیر بہدف ثابت ہوتے ہیں۔ جسم انسانی چار عناصر سے مرکب ہے۔ آتش، باد، آب، خاک۔ اور یہ 28 حروف ان چار عناصر پر حکمران ہیں۔ گویا تمام جسم ان 28 حروف کے تابع ہے۔ جن کی تفصیل آپ کو سات نقوش میں ملے گی۔

نقشہ حروف ابجد قمری:

ستارگان	آتش	باد	آب	خاک	تفصیل جسمانی اعضاء پر حکمرانی
زحل	ا	ب	ج	د	ان چاروں کی حکمرانی سر پر ہے
مشتری	ہ	و	ز	ح	ان چاروں کی حکمرانی داہنے بازو پر ہے
مریخ	ط	ی	ک	ل	ان چاروں کی حکمرانی بائیں بازو پر ہے
شمس	م	ن	س	ع	ان چاروں کی حکمرانی پشت پر ہے
زہرہ	ف	ص	ق	ر	ان چاروں کی حکمرانی شکم پر ہے
عطارد	ش	ت	ث	خ	ان چاروں کی حکمرانی داہنی ران پر ہے
قمر	ذ	ض	ظ	غ	ان چاروں کی حکمرانی بائیں ران پر ہے

تفصیل	صفرا	خون	بلغم	سودا	آگ	ہوا	پانی	مٹی

تفصیل ہفت نقوش

☆ امراض سر کے لیئے:

۷۸۶

ا	ب	ج	د
د	ج	ب	ا
ب	ا	د	ج
ج	د	ا	ب

سر کے بالوں سے لیکر گردن تک سب امراض مثلاً بال خورا، کمزوری دماغ، بھولنا، حافظہ کی کمزوری، دردسر، درد کان، ناک گلہ، آواز کا بند ہونا، حلق میں درد۔ یعنی کل امراض سر کے لیے یہ نقش ساعت زحل میں لکھ کر سر پر باندھنے کو دیں خصوصاً پاگل پن کے لیے ہر روز یہی نقش پلیٹ پر لکھ کر دھو کر پلائیں

☆ امراض دست راست کے لیئے:

داہنے ہاتھ کے ناخن سے لیکر نصف سینے شانے تک کسی قسم کا درد تکلیف، داہنے طرف کا فالج وغیرہ کے لیے مشتری کی ساعت میں لکھ کر بازو پر باندھنے کو دیں اور یہی نقش پلیٹ پر لکھ کر پلائیں۔

۷۸۶

ہ	و	ز	ح
ح	ز	و	ہ
و	ہ	ح	ز
ز	ح	ہ	و

☆امراض دست چپ کے لینے : نصف شانے سے لیکر

۷۸۶

ابجد یا اسماعیل بحق طا

ل	ک	ی	ط
ط	ی	ک	ل
ک	ل	ط	ی
ی	ط	ل	ک

الٹے ہاتھ کی انگلی تک کے ہر مرض اور تکلیف مثلاً فالج، شانے کا درد، جوڑوں کا درد، دل کے امراض، گھبراہٹ، ہارٹ اٹیک وغیرہ کے لیے ساعت مریخ میں لکھ کر الٹے بازو پر باندھیں اور یہی نقش پلیٹ پر لکھ کر پلائیں۔

☆امراض پشت کے لینے :

۷۸۶

ابجد یا رومائیل بحق میم

ع	س	ن	م
م	ن	س	ع
س	ع	م	ن
ن	م	ع	س

یہ نقش کمر درد، پھیپھڑوں کی تکلیف، دمہ، رقت منی، احتلام، وغیرہ میں ساعت شمس میں لکھ کر پشت پر یعنی کمر پر باندھیں اور یہی نقش پلیٹ پر لکھ کر دھو کر پلائیں۔

☆امراض شکم کے لینے :

۷۸۶

ابجد یا سرحائیل بحق فا

ر	ق	ص	ف
ف	ص	ق	ر
ق	ر	ف	ص
ص	ف	ر	ق

یہ نقش درد شکم، ناف کا ٹلنا، آنتوں کی دق، گردے اور مثانے کی تمام تکالیف کے لیے ساعت زہرہ میں لکھ کر پیٹ پر باندھیں اور ساتھ ہی پلیٹ میں لکھ کر پئیں۔

☆امراض پائے راست کے لینے :

۷۸۶

ابجد یا عمرائیل بحق شین

خ	ث	ت	ش
ش	ت	ث	خ
ث	خ	ش	ت
ت	ش	خ	ث

یہ نقش داہنی ران سے پاؤں کی انگلی تک ہر قسم کی تکلیف یعنی عرق النساء، رانگن کا درد، وغیرہ کے لیے ساعت عطارد میں لکھ کر دائیں ران پر باندھیں اور ساتھ ہی پلیٹ میں لکھ کر دھو کر پلائیں۔

☆امراض پائے چپ کے لیے :

۷۸۶

ابجد یا عمرائیل بحق دال

غ	ظ	ض	ذ
ذ	ض	ظ	غ
ظ	غ	ذ	ض
ض	ذ	غ	ظ

یہ نقش بائیں ران سے پاؤں کی انگلی تک ہر قسم کی تکلیف مثلاً پاؤں میں درد، ایڑی میں درد، رانگن کا درد، جوڑوں کا درد، وغیرہ کے لیے ساعت قمر میں لکھ کر بائیں ران پر باندھیں اور ساتھ ہی پلیٹ میں لکھ کر دھو کر پلائیں۔

قارئین کرام اگر تمام حروف کے صفات پر جدا جدا روشنی ڈالی جائے تو اس پر ایک ضخیم کتاب مرتب ہو سکتی ہے۔ مگر جنتری کے چند صفحات اس کے متحمل نہیں ہو سکتے۔ لہذا سمندر کو کوزے میں بند کرنے کی کوشش کی ہے۔ امید ہے یہ مضمون آپ حضرات کی تشنگی کو پورا کر سکے گا۔ مزید معلومات کے لیے جوابی لفافہ لکھ کر یا فون پر رابطہ کریں۔

قرآنی وظائف

السلام علیکم! گزشتہ سال کی کامیابی اور لوگوں کے بے حد سراہے جانے اور اصرار پر پھر آپ کی خدمت میں چند قرآنی نسخہ جات پیش کیے جا رہے ہیں۔ اصل وجہ یہ ہے کہ لوگ جعلی عاملوں اور جھوٹے دعوے داروں سے تنگ آ چکے ہیں مگر قرآن کریم پر تو ہر شخص کا یقین اور ایمان ہے اور یہ تا قیامت تمام انسانیت کیلئے ہدایت اور کامیابی کا سرچشمہ ہے ہم نے قرآن کریم کے نسخہ جات اور علم الاعداد کو ملحوظ کر کے کچھ عمل آزمائے ہیں اور پھر عوام الناس کی خدمت میں پیش کیے تا کہ زیادہ سے زیادہ لوگ مستفید ہو سکیں۔ (عمل درج ذیل ہیں)

۱۔ قرض کی ادائیگی کیلئے : قُلْ لَّآ اَمْلِكُ سے يَسْتَقْدِمُوْنَ تک سورۃ یونس ۴۹ پارہ نمبر ۱۱

ق+ن=100+50=150/2=75 12=7+5 2+1=3

ہفتے کے تین دن بدھ، جمعرات، جمعہ کو صبح دوپہر اور شام تسبیح کریں۔

۲۔ بند روزی کھلوانے کے واسطے : اِنَّ رَبَّكَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ سے بَصِيْرًا تک سورۃ بنی اسرائیل ۳۰ پارہ نمبر ۱۵

1+1 1+1 =2

آیت کو پاک روشنائی سے لکھ کر گھر میں دو جگہ وزن کے نیچے رکھیں یا سوموار اور جمعہ کے دن صبح اور شام تسبیح کریں۔

۳۔ شادی یا رشتے کی رکاوٹ کیلئے : وَاَنْكِحُوا الْاَيَامٰى سے وَاسِعٌ عَلِيْمٌ تک سورۃ نور آیت ۳۲ پارہ نمبر ۱۸

و+م=6+40=46-6+4- 10 - 0 + 1 - 1

اس آیت کو ایک دائرے میں ہلدی سے لکھ کر درمیان میں ان کا نام لکھیں جن کا رشتہ یا تعلق جوڑنا ہو اور اس کو سرسبز درخت سے لٹکا دیں۔

۴۔ محبت میں کامیابی کیلئے : وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ سے عَلٰى عَيْنِيْ تک سورۃ طٰہٰ آیت ۳۹ پارہ نمبر ۱۶

و+ی=6+10=16 6+1=7

اس آیت کو مٹھائی کے سات دانوں پر سات سو دفعہ پڑھ کر مطلوب کو کھلائیں اگر کھلا نہ سکیں تو صاف کاغذ پر سات دفعہ آیت لکھیں اور ہر آیت میں (محبۃ) کے بعد مطلوب کا نام مع والدہ لکھیں اور آیت پوری کریں اور بھاری وزن تلے رکھ دیں۔ یا محبت کیلئے آتشی زعفرانی عمل کریں جو کہ مجرب اور آزمودہ ہے۔ بشرطیکہ یہ محبت غیر شرعی نہ ہو۔۔۔۔۔

اگر کوئی بات واضح نہ ہو رہی ہو تو رابطہ کر لیں۔

پیر سید حیدر شیرازی، موضع پیروالا ضلع جھنگ
0344-2420784
0333-6736221

مسلم کتاب گھر چنیوٹ 047 6333888
علمدار رنگ ڈپو مسجد دا ما مبارگاہ 26 اریا گدوال واہ کینٹ

Scanned with CamScanner

فراخی رزق، خوشحالی، روحانی، جسمانی
امراض کے پوشیدہ خزانے

معالج روحانی
سید بغداد علی شاہ موسوی علی الرضائی
سجادہ نشین محمدی ہال سیداں۔ نیو پورتحصیل و ضلع باغ آزاد کشمیر۔
اوقات: صبح 9 بجے تا دن 1 بجے　فون: 05826-403072

موجودہ پُرفتن مہنگائی، بے روزگاری، تنگیٔ رزق، اور بیماریوں سے ہر شخص پریشان ہے۔ آسیب، جنات اور جادوگروں کی بھرمار نے جینا مشکل کر دیا ہے ان امراض کے علاج کے لیے پیروں، فقیروں کے آستانوں پر قطاریں لگی ہوتی ہیں ہر طرف تعویزات کی دکانیں چمکائے بیٹھے ہیں مگر فائدہ بہت کم ہوتا ہے۔ ہر طرف مایوسی کے سوا کچھ حاصل نہیں۔ جوں جوں دوا کی مرض بڑھتا جارہا ہے۔ ان چیزوں کا علاج قرآن سے بزرگان دین واکابرین نے کیا ہے مگر جو حضرات اپنے دین نماز روزہ سے غافل رب سے دور ہوں اور رات دن تقویٰ کو چھوڑ کر فلموں، گانوں اور غیر شرعی کاموں کے عادی ہوں انہیں اس غفلت سے توبہ کر کے اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع ہونا چاہیے اور مندرجہ بیماریوں کا علاج فقیر کے مجرب نسخوں سے کرنا چاہیے یقیناً انشاءاللہ کامیابی سے ہمکنار ہونگے۔ فراخی رزق کے لیے ہر فرض نماز کے بعد **آیت الکرسی** خالدون تک **سورۃ فاتحہ** 1 بار **سورۃ اخلاص** 3 بار وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰهَ یجعل لَّهٗ تاشیٔ قدرًا **سورۃ الطلاق** پارہ ۲۸ آیت ۲،۳ ایک بار درود پاک تین بار پڑھ کر آسمان کی طرف پھونک ماردیں۔ بعد میں یَاوَاسِعُ ۱۵ بار حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نعم الوکیل ۲۵ بار پڑھنا معمول بنا لیں اسی طرح **سورۃ توبہ** کی آخری 2 آیات اور **سورۃ قدر** 10+10 بار پڑھیں۔ بعد نماز فجر قبل طلوع آفتاب **سورۃ یسین، سورۃ واقعہ، سورۃ مزمل** 1 بار، بعد مغرب **سورۃ واقعہ** 1 بار، بعد نماز عشاء **سورۃ واقعہ** 1 بار۔ "یَامُغْنِیُ" 1111 بار اول وآخر درود پاک 11 بار۔

خوشحالی، آسیب جنات، جادو، بندش وغیرہ کے علاوہ گھروں، کارخانوں، ہوٹلوں کے لیے **خصوصی لوحات** محدود تعداد میں میسر ہیں۔ یہ لوحات عاملین اور بزرگان دین کے قول و فعل کے مطابق اعتکاف میں **مشک و زعفران** سے تیار کی جاتی ہیں **سید بغداد علی شاہ موسوی علی الرضائی**

طلسمات کشایش بخت دختران

مولف: شیخ حبیب بن موسیٰ
رضا اردمبدنی افشاری
تصحیح: مولانا فیاض حسین جعفری لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۱) اگر دختر کے لیے رشتہ ملنے کی امید نہ رہی ہو تو یہ عبارت طلسم دو پٹے کے کونے پر لکھ کر سوتے وقت سر کے نیچے رکھ کر سو جائے شوہر کے اسباب پیدا ہوں گے۔

بسم اللہ و باللہ من عند اللہ و الیہ ترجعون ھو الذی خلقکم من نفس واحدۃ و خلق منہا زوجہا فلما قضی زید منہا باسم فلاں ۔ ابن ۔ فلاں

ی ۸ ۸ ر ۱ ۱ ۱ ۸ اول ۳ ۲ ۴ ۹ م م م

اک ۷۸۱۱۸ وہ ۸۸۱ ی ۱ ۱ ۱ ۸ ۸ ۱ ۱ ۹ ۱ ی ۱ ۱ ہ

۹۶ ۱ ط ۱ ۵ ۰ ۴ ۹ ۲ ۲ ۹ ۱ ۱ ۱ م ط ۱ ہ ۱ ۹ ۱ ۸ ع ع ع ۱ ۹ ۱ ۱ ۱ ۱

العجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ الساعۃ الرجا الرجا الرجاء

۹۲۵ م ۹ ی ۱ ۱ ۸ ۸ ۱ ۷ ۱ و ۷ ۱ ط ۷ ۱ ۵ ۱ ۱ ۸ ۸ ۱ ۷ ۱ ع اس ۱ و ۱ الرا

(۲) چند روز اس طلسم کو لکھ کر پانی میں ڈالیں۔ پانی سے مرد منہ دھوئے بخت کشادہ ہوگا۔

اہ اہ اہ لہ للہ للہ ھیاھیہ بلاھبہ امین لا لا لا ابن جا العجیل لعجیل لعجیل نافع، ر

(۳) اگر کسی کا رشتہ نہ آرہا ہو تو یہ نقش پہنیں اور چند روز میں مقصد حاصل ہوگا

یہ وہ حروف ہے جو بسم اللہ شریف میں شامل نہیں ہیں

ص ع ط ق ک

(۴) اگر کسی کا بخت باندھ دیا گیا ہو تو اس طلسم کو لکھے اور ہر روز نگاہ ڈالے

۱ ۱ ۸ ۲ ۵ ح ۹ ۱ ۱ ۱ ۱ ۱ ۹ ۹ ۹ ۹ ۹ ۴ ۹ ۹ ۶ ۱ ع ط ع

حصول رشتہ کے لیے: چاند کی گیارہ سے بیس کے درمیانی جمعہ کو بعد نماز عصر درج ذیل آیات زعفران سے لکھ کر پاس رکھے اور دھو کر پیئے تو اسکی شادی ہوجائے جائے گی نیز کیم تادس فروانی رزق کے لیے مجرب ہے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ إِلَىٰ مَا مَتَّعْنَا بِهِۦٓ أَزْوَٰجًا مِّنْهُمْ زَهْرَةَ ٱلْحَيَوٰةِ ٱلدُّنْيَا لِنَفْتِنَهُمْ فِيهِ ۚ وَرِزْقُ رَبِّكَ خَيْرٌ وَأَبْقَىٰ ﴿۱۳۱﴾ وَأْمُرْ أَهْلَكَ بِٱلصَّلَوٰةِ وَٱصْطَبِرْ عَلَيْهَا ۖ لَا نَسْـَٔلُكَ رِزْقًا ۖ نَّحْنُ نَرْزُقُكَ ۗ وَٱلْعَٰقِبَةُ لِلتَّقْوَىٰ ﴿۱۳۲﴾ (سورہ طٰہٰ: ۱۳۱_۱۳۲)

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنی شادی کے لیے سورہ قصص کی یہ آیت تلاوت کی تھی کہ ان کی شادی ہوگئی لہذا مرد اپنے اور عورت اپنے لیے پڑھ سکتی ہے

رَبِّ إِنِّي لِمَآ أَنزَلْتَ إِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيرٌ ﴿۲۴﴾

نوٹ: اولاد نرینہ کی دوائی منی بیک گارنٹی کے ساتھ دستیاب ہے
مرسلہ: تجمل حسین پیر محل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ فون: 0332-6986026

قمر بنی ہاشم لائبریری حسینیہ حال 16- صدر روڈ پشاور صدر　حبیب لائبریری اینڈ سٹیشنری میلاد چوک واہ کینٹ

ہر مرض کی دوا ہے ناد علیؑ

قارئین کرام: اسلام علیکم مولاؑ پنجتن پاکؑ ہر پریشان کی پریشانیاں دور فرمائے۔ میں اتنا پڑھا لکھا عامل تو نہیں ہوں۔ بس پنجتن پاکؑ کے گھرانے کا گداگر ہوں کافی سارے دوستوں احباب کے پرزور اصرار پر پہلی دفعہ امامیہ جنتری میں نادعلیؑ کا نقش پیش کر رہا ہوں مجھ سے پہلے بھی کئی میرے بھائیوں نے یہ نقش پیش کیے ہیں۔ اس میں کوئی شک کی گنجائش نہیں کہ یہ مشکل سے مشکل پریشانی کو چند لمحوں میں ٹال دیتی ہے۔ پہلی شرط یہی ہے کہ انسان نیک نیتی سے عمل کرے اور کوئی لالچ نہ رکھتا ہو، دوسری شرط یہ ہے مرشد کی نگاہ ہو۔ میرے مرشد سید محمد مرتجز بادشاہ بخاری آف اچ بلوٹ کا فرمان ہے کہ جب تک وجود کے اندر موجود کی گواہی نہ ملے تو سمجھو کہ اس عامل یا فقیر میں کوئی جان نہیں ہے۔ نادعلیؑ کے کرامات سارے لوگ جانتے ہیں کہ دنیا کے کسی گوشے میں بیٹھ کر پڑھی جائے اثر اس کا دنیا کے دوسرے گوشے میں چند لمحوں میں ہوتا ہے۔ میں اپنے تمام بھائیوں سے ایک چھوٹی سی درخواست کروں گا کہ خدارا اگر کسی کے پاس کسی قسم کا عمل ہے تو اپنے عمل سے کسی اپنے دوسرے مسلمان بھائی کو تکلیف نہ دیا کرو۔ عملیات کا مطلب یہ نہیں کہ علم حاصل کر کے اس کو فضول کاموں میں خرچ کریں بلکہ اس علم کے ذریعے پریشان لوگوں کو زیادہ سے زیادہ فائدہ دے سکیں۔ آئمہ طاہرینؑ نے تو علم رہنمائی کے لیے پیش کیا ہے۔ اگر کوئی بیمار ہے اور اسکی بیماری سمجھ میں نہیں آرہی تو اس علم سے استفادہ کر سکتے ہیں۔ اللہ پاک ہی جانتا ہے کہ قبر میں کیا کیا جواب دینا پڑے گا کہ اس علم کو ہم نے کس طریقے سے استعمال کیا۔ علم کو جتنے اچھے راستے میں خرچ کرو گے اتنا ہی اس میں اضافہ ہوگا۔ کچھ غریب لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں جن کا اس مہنگائی کے دور میں بڑی مشکل سے گزارا ہوتا ہے اور جو کچھ وہ اپنے لیے کما کر لاتے ہیں وہ جعلی عاملوں کی نذر ہو جاتا ہے میری اگر بات مانیں تو میں آپ کو سیدھا راستہ یہی دکھاوں گا کہ اللہ کے بعد آئمہ طاہرین کے در سے مانگ کر دیکھیں انشااللہ تمام پریشانیاں دور ہو جائیں گی مگر افسوس ہم اللہ اور آئمہ طاہرینؑ کی بات مانتے ہی کب ہیں۔ ہم مسلمان ہو کر اپنے ہی بھائیوں کی جڑیں کاٹ رہے ہیں رشتہ نہ دینے پر جادو، اچھا پہن لینے پر جادو، ہم نے کبھی سوچا بھی نہیں ہے کہ آخر ایک دن مرنا بھی ہے ادھر کس منہ سے جواب دیں گے کتنے غریبوں کا حق مارا ہے یہی پیسے جو ہم جادو وغیرہ خرچ پر کرتے ہیں کیوں نہ یتیم بچوں یا بیواؤں عورتوں پر خرچ کریں، کوئی سبیل لگوا دیں۔ اپنا اکاونٹ تو ہم اپنے دونوں ہاتھوں سے بھر رہے ہیں مگر کبھی اللہ کے اکاونٹ میں ایک پیسہ بھی جمع نہیں کروایا۔ اپنے مسلمان بھائی کو ہم مسلمان کوئی سکھ نہیں دے سکتے تو خدارا دکھ بھی نہ دیں مولا پنجتن پاکؑ ہم سب کو نیک کام کرنے کی توفیق دے آمین نادعلیؑ نقش نیچے درج ہے اگر نیک نیتی سے اس کو استعمال کریں گے تو یہ آپکی پریشانیاں دور کر دے گا۔ جادو کے لیے 7 یا 21 دن اور کینسر کے لیے (21x3=63days) دو، دو ماشہ زعفران، کستوری خالص سے لکھ کر اتنے دن بیمار کو پلائیں انشااللہ شفا ملے گی۔ اس کا ہدیہ کسی سفید پوش سید کو دے دیں تمام بھائیوں سے درخواست کرونگا کہ براہ مہربانی مجھے اس معاملے میں تنگ نہ کرنا اجازت نامہ دے رہا ہوں۔ خود لکھ لیں مگر اس کو شعبدہ بازی یا لالچ نہ بنانا شکریہ۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۱۱۲۸	۱۱۳۲	۱۱۳۵	۱۱۲۱
۱۱۳۴	۱۱۲۲	۱۱۲۷	۱۱۳۳
۱۱۲۳	۱۱۳۷	۱۱۳۰	۱۱۲۶
۱۱۳۱	۱۱۲۵	۱۱۲۴	۱۱۳۶

آتشی چال

۱۱	۱۴	۱
۲	۷	۱۲
۱۶	۹	۲۵
۵	۴	۱۵

۷۸۶

۶	۷	۲
۱	۵	۹
۸	۳	۴

سید رمضان شاہ بخاری فون: 0302 8781100
الخیر سلک سنٹر نزد پانی والی ٹینکی صرافہ بازار اٹک سٹی فون پر مشورہ اوقات شام 7 تا 9 بجے رات

تحفہ عظیم حرز دافع بلیات
نہایت اہتمام کے ساتھ موم جامہ کیا گیا ہے۔ اس تعویز مبارک میں جوشن کبیر کے علاوہ سورہ یٰسین، آیت الکرسی، چہار قل، سورہ مزمل، پانچ نقش، مہر نبوت اور نادعلیؑ شامل ہیں۔
ہدیہ -/15 بازو بند -/20
علاوہ ڈاک خرچ
C.D جادو شکن وکیسٹ
تلاوت، قاری منیر حسین محمدی
ہدیہ -/75 علاوہ ڈاک خرچ
افتخار بک ڈپو رجسٹرڈ اسلام پورہ لاہور

نقش نادعلیؑ و نقش سیفی

کے فوائد و اعمال

غلام کبریا۔ عامل روحانی دارالعملیات، محمدیہ کالونی شیر شاہ سوری روڈ کندیان۔
ضلع میانوالی پنجاب Mob: 0092-300-5537074

قارئین محترم۔ اس بار نقش نادعلیؑ و نقش سیفی معہ اسمائے پنجتن پاک کا ایک مجرب نقش اور نادعلیؑ کے متعلق انتہائی آسان مجرب وظائف تحریر کر رہا ہوں۔ اللہ عزوجل مولائے کائنات کے صدقے آپ حضرات کی تمام روحانی ودنیاوی مشکلات آسان فرمائے۔

عزیزان گرامی! آپ جس مسلک کی کتاب اعمال روحانی ونقوش وتعویزات کے موضوع پر اٹھائیں گے آپ کو نادعلیؑ اور اسکی افادیت کے بارے ایک وسیع مواد ملے گا۔ کیونکہ مولائے کائنات کی ندا انکے حوالے سے اللہ عزوجل کی بارگاہ میں کی گئی التجا کبھی رائیگاں نہیں جاتی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نادعلیؑ صغیر

نَادِ عَلِيًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَكَ فِي النَّوَائِبِ كُلُّ هَمٍّ وَغَمٍّ سَيَنْجَلِي
بِعَظَمَتِكَ يَا اَللهُ بِنُبُوَّتِكَ يَا مُحَمَّدُ وَبِوَلَايَتِكَ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ

مختصر و مجرب فوائد و اعمال

☆ کیسا بھی رنج کیوں نہ ہو۔ روزانہ رات کو جب گھر کے افراد سو جائیں تازہ وضو کر کے گلے میں کالی پگڑی ڈال کر 1000 بار نادعلیؑ کا ورد کریں۔ دوران وظیفہ تصور رکھیں کہ مولائے کائنات کے روضہ پر حاضر ہوں۔ اور آپ نہ صرف میری فریاد سن رہے بلکہ اسے رفع بھی فرما رہے ہیں۔ یہ عمل 11 یوم کا ہے وقت اور جگہ کا خاص خیال رکھیں عمل کے دوران اگربتی سلگائیں انشاءاللہ مقصد ضرور پورا ہوگا۔

☆ اگر میاں بیوی میں ناچاقی رہتی ہو کوئی لمحہ سکون کا نہ گزر رہا ہوں۔ تو بعد نماز فجر شمال کی طرف منہ کر کے 47 بار نادعلیؑ اور 129 بار یالطیف پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے چہرہ پر مل کر خاوند یا بیوی کے سامنے جائیں یہ عمل چند یوم کریں انشاءاللہ والہانہ محبت ہو جائے گی۔

☆ اگر کہیں شادی کا ارادہ ہے اور خدشہ ہے کہ پتہ نہیں میرا پیغام قبول ہوتا ہے یا نہیں تو جس آدمی کو بھیجا جا رہا ہے اس کے گلے میں یہ نقش ڈال دیں اور 11 بار نادعلیؑ 156 بار یاعلیؑ یا ولیؑ پڑھ کر اسکے بائیں کان میں دم کر دیں انشاءاللہ کامیاب لوٹے گا۔

☆ امتحان میں کامیابی یا ملازمت کے حصول کے لیے نادعلیؑ 66 بار روزانہ پڑھ کر دعا کریں انشاءاللہ کامیابی ہوگی۔

☆ آسیب وجنات وغیرہ کے خلل وسایہ کو دور کرنے کے لیے 15 بار پانی ہر دم کر کے مریض کے چہرے پر چھینٹا ماریں انشاءاللہ خلل وسایہ رفع ہوگا۔

☆ اگر کسی شخص کو بلاوجہ کسی جرم میں پھنسا دیا گیا ہو تو روزانہ 313 بار استغفار 92 بار سورہ توبہ کی آخری 2 آیات اور 40 بار نادعلیؑ کا ورد کیا کریں۔ انشاءاللہ جلد بری ہوگا۔

☆ جس گھر، دوکان یا کسی آدمی پر جنات کا سخت سایہ ہو اور کسی بھی طرح نہ جاتا ہو۔ تو ساعت عطارد میں 5 نقش تحریر کریں۔ ایک نقش دوکان، گھر وغیرہ یا اس آدمی کے گلے میں ڈالیں جس پر جنات وغیرہ کا سایہ ہے جبکہ دیگر چاروں نقوش کو ایک بڑے چراغ میں رکھ کر کڑوا تیل ڈال کر جلا دیں۔ اگر کسی آدمی کے لیے عمل کیا جا رہا ہے تو مریض کو قبلہ رو لٹا دیں چراغ اس کے سامنے رکھیں اور کوئی شخص نادعلیؑ بلاتعداد پڑھ پڑھ کر چراغ پر دم کرتا رہے۔ یہ عمل رات کو کریں۔ انشاءاللہ ایک ہی شب میں افاقہ ہوگا۔ نیز اگر مکان وغیرہ کے لیے عمل کر رہے ہیں تو چراغ کمرے میں جلا کر خود باہر آ جائیں۔

☆ دشمنوں اور حاسدین کے شر سے بچنے اور انہیں مطیع کرنے کے لیے روزانہ 70 بار نادعلیؑ کا ورد انتہائی مجرب ہے۔

☆ ایسے لوگ جو دین کے لیے خطرناک ہوں یا نفرت وتفرقہ پھیلا رہے ہوں ان کا تصور کر کے 41 بار پڑھ کر انکی طرف پھونک مار دینا بہت مجرب ہے۔ اس عمل سے ان کے دلوں میں خوف پیدا ہو جاتا ہے اس طرح وہ لوگ یہ علاقہ چھوڑ دیتے ہیں یا پھر اپنی برائیوں سے تائب ہو جاتے ہیں۔

عزیزان گرامی: نادعلیؑ کے فوائد اس قدر زیادہ ہیں جن پر ضخیم کتاب لکھی جا سکتی ہے میں نے صرف وہ چیدہ چیدہ اعمال تحریر کیے ہیں جو خود میرے تجربے میں رہے ہیں۔ علاوہ ازیں ان دونوں نقوش کو بھی خود میں نے ترتیب دیا اور پنجتن پاکؑ کے اسمائے مبارکہ اس میں شامل کیے جس سے نقش کی طاقت کئی گناہ بڑھ گئی۔ اللہ عزوجل عمل کی توفیق دے۔ مضمون کے کسی جز کی سمجھ نہ تو بذریعہ ٹیلی فون معلوم کر سکتے ہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ناد	علیاً	مظہر	العجائب	تجدہ	عونالک	فی النوائب	کل
علیاً	مظہر	العجائب	تجدہ	عونالک	فی النوائب	کل	ہم وغم
مظہر	العجائب	تجدہ	عونالک	فی النوائب	کل	ہم وغم	سینجلی
العجائب	تجدہ	١٦٥١١	١٦٥٣٥	١٦٥٢١	١٦٥١٨	سینجلی	بنبوتک
تجدہ	عونالک	١٦٥٣٢	١٦٥١٧	١٦٥١٢	١٦٥٢٣	بنبوتک	یامحمدؐ
عونالک	فی النوائب	١٦٥١٦	١٦٥١٩	١٦٥٢٧	١٦٥١٣	یامحمدؐ	وبولایتک
فی النوائب	کل	١٦٥٢٦	١٦٥١٤	١٦٥١٥	١٦٥٣٠	وبولایتک	یاعلیؑ
کل	ہم وغم	سینجلی	بنبوتک	یامحمدؐ	وبولایتک	یاعلیؑ	یاعلیؑ
ہم وغم	سینجلی	بنبوتک	یامحمدؐ	وبولایتک	یاعلیؑ	یاعلیؑ	یاعلیؑ

فالنامہ انبیاء علیہم السّلام

جب کسی کو کوئی مشکل پیش آوے اور متردّد ہو کہ اس امر میں کیا کرنا چاہیے تو نظر بخدا کر کے اس طریقہ پر فال دیکھے کہ باوضو ہو کر سورۂ فاتحہ اور سورۂ اخلاص اور آیۃ الکرسی مع اوّل و آخر دُرود شریف پڑھ کر آنکھیں بند کر کے کلمہ کی اُنگلی اوپر اسمائے شریف انبیاء علیہم السّلام کے رکھ کر دیکھے۔

نقشۂ اسماء

حضرت آدمؑ	حضرت شیثؑ	حضرت ادریسؑ	حضرت صالحؑ	حضرت ابراہیمؑ	حضرت اسمٰعیلؑ	حضرت یعقوبؑ	حضرت یوسفؑ
حضرت شعیبؑ	حضرت ایوبؑ	حضرت خضرؑ	حضرت داؤدؑ	حضرت سلیمانؑ	حضرت عیسیٰؑ	حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	

فال حضرت آدم علیہ السّلام: اے خداوند فال تجھ کو ایسے کام پیش آویں کہ خوش ہو جائے اور سب تیرے مطیع ہوں۔ فتوح غیب سے ہو

فال حضرت شیث علیہ السّلام: اے خداوندِ افال جو کوئی تیرا دشمن ہو اس پر فتحیاب ہو مگر چند روز صبر کر کہ اگر سفر کا اراداہ ہو چند روز کے بعد جانے پر آمادہ ہو۔ ابھی طالع میں نحوست ہے۔

فال حضرت ادریس علیہ السّلام: اے صاحب فال گر تجھ کو کچھ رنج ہو تو شاد ہو۔ اگر نکاح کی خواہش ہے عورت اچھی ملے، فرزند نرینہ پیدا ہو، اگر سفر کا ارادہ ہے تو سفر مبارک ہوگا اور جو کچھ مراد ہوگی خدا برلائے گا۔

فال حضرت صالح علیہ السّلام: اے خداوند فال اگر تجھ کو کچھ رنج ہو تو راحت نصیب ہوگی، اگر تیرا کوئی بیمار ہے تو شفا پائے گا۔ اگر تیرا کوئی غائب ہے تو حاضر ہوگا۔

فال حضرت ابراهیم علیہ السّلام: اے خداوندِ فال جو نیت تیری ہو وہ مطلب برآئے (پورا ہو) اور کچھ خوشی دیکھے۔ صدقہ دیا کر۔

فال حضرت اسمٰعیل علیہ السّلام: اے خداوندِ فال جو مشکل ہے حل ہو اور کلفت دور ہو، حاصل سرور ہو۔ ایک مینڈھا ذبح کر کے گوشت اُس کا محتاجوں کو دے دے۔

فال حضرت یعقوب علیہ السّلام: اے خداوندِ فال تیرے اوپر کچھ رنج اور محنت پہنچی ہے۔ لیکن چند روز صبر کر، اپنے اوپر جبر کر بعد چند روز کے خوشی ہوگی۔ اگر تیرا کوئی عزیز غائب ہے حاضر ہوگا اور تجھ سے ملے گا۔

فال حضرت یوسف علیہ السّلام: اے خداوندِ فال کچھ تجھے رنج پہنچے گا اور بعد چند روز خوشی ہوگی۔ دشمنان مقہور ہونگے اور دوستاں مسرور۔

فال حضرت شعیب علیہ السّلام: اے خداوندِ فال اگر خواہش نکاح ہے تو زن جمیلہ اور فرزند نیک پیدا ہو اور جس چیز کو تیرا دل چاہے وہ مل جائے اور جو کام کرے اس کا انجام اچھا ہو۔

فال حضرت ایوب علیہ السّلام: اے خداوندِ فال بعد تھوڑے دنوں کے تجھے رنج پہنچے گا۔ اگر صبر کرے گا تو غم جلد دور ہو جائے گا اگر غائب ہے۔ حاضر ہوگا

فال حضرت خضر علیہ السّلام: اے خداوندِ فال خدائے تعالیٰ تجھ کو مال اور دولت عطا فرمائے اور تیری کھیتی اور باغ میں پیداوار اچھی ہو روزانہ محتاجوں کو دیا کر۔

فال حضرت داؤد علیہ السّلام: اے خداوندِ فال تجھ کو غیب سے روزی ملے۔ حلال کے مال سے مالا مال ہو اور جب کبھی کوئی کام سخت پیش آوے تو حل ہو جائے۔ کچھ غم نہ کر خدا کو یاد کر۔

فال حضرت سلیمان علیہ السّلام: اے خداوندِ فال یہ فال تیری مبارک ہے۔ سب کام تیرے پورے ہوں اور دشمن پامال ہو جائیں

فال حضرت عیسیٰ علیہ السّلام: اے خداوند فال تجھ کو بشارت ہے کہ مراد تیری بر آوے۔ دین اور دنیا کی نعمت ملے۔ مگر تجھ کو کچھ رنج نہ پہنچے گا۔ صدقہ دیا کر رنج دور ہوگا۔

فال حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اے خداوندِ فال یہ فال بہت ہی نیک ہے۔ محبوب خلائق ہوگا۔ خوشی سے گزرے لوگ تیری عیب پوشی کریں۔ تیرے ساتھ نیکی سے پیش آئیں اور سب کے ساتھ تو نیکی کر تیرا انجام اچھا ہوگا۔ دین اور دنیا میں نیک نام ہوگا۔

ہر ماہ کی پیدائش سے نگینوں کا تعلق

بشکریہ: کرشمہ قدرت   مؤلفہ: ہمایوں مرزا لکھنوی

جنوری	گومیدک، یاقوت، لعل، عقیق سُرخ	اپریل	ہیرا، نیلم، یاقوت، عقیق	جولائی	یاقوت، عقیق یمنی گہرا سُرخ	اکتوبر	اوپل، دُرِّ نجف، زبرجد
فروری	نیلم، لاجورد، حجر القمر	مئی	زمرد، عقیق یمنی	اگست	مرجان، یاقوت، عقیق یمنی	نومبر	پکھراج، زبرجد
مارچ	فیروزہ، دُرِّ نجف، زبرجد	جون	موتی، زمرد	ستمبر	نیلم، یاقوت، عقیق زرد	دسمبر	لاجورد، یاقوت، فیروزہ

ہر قسم کے نگینوں کا مرکز: **جوہرے** مسجد صاحب الزمان حیدر روڈ اسلام پورہ لاہور۔ 0300-4519796

رد دشمنان و تسخیر خاص و عام

از تحریر غلام رضا عسکری اعوان کراچی۔ نواب شاہ۔
گھر نمبر 2146/129 کیمپ نمبر 2 نوابشاہ سندھ۔ گھر نمبر L-1057 سیکٹر 5-B1 نارتھ کراچی
فون نمبر۔ email.razaaskri@gmail.com 0333-7014915 0300-3210024

اسلام وعلیکم وتحفہ یا علی مدد۔ زمانہ پرآشوب ہے اور حسد دشمنی عروج پر ہے۔ مولا کا قول ہے دشمن دو طرح کے ہوتے ہیں ایک ظاہری دوسرے خفیہ۔ خفیہ دشمن سے بچو کیونکہ یہ آستین کا سانپ ہوتے ہیں لہذا انہیں پہچاننا ضروری ہے۔ خفیہ دشمن کا خطرناک وار عملیات سفلیات یا جادو ہوتا ہے۔ ایسے لوگ ظالم کے زمرے میں آتے ہیں جو اپنی جبلی خواہشات اور حسد کی وجہ سے دیگر افراد کو اپنے مذموم مقاصد کا نشانہ بناتے ہین اور علم عملیات سے عوام الناس کی زندگی اجیرن کر دیتے ہیں۔ ایسے افراد لعنت کے مستحق ہیں۔

علم نجوم میں زائچہ بنائیں۔ اور اپنے قمری برج کو یاد رکھیں۔ اگر ستارہ زحل قمری طالع میں موجود ہے اور یہاں مریخ یا کوئی اور نحس ستارہ موجود ہے تو عملیات سے زیادہ زحل کے اثرات کی وجہ سے مشکلات ہوتی ہیں۔ فرد زائچہ کی مثال ایسی ہو جاتی ہے جیسے سونے کی دکان پر بیٹھا ہو لیکن مٹی بیچنے والے جتنی آمدنی بھی نہ آ رہی ہو۔ اگر آپ کا قمری برج میزان قوس یا جدی ہے تو ایسے فرد و خاتون کو اپنے زائچہ میں ساتویں گھر میں زحل کی نشست و برخواست کو مد نظر رکھنا چاہیے۔ لوگ اکثر **تسخیر خلق** کے نقوش کی بات کرتے ہیں لیکن بنانے اور بنوانے والا دونو ہی ستاروں کی نحوستوں کو مد نظر نہیں رکھتے۔ میں دعوے سے کہتا ہوں کوئی عامل ساڑھ ستی سے متاثرہ یا زحل کی نحوستوں سے متاثرہ شخص کو تسخیر کی لوح بنا کر دے اور اسکی تسخیر خلق ہو جائے تو میں اس فرد کو تاحیات اپنا استاد مانوں گا۔ **تسخیر خلق** کے لئے لازم ہے کہ آپ ستارون کی نحوستوں سے خود کو پاک کریں ورنہ تسخیر خلق کا تیر بہ ہدف عمل بھی آپکے حلقہ احباب میں وسعت نہ لا سکے گا۔ یاد رکھیں خصوصاً زحل، اور مریخ، کی نحوست تسخیر خلائق کے کاموں میں آڑے آتی ہے۔ عطارد و مشتری کی نحوستیں تسخیر خلائق میں کم رکاوٹیں لاتی ہیں لیکن انسان کو ذاتی طور پر فقیر اور مشکوک کر دیتی ہیں۔۔ راس، کیتو کی طالع میں موجودگی آسیبی اثرات اور نظر بد کا شکار ہونے کو ظاہر کرتی ہے۔ زہرہ اور شمس کی نحوستیں عزت وقار کے فقدان کے ساتھ حلقہ خواتین میں مرد کو خاک میں ملا دیتی ہیں۔ ان نحوستوں کی موجودگی میں **تسخیر خلق** کی عمومی یا خصوصی لوح یا عمل بیکار ثابت ہوتا ہے اور کوئی فائدہ نہیں دیتا۔ عامل بندش سفلیات جادو کا ٹھپہ لگا کر آپکی فائل بند کر دیتا ہے اور آپکے روپے اور اعتماد دونوں کو خاک میں ملا دیتا ہے۔

علم یا عملیات ہوئے ہیں انکا پہلے جان لینا ضروری ہے۔ سادہ سی علامات بتاتا ہو۔ تکالیف رات کے وقت ہونا۔ تکالیف محسوس تو ہوتی ہیں لیکن میڈیکل ان تکالیف کو رپورٹس میں شناخت نا کر پائے۔ جسم پر زخم کھرونچ یا نیل جیسے نشانات ہونا۔ بیٹھے بیٹھے بدبو کا جھونکا گزرنے کا احساس ہو۔ گھر میں دکان میں وحشت یا اداسی کا ہونا۔ جسم کے کسی خاص حصہ کا پکڑ میں آنا۔ کام کاروبار کا یکدم بیٹھ جانا۔ امامیہ جنتری کے گذشتہ سالوں کو پڑھیں ستاروں کی جداگانہ بیماریاں جو عملیات سے پیدا ہوتی ہیں انکا ذکر تفصیل سے موجود ہے۔ اگر یہ یقین ہو جائے عملیات سفلیات یا کالا علم ہے تو کسی بھی اچھے منجم یا عامل سے علاج کروائین اول اپنا صدقہ دیں۔ کالے علم یا سفلی علم کے خلاف بہترین صدقات مریخ کے ہیں دوئم زحل کے بڑا گوشت گائے کا بروز منگل صدقہ کریں۔ کالے ماش یا کالا نمک بروز ہفتہ صدقہ کریں۔ درج ذیل نقش کو دیئے گئے اوقات میں بنائیں۔

نقش بنانے کا طریقہ کچھ اس طرح سے ہے۔ نقش کے کل اعداد کا مجموعہ 109441 ہے (یہ مجموعہ آئمہ علیھم السلام کی مسنون دعاؤں کا ہے لہذا اگر کوئی فرد واحد اختلاف کرے تو اسکی علمی تشنگی کے لئے میں ذاتی طور پر حاضر ہوں)۔ ان اعداد میں سے 360 اعداد تفریق کریں اور باقی اعداد کو نو پر تقسیم کریں۔ حاصل اعداد کو خانہ اول میں رکھکر چال کے مطابق پر کریں۔ اگر کسر 1 بچے تو خانہ نمبر 73 میں ۔ 2 ہو تو 64۔ 3 ہو تو 55۔ 4 ہو تو 46۔ 5 ہو تو 37۔ 6 ہو تو 28۔ 7 ہو تو 19۔ 8 ہو تو 10 میں ایک عدد کا اضافہ کریں۔ ذاتی طور پر تحفظ کے لئے یا مریض کے استعمال کے لئے بنائیں تو نام کے اعداد مع والدہ جمع کر لیں اور تقسیم کے بعد نقش کو چال کے مطابق کسر کا خیال رکھتے ہوئے بھریں۔

تسخیر خلق کے لئے نقش مذکورہ میں سورۃ توبہ کی آخری آیت کے اعداد 2898 ملا کر نقش ترتیب دیں اور Apr 30 2014 کو بنائیں تین عدد نقوش بنائیں ایک کام کاروبار کی جگہ لگائین۔ ایک پاس رکھیں اور تیسرے نقش پر آیت مذکورہ کو تعداد کے مطابق ورد کر کے ہلکی آنچ دیں۔ شرف زہرہ یا اوج زہرہ میں بنا سکتے ہیں **تسخیر مرد و زن** کے لئے Jul 4 2014 کو اوج زہرہ کے قریب مریخ کی تثلیث میں نقش بنائیں۔ اور مرد و زن کے نام مع والدہ شامل کریں۔

Apr 10 2014 کو زہرہ تثلیث مشتری اور Jun 14 2014 کو زہرہ تسدیس مشتری میں کام کاروبار کی برکت کے لئے نقش بنائیں۔ دیگر سعد اوقات کے لئے آپ اپنے مقصد کے لحاظ سے رجوع کریں میں آپکی راہنمائی کے لئے ہمہ وقت حاضر خدمت ہوں۔

ناصر حسین حسینی بک سٹال پنجابی بازار پاراچنار
حبیب برادرز بک ڈپو نور مارکیٹ پاراچنار

Oct 14 2013 کو فکس اسٹار Regulus کا قران مریخ کے ساتھ برج اسد میں ہوگا۔ **سفلیات کالے علم عملیات** اور دیگر زحل کی نحوستوں کے تدارک کے لئے نقش بنائیں قارئین میں ذاتی طور پر ایسے تمام افراد کو درخواست کرونگا کہ اس وقت کے نقش کو لازم بنائیں اور دیکھیں مولا کی ذات آپکے حاسدین کا راستہ کیسے روکتی ہے۔۔یکم سے تین فروری 2014 تک اسپیکا مریخ قران ہوگا Mar 26 2014 رجعت میں قران مریخ ہوگا۔ Jul 13 2014 قران مستقیم مریخ ہوگا۔اتین اوقات ہیں۔برج میزان میں یہ قران **زنا جواء لواطت** اور عورتوں کے شائق مردوں کی بدعادات کو دور کرنے کے لئے نقش بنائیں۔ایسی خواتین جن کے شوہر دوسری عورتوں میں ملوث رہتے ہوں انکے لئے یہ بہترین وقت ہوگا۔ Sep 20 2014 عطارد قران مریخ ہوگا نشے از قسم شراب چرس یا ہیروئین کی عادات جن لوگوں کو ہوں وہ ان اوقات سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ Oct 19 2014 کو قران زہرہ در میزان ریگولس ہوگا شوہر کو واہ راست پر لانے کے لئے نقش بنائیں۔اس سال Nov 30 2014 سے لیکر Dec 1 2014 کو شرف مریخ میں **دیدہ و نادیدہ** **دشمنوں** سے تحفظ کے لئے۔گھر مکان اور جائیداد کے تحفظ اور نظر بد عملیات خبیثہ سے بچاؤ کے لئے نقوش بنا کر استعمال کریں۔

تمام امور لکھ دیئے ہیں تاہم کوئی بات سمجھ نہ آسکے تو رابطہ کریں۔

اَنَا ذَا بَیْنَ یَدَیْکَ فَخُذْ لِنَفْسِکَ رِضَاهَا مِنْ نَفْسِیْ لَکَ الْعُتْبٰی لَا اَعُوْدُ فَاِنْ عُدْتُّ فَعُدْ عَلَیَّ بِالْمَغْفِرَةِ وَ الْعَفْوِ لَکَ بِفَضْلِکَ وَ جُوْدِکَ وَ مَغْفِرَتِکَ وَ کَرَمِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ وَ صَلَّی اللّٰهُ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَ خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ وَ اٰلِهِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاهِرِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ

ترجمہ۔اے رب میں تیرے سامنے ہوں تو اپنے لئے میرے نفس کی رضامندی قبول کر کیونکہ میری بازگشت تیری جانب ہے میں تیری طرف پلٹوں تو تو مجھ پر رحم کر اور عنایت فرما جو تیرا خاصہ ہے اپنے فضل اور بخشش اور مغفرت اور کرم کے ساتھ اے رحم کرنے والوں میں سب سے زیادہ رحیم اور رحمت فرما تمام انبیاء کے سید و سردار خاتم النبیین پر اور ان جناب کی پاک و پاکیزہ اور طاہر اولاد پر اے رحم کرنے والوں میں سے سب سے زیادہ رحیم۔

۷۸۶

اللھم صل علی محمد و آل محمد

اللھم صل علی محمد و آل محمد

۱۲۱۹۶	۱۲۱۵۸	۱۲۱۲۷	۱۲۱۴۱	۱۲۱۸۵	۱۲۱۵۴	۱۲۱۶۸	۱۲۱۳۱	۱۲۱۸۱
۱۲۱۵۵	۱۲۱۴۲	۱۲۱۸۳	۱۲۱۸۲	۱۲۱۶۹	۱۲۱۲۹	۱۲۱۲۸	۱۲۱۹۷	۱۲۱۵۶
۱۲۱۳۰	۱۲۱۸۰	۱۲۱۷۰	۱۲۱۵۷	۱۲۱۲۶	۱۲۱۹۸	۱۲۱۸۴	۱۲۱۵۳	۱۲۱۴۳
۱۲۱۵۹	۱۲۱۲۲	۱۲۲۰۰	۱۲۱۸۶	۱۲۱۴۹	۱۲۱۴۵	۱۲۱۳۲	۱۲۱۷۶	۱۲۱۷۲
۱۲۱۴۶	۱۲۱۸۷	۱۲۱۴۷	۱۲۱۷۳	۱۲۱۳۳	۱۲۱۷۴	۱۲۲۰۱	۱۲۱۶۰	۱۲۱۲۰
۱۲۱۷۵	۱۲۱۷۱	۱۲۱۳۴	۱۲۱۲۱	۱۲۱۹۹	۱۲۱۶۱	۱۲۱۴۸	۱۲۱۴۴	۱۲۱۸۸
۱۲۱۲۳	۱۲۱۹۵	۱۲۱۶۳	۱۲۱۵۰	۱۲۱۴۰	۱۲۱۹۰	۱۲۱۷۷	۱۲۱۶۷	۱۲۱۳۶
۱۲۱۹۱	۱۲۱۵۱	۱۲۱۳۸	۱۲۱۳۷	۱۲۱۸۷	۱۲۱۶۵	۱۲۱۶۴	۱۲۱۲۴	۱۲۱۹۳
۱۲۱۶۶	۱۲۱۳۵	۱۲۱۷۹	۱۲۱۹۴	۱۲۱۶۲	۱۲۱۲۵	۱۲۱۳۹	۱۲۱۸۹	۱۲۱۵۲

اللھم صل علی محمد و آل محمد

اَنَا ذَا بَیْنَ یَدَیْکَ فَخُذْ لِنَفْسِکَ رِضَاهَا مِنْ نَفْسِیْ لَکَ الْعُتْبٰی لَا اَعُوْدُ فَاِنْ عُدْتُّ فَعُدْ عَلَیَّ بِالْمَغْفِرَةِ
وَ الْعَفْوِ لَکَ بِفَضْلِکَ وَ جُوْدِکَ وَ مَغْفِرَتِکَ وَ کَرَمِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ وَ صَلَّی اللّٰهُ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
وَ خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ وَ اٰلِهِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاهِرِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔

دعائے قربانی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِیْفًا مُّسْلِمًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ اِنَّ صَلٰوتِیْ وَنُسُکِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ لَا شَرِیْکَ لَهٗ وَبِذٰلِکَ اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ اَللّٰهُمَّ مِنْکَ وَلَکَ بِسْمِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ اَکْبَرُ

☆ اس کے بعد جانور کو ذبح کرنا شروع کرے اگر خود اکیلا قربانی دے رہا ہو تو یہ الفاظ کہے اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنِّیْ اور اگر چند آدمیوں سے مل کر قربانی کی ہو تو اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنَّا کہے۔ ☆ اگر کسی دوسرے شخص کی طرف سے ہو تو اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنْهُ کہے اگر کئی دوسرے افراد کی طرف سے ہو تو اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنْهُمْ کہے بہتر ہے کہ مِنِّیْ۔ مِنَّا۔ مِنْهُ۔ مِنْهُمْ کی جگہ ان لوگوں کا نام لیا جائے۔ بشکریہ نوائے صالحین (مولف شیخ سلطان محمود)

042-35111015
سید ابن مظفر شیرازی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

برج سرطان ستارہ قمر اور آپ

رب کائنات کے کرم اور آئمہ طاہرین کے صدقہ میں امسال پھر آپ سے مخاطب ہوں۔ میرے مالک نے بتصدق باب مدینۃ العلم مجھے زندگی بخشی اور 2014ء کیلئے مضمون لکھنے کا شرف عطا کیا۔ مولا آپ سب کا حامی و ناصر ہو۔ امامیہ جنتری کے بنانے، سنوارنے اور شائع کرنے والوں کے ساتھ ساتھ قارئین محترم سب کو مولا اپنے حفظ و ایمان میں رکھے۔

قمر سفید رنگ کا ستارہ ہے جس کا تعلق برج سرطان سے ہے۔ یہ آسمان دُنیا کا حاکم ہے۔ سورج سے روشنی حاصل کر کے روشن ہوتا ہے زمین سے 19 حصہ چھوٹا ہے۔ اس کی گردش 2280 میل ہے۔ زمین کے گرد بارہ گھنٹوں میں گھوم جاتا ہے۔ بارہ بُرجوں کا دورہ 28,29 یوم میں کر لیتا ہے۔ ہر برج میں کم و بیش $2\frac{1}{4}$ یوم قیام پذیر ہوتا ہے۔ ہر منزل پر ایک رات اور ایک دن قیام کرتا ہے۔

قمر کو برج ثور کے تیسرے درجہ پر شرف اور ہبوط بُرج عقرب میں جبکہ وبال برج جدی میں ہوتا ہے۔ قمر کو ہر ماہ شرف حاصل ہوتا ہے۔ اس کے شرف کے اوقات میں عوام خوش اخلاق، پُرخلوص اور خوبصورت جذبات کا اظہار کرتے ہیں جبکہ ہبوط قمر میں آپ کو ہر طرف لڑائی مار کٹائی، حادثات اور سڑکوں پر گاڑیوں کے ٹوٹے شیشے نظر آئیں گے۔

قمر پیر کے دن کا حاکم ہے۔ حضور نبی رحمت محمدؐ، اماں حوا اور حضرت نوحؑ اسی دن قمر کی ساعت میں اس دُنیا میں تشریف لائے۔ اس حوالہ سے یہ بہت مبارک دن ہے۔ اعداد دو اور چار کا تعلق قمر سے ہے۔ اس کی قوت وقت رات ہے۔ لہٰذا اس سے متعلقہ تمام کام رات کے وقت ہی کرنا چاہئے۔

قمر کی طبع آبی ہے۔ تذکیر کے حوالہ سے قمر مونث ہے۔ اس کے مؤکل حضرت جرائیلؑ ہیں۔ جن سے متعلقہ ورد یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ ہے ان اسمائے مبارکہ کی عددی قوت 556 ہے۔ ستارہ قمر برج سرطان کے حامل افراد روزانہ ان کا ورد 556 مرتبہ کر کے گھر سے نکلا کریں۔ (اول و آخر درود بر محمدؐ و آل محمدؐ) ہر مشکل ہر تکلیف سے چھٹکارا ہوگا۔ دن بہت اچھا گزرے گا۔ جان و مال کا تحفظ یقینی ہوگا۔

ستارہ قمر سے متعلقہ حروف ض۔ ذ۔ ظ۔ غ ہیں۔ ان کے حروف کا مربع شرف قمر میں لکھ کر مریض کے گلے میں ڈلوائیں۔ مریض کو پینے کیلئے دیں انشاء اللہ مکمل شفا ہوگی۔

ستارہ قمر کو شرف ہر ماہ ہوتا ہے۔ جو بہت مبارک وقت ہوتا ہے۔ اس میں جملہ اعمال قمری سے استفادہ کیا جا سکتا ہے۔

اسم اعظم یَا نَافِعُ کی لوح چاندی پر تیار کریں۔ جملہ امراض سے شفا نصیب ہو۔ مریض کے گلے میں ڈالیں۔ مرض کی جگہ پر صبح و شام اس لوح کو ملنے سے بھی شفا ہو۔ جس بچی کی شادی نہ ہوتی ہو۔ اس لوح کو اس کے گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ جلد از جلد شادی ہو جائے گی۔

لوح نَافِعُ قمری درج ذیل ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ع	ف	ا	ن
۲	۴۹	۷۱	۷۹
۵۲	۳	۷۸	۶۸
۷۷	۶۹	۵۱	۴

لوح اسم اعظم بھی شرف قمر میں ہی تیار ہوگی۔ اس لوح کو چاندی کی تختی پر کندہ کریں۔ جس لڑکے یا لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو اس کے گلے میں ڈالیں۔ اس کی برکت سے شادی کے جلد اسباب پیدا ہوں گے جو فرد اس اسم اعظم کو چاندی کی انگوٹھی پر لکھ کر انگلی میں پہنے مخالفوں کے شر سے محفوظ رہے۔ اگر حاکم یا افسر ہے۔ تو تمام ماتحت دل و جان سے اطاعت کریں۔ بزدل ہو تو بہادر بنے۔ سسرال میں دب کر رہنے والی بچیاں اس لوح کو پاس رکھیں۔ تو سسرال کا خوف دُور ہو۔ بہادری سے حالات کا مقابلہ کرنے کے قابل ہوں۔ لوح درج ذیل ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

	ی	ل	ع
۳۱	۶۹	۱	۹
۶۸	۲۸	۱۲	۲
۱۱	۳	۶۷	۲۹

اب آخر میں لوح قمری اسمائے حسنیٰ پیش کی جا رہی ہے یہ بھی شرف

قمر میں ہی تیار ہوگی۔ بشرطیکہ شرف قمر زائد النور میں ہو۔ کیونکہ زائد النور کا شرف قوی الاثر ہوتا ہے۔ لوح کے ایک طرف اسمائے حسنیٰ لکھے جائیں گے۔ جبکہ دوسری طرف خاتم غلبہ وعروج اور خاتم قمری طلسمی کا اندراج ہوگا۔ رفتار نقش کا خیال رکھنا انتہائی ضروری ہوگا۔ لوح حسب ذیل ہوگی۔

فقیر کو دُعاؤں میں یاد رکھیں۔ لوح بناتے وقت نظام الاوقات کا خیال

	ی	ح	ر	ن	م	ح	ر
ی	ا	ی	ح	ر	ن	م	ن
ن	ی	م	ی	ح	ر	ن	م
ی	ح	ی	ب	ی	ن	ر	ن
ن	ی	ح	ی	ا	ی	ح	ر
م	ن	ر	ن	ی	ب	ی	ن
ن	م	ن	ر	ن	ی	ا	ی
ی	ح	م	ن	ر	ح	ی	ا

لوح کی پچھلی طرف خاتم تحفظ غلبہ بنائی جائیگی۔ جو کہ درج ذیل ہے۔

البقطع
سط ہ لا مسبہ
طـــطس

اسی طرح تین سطریں ہوں گی۔
اس کے ساتھ خاتم قمری طلسمی بنے گی۔
جو درج ذیل ہے۔

II ۴ II ٦ II III ۹ II ۹

۹ | یا رحمن یا رحیم

III ۵ ۵ ۷ ۵ ۵ II

یہ مکمل لوح مبارکہ چاندی پہ بھی بنا سکتے ہیں۔ سہ دھاتہ پر بھی بنائی جاسکتی ہے۔ اسے پاس رکھ لینے سے عزت ووقار میں اضافہ ہو۔ مقدمات میں کامیابی یقینی ہو۔ امراض سے شفا ہو قضائے حاجت کیلئے مددگار ہو۔ دُشمنوں سے تحفظ اور ان پر غلبہ کیلئے لوح ہمیشہ پاس رکھیں۔ رزق روزی میں اضافہ، کاروباری ترقی، حصول مراد، حصول ملازمت وترقی کیلئے یہ لوح عطیہ رب متعال ہے۔ بنائیں اور استفادہ حاصل کریں۔ اور اللہ سب کا حامی وناصر ہو۔

سب کچھ مفصل تحریر کر دیا ہے کسی جز کی سمجھ نہ آئے تو جوابی لفافہ کے ساتھ وضاحت طلب کر سکتے ہیں۔ حسب معمول آخری درخواست اپنی دُعاؤں میں جملہ مومنین، راقم الحروف، امامیہ جنتری سے متعلقہ جملہ احباب بالخصوص محترم آغا نثار احمد مرحوم وقبلہ آغا افتخار حسین صاحب مع متعلقین کو اپنی دُعاؤں میں ضرور یاد رکھے گا۔ ٹیلیفون وملاقات کیلئے رابطہ:

جمعہ تین بجے تا شام سات بجے — اتوار بارہ بجے تا شام سات بجے

لوحِ تحفظِ جان یقینی، لوحِ شفا الامراض، لوحِ دولت وکثرت رزق، لوحِ زحل خاص، لوحِ مشتری ودیگر تمام سیارگان کی لوحیں ہر وقت دستیاب ہیں۔ رابطہ
سیّد ابن مظفر شیرازی
ادارہ اصلاح عملیات وفیض روحانی
673-3-D-II گرین ٹاؤن لاہور فون نمبر 042-35111015

صدقات نحوستِ سیّارگان

نمبر	ستارہ	متعلقہ عدد	متعلقہ رنگ	متعلقہ دن	متعلقہ حروف	متعلقہ اشیاء
1	شمس	4-1	زرد	اتوار	م۔ٹ	گندم، دال چنا، دال مونگی دھلی ہوئی، زرد یا سنہری کپڑا، زرد کھی
2	قمر	7-2	سفید	پیر	ح۔ہ	چاول، آٹا، دودھ، دہی، نان، کلچے، سفید کپڑا
3	مشتری	3	زرد	جمعرات	چ۔و۔ف	دال چنا، دال مونگی دھلی ہوئی، زرد کھی، شکر (زرد چینی) زرد کپڑا
4	عطارد	5	سبز	بدھ	پ۔ق۔ک۔غ	ثابت مونگی، دال مونگی سبز چھلکے والی، باجرہ، ڈالڈا گھی، سبز کپڑا
5	زہرہ	6	سفید	جمعہ	ب۔ت۔ر۔ط۔و	چاول، آٹا، دودھ، دہی، نان، کلچے، سفید کپڑا
6	زحل / یورانس	8-4	سیاہ، سرمئی، سلیٹی	ہفتہ	ث۔ج۔خ۔س۔ش۔ص۔گ	ثابت کالے ماش، دال ماش کالے چھلکے والی، کالے تِل، سورج مکھی کے بیج، کالا کھڑا، لوہا، کالا تیل
7	مریخ	9	سرخ، گلابی	منگل	ذ۔ز۔ض۔ظ۔ع۔ل۔ن۔ی	سرخ گندم، دال مسور، سرخ مکئی، سرخ چنے، سرخ کھڑا، سرخ گلاب کے پھول، تلنھا

لعل بخش قلندری P-505 قلندری چوک گلی نمبر 7، محلہ منیر آباد فیصل آباد 0333 8147274 / 0301-4243709

بلتستان بک ڈپو نیا بازار اسکردو 05815455166
ماڈرن سٹیشنری مارٹ نیا بازار اسکردو

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ ان اللہ وعد الصابرین الحرج مما یکرھون والرزق من حیث لا یحتسبون۔ ھلنا اللہ وایا کم من الذین لا خوف علیھم ولا ھم یحزنون۔

محمد اکمل خان ماہر علوم مخفی
مدینۃ الروحانیت، جامعہ حسنیہ علیہ السلام،
وارڈ نمبر 13، کروڑ لعل عیسن۔ لیہ
Ph:0301 4578467, 0333 4578467
www.madinaturruhaniat.com

بندشِ نکاح / وجوہات و علاج

قارئین محترم! السلام علیکم! ہمیشہ کی طرح ایک بار پھر امامیہ جنتری کے قارئین کے لیے روحانیت کی دُنیا میں ایک عظیم باب کا اضافہ کرتے ہیں۔ عصرِ حاضر میں تقریباً ہر گھرانے کے مسائل میں سے ایک نہایت ہی پیچیدہ مسئلہ نوجوان بچیوں کی شادی اور معقول رشتہ ہے۔ قارئین پوری دُنیا سے طویل روحانی مشاہدات اور تجربات کے بعد لڑکیوں اور لڑکوں کی شادی میں رُکاوٹ کی چند بُنیادی وُجوہات معلوم کی ہیں جو درج ذیل ہیں اِن کے دُرست علمی تعین اور تدارک سے یقینی کامیابی نصیب ہوگی۔ شادی میں رکاوٹ یا تاخیر کے تمام افراد میں یہ سب یا پھر اِن میں سے کچھ صورتیں پائی گئی ہیں اور الحمدللہ صحیح تشخیص کے بعد اُن کا علاج کیا گیا تو کامل شفا نصیب ہوئی اور بندش ختم ہونے کے بعد شادی ہوگئی۔

قدرتی تاخیر، سحری بندش، آسیبی بندش، زائچہ پیدائش میں زُحل یا عدد 8 کا اثر، نام میں عدد 8 کا اثر پانچ بُنیادی وجوہات ہیں جن کا تفصیلی ذکر، تشخیص اور شافی علاج ہدیہ قارئین کیا جاتا ہے۔ قارئین ادارہ ہٰذا کی یہ امتیازی خصوصیت ہے کہ ہمیشہ آپ لوگوں کی اس انداز سے علمی رہنمائی کی ہے کہ کسی عامل کی مدد کے بغیر لاتعداد لوگوں نے خود اپنا علاج کیا اور کامیابی نصیب ہوئی نیز ہمیشہ تحقیق کے نئے دروازے وا کیے زیرِ نظر تحریر بھی انہی میں سے ایک نہایت مفید تحریر ہے۔ شادی سے متعلقہ دیگر مسائل کے روحانی حل کے لیے www.madinaturruhaniat.com وزٹ کیجیے اور برصغیر کی عظیم علم دوست ہستی جناب محترم آغا افتخار حُسین صاحب اور اُن کے ادارے کے تمام اراکین کی سلامتی کے لیے دُعا کیجیے تاکہ وُہ ہمیشہ علم کے خزائن آپ لوگوں تک پہنچاتے رہیں۔

سحری یا آسیبی رکاوٹ

شادی میں رکاوٹ کی ایک وجہ سحر وعملیات ہے۔ قرآنِ پاک میں سحر کا متعدد مقامات پر ذکر کیا گیا ہے اور اِس سے چشم پوشی کرنا مسلمانوں کے لیے مناسب نہیں۔ سحر ایک روحانی بیماری ہے اور اس کا علاج لازم ہے۔ شادی میں تاخیر یا رکاوٹ کی دوسری مضبوط وجہ جنات وآسیبی قوتوں کی شرارت بھی ہے۔

تشخیص

ضروری ہے کہ ایسے مریض کی صحیح تشخیص کی جائے اس کے لیے مریض کو سامنے بٹھائیں، دم شدہ اشیاء، آیاتِ قرآنی کا لاکٹ وغیرہ یا تعویذ جو بھی مریض کے پاس ہو اُسے کچھ دیر کے لیے اُتار کر دُور رکھ لیں۔ شیشے کے گلاس میں تازہ پانی لیں اور مریض کو دو گھونٹ چکھا کر اُس باقی بچے ہوئے پانی پر اور مریض کے جسم پر سات بار درود پاک، پھر سورہ فاتحہ، آیت الکرسی اور چاروں قُل سات سات بار پڑھ کر دم کرتے جائیں۔ آخر پر پھر سات مرتبہ درودِ پاک پڑھیں۔ اب مریض سے اُس کی بدَنی کیفیت دریافت کریں۔

بوجھ پڑنے یا پہلے سے موجودہ درد بڑھ جانے کی صورت میں جنات وآسیب کا ضرر ہے۔ اگر جسم ہلکا ہو جائے یا کہیں چبھن محسوس ہو، ہاتھ پاؤں یا جسم میں کہیں ٹھنڈک یا جلن محسوس ہو، جسم کانپنے لگے، جسم کا کوئی حصہ سُن ہو جائے، بدَن پر چیونٹیاں سی رینگنا شروع کر دیں تو جادو اور سحر کی علامت ہے۔ اب دَم شُدہ پانی پلائیں۔ پانی کا ذائقہ اگر نمکین ہو یا گلے میں پھندا لگے یا لیس دار سا محسوس ہو تو جنات کا ضرر ہے اور اگر پانی کڑوا ہو جائے تو جادو کیا گیا ہے۔ پانی آہستہ آہستہ چکھیں۔ بعض اوقات آخری گھونٹ کا ذائقہ بدلتا ہے اور کبھی پانی پینے کے چند منٹ بعد بھی منہ کا ذائقہ بدلتا ہے۔

علاماتِ بندش

جادو یا آسیبی مریض کے سر، گردن، کندھے اور کنپٹیوں پر بوجھ رہتا ہے۔ ہاتھ پاؤں ٹھنڈے گرم ہوتے رہتے ہیں۔ دِل میں ویرانی ہوتی ہے، گھر میں دِل نہیں لگتا، برے خیالات ستاتے ہیں، معدہ، مثانہ خراب ہو جاتا ہے، عورتوں کو مخصوص امراض شروع ہو جاتی ہیں، رشتے ایک بار دیکھنے کے بعد لوٹ کر نہیں آتے، لوگوں کو مریض میں نقائص اور عیوب نظر آتے ہیں اور بھی طرح طرح کی رکاوٹیں پیدا ہونے لگتی ہیں۔

رحمٰن نیوز ایجنسی شاہی بازار بہاولپور
قیصر نیوز ایجنسی نزد ریلوے پھاٹک تحصیل پپلاں ضلع میانوالی
Scanned with CamScanner

تفصیلی استخارہ: ☆ایسے مریضوں کے بارے میں تفصیلی معلومات حاصل کرنے کے لیے رات کو سوتے وقت دو نفل پڑھیں۔ سلام کے بعد سو بار درود پاک تلاوت کریں اور ستر بار سورہ فاتحہ مکمل پھر سو بار درود پاک پڑھ کر خدا سے دُعا کریں کہ نیند میں آپ کی رہنمائی ہو اور سحر کرنے والے کے بارے میں اشارہ ملے۔ ☆اس استخارے سے مستقبل میں جھانکا جاسکتا ہے نیز ہر مسئلے کے روحانی حل کے لیے اس استخارے کو پڑھ کر قبلہ رُخ سو جائیں ان شاء اللہ آپ کی رہنمائی کی جائے گی۔ اگر پہلے دن کچھ نظر نہ آئے تو متواتر جاری رکھیں۔ ہزاروں لوگوں کی اس استخارے میں رہنمائی کی گئی ہے۔ کام ہونے پر مومنین کے لیے شیرینی پر فاتحہ پڑھیں۔

نام یا تاریخ پیدائش میں عدد8 کی موجودگی یا تکرار: سحری و آسیبی بندش کے بعد عدد8 کے اثرات کی وجہ سے بھی شادی اور دیگر تمام کاموں میں ان دیکھی رکاوٹیں پیدا ہوتی ہیں۔ یہ بھی دو طرح کی وُجوہات ہیں۔

☆جن لوگوں کے نام کے شروع میں ح، ف، ض ہو، یا تاریخ پیدائش 8,17,26 ہو یا اگست میں پیدا ہوں یا 19Jan-21Feb یعنی بُرج ''دلو'' میں پیدا ہوں یا 23Dec-20Jan یعنی بُرج ''جدی'' میں پیدا ہوں۔

☆پیدائش ہفتے والے دن بالخصوص زُحل کی ساعت میں ہو، تحریری یا پکارے جانے والے نام کا عدد 8 ہو تو بھی ایسے شخص کی زندگی میں ہر مقام پر بندش ہوتی ہے۔

☆اکثر اوقات تاریخ، سال اور مہینے کا مجموعی عدد 8 بنتا ہے۔ صرف سالِ پیدائش کا عدد بھی آٹھ ہوسکتا ہے۔

☆عدد آٹھ سے متاثر لوگوں کو ماضی بہت پیارا ہوتا ہے اور مستقبل کا خوف ستاتا ہے۔ ایسا شخص مالی معاملات پر زیادہ توجہ دیتا ہے اور خرچ بڑی احتیاط سے کرتا ہے۔ صوفیانہ مزاج، میں چڑچڑاپن، خاموشی، اُداسی، شک، شکوہ، دوسروں کی توجہ کا شدید منتظر ہونا، روٹھ جانا، بات کا بتنگڑ بنانا، تاریک پہلو پر نظر رکھنا، اُمید کا دامن چھوڑ دینا، جلد گھبرا جانا اور شدید نا اُمیدی عدد 8 کے لوگوں میں زیادہ پائی جاتی ہے۔ نیز ہر کام میں تاخیر اور طبیعت میں انتہائی سُستی عدد 8 والے افراد کی شخصیت کا اہم خاصہ ہے۔ عدد 8 والے کو شوگر اور بلڈ پریشر کے امراض کا زیادہ خطرہ ہوتا ہے۔ درج بالا چاروں علامتیں نہ ہونے کی صورت میں شادی میں تاخیر کا سبب منشاءِ الٰہی کے سوا کچھ نہیں۔ ایسی صورت میں صدقہ دیں۔ اور سورہ طٰہٰ کو روزانہ ایک بار تلاوت کیا کریں۔ نیز مدینۃ الروحانیت سے رجوع بھی کر سکتے ہیں اور درج ذیل علاج بھی بہت مفید ہے۔

☆نوٹ: عدد آٹھ کی صرف منفی صفات یہاں پر بیان کرنا مقصود تھا۔

پہلا علاج: ☆یہ علاج عوام الناس خود کر سکتے ہیں۔

☆عدد 8 کی صورت میں استخارہ کر کے کوئی عرف رکھ لیں چند ماہ میں عدد 8 کے اثرات کافی حد تک زائل ہو جاتے ہیں۔ متواتر صدقہ دیں نیز درج ذیل علاج بھی کریں۔

☆سحر، جادو اور جنات کی صورت میں روزانہ اسم الٰہی یَا فَتَّاحُ کا ورد 489 بار صبح کے وقت کیا کریں۔ سورہ فتح، سورہ فاتحہ، آیت الکرسی، چاروں قل، سات سلام، نادِ علی علیہ السلام اور آیاتِ شفا دو عدد کاغذوں پر لکھیں۔ ایک کاغذ کو پانی میں بھگو کر رکھیں اور اُس کو روزانہ تین وقت یا جتنا زیادہ ممکن ہو پی لیا کریں، سبزے یا چھت پر کپڑوں سمیت اُس پانی سے کچھ عرصہ غسل کریں (تا کہ نالی میں پانی نہ جائے)، سرنج میں وُہ پانی لے کر پورے گھر میں روزانہ اُس سے چھڑکاؤ کریں۔ پہننے والا تعویذ بٹر پیپر پر لکھیں اور گلے میں پہن لیں۔

☆بہتر ہے روزانہ مذکورہ بالا سورتیں 3-3 بار اور سورہ طٰہٰ ایک بار پڑھیں۔ سورہ ناس سو بار روزانہ پڑھنا بہتر ہے۔ دو ہفتوں کے علاج کے بعد پھر اُوپر درج طریقے سے مریض کا چیک اپ کریں۔ عموماً ایک ماہ میں جادو کا مریض ٹھیک ہو جاتا ہے اور پھر اس کے بعد رشتے آنا شروع ہو جاتے ہیں۔ کندھوں اور سر کا بوجھ جب بالکل ختم ہو جائے تب آپ پوری طرح اس شیطانی چنگل سے خود کو آزاد سمجھیں۔ پوری دُنیا میں لوگوں کو یہ طریقہ سمجھایا، لوگوں نے خود اپنا علاج کیا اور چند ماہ میں 30 سے 46 سال کی لا تعداد خواتین کی شادی ہوگئی اور بندش ختم ہوگئی۔

دوسرا علاج: ☆یہ علاج صرف عامل حضرات ہی کر سکتے ہیں۔

چاندی کی ایک پلیٹ پر لوہے کے باریک اوزار سے نقش سیفی، تکسیر جُنہ، آیت الکرسی، چہار قل، ہفت ہیکل، نقش سورہ جن، سورہ فاتحہ، سات سلام، آیاتِ شفا اور طلسماتِ شفاء مذکور مولائے متقیان حضرت علی علیہ السلام لکھیں اور مریض کو دیں تا کہ وُہ اپنے پاس رکھے اور اُس لوح کو پانی میں ڈبو کر اُس کا پانی پیے، غسل کرے اور گھر میں چھڑکے۔

☆نیز لوحِ مشتری بھی نہایت مفید ہوگی۔ مذکورہ بالا لوح مُبارک تقریباً ڈیڑھ انچ (مربع) چاندی کی پلیٹ پر ادارہ ہٰذا میں ہاتھ سے تیار کی جاتی ہے جو کہ صرف مدینۃ الروحانیت کا خصوصی شرف ہے، قارئین طلب کر سکتے ہیں۔ چاندی پر تیار شدہ لوحِ مشتری بھی میسر ہے۔ قارئین مزید وضاحت کے لیے موبائل فون پر رابطہ کیجیے۔ ☆قدرتی رکاوٹیں ہوں یا شکل و صورت کی سادگی کی وجہ سے شادی میں رُکاوٹ ہو تو درج بالا دونوں علاج مفید ہیں۔

سیّد نثار عباس نقوی (مرحوم)

شادیاں ناکام کیوں ہوتی ہیں؟

(علم الاعداد کی روشنی میں)

شادی میں ناکامی کے کئی اسباب ہیں۔ دُلہن دُلہا کے ناموں کے اعداد میں ہم آہنگی نہ ہونا۔ بروج وسیارگان کا مختلف ہونا۔ ناموں کے حروف کی طبع کا نہ ملنا۔ ایام محرم الحرام وصفر میں ہوئی شادیاں اکثر خانہ بربادی کا سبب بنتی ہیں کیونکہ ان ایام میں نواسۂ رسولؐ کی شہادت اور اہل بیت اطہار کا مصائب میں ابتلاء ہے۔ مومنین کو چاہیئے کہ وہ محرم، صفر تا 8 ربیع الاوّل میں شادی وغیرہ نہ کریں۔ شادی کے وقت قمر درعقرب بھی نہ ہو۔

ہم یہاں برسوں سے آزمودہ علم الاعداد کی روشنی میں ایک قاعدہ قارئین جنتری امامیہ کیلئے پیش کر رہے ہیں۔

اعداد لیتے وقت مندرجہ ذیل باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے۔

(1) - لڑکی اور لڑکے کے اصلی نام کے ابجد قمری کے حساب سے اعداد نکالیں۔ (2) - والدہ کے نام کے عدد لینے کی ضرورت نہیں ہے۔ (3) - سیّد، زیدی، نقوی، بخاری، کاظمی، جعفری، چوہدری، خان، ملک، بٹ، ڈار، گوندل وغیرہ کے اعداد بالکل نہیں لینے۔ (4) - موسیٰ، عیسیٰ، مصطفیٰ، وغیرہ میں صرف "ی" کے اعداد لینے ہیں "ی" کے اوپر "الف" وغیرہ کے اعداد نہیں چلیں گے۔ (5) - لڑکی کے ساتھ باپ کا نام یا لڑکے کے ساتھ باپ کا نام لکھا ہوا ہو تو اُس کے اعداد بھی نہیں لینے ہیں۔ (6) - حمزہ "ء" بعض مقام پر الف کے اعداد کا تقاضا کرتا ہے بعض مقامات پر "ء" کے اعداد "ی" کے لئے جاتے ہیں مثلاً صائمہ، فائزہ، شائستہ، پائندہ وغیرہ۔ یہاں "ء" کے اعداد "ی" کے اعداد لئے جائیں گے۔ (7) - لڑکی کے اعداد کو بھی 9 پر تقسیم کیا جائے گا اور لڑکے کے اعداد کو بھی 9 پر تقسیم کیا جائے گا جو حاصل قسمت ہوگا جدول سے دیکھا جائے گا جسکی مثالیں آخر پر واضح کردی گئی ہیں۔ (8) - اگر اعداد پورے پورے تقسیم ہو جاتے ہیں تو پھر جس عدد کے ساتھ تقسیم کیا گیا ہے یعنی 9 عدد بس اسی کو حاصل قسمت سمجھا جائے گا۔

ابجد قمری

حروف	ا	ب پ	ج چ	د ڈ	ہ	و	ز	ح	ط	ی ے	ک گ	ل	م	ن
قیمت	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	20	30	40	50
حروف	س	ع	ف	ص	ق	ر ڑ	ش	ت ٹ	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
قیمت	60	70	80	90	100	200	300	400	500	600	700	800	900	1000

اگر دونوں کا " ا اور ا " باقی بچ جائیں تو انشاءاللہ یہ جوڑا نہایت سعد ثابت ہوگا۔ اور اگر

۱ اور ۲	بادشاہی زندگی گزارنے کی علامت ہے۔	۲ اور ۶	ایک دوسرے پر الزام لگانے والے ہوتے ہیں۔	۴ اور ۵	انجام جدائی طلاق ہوگا۔
۱ اور ۳	نا اتفاقی، خانہ جنگی، اجتناب ضروری ہے۔	۲ اور ۷	اچھے اور خوب ہوتے ہیں۔	۴ اور ۶	یہ جوڑا بھی بہت عمدہ رہتا ہے۔
۱ اور ۴	دائمی جدائی انجام طلاق ہوگا۔	۲ اور ۸	خوب رہتے ہیں مگر کچھ عرصہ کے بعد جھگڑے شروع ہو جاتے ہیں۔	۴ اور ۷	اچھی زندگی بسر کرتے ہیں۔
۱ اور ۵	معتدل، دونوں ایک دوسرے سے تعاون کریں گے۔	۲ اور ۹	خوب اچھے رہتے ہیں۔	۴ اور ۸	خوب رہتے ہیں۔
۱ اور ۶	نہایت عمدہ زندگی بسر ہوگی۔	۳ اور ۳	شادی محبت کی ہوگی انجام بے وفائی۔	۴ اور ۹	جنگ جدال، الزام تراشی کرنے والے۔
۱ اور ۷	ایسے لوگ اولاد کا غم دیکھتے رہتے ہیں۔	۳ اور ۴	طلاق دائمی جدائی۔	۵ اور ۵	انجام جدائی طلاق ہوگا۔
۱ اور ۸	غربت مفلسی رنج و غم میں گزرے گی۔	۳ اور ۵	طلاق اور جدائی۔	۵ اور ۶	موافقت رہے گی۔
۱ اور ۹	انجام بہتر ہوگا معتدل رہے گی۔	۳ اور ۶	طلاق جدائی فراق	۵ اور ۷	عمدہ زندگی گزارے گی۔
۲ اور ۲	یہ بھی عمدہ زندگی بسر کرتے ہیں۔	۳ اور ۷	ایک دوسرے پر جان نچھاور کرنے والے ہونگے۔	۵ اور ۸	دونوں میں پیار محبت بہت ہوگا۔
۲ اور ۳	انجام طلاق۔	۳ اور ۸	یہ عمدہ رہیں گے۔	۵ اور ۹	دونوں معتدل رہتے ہیں۔
۲ اور ۴	فقدان محبت، لڑائی جھگڑا۔ طلاق نہ ہوگی۔	۳ اور ۹	معتدل، لڑ جھگڑ کر ایک دوسرے کی بات مان لینگے۔	۶ اور ۶	خوب رہتے ہیں۔
۲ اور ۵	سکون حاصل نہیں ہوگا۔	۴ اور ۴	انجام طلاق ہوگا۔	۶ اور ۷	دونوں معتدل رہتے ہیں۔

شکیل بک سٹال امام بارگاہ یثرب ڈیفنس سوسائٹی کراچی
العصر اسلامک بک اینڈ C.D سنٹر جامع مسجد صاحب الزمان ہڈالہ سیداں دینہ 0301 5861438
Scanned with CamScanner

حسد کا پھل دنیا اور آخرت کی بدبختی ہے۔ (حضرت علیؑ)

٦ اور ٨	اچھی زندگی گزرتی ہے۔
٦ اور ٩	دونوں معتدل رہتے ہیں۔
٧ اور ٧	اچھی زندگی گزرتی ہے۔
٧ اور ٨	ابتدا اچھی نہیں ہوتی۔ بعد میں اچھی زندگی بسر ہوتی ہے۔
٧ اور ٩	مزاج میں اختلاف۔ پسند دونوں کی جدا جدا ہوتی ہے۔
٨ اور ٨	شادی مبارک ہوتی ہے۔
٨ اور ٩	خوشیاں بھری شادی ہوتی ہے۔
٩ اور ٩	جھگڑا فساد کرتے رہتے ہیں ایسی شادی نہیں کرنا چاہیے۔

مثال نمبر ١: لڑکی کا نام: ڈیانا لڑکے کا نام: چارلس

ڈ	04	چ	03
ی	10	ا	01
ا	01	ر	200
ن	50	ل	30
ا	01	س	60
	9/66		9/294
باقی 3 بچے	7-3	باقی 6 بچے	32-6

3 اور 6 کو دیکھا تو انجام جدائی طلاق اور یہی کچھ ہوا۔

مثال نمبر ٢:

	0?		92
	40		70
	01		40
	10		200
	40		001
	01		50
	9/95		9/453
باقی 5 بچے	10-5	باقی 3 بچے	50-3

3 اور 5 ... جدائی طلاق ...

تعبیر الرویاء — جدول تاریخ چاند اور تعبیر خواب — علامہ مجلسیؒ

تاریخ شب	تعبیر خواب	تاریخ شب	تعبیر خواب	تاریخ شب	تعبیر خواب
پہلی	اس شب کا خواب صحیح نہیں۔	گیارہویں	اس شب کا خواب صحیح ہے مگر اس کی تعبیر دیر میں ظاہر ہوگی بروایتے تین روز میں ظاہر ہوگی۔	اکیسویں	اس شب کا خواب جھوٹا ہے۔
دوسری	اس شب کا خواب صحیح نہیں۔	بارہویں	اس شب کا خواب صحیح ہے مگر تعبیر دیر سے ظاہر ہوگی۔	بائیسویں	اس شب کا خواب سچا ہے۔
تیسری	اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس ہے۔	تیرہویں	اس شب کا خواب صحیح ہے اور تعبیر نو روز میں ظاہر ہوگی بروایتے اس شب کا خواب جھوٹا ہے۔	تیسویں	اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس ہے۔
چوتھی	اس شب کا خواب صحیح ہے مگر اس کی تعبیر دیر میں ظاہر ہوگی۔	چودہویں	اس شب کا خواب صحیح ہے مگر اس کی تعبیر ۲۶ یا ۳۰ روز کے بعد ظاہر ہوگی بروایتے اس شب کا خواب جھوٹا ہے۔	چوبیسویں	اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس ہے۔
پانچویں	اس شب کا خواب صحیح ہے مگر اس کی تعبیر دیر میں ظاہر ہوگی۔	پندرہویں	اس شب کا خواب صحیح ہے مگر اس کی تعبیر تین روز کے بعد ظاہر ہوگی بروایتے اس کی تعبیر برعکس ہے۔	پچیسویں	اس شب کا خواب جھوٹا ہے۔
چھٹی	اس شب کا خواب سچا ہے مگر تعبیر ایک دو روز بعد ظاہر ہوگی۔	سولہویں	اس شب کا خواب صحیح ہے مگر اس کی تعبیر دو روز کے بعد ظاہر ہوگی بروایتے دیر میں ظاہر ہوگی۔	چھبیسویں	اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس ہے۔
ساتویں	اس شب کا خواب سچا ہے۔	سترہویں	اس شب کا خواب سچا ہے مگر تعبیر دیر میں ظاہر ہوگی۔	ستائیسویں	اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس ہے۔
آٹھویں	اس شب کا خواب سچا ہے۔	اٹھارویں	اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس ہے۔	اٹھائیسویں	اس شب کا خواب صحیح ہے مگر اس کی تعبیر اسی روز ظاہر ہوگی۔ بروایتے اس شب کا خواب جھوٹا ہے۔
نویں	اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس ہے۔ بروایتے تعبیر اسی روز ظاہر ہوگی۔	انیسویں	اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس ہے۔	انتیسویں	اس شب کا خواب صحیح ہے مگر اس کی تعبیر اسی روز ظاہر ہوگی۔ بروایتے اس شب کا خواب جھوٹا ہے۔
دسویں	اس شب کا خواب جھوٹا ہے۔ بروایتے اس کی تعبیر بیس روز میں ظاہر ہوگی۔	بیسویں	اس شب کے خواب صحیح اور موثر ہے۔	تیسویں	اس شب کا خواب راست صحیح اور موثر ہے۔

شادی کی ڈوری

مجھے یہ علم میرے والد محترم سید حسن حیدر نجم وجعفر نے بخشا ہے۔ جس بہن کی شادی کے لیے والدین پریشان ہوں وہ مجھے جوابی لفافہ بھیج کر بغیر کسی ہدیہ کے (فی سبیل اللہ) دم کی ہوئی ڈوری منگوا سکتی ہیں اور رات کو سوتے وقت 41 مرتبہ سورۃ اخلاص اول و آخر 3 مرتبہ درود پڑھ کر دعا کریں اور یہ عمل جاری رکھیں اور ڈوری گلے میں ڈالے رہیں۔ انشاءاللہ عزت کے ساتھ اپنے گھر کی ہوں گی۔ صرف خواتین رابطہ کریں۔

انچارج شعبہ خواتین سیدہ روبہ زیدی کراچی اوقات شام 5 بجے تا 7 بجے R-39 کرسٹل کاٹیج سیکٹر A-22 سکیم 33 کراچی بالمقابل سپارکو۔ پوسٹ کوڈ 75280

Email:rubazaidi110@gmail.com, Ph: 0311-2951895

ہر مرض سے شفا

آغا سیّد تقی حسن گردیزی
ملتان شہر: 0345-7222948

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَآئِهَا وَ عَافِيَةِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِهَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِيَآئِهَا وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَ بَارِكْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ كُلِّ دَاءٍ وَّ دَوَاءٍ ٥

يَا حَيُّ حِيْنَ لَا حَيَّ فِيْ دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَ بَقَآئِهٖ يَا حَيُّ — يَا حَيُّ حِيْنَ لَا حَيَّ فِيْ دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَ بَقَآئِهٖ يَا حَيُّ

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ كُلِّهَا مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

وَ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ ٥

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ

يَا حَيُّ | يَا سَلَامُ | يَا سَلَامُ | يَا سَلَامُ | يَا سَلَامُ | يَا سَلَامُ | يَا حَيُّ

اللّٰهُ كَافِيْ — اللّٰهُ شَافِيْ — اللّٰهُ شَافِيْ — اللّٰهُ كَافِيْ

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ٥ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ٥ وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ٥ يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ٥ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ٥ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ٥ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ ٥ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ٥ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥ اللّٰهُ قَدِيْمٌ اَزَلِيٌّ يُزِيْلُ الْعِلَلَ وَهُوَ قَائِمٌ اَزَلِيٌّ بِالْاَزَلِيَّةِ لَمْ يَزَلْ وَلَا يَزَالُ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ (سنت) اَلشَّافِيْ الْكَافِيْ الْمُعَافِيْ بِاَلْفِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ٥ يَا اَللّٰهُ بِطُفَيْلِ حَضْرَتِ اِمَامِ عَلِيْ رِضَا عليه السلام

دستِ شفاء این حرز را در ضمن تو سپردیم ٥

یہ نقش ہر مرض سے شفاء کا ضامن ہے۔ اس نقش پر عطر مشک لگا کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں پہنا دیں۔ نقش کو گلے میں پہنانے سے پہلے نیاز پنجتن پاکؑ 50 روپے کی میٹھی چیز تقسیم کریں۔ سات دن تک سات مساجد کے پانی میں یہ نقش حل کر کے مریض کو بلا ناغہ پلائیں۔ مریض صحت مند و توانا ہو جائے گا ان شاء اللہ

مجیب الانعام تسبیح

حضرت رسول اکرم ﷺ کا فرمان ہے کہ جو شخص روزانہ صبح و شام ایک مرتبہ درج ذیل تسبیح پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ بہشت کی طرف ایک فرشتہ بھیجتا ہے جس کے ہاتھ میں چاندی کا بیلچہ ہوتا ہے وہ فرشتہ بہشت کی زمین جسکی مٹی خالص مشک کی ہے اس میں درخت لگاتا ہے اسکے گرد دیوار کھینچتا ہے اور اسکے دروازے پر لکھ دیتا ہے کہ یہ فلاں بن فلاں کا باغ ہے۔ (مفاتیح الجنان)

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ

اللہ پاک ہے اور اسی کے لئے حمد ہے اللہ پاک بڑی عظمت والا ہے

محیر العقول تسبیح

یہ تسبیح تمام دنیوی آفات و مشکلات و مہمات و حاجات و حاجتمندوں اور مظلوموں کے لئے سپر و حرز جان اور در مقصود ہے۔ بعد نماز صبح کم از کم 41 مرتبہ پڑھیں اور تسبیح کے عجائبات سے استفادہ کریں۔

يَا بَدِيْعَ الْعَجَائِبِ سَهِّلْ بِفَضْلِكَ يَا عَزِيْزُ

اے عجائبات کے بنانے والے (مشکل) آسان فرما تو اپنے فضل سے اے مضبوط گرفت والے

انمول تسبیح: ہر مصیبت سے خلاصی کے لئے 11 مرتبہ ہر نماز کے بعد مع اول و آخر درود تین مرتبہ پڑھیں۔

حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۞

جدہ نیوز ایجنسی ڈیرہ اسماعیل خان
ملک نیوز ایجنسی فریدی بازار ڈیرہ غازی خان

درختوں کے ذریعے شخصیت شناسی

مرسلہ: عدیلہ بابر رضوی
کراچی

برطانوی دست شناس الزبتھ ولسن کو علم قیافہ (شخصیت شناسی) میں بھی کمال حاصل ہے۔ ان کی تحقیق کے مطابق مختلف تاریخوں میں پیدا ہونے والے افراد میں مخصوص درختوں جیسی خصوصیات پائی جاتی ہیں۔ الزبتھ ولسن نے قدیم علم سے استفادہ کرتے ہوئے شخصیت شناسی کیلئے ایک ایسا جدول مرتب کیا جس کی مدد سے کوئی بھی قاری اپنی تاریخ پیدائش کے اعتبار سے خود سے منسوب درخت سے واقف ہو سکتا ہے اور اسی نسبت سے اپنی شخصیت کی مثبت و منفی خصوصیات سے واقفیت ہو سکتی ہے۔ الزبتھ ولسن کا مشورہ ہے کہ جب آپ اپنی شخصیت سے منسوب درخت معلوم کرلیں تو بہتر ہے کہ آنگن میں وہی درخت لگالیں اور اس کی مناسب دیکھ بھال کرتے رہیں۔ الزبتھ ولسن کا کہنا ہے کہ ایسا کرنے اور درخت کی قربت سے آپ کی شخصیت کو جلا ملے گی اور آپ کی خصوصیات نکھرتی چلی جائیں گی۔

درخت اور اُن کی خصوصیات

سیب (Apple) ، اہم خصوصیات: محبت کرنے والا

آپ کی شخصیت جاذب اور متاثر کن ہے۔ آپ کے گرد مقناطیسیت کا ہالہ دوسروں کو آپ کی طرف متوجہ کرنے پر مجبور کرتا ہے۔ مہم جوئی، ہرجائی پن اور حساسیت آپ کی صفات ہیں۔ آپ کے نزدیک چاہے یا چاہے جانے کے بغیر زندگی فضول ہے۔ آپ کی زندگی کا ایندھن محبت ہے۔ آپ آج کی دنیا میں رہنا پسند کرتے ہیں۔ تخیلاتی مزاج کے علاوہ لاپرواہی بھی آپ کی عادات میں سے ایک ہے۔ آپ سائنسی رجحان بھی رکھتے ہیں۔

صنوبر، چیڑ (Fir) ، اہم خصوصیات: پُراسراریت

آپ کی ضدی اور موڈی طبیعت کی وجہ سے آپ اپنی راہیں عموماً خود طے کرنا پسند کرتے ہیں۔ اس کے باوجود آپ خوش خلق اور ہمدرد ہیں۔ آپ کی پسند اور ذوق بہت اعلیٰ ہے اور آپ حسن کے درمیان گھرے رہنا چاہتے ہیں۔ آپ کی جبلی وجاہت اور توقیر کی وجہ سے لوگ آپ سے حسد کرنے لگتے ہیں۔ آپ باصلاحیت، مضبوط قوت ارادی کے مالک ہیں اس کے باوجود کہ آپ کے حاسدوں اور دشمنوں کی تعداد زیادہ ہے تاہم آپ کے دوستوں کی تعداد بھی کم نہیں۔

دیودار (Elm) ، اہم خصوصیات: عظیم المرتبت

آپ کی شخصیت اعلیٰ مرتبت، خوش مزاج، رحم دل اور سخی ہے۔ آپ قناعت پسند ہیں اور آپکی خواہشات اور مطالبات بہت محدود ہیں لیکن آپ غلطی معاف کرنے کے قائل نہیں ہیں۔ آپ ایک وفادار، ایماندار اور مخلص دوست ثابت ہو سکتے ہیں لیکن تعلقات میں حاکمیت کا اظہار آپ کی جبلت میں شامل ہے۔ بسا اوقات آپ اپنے مخالفین کی تعداد میں اضافہ کر سکتے ہیں۔ جب آپ من مانی کے ذریعے دوسروں پر اپنی رائے مسلط کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

سرو، شمشاد (Sypress) ، اہم خصوصیات: وفاشعاری

آپ کی شخصیت رجائیت پسند اور اُمید پرستانہ ہے۔ کج بحثی اور دخل در معقولات آپ کی منفی خصوصیات ہیں۔ اچھے اور بُرے حالات میں آپ اُمید کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑتے۔ آپ کیلئے ضروری ہے کہ مناسب دولت حاصل کریں اور دوسروں کو دیئے ہوئے تحائف کی سند بھی محفوظ رکھیں۔ دولت کی کمی اور دوسروں کی احسان فراموشی کی وجہ سے اس بات کا شدید احتمال ہے کہ آپ ذود رنج اور غصہ ور ہو کر دوسروں کے احساسات اور جذبات کو پامال کرنے لگیں۔ آپ جذبہ محبت اور شوق سے سرشار ہیں اور بہت محبت کرنے والے ہیں لیکن آپ کو مطمئن کرنا ہر کس و ناکس کے بس کی بات نہیں۔

سفیدہ، درخت تبریزی (Poplar)

اہم خصوصیات: متلون مزاج

آپ بہترین منتظم ہیں، فنکارانہ صلاحیتیں اور فلسفانہ رجحان رکھتے ہیں۔ آپ میں تصویر کے دونوں رُخ دیکھنے کی صلاحیت ہے جو آپ کی متلون مزاجی کو مہمیز کرتی ہے۔ آپ میں تنہا پسندی کا رجحان بھی بدرجہ اتم موجود ہے۔ آپ کو دھوکہ دیا جائے تو آپ بدترین دشمن ثابت ہو سکتے ہیں۔ آپ حد درجہ قابل اعتبار اور مخلص ہیں اور اپنی ذمہ داریوں کو احسن طریقے سے پورا کرتے ہیں جبکہ کسی بھی معاہدے کی پاسداری کی پابندی بھی کرتے ہیں۔

دیار، صنوبر (Sedar) ، اہم خصوصیات: بلند حوصلہ، خوداعتمادی

آپ کی خوبصورتی بسا اوقات آپ کے چہرے بشرے سے ظاہر نہیں ہوتی لیکن آپ اندرونی طور پر بہت خوبصورت ہیں۔ آپ بلند حوصلہ اور خود اعتماد ہیں لیکن آپ عدم اعتمادی رکھنے والوں کو حقارت کی نظر سے دیکھتے ہیں۔ آپ میں حالات سے نمٹنے کی بھرپور صلاحیت موجود ہے اور آپ اپنی منزل کا تعین خود کرنے کے عادی ہیں۔ آپ جاکش اور رجائیت پسند ہیں۔ آپ سچی محبت کیلئے بہت دیر تک انتظار کر سکتے ہیں اور وقت کے کھیل کو سمجھنے کی صلاحیت بھی رکھتے ہیں۔

اننناس (Pine) ، اہم خصوصیات: انفرادیت

آپ صرف موافق دوستوں کے ساتھ اور ایسے ہی ماحول میں رہنا پسند کرتے ہیں آپ چست و چالاک اور صحت مند ہیں۔ آپ عملی اور قابل اعتماد بھی ہیں۔ آپ کی بے تکلفی اور بے ساختگی دوسروں کو اپنی طرف متوجہ اور مائل کردیتی ہے اور آپ بہترین ساتھی بھی ثابت ہوتے ہیں۔ آپ اعلیٰ ذوق اور اقدار کے مالک ہیں لیکن اعلیٰ صفات دیکھ کر آپ بہت جلد محبت میں گرفتار ہوجاتے ہیں۔ آپ کا جذبہ محبت بہت جلد بھڑک اُٹھتا ہے اور یہ جوش بہت جلد ٹھنڈا بھی ہوجاتا ہے اور آپ کی عدم دلچسپی ظاہر ہونے لگتی ہے۔ اس خصوصیات کی وجہ سے محبت کے معاملات میں آپ کو بہت سی ناکامیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔

بید مجنوں (Weeping Willow)

اہم خصوصیات: افسردہ مزاجی

آپ خوبصورت ہو سکتے ہیں لیکن آپ کی پُرملول طبیعت آپ کی شخصیت کو دوسروں کے سامنے معمہ بنائے رکھتی ہے۔ واضح طور پر آپ کی شخصیت وجدان سے

بھرپور ہے اور آپ سفر اور حسن کے دلدادہ ہیں۔ آپ خوابوں کی دنیا میں رہنے والے اور کچھ سنکی، متلون مزاج اور بے چین طبیعت رکھتے ہیں۔ اس کے باوجود آپ مخلص اور قابل اعتماد ہیں۔ آپ کو اپنی محبت کے حصول میں بہت سی ناکامیاں دیکھنا پڑیں گی تاوقتیکہ آپ کو ایسا جیون ساتھی نہ مل جائے جو آپ کو سہارا دے سکے جس کے آپ متلاشی ہیں۔

لیموں (Lime) ، اہم خصوصیات: ضدی

ضدی ہونے کے باوجود آپ جلد پسیج جانے والے اور نرم مزاج بھی ہیں اور اپنے دوستوں اور ساتھیوں کیلئے بڑی سے بڑی قربانی دینے سے بھی دریغ نہیں کرتے۔ آپ بہت باصلاحیت ہیں لیکن اپنی ہٹ دھرمی کی وجہ سے اپنے خوابوں کو شرمندہ تعبیر ہونے سے خود ہی روکے رکھتے ہیں۔ آپ وفا شعار ہیں لیکن آپ حسد کا شکار بھی ہو سکتے ہیں اور اپنی محبت کو آسانی سے ترک کرنے والے نہیں ہیں تاہم اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ قدرت نے جو کچھ آپ کو دیا ہے بھی آپ کا حصہ تھا اور آپ اسے قبول بھی کر لیتے ہیں۔

شاہ بلوط (Oak) ، اہم خصوصیات: طاقت

آپ جراتمند، مضبوط، کٹھور، سنگدل، خودمختار اور سمجھدار ہیں اور تقریباً یہی خصوصیات شاہ بلوط کی ہیں جس کی جڑیں بہت گہری اور مضبوط ہوتی ہیں جب آپ فیصلہ کر کے ڈٹ جاتے ہیں تو پسپا نہیں ہوتے۔ جب آپ کو کسی چیز کی اشد ضرورت ہوتی ہے تو آپ اسے حاصل کر کے رہتے ہیں۔ آپ کی عمدہ صحت آپ کا ہر محاذ پر ساتھ دیتی ہے اور آپ اپنے مقاصد میں کامیاب رہتے ہیں۔ آپ حقیقت پسندی سے ہر وہ چیز حاصل کر لیتے ہیں جس کی آپ کو خواہش ہے۔

فندق، بُندق (Hazelnut) ، اہم خصوصیات: غیرمعمولی

آپ کی شخصیت پسندیدہ اور شہرت یافتہ ہے۔ آپ بھرپور تاثر دینے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ معاشرتی مقاصد میں عموماً آپ کلیدی حیثیت رکھتے ہیں تاہم آپ ایک موڈی اور حاسد عاشق بھی ہو سکتے ہیں لیکن جب ذمہ داری قبول کرتے ہیں تو آپ درگزر سے بھی کام لیتے ہیں اور اپنے آپ کو محبت میں مخلص اور وفاشعار ثابت کر دیتے اور جب چاہتے ہیں افہام و تفہیم سے بھی کام لیتے ہیں۔ سمجھ بوجھ کا مظاہرہ کرنے کے ساتھ بعض اوقات جب آپ شیطانیت پر اتر آتے ہیں تو مد مقابل کو متزلزل کرنے کیلئے آپ کے چند الفاظ ہی کافی ہوتے ہیں۔

سماک کوھی (Rowan) ، اہم خصوصیات: حساسیت

آپ جاذب نظر، خوش اخلاق اور ہنس مکھ ہیں۔ بہت سی اعلیٰ صفات کے باوجود آپ میں خود پرستانہ جذبات نہیں پائے جاتے اس کے برعکس آپ جب بھی انکسار سے کام لیتے ہیں تو آپ کی شخصیت کی مقناطیسیت میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ آپ فنکارانہ رجحان رکھتے ہیں اور بہترین جمالیاتی ذوق کے حامل ہیں۔ اچھے لوگوں کی صحبت اور زندگی سے پیار آپ کی فطرت کا ایک حصہ ہے۔ آپ خودمختار ہونے کے باوجود بسا اوقات دوسروں پر بھی انحصار کرتے ہیں تاہم محبت کے مقابلے میں آپ جذبات کی گرم جوشی کے اظہار کے موقع پر اپنی زندگی کو اُلجھنوں میں گھسیٹ لیتے ہیں۔ محبت میں ایک دفعہ چوٹ کھانے کے بعد آپ اس کی کسک کو کبھی نہیں بھولتے، دشمن کو معاف کرنا بھی آپ کی فطرت میں شامل نہیں۔

میپل، جنس آج یا جنس افرا (Maple)

اہم خصوصیات: خودمختاری

آپ عملی انسان ہونے کے ساتھ ساتھ تخیلاتی دنیا میں بھی پاؤں پسارے رہتے ہیں آپ کی شخصیت غیرمعمولی ہے اور بہترین حافظے کے ساتھ آپ عمدہ ذہن کے بھی مالک ہیں۔ آپ مستقل مزاج، متکبر اور نئے تجربات کی خواہش رکھتے ہیں۔ ان صفات کے باوجود آپ میں جھجک اور شرم کا عنصر ضرورت سے زیادہ ہے۔ بسا اوقات آپ بوکھلاہٹ کا شکار ہو جاتے ہیں۔ آپ میں کچھ ایسی خامیاں بھی ہیں جس کی وجہ سے آپ کی ازدواجی زندگی میں پیچیدگیاں پائی جاتی ہیں۔ آپ کے غرور اور ہٹ دھرمی کی وجہ سے آپ پر کوئی رائے مسلط کرنا ممکن نہیں۔

اخروٹ (Walnut) ، اہم خصوصیات: ولولہ انگیزی

آپ کی شخصیت خودخیز اور غیرمعمولی ہے۔ آپ ہمہ جہت شخصیت کے مالک ہیں۔ ان خصوصیات کی موجودگی میں کوئی بھی اندازہ نہیں لگا سکتا کہ آپ کا اگلا قدم کیا ہوگا۔ اپنے مقاصد کے حصول میں آپ کا رویہ جارحانہ اور بے رحمانہ ہو سکتا ہے اس کے باوجود آپ وسیع النظر اور عالی مرتبت بھی ہیں آپ اپنے موقف پر ڈٹے رہنے کے عادی ہیں اس لئے آپ ایک مشکل رفیق ثابت ہو سکتے ہیں۔ آپ کی شخصیت قابل ستائش ہے لیکن آپ کو بہت کم پسند کیا جاتا ہے۔

جوز شاہ بلوط (Chestnut) ، اہم خصوصیات: وفاشعاری

آپ انتہائی جاذب نظر ہو سکتے ہیں۔ آپ پیدائشی سیاست کار ہیں اور آپ کی خوداعتمادی آپ کی کامیابیوں کی ضمانت بنی رہتی ہے جس سے آپ اپنے مخالفین کو قائل کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ آپ زندگی میں ایک بار محبت کے قائل ہیں اس لئے محبت کے چناؤ میں کم ہی غلطی کر سکتے ہیں لیکن درست رفیق کی تلاش میں آپ بہت وقت گنوا چکے ہوتے ہیں نیز آپ کی حسن انصاف بہت تیز ہے اور آپ انصاف کرنے میں بہت کم غلطی کرتے ہیں۔

دیودار یا زیتونی قبیلہ (Ash)

اہم خصوصیات: بلندنظری

آپ کی شخصیت غیرمعمولی طور پر پسندیدہ ہے اور بہت پُرجوش اور زندہ دل بھی، تاہم آپ تنقید برداشت نہیں کرتے اور بعض اوقات اسے اپنی انا کا مسئلہ بنا لیتے ہیں۔ آپ بلند حوصلہ اور ذہین ہیں اور مستقبل کے خطرات سے نمٹنے کی صلاحیت رکھتے ہیں ساتھ ہی آپ قابل اعتماد اور وفادار عاشق بھی ثابت ہو سکتے ہیں۔ ان خصوصیات کے باوجود آپ کو اپنے احساسات اور جذبات پر حد درجہ کنٹرول ہے اور بسا اوقات آپ دل کے بجائے دماغ سے فیصلہ کرتے ہیں۔ آپ معاہدوں کی پاسداری کے قائل ہیں اور رفیق حیات سے وفادار رہتے ہیں۔

ممرز، آلوش (Hombeam) ، اہم خصوصیات: عالی ذوق

آپ کو قدرت نے عمدہ حسن عطا کیا ہے اور اپنے حسن کی نگہداشت بھی عمدگی سے کرتے ہیں۔ آپ انا پرست ہیں اور بعض اوقات اپنے آپ کو ناقابل اعتماد ثابت کر بیٹھتے ہیں تاہم آپ متوازن زندگی گزارتے ہیں۔ آپ کو نہایت جذباتی رفیق کی تلاش رہتی ہے لیکن کبھی کبھی آپ اپنے آپ سے بھی مطمئن نہیں ہوتے اس لئے اپنی

Scanned with CamScanner

ازدواجی زندگی میں اُلجھنوں کا شکار رہتے ہیں۔ آپ کی قوت متخیلہ بہت تیز ہے اور محبت کے جوش میں آپ ایسے خیالی محبوب کو تلاش کرنے لگتے ہیں جس کی صفات غیر معمولی ہوں۔ خیال پرستی آپ کے دُکھوں میں اضافے کا سبب بنتی ہے۔

انجیر (Fig) ، اہم خصوصیات: حساسیت

آپ عمدہ فہم وادراک کے مالک ہیں اور خودمختاری پر یقین رکھتے ہیں۔

آپ خواہشات سے لبریز ہوسکتے ہیں لیکن اپنے آپ کو متنازعہ شخصیت بنانا پسند نہیں کرتے۔ آپ کو جانوروں سے بھی محبت ہے اور آپ کو زندگی سے بھی پیار ہے۔ آپ کے نزدیک آپ کا خاندان سب سے زیادہ اہمیت رکھتا ہے۔ آپ کی ہردلعزیزی کی وجہ سے آپ کو "سماجی تتلی" کہنا مناسب ہوگا۔ آپ کی حسِ مزاح بہت عمدہ ہے اور آپ پرتعیش زندگی گزارنا پسند کرتے ہیں۔ آپ زندگی سے لطف اندوز ہونے کی صلاحیت رکھنے کے ساتھ اپنے ساتھیوں کو بھی خوش رکھنے کا ہنر جانتے ہیں۔

شیتل، پدماک، سندر (Birch)

اہم خصوصیات: تخلیقی، الہامی

آپ پُرجوش، خوش اطوار، خوش وضع، منکسر المزاج اور یاروں کے یار ہیں ساتھ ہی اعتدال پسند بھی۔ آپ فحاشی سے سخت نفرت کرتے ہیں اور کسی بھی جذبے یا شے میں زیادتی پسند نہیں کرتے۔ آپ کو قدرتی مناظر اور قدرتی حسن بہت متاثر کرتا ہے لیکن آپ میں جذبوں اور اُمنگوں کی کمی ہے اور آپ الہامی مزاج رکھتے ہیں۔ آپ کی قوت متخیلہ بھی بہت تیز ہے اور آپ زندگی سے لطف اندوز ہونے کے گُر بھی جانتے ہیں۔

زیتون (Olive) ، اہم خصوصیات: حاکیت

زیتون کی طرح آپ سورج کی حرارت سے لطف اندوز ہوتے ہیں اور جذبات کی گرمی میں گھرے رہنے کی شدید خواہش رکھتے ہیں۔ آپ ٹوٹ کر محبت کرنے والے شخص ہیں۔ آپ زندگی کے تمام معاملات میں جارحیت اور تشدد کو سخت ناپسند کرتے ہیں اور رحم دل بھی ہیں۔ آپ دانشور لوگوں میں اُٹھنے بیٹھنے اور عمدہ کتابیں پڑھنے میں خوشی محسوس کرتے ہیں اور بھرپور زندگی گزارتے ہیں۔

بتولہ، زان (Beech) ، اہم خصوصیات: تخلیق

آپ اپنے علاوہ اپنے اردگرد کی چیزوں کے ظاہری حسن کی بہت دیکھ بھال کرتے ہیں۔ آپ کی زندگی بہت منظم ہے اور آپ میں قائدانہ صلاحیتیں بھی موجود ہیں۔ آپ کا مستقبل اور مالی حالات آپ کے اختیار میں ہیں۔ عملی زندگی میں آپ کا نظم وضبط، آپ کی آزادی اور تخلیقی صلاحیتوں کو جلا بخشتا ہے۔ آپ مادیت پرست ہیں اس کے باوجود آپ مناسب عفو ودرگزر سے کام لیتے ہیں اور بہترین ازدواجی زندگی گزارتے ہیں۔

ٹارگٹ کلنگ سے بچاو کے لئے حصار

پہلے سورۃ الحمد، اس کے بعد سورۂ اخلاص اپنے بدن کے چھ طرف پڑھ کر پھونک لیں۔ ساتویں مرتبہ اپنے سینہ پراور تین مرتبہ اپنے ہاتھ کو اونچا کر کے جسم کے چاروں طرف گھما کر حصار کرلیں۔ اور دونوں ہاتھوں سے تین مرتبہ تالی بجادیں آپ مکمل حصار میں آجائیں گے۔ (ذوالفقار تھاور)

تاریخ پیدائش کی نسبت سے درخت معلوم کرنے کا جدول

23 دسمبر سے یکم جنوری	سیب کا درخت
2 جنوری سے 11 جنوری	صنوبر، چیڑ
12 جنوری سے 24 جنوری	دیودار
25 جنوری سے 3 فروری	سرو، شمشاد
4 فروری سے 8 فروری	سفیدہ، تمریزی
9 فروری سے 18 فروری	دیار، صنوبر
19 فروری سے 29 فروری	اناناس
یکم مارچ سے 10 مارچ	بید مجنوں
11 مارچ سے 20 مارچ	لیموں
21 مارچ	شاہ بلوط
22 مارچ سے 31 مارچ	فندق، بندق
یکم اپریل سے 10 اپریل	ساک کوہی
11 اپریل سے 20 اپریل	میپل
21 اپریل سے 30 اپریل	اخروٹ
یکم مئی سے 14 مئی	سفیدہ، تمریزی
15 مئی سے 24 مئی	جوز شاہ بلوط
25 مئی سے 3 جون	دیودار (زیتون قبیلہ)
4 جون سے 13 جون	ممرز، آلوش
14 جون سے 23 جون	انجیر
24 جون	شیتل، پدماک، سندر
25 جون سے 4 جولائی	سیب
5 جولائی سے 14 جولائی	صنوبر، چیڑ
15 جولائی سے 25 جولائی	دیودار
26 جولائی سے 4 اگست	سرو، شمشاد
5 اگست سے 13 اگست	صنوبر، چیڑ
14 اگست سے 23 اگست	دیار، صنوبر
24 اگست سے 2 ستمبر	اناناس
3 ستمبر سے 12 ستمبر	بید مجنوں
13 ستمبر سے 22 ستمبر	لیموں
23 ستمبر	زیتون
24 ستمبر سے 3 اکتوبر	فندق، بندق
4 اکتوبر سے 13 اکتوبر	ساک کوہی
14 اکتوبر سے 23 اکتوبر	میپل، جنس آج
24 اکتوبر سے 11 نومبر	اخروٹ
22 نومبر سے یکم دسمبر	دیودار، (زیتون قبیلہ)
2 دسمبر سے 21 دسمبر	انجیر
22 دسمبر	تبولا، زان

مقطعات قرآنی کا عمل

قرآن کریم میں مقطعات کا استعمال ایک معجزہ ہے اور یہ اسمائے محمدؐ ہیں ان ناموں سے ربّ کریم نے رسول اللہ سے خطاب کیا ہے۔ قرآن کریم سے ثبوت مل جاتا ہے کہ یہ آنحضورؐ کے اسمائے مبارکہ ہیں جہاں جہاں یہ استعمال ہوئے ہیں انہی آیات میں اشارہ موجود ہے کہ ان مقطعات سے محمد مصطفےٰ مراد ہیں جیسے المزمل سے (الم)، الرسول سے (الر) المرسلین سے (المر) النبی سے نون اور یٰسین۔ طٰہٰ، ص، طٰس تو ویسے ہی اسمائے محمدؐ میں شامل ہیں۔

ان کی تعداد ۲۹ ہے مکررات گرا دیئے جائیں تو چودہ بچ جاتے ہیں۔

الم، المص، الر، المر، كهيعص، طه، طسم، طس، يٰسين، ص، حم، عسق، ق، ن۔

ان میں سے حروف مکرر گرا دیئے جائیں تو باقی چودہ حروف رہ جاتے ہیں جو حروف نورانی کہلاتے ہیں اور وہ یہ ہیں (ا ل م ص ر ک ہ ی ط س ح ق ن) بامعنی عبارت یہ بنتی ہے۔ **(صِرَاطُ عَلِيٍّ حَقٌّ نُمْسِكُهُ)**

ہر حاجت جو در پیش ہو ان کی مدد سے روا ہوتی ہے۔ یہ نقش مبارک ہے پاس رکھو یا سائل کو دو۔ اس کے ساتھ چودہ روز تک حروف مقطعات کا ورد جاری رکھو۔ مقاصد میں کامیابی ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ **(أَعُوذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيمِ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ)**

ورد یہ ہے کہ دُرود شریف گیارہ بار۔ (یا ال م) چھ بار۔ (یا ال م ص) ایک بار۔ (یا ال را) پانچ بار۔ (یا ال م را) ایک بار۔ (یا کھیعص) ایک بار۔ (یا طاحا) ایک بار۔ (یا طاس م) دو بار۔ (یا یاسین) ایک بار۔ (یا صاد) ایک بار۔ (یا حامیم) سات بار۔ (یا ع س ق) ایک بار۔ (یا قاف) ایک بار۔ (یا نون) ایک بار۔ **(اِقْضِ حَاجَتِیْ بِعَوْنِ اللهِ تَعَالٰی)** اور دُرود شریف گیارہ بار۔

ا	ل	م		ر	ک	ھ	ی
ل	م	ص		ک	ھ	ی	ع
م	ص	ر		ھ	ی	ع	ط
ص	ر	ک		ی	ع	ط	س
ر	ک	ھ		ع	ط	س	ح
ک	مہ	ی		ط	س	ح	ق
ھ	ہ	ع		س	ح	ق	ن

دُعائے مغفرت برائے: حاجی قریشی محمد حسین ہاشمی بھکر (مرحوم)

منتخب ٹوٹکے

مرسلہ: مسز آمنہ علی
بشکریہ (زبیدہ آپا)

شوگر کنٹرول کرنے کے لیے: اگر آپ شوگر کے مریض ہیں تو دو بھنڈیوں کو اوپر اور نیچے والا حصہ کاٹ کر پھینک دیں اور بھنڈیوں کو رات بھر بھگو کر رکھ دیں۔ صبح بغیر بھنڈی کو ہلائے پانی گلاس میں نکال کر پی لیں۔ شوگر کو کنٹرول کرنے کے لیے نہایت بہترین ہے۔

نیند لانے کے لیے: اگر کسی وجہ سے کئی دنوں سے نیند نہ آرہی ہو تو ایک چمچہ خشخاش لے کر ململ کے کپڑے میں باندھ کر پوٹلی بنا لیں۔ رات میں سونے سے پہلے ایک پیالی گرم دودھ میں خشخاش کی یہ پوٹلی ایک سے دو مرتبہ گول گول گھما کر فوراً پی لیں۔ اس سے نہ صرف پرسکون نیند آئے گی بلکہ دوسرے دن بالکل تازہ دم ہو کر اٹھیں گے۔

دانت کا درد غائب کرنے کے لیے: اگر دانت میں درد ہو تو چند دانے میتھی لے کر اسے دو گلاس پانی میں اُبال لیں۔ اس گرم پانی سے کلیاں کریں۔ دانت کا درد بالکل غائب ہو جائے گا۔

چھینکیں روکنے کے لیے: اگر متواتر چھینکیں آرہی ہیں تو انہیں رُوکنے کے لیے تازہ ہرا دھنیہ سونگھیں چھینکیں فوراً رک جائیں گی۔

تروتازہ چہرے کے لیے: چند قطرے سفید سرکے کو ایک کھانے کے چمچے دہی میں ملا کر چہرے پر لگائیں۔ چند منٹ کے بعد چہرہ ٹھنڈے پانی سے دھولیں۔ آپ کا چہرہ بالکل تر و تازہ ہو جائے گا۔

چھالے ختم کرنے کے لیے: اگر کسی بھی وجہ سے منہ میں چھالے ہو جائیں تو ایک چائے کا چمچہ کلونجی دو گلاس پانی میں ڈال کر اُبال لیں۔ اس سے کلیاں کریں منہ کے چھالیں ختم ہو جائیں گے۔

چمکدار اور خشکی سے پاک بالوں کے لیے: اگر سر میں خشکی ہے اور بال بے جان نظر آتے ہیں تو نہانے کے بعد ایک چوتھائی چائے کا چمچہ زیتون کا تیل لے کر اس میں دو قطرے لیموں کے ملا کر گیلے بالوں میں مساج کریں اس سے خشکی دور ہو جائے گی اور بال چمکدار ہو جائیں گے۔

برتنوں کو محفوظ رکھنے کے لیے: نان اسٹک کے برتنوں کو خراب ہونے سے بچانے کے لیے تھوڑا سا سلاد کا تیل لے کر نان اسٹک کے برتنوں پر ملیں۔ اس سے ان کی پالش محفوظ رہے گی۔

جوتوں کی پالش کے لیے: کیلے کا چھلکا چمڑے کے جوتوں پر ملیں۔ اس عمل سے جوتوں کی پالش دیر تک محفوظ رہے گی۔

بلیک ہیڈز ختم کرنے کے لیے: چہرے پر بلیک ہیڈز ہو گئے ہیں تو پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔ ٹماٹر کاٹ کر فرج میں رکھ دیں، جب خوب یخ ہو جائیں تو انہیں چہرے پر ملیں۔ جو بلیک ہیڈز ہیں وہ نکل جائیں گے اور چہرہ صاف و شفاف ہو جائے گا۔

مکتبۃ الحسین سرکلر روڈ وائرلیس پل رحیم یار خان
ہاشمی بک ڈپو مظفر آباد آزاد کشمیر